
# اصولِ تکفیر

تکفیر کے شرعی معیار پر ایک معرکۃ الآراء تحریر




تصنیف

پیر طریقت، رہبر شریعت، شیخ الحدیث والتفسیر

حضرت مولانا پیر محمد چشتی مدظلہ



نظامیہ کتاب گھر لاہور

# اُصولِ تکفیر

تکفیر کے شرعی معیار پر ایک معرکۃ الآراء تحریر

●

تصنیف

پیرِ طریقت، رہبرِ شریعت، شیخ الحدیث والتفسیر

حضرت مولانا پیر محمد چشتی مدظلہ

●

نظامیہ کتاب گھر لاہور

marfat.com

**جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ**

نام کتاب ............ اُصول تکفیر

مصنف ............ حضرت علامہ پیر محمد چشتی چترالی
شیخ الحدیث جامعہ غوثیہ معینیہ بیرون یکہ توت گیٹ پشاور شہر

پروف ریڈنگ ............ مولانا محمد مراد نورانی چترالی ۔ سید طاہر علی شاہ

سرِورق ............ عدنان گرافکس لاہور 0321-4374818

کمپوزنگ ............ محمد عاطف شہزادہ ۔ حافظ محمد ظفر چشتی

باہتمام ............ حافظ محمد داؤد چترالی

ہدیہ

**ملنے کے پتے**

جامعہ نعیمیہ کراچی ۔ مکتبہ ابوحنیفہ جامعہ نعیمیہ گڑھی شاہو لاہور

مکتبہ اہلسنت جامعہ نظامیہ لوہاری گیٹ لاہور ۔ مکتبہ مہریہ کاظمیہ انوار العلوم ملتان

مکتبہ قادریہ رضویہ اسفند دیر پائن حافظ محمد شاہی بخت

جامعہ جنیدیہ غفوریہ جمور روڈ پشاور

مکتبہ قادریہ ہجرہ آزاد کشمیر مولانا محبوب قادری

مکتبہ دار العلوم تعلیم القرآن موڑکشت چترال

**نظامیہ کتاب گھر لاہور**

40 اردو بازار زبیدہ سنٹر لاہور

marfat.com

| نمبر شمار | فہرست | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | افتتاحیہ | 10 |
| 2 | متوسط ذہن والوں کے لئے منطق کے ناگزیر ہونے کا فلسفہ | 17 |
| 3 | حقیت کا اظہار | 19 |
| 4 | تکفیر کے لئے شرعی اُصول کی اہمیت | 21 |
| 5 | مشکل ترین ذمہ داری | 25 |
| 6 | افسوس بالائے افسوس | 31 |
| 7 | معاصر علماء کرام سے گزارش | 38 |
| 8 | سوال نامہ | 40 |
| 9 | اِلتزامِ کُفر اور لزُومِ کُفر کی تعریفوں کا بیان | 51 |
| 10 | علماء کرام و مفتیان اسلام کیلئے اہم ترین محل توجہ | 63 |
| 11 | التزام کفر کی 28 مثالیں | 68 |
| 12 | ایک اور مغالطہ کا ازالہ | 79 |
| 13 | مغالطہ کا تفصیلی جواب و تحقیق مقام | 81 |
| 14 | ایک اور غلط فہمی کا ازالہ | 84 |
| 15 | ایک اور اشتباہ کا ازالہ | 85 |
| 16 | ایک اور مغالطہ کا ازالہ | 89 |

marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 18 | ایک اور مغالطہ اور اس کا جواب | 97 |
| 19 | ایک اور اشتباہ کا ازالہ | 100 |
| 20 | ضرورت دینی وضرورت مذہبی کا فرق | 105 |
| 21 | علماء کی خاص توجہ کیلئے حاشیتی اضافہ | 106 |
| 22 | ایک اور اشتباہ کا ازالہ | 108 |
| 23 | ایک ضروری وضاحت علماء کرام کی توجہ کیلئے | 114 |
| 24 | ایک اور اشتباہ کا ازالہ | 116 |
| 25 | تعارض کا اشتباہ اور اس کا ازالہ | 118 |
| 26 | کفر کا ضرورت دینی کے انکار کے ساتھ خاص ہونے کا فلسفہ | 125 |
| 27 | ایک اور ضروری وضاحت | 127 |
| 28 | تعصب کے برے اثرات کا ایک کرشمہ | 134 |
| 29 | مذہبی تعصب کے خلاف تبلیغ کا افضل جہاد ہونے کا فلسفہ | 138 |
| 30 | ایک اور اشتباہ کا ازالہ | 140 |
| 31 | ضمنی فوائد اور نتائج | 148 |
| 32 | ارادی اور غیر ارادی کفر کے شرعی حکم یکساں ہونے کا فلسفہ | 151 |
| 33 | ایک متوقع اشتباہ کا ازالہ | 162 |
| 34 | ایک اہم سوال کا جواب | 176 |
| 35 | ایک اور اشتباہ کا ازالہ | 177 |

marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 36 | ایک اور اشتباہ کا ازالہ | 180 |
| 37 | مفاہیم ثلاثہ اجتہاد میں ایک بنیادی فرق | 190 |
| 38 | لزوم کفر کی عملی صورتوں کی وضاحت | 200 |
| 39 | لزوم کفر اور التزام کفر کے مابین بنیادی فرق | 208 |
| 40 | مفتیان اسلام کی توجہ کیلئے مزید وضاحت | 209 |
| 41 | حاشیتی افادہ | 214 |
| 42 | ایک اشتباہ کا ازالہ | 216 |
| 43 | قیاس استثنائی اتصالی کا نتیجہ خیز ہونے کیلئے استثناء رفع تالی کا رفع مقدم کے منتج ہونے اور استثناء وضع مقدم کا وضع تالی کا منتج ہونیکا فلسفہ | 220 |
| 44 | لزوم کفر اور التزام کفر کی کچھ اور مثالیں | 227 |
| 45 | شیطانی وسوسہ پر دوسرا رد | 229 |
| 46 | قضیہ مفروضہ کے مغالطہ کا ازالہ | 231 |
| 47 | قرآن شریف میں قضیہ مفروضہ کی دوسری مثال | 235 |
| 48 | قرآن شریف میں قضیہ مفروضہ کی تیسری شکل | 236 |
| 49 | خلاصۃ الکلام بعد التحقیق | 238 |
| 50 | ایک مغالطہ کا ازالہ | 246 |
| 51 | ایک اہم سوال کا جواب | 248 |
| 52 | کلمہ کفر، لزوم کفر، التزام کفر کے مفاہیم ثلاثہ کی باہمی مناسبت | 251 |

marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 53 | ایک سوال کا جواب اور مزید تحقیق | 258 |
| 54 | خاص دارالافتاء کی رہنمائی کیلئے حاشیتی افادے | 263 |
| 55 | لزوم کفر اور التزام کفر کی تمیز شاہ عبدالعزیز کے کلام میں | 269 |
| 56 | لزوم کفر کا لزوم وارتداد نہ ہونے کیلئے قائل کو اس کا مستلزم کفر نہ ہونے کا شرط ہونا | 276 |
| | | === |
| 57 | کسی غیر اللہ کو مسجود الخلائق کہنے کا حکم | 278 |
| 58 | ایک اشتباہ کا ازالہ | 286 |
| 59 | ایک اہم اسلامی اصول | 287 |
| 60 | لزوم کفر اور التزام کفر کا ایک اور زاویہ | 293 |
| 61 | ایک سوال کا جواب اور مزید تحقیق | 295 |
| 62 | لزوم کفر اور التزام کفر کا ضروریات دینیہ کیساتھ خاص ہونیکا فلسفہ | 299 |
| 63 | ایک مغالطہ یا نکتہ شناسی | 301 |
| 64 | دارالافتاء کی خاص توجہ کیلئے | 303 |
| 65 | غیر اللہ کیلئے علم غیب کا مسئلہ | 307 |
| 66 | منشاء غلطی اور اس کا ازالہ | 310 |
| 67 | ایک مغالطہ کا ازالہ | 314 |
| 68 | خلاصۃ الکلام بعد التحقیق | 320 |
| 69 | ایک اور اشتباہ کا ازالہ | 324 |

marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 70 | مفسرین کی نظر میں علم غیب کی قسمیں اور تحقیق | 327 |
| 71 | علم غیب اور اس کے مصادر کی وضاحت | 340 |
| 72 | ایک اشتباہ اور اس کا ازالہ | 342 |
| 73 | علم غیب کی ایک اور تقسیم | 343 |
| 74 | ایک اہم اشتباہ کا ازالہ | 347 |
| 75 | خلاصۃ الجواب بعد التحقیق | 354 |
| 76 | علم غیب کے حوالہ سے انصاف کا تقاضا | 357 |
| 77 | بعض عظماء اسلام کے کلام کا محمل | 361 |
| 78 | علم غیب کو اس کے لغوی مفہوم میں منحصر سمجھنے کے مفاسد | 362 |
| 79 | وضاحتی حاشیہ | 366 |
| 80 | علم غیب لغت ومحاورہ میں | 370 |
| 81 | علم غیب کا وہ مفہوم جو اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ ہے | 374 |
| 82 | ذات الٰہی کے ساتھ مختص علم غیب کو سمجھنے کے دو طریقے | 376 |
| 83 | ایک ممکنہ اشتباہ کا ازالہ | 377 |
| 84 | حاشتی اضافہ اور الزمخشری کا کمال | 386 |
| 85 | کوتاہ بینی پر مبنی اشتباہ کا ازالہ | 390 |
| 86 | ضروری وضاحت | 397 |
| 87 | علم غیب کا شرعی مفہوم اور متکلمین اسلام | 404 |

marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 88 | شرح عقائد پڑھنے اور پڑھانے والوں کی خصوصی توجہ کے لئے | 407 |
| 89 | ثمرۃ التفصیل بعد التحقیق | 412 |
| 90 | دارالافتاء کے ذمہ داروں کیلئے حاصل ہونے والا سبق | 415 |
| 91 | ایک اہم سوال اور اس کا جواب | 419 |
| 92 | حاشیتی وضاحت | 428 |
| 93 | ایک عامتہ الورود اشتباہ کا ازالہ | 434 |
| 94 | ایک اور سوال کا جواب اور اضافی فائدہ | 438 |
| 95 | ایک قابل توجہ نکتہ سے بے توجہی پر افسوس | 444 |
| 96 | اصحاب محراب و منبر کو ملنے والا سبق | 448 |
| 97 | ایک اور سوال کا جواب | 450 |
| 98 | ایک متوقع سوال کا پیشگی جواب | 452 |
| 99 | ایک اشتباہ کا ازالہ | 454 |
| 100 | الشئی المطلق اور مطلق الشئی کی حقیقت | 458 |
| 101 | تقلید جامد کی افسردہ روایت | 464 |
| 102 | خلاصۃ التحقیق بعد التفصیل | 468 |
| 103 | خلاصۃ الجواب بعد التدقیق | 470 |
| 104 | اختتامیہ | 479 |
| 105 | ایک اشتباہ کا ازالہ اور مزید وضاحت | 480 |

marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 106 | وضاحت در وضاحت | 492 |
| 107 | مزید وضاحت | 493 |
| 108 | خلاصۃ الکتاب | 498 |

marfat.com

# افتتاحیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی ونسلم علی رسولہ الکریم امابعد فقد قال اللہ تبارک وتعالیٰ

"وَلَا یَجْرِمَنَّکُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰۤی اَلَّا تَعْدِلُوْا اِعْدِلُوْا ھُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰی وَاتَّقُوا اللّٰہَ اِنَّ اللّٰہَ خَبِیْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ" (سورۃ المائدہ، آیت نمبر ۸)

اِس دورِ انحطاط میں اُمت مسلمہ کو جہاں اور بہت سے فتنوں کا سامنا ہے وہاں ایک بڑا فتنہ وفساد ایک دوسرے کو کافر قرار دینے کا مسئلہ بھی ہے جس کے حوالہ سے معروضی حالات کچھ ایسے ہیں کہ فقہی اختلاف کی وجہ سے ایک دوسرے کی تکفیر کرنے کے علاوہ اپنے مخصوص نظریات اور ذہنی ترجیحات کے ساتھ اختلاف کرنے والوں پر بھی کفر سے کم فتویٰ لگانے پر اکتفا نہیں کیا جاتا۔ اُصول وفروع کی عدم تفریق کی اِس کساد بازاری میں قطعیات وظنیات کی تمیز کی جاتی ہے نہ ضروریاتِ دینیہ اور ضروریاتِ مذہبیہ کی تفریق، دار الافتاء کے احتیاطی تقاضوں کا خیال رکھا جاتا ہے نہ محراب ومنبر کی ذمہ داریوں کا احساس، تکفیر مسلم بجائے خود خطرِ عظیم اور گناہ کبیرہ ہے۔ اللہ کے رسول سید عالم ﷺ نے اِس سے بچنے کیلئے بایں الفاظ تہدید فرمائی ہے؛

marfat.com

''اذا اکفر الرجل اخاہ فقد باء بھا احدھما ''

(مسلم شریف' جلد ۱' صفحہ ۵۷)

پھر یہ بھی ہے کہ اِس کا وبال وبدانجامی صرف تکفیر کرنے والے بے اعتدالوں تک محدود نہیں رہتی بلکہ اُس کے منحوس اثرات پورے معاشرہ کو اپنی لپیٹ میں لیتے ہیں جس سے رنجش، عداوتیں اور مذہبی فرقہ واریت جیسی بُرائیاں بھی جنم پاتی ہیں، جس کی واضح مثالیں موجودہ معاشرہ میں بدرجہ اتم نظر آرہی ہیں۔ جس کو دیکھ کر اسلام کے ساتھ مخلص اور مذہبی اقدار کے ساتھ وابستگی رکھنے والے ہر دردمند کا دل نالاں ہے۔ مسلمانوں کی بے محل تکفیر کرنے والے نہ صرف اُن پر ظلم ڈھا رہے ہیں جن کو وہ کافر کہہ رہے ہیں بلکہ اسلام پر اور اُس کی اجتماعیت پر بھی وار کر رہے ہیں کیونکہ اسلام نے دوسرے مذاہب کے برعکس صرف اور صرف نظام مصطفیٰ ﷺ کے ماننے والوں کو اُمت واحدہ کہہ کر سب کو ایک کنبہ کے افراد قرار دیا ہے۔ رنگ ونسل سے قطع نظر سب کو ایک بدن کے اعضاء واجزاء کہا ہے اور ہر ایک کی بقاء وتحفظ کو سب پر ایسا ہی فرض کیا ہے جیسے ہر انسان اپنے اعضاء بدن کے تحفظ کو ضروری سمجھتا ہے۔ بے محل وبے مصرف تکفیر مسلم کرنے والا شخص گویا اپنے ہی بدن سے ایک عضو کاٹ کر جدا کر رہا ہے، بیت الاسلام کے اجتماعی کنبہ کے فرد کو اُس کے اجتماعی احکام و حقوق سے نکال رہا ہے اور بیضۃ الاسلام کی اجتماعیت میں سوراخ پیدا کر رہا ہے۔

یہ اس لئے کہ کسی مسلمان کو کافر قرار دینے کا مطلب اِس کے سوا اور کچھ نہیں ہے کہ اُسے مسلم معاشرہ میں رہنے، مسلمانوں والے حقوق واحکام پانے، جان ومال، عزت و آبرو کے تحفظ کیلئے نااہل کہہ کر واجب القتل قرار دیا جا رہا ہے۔ ایسے میں بے محل وبے

marfat.com

مصرف تکفیر مسلم کرنیوالے دانستہ یا نادانستہ بیضۃ الاسلام کو ڈھا رہے ہیں، اُس کی اجتماعیت میں تفرقہ پیدا کر رہے ہیں اور توحید کلمہ کے برعکس تفریق کلمہ کے جرم عظیم کا ارتکاب کر رہے ہیں۔ اِس کا یہ مطلب بھی نہیں ہے کہ کافر کو بھی کافر نہ کہا جائے اور کفر وارتداد کے اسلامی احکام کو بھی ظاہر نہ کیا جائے بلکہ اسلام اور کفر کی سرحدیں ایک دوسرے سے ایسے جدا ہیں جیسے زمین وآسمان کی حدیں جدا ہیں۔ قرآن وسنت کی روشنی میں مسلم کے حقوق واحکام بھی غیر مسلم سے جدا ہیں جبکہ کافر ومرتد کے احکام کو بھی اللہ اور اُس کے رسول نے یکساں نہیں رکھا۔ قرآن وسنت کے مطابق مسلم کے احکام کو غیر مسلم پر جاری کرنا جرم عظیم ہونے کی طرح کافر کے احکام کو مرتد پر یا مرتد کے احکام کو کافر پر جاری کرنا بھی ناقابل تصور جرم ہے۔ یہ بھی مسلمہ حقیقت ہے کہ جملہ خلائق میں جن وانس کے ماسوا کسی اور جنس میں غیر مسلم نہیں پایا جاتا، نوع بنی آدم کے مختلف اقوام میں غیر مسلموں کی سینکڑوں قسمیں پائی جاتی ہیں۔ اُن کے باہمی اختلاف اور کفر کی نوعیت جدا جدا ہونے کے باوجود اسلام کی نگاہ میں اُن سب کو ملت واحدہ قرار دیا گیا ہے جبکہ مرتد کی نوعیت اور اُس پر اسلام کی طرف سے لاگو ہونے والے احکام دُنیا بھر کے غیر مسلموں کے احکام سے جدا ہیں۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ کفر وارتداد میں سے ہر ایک کا تعلق ضرورت دینی کی تکذیب کے ساتھ ہے یعنی کسی ضرورت دینی کی تکذیب وانکار کے بغیر کسی شخص کو کافر کہا جاسکتا ہے نہ مرتد چاہے بڑے سے بڑے گناہوں، جہالتوں اور بے اعتدالیوں کا مرتکب ہی کیوں نہ ہو اور کسی بھی ضرورت دینی سے انکار وتکذیب کرنے والے کی اِس شنیع حرکت پر مطلع ہو جانے کے بعد اُس کے کفر وارتداد کا اظہار کرنا، اُسے کافر سمجھنا اور کافر ومرتد والے احکام اُس پر لاگو کرنا لازم ہو

marfat.com

جاتا ہے یہاں تک کہ اِس تکذیبی صورت حال سے مکمل آگاہی کے بعد اُس کو کافرومرتد نہ جاننے یا اُس کے کفروارتداد میں شک کرنے والے کا اپنا ایمان بھی خطرہ میں پڑجاتا ہے۔ اِس لئے کہ ''مَنْ شَكَّ فِيْ كُفْرِهٖ وَعَذَابِهٖ فَقَدْ كَفَرَ'' والاحکم جو ہے یہ بھی بجائے خود ضروریات دین کے قبیلہ سے ہے، اور یہ بھی ناقابل انکار حقیقت ہے کہ قرآن وسنت کے مطابق دُنیا بھر میں موجود انسانوں کی بشمول اعتقادی منافق کے تین ہی قسمیں ہیں۔

(۱) مومن مسلمان جو تمام ضروریات دین کو اُن کے جملہ لوازمات کے ساتھ تسلیم کرنے والے سے عبارت ہے، چاہے عادل ہو یا فاسق۔

(۲) کافر جس میں مشرک ومجوسی اور نصاریٰ ویہودی جیسے تمام غیر مسلم شامل ہیں جو کسی بھی ضرورت دینی کی تکذیب کرنے والے سے عبارت ہے، عمل کے اعتبار سے چاہے جیسا بھی ہو۔

(۳) مرتد جو اسلام لانے کے بعد اُس کے کسی ضروری حکم کی تکذیب کرنے والے سے عبارت ہے، چاہے جس نوعیت کا بھی ہو۔

پھر یہ بھی ہے کہ کفر اپنے مذکورہ مفہوم میں کوئی ضروری نہیں ہے کہ عنداللہ وعندالشرع اورعندالناس ہو۔ بلکہ حقیقت کی نگاہ میں اِس کی مندرجہ ذیل چار قسمیں پائی جاتی ہے۔

(۱) یہ کہ عنداللہ وعندالشرع اورعندالناس یعنی ہر اعتبار سے کفر ہی کفر ہو۔

(۲) یہ کہ صرف لوگوں کی نظر میں کفر ہو جبکہ عندالشرع اورعنداللہ اُسے کفر نہیں کیا جاسکتا۔

(۳) یہ کہ عنداللہ وعندالشرع کفر ہو جبکہ لوگ اُسے کفر نہ سمجھتے ہوں۔

marfat.com

(۴) یہ کہ عند الشرع وعند الناس اُس پر کفر کے دنیوی احکام جاری نہیں کئے جا سکتے جبکہ عند اللہ کفر ہی کفر ہے۔

اِن میں سے ہر ایک کے مواقع کو سمجھ کر اُس کے مطابق احکام کا اظہار کرنا صرف اور صرف علماء کرام اور دارالافتاء کی ذمہ داری ہے۔ جس کے تمام پہلوؤں کو اِس کتاب میں ہم نے پیش نظر رکھ کر دارالافتاء کیلئے سہولت کا سامان کر دیا ہے۔

مومن مسلمان سے متعلقہ اسلامی احکام کی جانب اعلیٰ کا یہ عالَم کہ اُس کا مقام و رتبہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک لوح وقلم اور بیت اللہ وعرش الٰہی سے بھی افضل و اعلیٰ ہے اور جانب ادنیٰ میں یہ کہ ہر شخص پر اُس کی تعظیم لازم اور توہین کرنا حرام ہے جبکہ اِن دونوں کے مابین والے احکام سب پر عیاں ہیں۔

کافر سے متعلقہ شرعی احکام کے سلسلہ دراز میں جانب اعلیٰ یہ کہ اُس کا کوئی اچھا سے اچھا عمل بھی آخرت کے حوالہ سے قابل قبول نہیں ہے کہ اُس کیلئے نجات وفلاح کا سبب بن سکے۔ جانب ادنی یہ کہ جب وہ مرجائے تو اُس کے ورثاء شرعاً اِس بات کے پابند ہیں کہ نجس کپڑا کو دھونے کی طرح اُسے غسل دیں، کفن پہنائیں، جذبہ احترام آدمیت کے تحت اُس کیلئے قبر کھودیں، اُس کے جملہ ماترکہ کو اُس کے مذہب کے مطابق تقسیم کریں، چارپائی میں ڈال کر لے جا کے قبر میں دفنانے کے بعد اُس کے کافر مرنے پر افسوس کرتے ہوئے واپس گھروں کو لوٹیں۔ اِن دونوں کے مابین جو احکام ہیں وہ کافی سے زیادہ ہونے کے باوجود پہچان میں آسان ہیں جن کو عام اہل علم جانتے ہیں۔

اور مرتد سے متعلقہ جو شرعی احکام ہیں وہ ایک سے ایک سخت ہے۔ عبرت ناک

marfat.com

ہے اور سبق آموز ہے۔ مثال کے طور پر مرتد جب مرجاتا ہے تو اُس کے ورثاء پر اُسے نہلانا حرام و ناجائز ہے، چارپائی پر ڈال کر لے جانا حرام و گناہ ہے، اُس کے لئے قبر کھودنا حرام و ناجائز ہے اور اُس کے ماترکہ کو میراث کے طور پر تقسیم کرنا گناہ و ناجائز ہے اور کفن پہنانا حرام و ناجائز ہے بلکہ بغیر نہلائے اور بغیر کفن پہنائے پاؤں میں رسی ڈال کے لے جاکر گڑھا میں ڈال کر اوپر سے مٹی ڈالے اور یہ سب کچھ اِس نیت کے ساتھ کریں کہ ایک مردار کے تعفن و نجاست سے ماحول کو پاک کیا جائے۔

الغرض مسلمان و کافر کے مابین اُن کی ذات و انسانیت کے ماتحت احترام آدمیت کے ماسوا باقی کسی بھی حکم میں اشتراک نہیں ہے۔ اِسی طرح کافر و مرتد کے مابین اِس بات کے سوا اور کسی بھی حکم میں اشتراک نہیں ہے کہ ان دونوں کے انکار و تکذیب کا تعلق ضروریاتِ دین کے ساتھ ہوتا ہے کہ دونوں کی یہ بدانجامی ضروریاتِ دین سے انکار کی بناء پر اُن کا مقدر ہو رہی ہے۔ اِس کے علاوہ باقی سب اِس کے فروع و نتائج ہیں اور اُخروی عذاب بھی دونوں کے کفر کا لازمہ ہے۔

اِن حقائق کی روشنی میں ہر انسان کا ذہن ضروریاتِ دین کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے کہ وہ کیا چیز ہیں؟ اُن کی حقیقت و پہچان کیا ہے کہ اُنہیں مِن وعَن تسلیم کرنے والے مومن مسلمان کہلا کر اعلیٰ سے اعلیٰ مقام رتبے پر فائز ہو جاتا ہے جبکہ اُس کی تکذیب کرنے والا کافر و مرتد کہلا کر اسفل السافلین مقام قرار پاتا ہے۔ اِسکے بعد انسان کا ذہن اِس بات کی طرف بھی متوجہ ہو جاتا ہے کہ ضروریاتِ دین سے یکساں انکار و تکذیب کرنیکے باوجود وہ کون سا فلسفہ ہے جس کی بنیاد پر مرتد ہونے والا شخص کافر و مشرک سے بھی زیادہ بدتر ہو کر

marfat.com

سخت سے سخت احکام کا مستحق قرار پاتا ہے؟ اِس کتاب میں ہم نے اِن تمام باتوں کا شرعی فلسفہ واضح کرنے کے ساتھ زیادہ توجہ لزومِ کفر اور التزام کفر کے مابین تفریق کی وضاحت پر دی ہے۔ ہمارے نصف صدی کے تجربہ میں تھا کہ ہر دینی مدرسہ کے منتہی طلباء سے لے کر اساتذہ کرام تک' اصحاب محراب ومنبر سے لیکر دارالافتاء کے ذمہ داروں تک اِن اصطلاحی کلمات کو استعمال کرتے رہتے ہیں جبکہ اِن کی حقیقت تک رسائی بہت کم کسی کو نصیب ہوتی ہے اور سلف صالحین میں جن حضرات نے اِن کے مابین تفریق سمجھانے کی کوششیں کی ہیں۔ اُنہوں نے بھی عملی مثالوں کے بغیر نہایت اختصار سے کام لیا تھا۔ اِس حوالہ سے اب تک وجود میں آنے والی جملہ تحریروں کے اختصار کے برعکس اِس کتاب میں ہماری کوشش رہی ہے کہ لزُوم کفر اور اِلتزامِ کفر کی تفریق کو مثالی صورتوں میں واضح کرنے کے ساتھ ہر ایک کی قسموں کو بھی جدا جدا مثالوں میں پیش کیا جائے۔ اِس موضوع سے متعلق ایک مشکل مسئلہ کتب فتاویٰ میں تکفیری تضادات کے حوالہ سے بھی تھا کہ بعض اوقات ایک ہی مسئلہ سے متعلق تکفیر وعدم تکفیر، تکفیر معلق اور تکفیر غیر معلق، مشروط تکفیر اور علی الاطلاق تکفیر تک اقوال پائے جاتے ہیں جن کو دیکھ کر دارالافتاء کے کم تجربہ والے ذمہ دار شش وپنج میں پڑ جاتے ہیں۔ جس کی بنیادی وجہ فقہی کفر اور کلامی کفر کے مابین عدم تمیز ہے جس سے بچنے کیلئے ہم نے اِس کتاب میں تکفیر عند الفقہاء اور تکفیر عند المتکلمین کی حقیقتیں واضح کر دیں اور ثابت کیا کہ فقہاء کرام جس بات کو تکفیر کیلئے معیار قرار دیتے ہیں وہ متفقہ نہیں ہے بلکہ اُن کے اپنے ماحول میں بھی اِس پر اختلاف ہے جبکہ متکلمین اسلام کی نگاہ میں جو معیار ہے وہ سب کے نزدیک متفقہ ولا ریب فیہ ہے۔ دارالافتاء کے ذمہ داروں کیلئے ایک اہم مسئلہ لزُوم کفر اور

marfat.com

التزام کفر کے جدا جدا احکام کو سمجھنا بھی تھا جس سے غفلت کی بناء پر التباس الحق بالباطل کی بے اعتدالیاں ہوتی رہتی تھیں۔ جس سے بچنے کیلئے ہم نے اِن کے خانے ایک دوسرے سے جدا کر کے اِس حوالہ سے ہونے والی بے اعتدالیوں کی بنیادیں ختم کردی۔

## ﴿متوسط ذہن والوں کے لئے منطق کے ناگزیر ہونے کا فلسفہ﴾

قارئین کرام کی سہولت فہم کیلئے یہ بھی واضح کردینا چاہتا ہوں کہ مسئلہ لزُوم کفر کا ہو یا التزام کفر کا بہر حال تعلق اِس کا علم کلام سے ہے اور علم کلام کی پوری طرح فہم متوسط ذہن والوں کیلئے منطق کے بغیر ناممکن ہے اِن حقائق کی روشنی میں التزام کفر کی جدا جدا قسموں کی فہمائش کے سلسلہ میں ہم نے اُن پر تفصیلی دلائل کو بھی ذکر کیا ہے جو اُصول منطق کے بغیر ممکن نہیں تھا جس وجہ سے منطق ناشناس اور علم کلام کے رموز سے ناآشنا حضرات اِس قسم مخصوص مقامات سے پوری طرح استفادہ کیلئے حقیقی اہل علم کی طرف رجوع کریں کیونکہ اِس پوری تحریر میں میرے اصلی مخاطب علماء کرام اور مختلف المسالک دارالافتاء کے مفتیان کرام ہی ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ سب سے زیادہ قابل اصلاح یہی طبقہ ہے۔ اِس کی اصلاح ہو جائے تو پوری دنیا کی اصلاح آسان ہے۔

دُنیا کی ہر شے کی پہچان اُس کی ذاتیات سے ہوتی ہے یا لوازمات سے لیکن اکثر دارالافتاء کے ذمہ داروں کی کوتاہ بینی کا یہ عالم کہ اُنہوں نے ایمان کی پہچان کو صرف اور صرف اُس کی ذات پر منحصر سمجھا کہ جہاں پر اقرار باللسان وتصدیق بالقلب نہیں ہے وہاں پر ایمان بھی نہیں ہے یا اقرار باللسان وتصدیق بالقلب کی ضد اور نقیض کی موجودگی کو ہی

marfat.com

انتفاءِ ایمان کی آخری سرحد تصور کر کے لوازمات ایمان سے صرف نظر کیا جس کے نتیجہ میں کفروارتداد کی 2/3 سے زیادہ قسموں کی پہچان مشکل ہورہی تھی۔ ہم نے اِس تحریر میں ''انتفاء الازم انتفاء الملزوم'' کے فطری اُصول کو اول سے آخر تک پیش نظر رکھا اور اُس کے تقاضوں کی تکمیل کرتے ہوئے ایمان کے پانچوں لوازمات کی تفصیل پیش کی اور ہر ایک کے منتفی ہونے کی صورت میں ایمان منتفی ہونے کی عملی صورتوں کو واضح کیا۔ نیز یہ کہ ''وجود احد الضدین دلیل عدم الآخر'' اور ''وجود احد النقیضین دلیل عدم الآخر'' کے فطری اُصولوں کے مطابق لازمہ ایمان کی ہر ضد یا ہر نقیض کی موجودگی کا التزام کفر پر صریح دلیل ہونے کو بے غبار کردیا جس کے نتیجہ میں نہ صرف لزُوم کفر اور التزام کفر کی پہچان واضح ہوگئی بلکہ التزام کفر کی اٹھائیس قسموں کے خانے بھی ایک دوسرے سے جدا ہو کر دارالافتاء کیلئے سہولت پیدا ہوگئی۔ ہمیں اللہ تعالیٰ کی رحمت سے سو فیصد اُمید ہے کہ اُصول تکفیر کی اِس تحریر کو سمجھ کر پڑھنے والے کسی بھی دارالافتاء یا اصحاب محراب و منبر حضرات کو لزُوم کفر اور التزام کفر کے حوالہ سے کوئی اشتباہ واقع ہوسکتا ہے نہ ایک کا حکم دوسرے پر جاری کرنے کا خبط۔ نہ التزام کفر کی قسموں میں خلط ہوسکتا ہے نہ بے محل تکفیر مسلم کرنے کا جرم۔

التزام کفر کے ماسوا کسی بھی بے اعتدالی کی وجہ سے کسی کو کافر قرار دینے والوں کے خود کافر ہونے کے امکان پر اور التزام کفر کرنے والوں کے کفر میں شک و تردد کرنے والوں کے بالیقین کافر ہونے پر شرعی دلائل کی تفصیل بیان کرنے کے ساتھ اِس کتاب میں فقہاء کرام کی مشہور عبارت ''مَنْ شَكَّ فِىْ كُفْرِهٖ وَعَذَابِهٖ فَقَدْ كَفَرَ '' یعنی جس نے بھی التزام کفر کرنے والے کے کفر میں شک کیا تو بالیقین وہ خود کافر ہوا'' کے فلسفہ کی طرف آج

marfat.com

تک کسی فتاویٰ میں توجہ نہیں دی گئی تھی۔ ہم نے اِس کا شرعی فلسفہ واضح کرنے کے ساتھ کفر اور التزام کفر کا تعلق صرف اور صرف ضروریات دین کے ساتھ ہونے کا فلسفہ بھی اِس کتاب میں واضح کر دیا۔ ضرورت دینی اور ضرورت مذہبی کی جدا جدا حقیقتوں کو واضح کرنے کے ساتھ اُن کے مختلف شرعی احکام کی مثالی صورتوں کی نشان دہی بھی کر دی۔ ہم اُمید رکھتے ہیں کہ التزام اسلام اور التزام کفر کی تفریق کے ساتھ لزُومِ کفر اور التزام کفر اور ان کے شرعی احکام کے مابین تمیز کے متلاشی حضرات کیلئے ہماری یہ کاوش چراغ ہدایت ہونے کے ساتھ بے محل کفربازی کی موجودہ روش کی حوصلہ شکنی کے انسداد میں بھی مفید ثابت ہوگی۔ بشرطیکہ مختلف مسالک کے دارالافتاء والے مذہبی تعصب و تنگ نظری کی عینک اُتار کر اِس کا مطالعہ کریں ورنہ اپنے ذہنی رجحان کو اصل الاصول سمجھنے والے تقلید جامد کے اسیر اور تعصب کے زنگ میں رنگین حضرات کو صبغۃ اللہ سے اثر لینا نصیب نہیں ہوتا۔ جس کے سامنے یہ کوئی شے نہیں ہے۔

## حقیت کا اظہار

مسئلہ تکفیر سے متعلق چترال سے آیا ہوا ایک سوالنامہ کا جواب جب ہم نے ماہنامہ ''آوازِ حق'' میں شائع کیا تو حلقہ اہل علم میں اُس کو اتنی پذیرائی ملی کہ ہر مکتبہ فکر کے اہل مدارس اور علماء کرام نے ہمیں تبریکی کلمات کے ساتھ نوازا۔ وہ چونکہ اصل سوالنامہ کا اجمالی جواب تھا جس میں آئندہ کسی وقت اُس پر تفصیلی روشنی ڈالنے کا ہم نے وعدہ کیا تھا لیکن جذبہ ایفاء عہد کے باوجود کتنے ایسے وعدے اور جذبات تشنہ تکمیل رہ جاتے ہیں یہاں پر بھی

marfat.com

شاید ایسا ہی ہوتا کیونکہ اُس کے بعد ہم ''**ولایت وکرامت اور شریعت وعوام**'' اور ''**پیری مریدی کی شرعی حیثیت**'' کو موضوع تحریر بنا کر ایسے مصروف ہو گئے کہ اس اہم موضوع کیلئے وقت نکالنا ممکن ہی نہیں رہا۔ اللہ تعالیٰ اجر عظیم دے اُن علماء کرام کو جو ایفاء عہد کی یاد دہانی کراتے رہے اور بندہ ناچیز کو اِس موضوع کی تکمیل پر مجبور کرتے رہے۔ خاص کر چترال ہی کے ایک عظیم سماجی کارکن، مخلص علم دوست ہستی مولانا قاری فیض اللہ صاحب سرفہرستِ مرغبیّن رہے۔ انجام کار مذکورہ دونوں موضوعات کی تکمیل کے بعد دوسرے تمام زیر تجویز موضوعات کو موخر کر کے اِس کو شروع کرنا پڑا۔ جو قسطوں میں ڈیڑھ سال تک مجلّہ ''**آوازِ حق**'' پشاور سے شائع ہوتا رہا۔ اِس اثناء میں جن باتوں سے، جن لوگوں سے اور جس نشیب وفراز سے گزرنا پڑا اُس کی ایک جھلک یہ ہے کہ مجلّہ ''**آوازحق**'' پشاور، جو کثیر الاشاعت جریدہ ہے، چونکہ ملک کے چاروں صوبوں اور ہر ڈسٹرکٹ میں پڑھا جاتا ہے۔ جس وجہ سے اُس کی قسطوں میں شائع ہو کر قارئین تک پہنچنے والی اِس تحریر کا بھی خوب تعارف ہوا اور اِس میں تکفیر کیلئے شرعی معیار سے متعلق مباحث کا تعلق علم فقہ سے لے کر علم کلام تک، علم حدیث سے لیکر علم تفسیر تک اور منطق وفلسفہ سے لے کر علم بلاغت و تصوف تک مختلف النوع علوم وفنون کے ساتھ ہونے کی وجہ سے اِن میں سے ہر فن کے کچھ ضروری مسائل کا حقِ تحقیق بھی انجام پذیر ہوتا رہا جس میں اِن فنون کے شائقین کے لئے ضیافت طبع کا سامان ہونے کی وجہ سے ہر فن کے قدر شناسوں نے دعائیہ کلمات کے ساتھ ہمارا حوصلہ بڑھایا۔ (**فجزاھم اللہ احسن الجزاء**)

marfat.com

## ﴿تکفیر کے لئے شرعی اُصول کی اہمیت﴾

یہ موضوع کسی خاص فن یا کسی خاص مسلک کے ساتھ مختص مسئلہ تو ہے نہیں کہ اُس کی کتابوں سے مدد لی جائے بلکہ قرآن وسنت اور علم کلام کے مختلف المسالک اسلاف کی کتابوں سے روشنی لیکر ہی اِسے ترتیب دیا جاسکتا ہے۔ اگرچہ اِس کا زیادہ تر تعلق علم کلام سے ہے تاہم متکلمین اسلام کا فقہاء کرام کے متضاد آراء سے متاثر ہونے کی بناء پر اُن کے ہاں سے بھی کوئی حتمی اور جامع ومانع بات سامنے نہیں آتی جبکہ فقہاء کرام کے متضاد آراء سے کسی اطمینان بخش نتیجہ پر پہنچنا تو ممکن ہی نہیں تھا پھر یہ بھی ہے کہ اِس فقہی اختلاف میں تضاد عملی صرف تکفیر وعدم تکفیر تک محدود نہیں ہے بلکہ اکثر کتب فتاویٰ میں ''یلزم الکفر ولا یلزم الکفر'' اور بعض میں ''التزم الکفر ولم یلتزم الکفر'' جیسے اختلافات بھی بکثرت پائے جاتے ہیں جس کو دیکھ کر دارالافتاء کے ناپختہ حضرات پر لزوم کفر اور التزام کفر کا اشتباہ ہوتا ہے۔ اُن میں شاذ ونادر کسی کو لزوم والتزام کی حقیقتیں معلوم ہوتی ہیں۔ اِس اشتباہ کی بناء پر لزوم کفر کے احکام کو التزام کفر پر جاری کر کے یا التزام کفر کے احکام کو لزوم کفر پر جاری کر کے ''مفتی کی ایک غلطی جہاں کی تباہی'' کا منظر پیش کر رہا تھا۔

نیز یہ کہ بعض کتب فتاویٰ وکلام میں شریعت کے کسی قطعی حکم کی مخالفت کو یا ضرورت مذہبی کی تکذیب کو جو کفر کہا گیا ہے اُس سے ضرورت دینی اور ضرورت مذہبی کے مابین عدم تفریق کا اشتباہ ہو رہا تھا جس کے نتیجہ میں ایک کے احکام کو دوسرے پر جاری کر کے انجانے میں التباس الحق بالباطل کا ارتکاب کیا جا رہا تھا اور ہر قطعی کی تکذیب کو ہر جگہ، ہر

marfat.com

وقت اور ہر کسی سے سن کر کفر کا فتویٰ صادر کرنے کی غلطی کی جا رہی تھی۔

نیز یہ کہ بعض کتب کلام وفتاویٰ میں اجماع کی تکذیب کو کفر قرار دیتے ہوئے دیکھ کر ہر اجماع کی مخالفت پر تکفیر مسلم کی بے عتدالیاں ہو رہی تھیں۔ جو خلاف حقیقت ہونے کے ساتھ التباس الحق بالباطل کا منظر پیش کر رہا تھا۔ تکفیر کے حوالہ سے معروضی حالات کی اِن بے اعتدالیوں، دارالافتاء کی اِن بے احتیاطیوں اور التباس الحق بالباطل کی اِن اندھیر نگریوں کو دیکھ کر جہاں اسلام کے سچے ہمدردوں کو پریشانی ہو رہی تھی وہاں اسلام آزاد اور غیر مسلموں کو اسلام کے خلاف انگشت نمائی کرنے کا بھی موقع مل رہا تھا جبکہ قرآن وسنت اور دین اسلام کے مسلمہ اُصولوں کے مطابق لزُوم کفر پر التزام کفر کے احکام جاری کرنا جائز ہے نہ اِس بنیاد پر کسی کو کافر ومرتد قرار دینے کا جواز، ہر قطعی حکم کی تکذیب پر کسی کو اسلام سے نکال کر سرحد کفر میں داخل کرنا روا ہے نہ ہر اجماعی مسئلہ سے انکار پر کسی کو کافر ومرتد کہنے کی گنجائش، نہ ہر ضرورت شرعی کی تکذیب پر کفر وارتداد کا فتویٰ دینے کی گنجائش ہے نہ ہر کافر عند الناس کو کافر عند اللہ وعند الشرع قرار دینے کا جواز جبکہ ایک شخص کا ایک وقت میں مسلم و غیر مسلم ہونے کا امکان بھی نہیں ہے اور اِن دونوں صفتوں سے خالی ہونے کا بھی تصور نہیں ہے کیونکہ اسلام وکفر اپنے آپس خاص ضدین ہونیکی وجہ سے اِن میں سے ایک کی موجودگی آپ ہی دوسرے کی نفی ہے اسی طرح ایک کی نفی آپ ہی دوسرے کا وجود ہے۔ اسی طرح ایمان کے کسی بھی لازم بیّن کی نفی آپ ہی ایمان کی نفی ہے۔ یہ تقابل تضاد کی صورت میں ہے اگر اِن کے مابین عدم وملکہ والا تقابل ہو تب بھی یہی حال ہے کیونکہ عدم وملکہ میں سے ہر ایک کا محل وموضوع ایک ہوتا ہے۔ جیسے کسی انسان کا اندھا ہونا آپ ہی اُس کے انکھیارا

marfat.com

نہ ہونے کی دلیل ہے ن کے بعد اُس کے انکھیارا نہ ہونے پر کوئی اور دلیل تلاش کرنے کی ضرورت نہیں ہے اسی طرح اُس کا انکھیارا ہونا آپ ہی اُس کے اندھے نہ ہونے کی دلیل ہے جسکے بعد اُس کے اندھے نہ ہونے پر کوئی اور دلیل تلاش کرنے کی ضرورت نہیں ہے' ایمان وکفر کے مابین عدم وملکہ کا تقابل ہونے پر اِن کا حال عمی و بصر سے مختلف نہیں ہے۔

اور یہ بھی اسلام کے مسلمات میں سے ہے کہ کسی مومن ومسلمان کہلانے والے کو یا کسی مدعی اسلام کو اُس کے کسی قول وعمل، تقریر وتحریر یا عقیدہ کی وجہ سے تکفیر کرنے کا مطلب ومفہوم اِس کے سوا اور کچھ نہیں ہے کہ اُس کو اسلام کی چاردیواری سے خارج کرکے کفر میں داخل کیا جاتا ہے، مسلمانوں والے احکام وحقوق سے نکال کر کافر کی مخصوص قسم یعنی مرتد کے احکام کا حامل قرار دیا جاتا ہے اور دُنیا بھر کے کسی بھی گوشہ میں زندگی گزارنے کیلئے اَن فِٹ کہہ کر واجب القتل ٹھہرایا جاتا ہے۔ ایسے میں انصاف کا تقاضا یہی ہے کہ کسی مدعی اسلام کی تکفیر اُس وقت تک جائز قرار نہ دی جائے جب تک اُس کے بلا جبر واکراہ وجود میں آنے والے کسی اختیاری قول وعمل، تقریر وتحریر اور عقیدہ کا ایمان کے منافی ہونے پر سو فیصد یقین حاصل نہ ہوجائے اور مومن مسلمان رہنے کے لئے ایک فیصد بھی اور کمزور سے کمزور احتمال یا مجال تاویل کا امکان بھی باقی نہ رہے یعنی جب تک صریح التزام کفر نہ ہو اُس وقت تک تکفیر کے جواز کا کوئی تصور اسلام میں نہیں ہے۔ اسلام کے اِسی اصول کی روشنی میں جملہ اسلاف نے متفقہ طور پر کہہ دیا کہ "**لا یجوز تکفیر اھل القبلۃ**" یعنی اہل قبلہ کی تکفیر جائز نہیں ہے مقصد یہ کہ جب تک اُس کے قول وعمل' تقریر وتحریر اور عقیدہ میں کفر سے بچنے کا احتمال باقی ہے یا تاویل کی گنجائش ممکن ہے تو وہ اہل قبلہ میں سے ہی شمار ہوگا یعنی

marfat.com

اُمت اجابت کے افراد جو ملت اسلام اور اُس کے تحت آنے والے تمام ضروریات دین کا التزام کرنے والوں میں شمار ہوگا۔

نیز کہہ دیا ''اِذَا کَانَتْ فِی الْمَسْئَلَةِ وَجُوْهٌ تُوْجِبُ الْکُفْرَ وَوَجْهٌ وَاحِدٌ یَمْنَعُ فَعَلَی الْمُفْتِی اِنْ یُرَجِّحَ الْوَاحِدَ عَلَی الْوُجُوْهِ'' یعنی جس مسئلے میں زیادہ سے زیادہ موجبات کفر موجود ہوں اور کفر سے بچنے کیلئے صرف ایک وجہ موجود ہو تو مفتی پر لازم ہے کہ اُس ایک کو ترجیح دے کر متعلقہ شخص کو کفر سے بچائے۔ اسلاف سے منقول اِن دونوں اُصولوں کا سب کے نزدیک مسلمہ اور قرآن وسنت کے مطابق ہونے کی واضح دلیل یہ ہے کہ جہاں پر بھی اِن میں سے کسی ایک کے خلاف بھی کوئی فتویٰ تکفیر پایا گیا ہے اُس کو سب نے مسترد کر دیا ہے یا اِس پر منطبق کرنے کیلئے تاویلات وتوجیہات بعیدہ کا سہارا لیا گیا ہے۔ ایسے میں فتویٰ تکفیر کے حوالہ سے دارالافتاء کے ذمہ داروں کی رہنمائی کیلئے قرآن و سنت اور سلف صالحین کی روشنی میں ایسے اُصول ومعیار دُنیائے علم کے سامنے لانے کی ضرورت تھی جو اِن دونوں اُصولوں کے مطابق ہونے کے ساتھ ہر خاص وعام کیلئے قلبی طمانیت کا سامان بھی ہو، مختلف مکاتب فکر اہل اسلام کے لئے قابل تسلیم ہونے کے ساتھ مقتضائے فطرت بھی ہو اور التزام اسلام والتزام کفر کے مابین واضح حد فاصل کا مظہر ہونے کے ساتھ اسلام کا دین فطرت ہونے کی عملی تصدیق بھی ہو جس کو ہم نے اِس کتاب میں آسان سے آسان تر انداز میں پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔ جس کی تحریر میں اول سے آخر تک ہمارے مخاطب دارالافتاء کے ذمہ دار حضرات ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ اگر یہ حضرات دارالافتاء کے احتیاطی تقاضوں کو نبھائیں تو بے محل تکفیر مسلم کی بے اعتدالیوں کا انسداد

marfat.com

ہونے کے ساتھ التزام کفر کرنے والوں سے صرف نظر کرنے کے جرم پر بھی قابو پایا جاسکتا ہے۔ کیونکہ

''مفتی کی ایک غلطی جہاں کی تباہی''

## ﴿مشکل ترین ذمہ داری﴾

کتاب کی تدوین کے دوران ہمیں قدم بہ قدم موضوع کی پیچیدگی کا احساس ہوتا رہا کیونکہ اِس سے پہلے کوئی ایسی جامع تحریر اِس موضوع سے متعلق موجود نہیں تھی کہ جس سے مدد لی جاتی۔ مفتی محمد شفیع کی اِس موضوع پر وہ تحریر جو ''جواہر الفقہ'' کی پہلی جلد میں چھپی ہے۔ جس پر اشرف علی تھانوی کی تصدیق وتقریظ بھی موجود ہے نہایت مجمل اور فقہاء کرام کی بجائے خود قابل تشریح عبارات پر بلا تشریح مشتمل ہونے کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ جس سے حنفی المذہب کہلانے والوں کو بھی تسلی واطمینان نہیں ہوتا چہ جائیکہ کہ مختلف المسالک اور عام انسانوں کو تسلی ہو سکے۔

سید ابوالاعلی مودودی کی وہ تحریر جو اُنہوں نے اِس موضوع سے متعلق ماہنامہ ''ترجمان القرآن'' شمارہ مئی 1935ء میں شائع کیا تھا۔ عوام الناس اور تعصب زدہ علماء کو تکفیر بازی سے بریک لگانے کیلئے کافی حد تک مفید ہونے کے باوجود دارالافتاء کے ذمہ داروں کے حق میں نہ صرف غیر مفید بلکہ مغالطہ کا موجب ونقصان ہے۔ حقیقی معیار سے متصادم اور اسلاف سے منقول مسلمات سے برعکس ہے۔

اِس سلسلہ میں مولنا سید انور شاہ کشمیری کی لکھی ہوئی ''اکفار الملحدین'' کی کافی

marfat.com

شہرت سنی تھی اور مختلف المسالک ہم عصر علماء کی تحریروں میں اُس کا حوالہ پڑھ کر اُمید پیدا ہونے لگی تھی کہ اُس سے کافی مدد ملے گی لیکن تلاش بسیار کے بعد پیدا کر کے جب مطالعہ کیا تو افسوس و تعجب کے سوا اور کچھ ہاتھ نہیں آیا کیونکہ اُس کی عبارۃ النص ولُب لباب اِس کے سوا اور کچھ نہیں ہے کہ فضیلت الشیخ شاہ جی نے اپنے وقت کے کذاب متنبّی مرزا غلام احمد قادیانی علیہ ما علیہ کے کفر و ارتداد میں شک کرنے اور اُس کی کفری عبارات کی تاویل کرنے والے جاہلوں کی تکفیر کیلئے یہ لکھی تھی۔ جو اُس وقت کے تقاضوں کے مطابق اور قادیانی کی تکفیر کے حوالہ سے مفید ہونے کے باوجود اسم با مسمّٰی نہیں ہے، کسی مدعی اسلام کے قول و عمل، تقریر و تحریر یا فاسد عقیدہ کی بنیاد پر تکفیر کیلئے جامع و مانع اور معیاری ہرگز نہیں ہے کیونکہ اِس میں کسی ضرورت شرعی کی تکذیب کو کفر و ارتداد قرار دینے کے ساتھ ضرورت شرعی کی تکذیب پر مشتمل قول میں تاویل کرنے کو بھی کفر و ارتداد قرار دینے پر فقہاء کرام کے حوالہ جات کا انبار لگانے کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ ضرورت دینی اور ضرورت مذہبی کے مابین تفریق کو چھیڑا ہی نہیں۔

نیز یہ کہ شریعت کے ہر قطعی حکم کو ضروری کہہ کر اُس کے منکر کو کافر و مرتد قرار دیا ہے جو خلاف واقعہ ہے کیونکہ حقیقت میں قطعی اور ضروری کے مابین وہ نسبت ہرگز نہیں ہے جو فضیلت الشیخ شاہ جی نے سمجھا ہے بلکہ عموم و خصوص من وجہ کی نسبت ہے یعنی ہر قطعی ہمیشہ ضروری نہیں ہوتا نہ ہر ضروری ہمیشہ قطعی ہوتا ہے۔

نیز یہ کہ لزُوم کفر اور التزام کفر کی جدا جدا حقیقتوں کو واضح کرنا دارالافتاء کی ناگریز ضرورت ہے جس کو چھیڑا ہی نہیں۔

marfat.com

نیز یہ کہ لزُومِ کفر اور التزام کفر کے ایک دوسرے سے جدا جدا شرعی احکام کی تمیز بھی دار الافتاء کی ناگزیر ضرورت ہے، جس سے قطعاً بے اعتنائی فرمائی ہے۔

نیز یہ کہ لزُومِ کفر میں لازم کے بیّن ہونے کی صورت میں واجب التکفیر قرار دیا ہے جو تکفیر کے حوالہ سے دار الافتاء کے احتیاطی تقاضوں کے سراسر خلاف ہونے کے ساتھ جمہور اسلاف کے خلاف ہے کیونکہ اسلاف کی نگاہ میں لزُومِ کفر اور التزام کفر کے مابین بنیادی نکتہ تفریق یہی ہے کہ لزُومِ کفر میں لازم غیر بین ہوتا ہے جس وجہ سے واسطہ فی الاثبات کی ضرورت پڑتی ہے جبکہ التزام کفر کی بعض صورتوں میں لازم بیّن ہوتا ہے جس وجہ سے "انتفاء الازم انتفاء الملزوم" کے بدیہی وفطری تقاضوں کے مطابق لازم بیّن کا انتفاء آپ ہی ملزوم کے انتفاء پر دلیل ہوتا ہے جس کے بعد کسی اور دلیل کی ضرورت محسوس نہیں کی جاتی۔ حقیقت یہ ہے کہ اکفار الملحدین کے اِس قسم مندرجات سے دار الافتاء کے نوخیز ذمہ داروں کی رہنمائی ہونے کے بجائے معکوس نمائی ہوتی ہے۔ اِس کے باوجود اکفار الملحدین کی شہرت میرے لئے باعث تعجب نہ ہوگی تو اور کیا ہوگی۔ اِس سے بڑھ کر قابل افسوس حضرت شاہ صاحب مرحوم کے ساتھ عقیدت رکھنے والے اُن حضرات کا کردار ہے جو اِن کمزوریوں، بے اعتدالیوں اور معکوس نمائیوں کے باوجود احساس زیاں نہیں رکھتے ہیں۔

ہم تسلیم کرتے ہیں کہ اکفار الملحدین کے مصنف ایک سنجیدہ عالم دین اور قابل احترام علمی شخصیت تھے، جس نے اسلامی جذبہ کے تحت ایک حقیقی ملحد ومرتد کے خلاف اسلامی دُنیا میں بیداری لانے کی غرض سے یہ کتاب لکھی تھی۔ جو تقاضاء وقت کے مطابق مفید تھی۔ جس سے عبد الماجد دریا آبادی اور اُس کے پیر اشرف علی تھانوی تک کو فائدہ پہنچا

marfat.com

تھا اِس لئے کہ اِس سے پہلے اُن کو مرزا غلام احمد قادیانی کے کفر وارتداد پر تسلی نہیں تھی جیسے اُن کی کتابوں سے ثابت ہے تاہم ''اَلْاِنْسَانُ مُرَکَّبٌ مِنَ الْخَطَاءِ وَالنِّسْیَانِ'' کی فطری کمزوریوں کے تقاضاء سے اُن سے غفلت وخطائیاں ہونا ممکن تھا جو ہوئیں ہیں لیکن اُن کے اخلاف کا اُس سر سے لے کر اِس سر تک اِن تمام کوتاہیوں سے غفلت برتنا قابل صد افسوس ہے۔اکفار الملحدین کے مصنف کی غفلت خیزیوں کا افسوس ناک دائرہ کار صرف اِس حد تک محدود نہیں ہے بلکہ حضرت شاہ صاحب مرحوم کی ایک اور تصنیف ''فیض الباری شرح صحیح البخاری'' اِس سے بھی زیادہ غفلت کاریوں پر مشتمل ہے۔مثال کے طور پر فیض الباری' جلدا' صفحہ ا، پر اسم معرب کو مبنی قرار دیتے ہوئے لکھا ہے؛

''لفظ الباب مضاف او مبنی کمثنی وثلاث

(فیض الباری، جلدا، صفحہ ا، الطبقہ الاولیٰ مطبعہ حجازی بالقاہرہ)

علم نحو کی ابتدائی کتابیں پڑھنے والے طلباء بھی جانتے ہیں کہ مثنی وثلاث کے الفاظ اسم غیر منصرف کے قبیلہ سے ہیں اور اسم غیر منصرف اسم معرب کی قسم ہے جو مبنی کے مقابلہ میں ہے۔جبکہ یہاں پر فضیلت الشیخ نے اِن کو مبنی قرار دیا ہے۔ایک اور مقام پر صحت کو اُمور عامہ میں شامل قرار دے کر لکھا ہے؛

''وقدر الشافعیۃ الصحۃ لان متعلقات الظروف لا تکون الامن الافعال العامۃ والصحۃ منھا'' (فیض الباری' جلدا' صفحہ ۵)

یہ تو مشتی نمونہ از خرواری ہے ورنہ اکفار الملحدین کے مصنف کی غفلت کاریوں کا دائرہ بہت وسیع ہے جس کی تفصیل میں جانا ہمارے موضوع کے ساتھ میل نہیں رکھتا البتہ

marfat.com

اظہارِ حقیقت کی غرض سے اتنا ضرور کہونگا کہ محدث کشمیری مرحوم کی غفلت کاریوں کا یہ وسیع سلسلہ کسی ایک فن کے ساتھ خاص نہیں ہے بلکہ جس فن کے حوالہ سے بھی کلام کیا ہے اُس میں ہمارے سامنے موجود اِن دونوں کتابوں میں اپنی محدثانہ شہرت کے منافی کچھ ایسی کمزوریاں چھوڑی ہیں جو نہ ہونی چاہئے تھیں۔

درس نظامی کی نصابی کتابوں کو گودامی اندازِ تعلیم سے پڑھے ہوئے حضرات سے تو یہ غلطیاں مخفی رہ سکتی ہیں۔ جبکہ مواقف، شرح مواقف، شرح مقاصد، شرح عقائد وخیالی جیسی درسی کتابوں اور اُن کے حواشی وشروع کو سمجھ کر پڑھنے والے طلباء بھی جانتے ہیں کہ اُمور عامہ میں صرف وہی چیزیں شامل ہوسکتی ہیں جو واجب' جوہر اور عرض میں سے کسی ایک کے ساتھ خاص نہ ہو۔ جیسے کون، ثبوت، حدوث، وجود جبکہ صحت صرف اور صرف عرض کے ساتھ خاص ہے کیونکہ وہ عمل کی صفت ہے اور عمل مقولہ فعل سے ہے جو عرض کے مقولات تسعہ کی فہرست میں شامل ہے۔ جس وجہ سے الواجب صحیح یا الجوہر صحیح کہنا غیر معقول و نادرست ہے اور العمل صحیح یا العمل غیر صحیح کہنا ہر اعتبار سے درست ہے۔ جب صحت پر اُمور عامہ کی تعریف ہی صادق نہیں آتی تو پھر اُس کو اُمور عامہ کہنا شجر کو حجر کہنے سے مختلف نہیں ہے۔ اسی طرح جزئیات کے ادراک کو علم سے نکالتے ہوئے لکھا ہے:

''لان علم الجزئیات لیس بعلم فی الحقیقۃ (فیض الباری' جلد ا' صفحہ ۱۵۱)

افسوس کہ حضرت شاہ جی صاحبِ علم وفضل ہوتے ہوئے اِس قسم کی فحش غلطیوں کا ارتکاب فرمارہے ہیں۔ جزئیات کے علم کو حقیقی علم سے نکالنے کے عواقب ونتائج کی پرواہ نہیں کررہے ہیں کہ اِس سے فقہ کے باب القیاس سمیت اجتہاد کی راہ بھی مسدود ہونا لازم

marfat.com

آتی ہے اور کسی نا معلوم چیز کو معلوم کرنے کیلئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقرر کردہ طرق ثلاثہ میں استقراء و تمثیل کے راستے بھی بند ہو رہے ہیں کیونکہ اِن میں بالترتیب جزئیات کے حکم سے کلی کا حکم حاصل کیا جاتا ہے اور ایک نوع کے دو جزئیات میں سے ایک کو بمع حکم و علت جاننے کے وسیلہ سے دوسرے جزئی کے حکم کو سمجھا جاتا ہے جس کو فقہاء کرام قیاس بھی کہتے ہیں۔ انجام کار فضیلت الشیخ انجانے میں استقراء و تمثیل سے انکار فرما رہے ہیں جو کسی طرح بھی قابل تسلیم و معقول نہیں ہے۔

تقلید جامد اور اکابر پرستی کے خول سے نکل کر آزاد ذہن سے دیکھنے والا ہر سلیم الفطرت شخص فیض الباری میں اِس قسم درجنوں اغلاط کا مشاہدہ کرسکتا ہے۔ اکفار الملحدین کے شہرہ آفاق محدث کشمیری کی یہ غلطیاں اللہ بہتر جانے کن حالات میں اُن کے زیر قلم ہو کر دستاویز کی شکل اختیار کر چکی ہیں۔ بہر حال وہ انسان ہی تھے معصوم ہرگز نہیں تھے، قابل تثریب اُن کے بعد والے وہ حضرات ہیں جو اُن کیساتھ نسبت تلمذ رکھتے ہیں، عقیدت رکھتے ہیں اور اِن کتابوں کو دیکھتے رہتے ہیں لیکن اِن اغلاط کا احساس تک اُنہیں نہیں ہوتا۔ اِن میں کوئی رجل رشید نظر نہیں آ رہا جو اِن غلطیوں کی اصلاح کر کے فضیلت الشیخ کی روح کو راحت پہنچائے ایسے میں اکفار الملحدین کے مصنف کی مذکورہ بے اعتدالیوں پر تعجب سے اُن حضرات کی بے حسی زیادہ قابل افسوس ہے جو عرصہ دراز سے محدث کشمیری مرحوم کی اِن کتابوں کو وردِ جان بنائے ہوئے ہیں، صبح و شام تلاوت کر رہے ہیں اور داد تحسین دیتے نہیں تھکتے لیکن بتقاضائے بشریت اُن سے سرزد شدہ اِن بدیہ الاغلاط باتوں پر توجہ دے کر ریکارڈ درست کرنے کی توفیق نہیں پا رہے ہیں۔ (فالی اللہ المشتکی)

marfat.com

جس کی اصل وجہ ہمارے تجربہ کے مطابق اکابر پرستی اور اُنہیں معصوم عن الخطاء و النسیان تصور کرنے کے سوا اور کچھ نہیں ہے یہ بیماری صرف محدث کشمیری مرحوم کے مکتبہ فکر تک محدود نہیں ہے بلکہ ہر مکتبہ فکر کے علماء اِس میں مبتلا نظر آ رہے ہیں۔(**الا من وفقه الله عزوجل**)

## ﴿افسوس بالائے افسوس﴾

اُصول تکفیر کے حوالہ سے اکفار الملحدین کے اندر موجود مذکورہ معکوس نمائیوں سے رنجیدہ ہونے سے بڑھ کر افسوس مجھے مفتی محمد شفیع کی تحریر سے ہوا کہ اُنہوں نے اِس موضوع پر لکھے گئے اپنے 70 صفحات پر مشتمل رسالہ بنام ''تکفیر کے اُصول'' میں اپنے پیر کی ایک ایسی بات کی تصدیق وتوثیق اور تحسین کی ہے جو نہ صرف اہل سنت عقیدہ کے خلاف ہے بلکہ خرق اجماع اور عقل ونقل سے بھی متصادم ہے۔محولہ بالا رسالہ جو جواہر الفقہ جلد اول میں مکتبہ دار العلوم کراچی نمبر 14 سے مولانا محمد رفیع عثمانی کی تقدیم ونگرانی میں شائع ہوا ہے۔اُس کے صفحہ نمبر 37 پر مفتی محمد شفیع صاحب نے ''تتمہ مسئلہ از امداد الفتاویٰ، جلد سادس'' کا عنوان دیکر اُس کے تحت لکھا ہے؛

''یہ کل بیان اُس صورت میں تھا جب کہ کسی شخص یا جماعت کے متعلق عقیدہ کفریہ رکھنا یا اقوال کفریہ کا کہنا متیقن طریقے سے ثابت ہو جائے لیکن اگر خود اِسی میں کسی موقع پر شک ہو جائے کہ یہ شخص اِس عقیدہ کا معتقد یا اِس قول کا قائل ہے یا نہیں ہے تو اِس کیلئے اَحوط واسلم وہ طریقہ ہے جو امداد الفتاویٰ میں درج ہے جس کو

marfat.com

بعینہٖ ذیل میں بطور تتمہ نقل کیا جاتا ہے۔

اگر کسی خاص شخص کے متعلق یا کسی جماعت کے متعلق حکم بالکفر میں تردد ہو خواہ تردد کے اسباب علماء کا اختلاف ہو، خواہ قرائن کا تعارض ہو یا اُصول کا غموض تو اسلم یہ ہے کہ نہ کفر کا حکم کیا جاوے نہ اسلام کا، اسلام کا حکم اول میں تو خود اُس کے معاملات کے اعتبار سے بے احتیاطی ہے اور حکم ثانی میں دوسرے مسلمانوں کے معاملات کے اعتبار سے بے احتیاطی ہے، پس احکام میں دونوں احتیاطوں کو جمع کیا جائے گا۔ یعنی اُس سے نہ عقد مناکحت کی اجازت دیں گے نہ اُس کی اقتداء کریں گے نہ اُس کا ذبیحہ کھائیں گے اور نہ اُس پر سیاست کافرانہ جاری کریں گے۔ اگر تحقیق کی قدرت ہو اُس کے عقائد کی تفتیش کریں گے اور اُس تفتیش کے بعد جو ثابت ہو ویسے ہی احکام جاری کریں گے اور اگر تحقیق کی قدرت نہ ہو تو سکوت کریں گے اور اُس کا معاملہ اللہ تعالیٰ کے سپرد کریں گے اس کی نظیر وہ حکم ہے جو اہل کتاب کی مشتبہ روایات کے متعلق حدیث میں وارد ہے۔

”لَا تُصَدِّقُوْا اَهْلَ الْكِتَابِ وَلَا تُكَذِّبُوْهُمْ وَقُوْلُوْا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَا اُنْزِلَ اِلَيْنَا۔الايه“ (بخاری شریف)

”نہ اہل کتاب کی تصدیق کرو نہ تکذیب بلکہ یوں کہو کہ ہم اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے اور اُس وحی پر جو ہم پر نازل ہوئی“۔

دوسری فقہی نظیر احکام خنثیٰ کے ہیں؛

یوخذ فیہ بالاحوط والاوثق فی امورالدین وان لایحکم بثبوت

marfat.com

حکم وقع الشك فی ثبوته واذا وقف خلف الامام قام بین صف الرجال والنساء ویصلی بقناع ویجلس فی صلاته جلوس المرأة ویکره له فی حیاته لبس الحلی والحریروان یخلوابه غیر محرم من رجل اوامرأة اویسافر مع غیرمحرم من الرجال والاناث ولا یغسله رجل ولا امرأة ویتیمم بالصعید ویکفن کما یکفن الجاریة وامثاله مما فصله الفقهاء(۱۷شعبان،۱۵ھ)

خنثیٰ مشکل کے بارے میں امور دین میں وہ صورت اختیار کی جاوے جس میں احتیاط ہو اور کسی ایسی چیز کے ثبوت کا اُس پر حکم نہ کیا جاوے جس کے ثبوت میں شک ہو اور جب وہ امام کے پیچھے نماز کی صف میں کھڑا ہو تو مردوں اور عورتوں کی صف کے درمیان کھڑا ہو۔ اور عورتوں کی طرح دوپٹہ اوڑھ کر نماز پڑھے اور قعدہ میں اس طرح بیٹھے جیسے عورتیں بیٹھتی ہیں اور اُس کے لئے زیور اور ریشمی کپڑا، پہننا مکروہ ہے اور یہ بھی مکروہ ہے کہ کوئی مرد یا عورت غیر محرم اُس کے ساتھ خلوت میں بیٹھے یا ایسے مرد یا عورت کے ساتھ سفر کرے جو اس کا محرم نہ ہو اور مرنے کے بعد اُس کو نہ کوئی مرد غسل دے نہ عورت بلکہ تیمّم کرا دیا جائے اور کفن ایسا دیا جاوے جیسا لڑکیوں کو دیا جاتا ہے اور اسی طرح دوسرے احکام جن کو فقہاء نے مفصل لکھا ہے''۔

امداد الفتاویٰ کی یہی عبارت مفتی محمد شفیع کے مذکورہ رسالہ کے صفحہ 63 پر بھی بطور قند مکرر مذکور ہے جس میں مفتی صاحب نے اپنے پیر کے بتائے ہوئے اِس اُصول کی پیروی وتقلید کرنیکی ترغیب دیتے ہوئے پہلے سے بھی زیادہ ترغیبی کلمات لکھے ہیں۔ امداد الفتاویٰ

marfat.com

والے کا مسئلہ تکفیر کو احکام خُنثیٰ پر قیاس کرنا یا اہل کتاب کی تصدیق وتکذیب ہر دونوں سے سکوت اختیار کرنے کے اشباہ ونظائر کے زمرہ میں شمار نا فضا و ہوا کو زمین پر قیاس کرنے سے مختلف نہیں ہے کیونکہ تکفیر کا تعلق صرف اور صرف ضروریات دین کے ساتھ ہے جبکہ اِن دونوں میں سے ایک بھی ضرورت دینی نہیں ہے تو پھر قیاس کرنے کا کیا جواز اور اشباہ ونظائر کے قبیلہ سے قرار دینے کی کیا تک ہے جبکہ اشباہ ونظائر قرار دینے اور قیاس کرنے کے لئے وحدت نوعی ضروری ہے جو یہاں پر مفقود ہے۔ دُنیائے کتب بجائے خود عجائب خانہ ہے۔جس میں ہر قسم کی باتیں پڑھنے کو ملتی ہیں امداد الفتاویٰ والے کی اِس بات کو کہ ''نہ کفر کا حکم کیا جاوے نہ اسلام کا'' اہل علم کیلئے مخصوص عجائب گھر کے شوکیس میں فریم کئے جانے کے لائق قرار دیا جائے تو مبالغہ نہ ہوگا۔

اِس کے لکھنے والے نے اتنا بھی نہیں سوچا کہ ایمان اور کفر اپنے آپس مخصوص ضدین ہیں جو بیک وقت کسی شخص میں جمع بھی نہیں ہو سکتے اور رفع بھی نہیں ہو سکتے کہ دُنیا بھر کا کوئی شخص اِن دونوں سے خالی ہو سکے۔ جیسے اہل سنت کے نزدیک متفقہ ہے اور یہ بھی نہیں سوچا کہ تکفیر کیلئے سو فیصد یقین، صریح الدلالتہ اور نا قابل تاویل ہونا شرط ہے جس کے بغیر محض شک اور تردد کی بناء پر کسی کو بین الایمان والکفر معلق اور منزل بین المنزلتین قرار دے کر کسی کے ساتھ نکاح کرنے کو اُس پر ممنوع قرار دینے کا تصور اسلام میں نہیں ہے جبکہ اِس نا معقول اُصول میں اُس بے چارہ کو ممنوع النکاح کہہ کر انجانے میں مرتد قرار دیا جا رہا ہے کیونکہ ممنوع النکاح ہونے کا حکم صرف اور صرف مرتد کے ساتھ خاص ہے کہ اُس کا نکاح دُنیا بھر میں کسی کے ساتھ بھی جائز نہیں ہے۔ اور اتنا بھی نہیں سوچا کہ احتیاطوں کو جمع کرنے

marfat.com

کے اٹکل پچو کی بنیاد پر کسی کو ایمان سے نکال کر ممنوع النکاح، ممنوع الاقتداء اور ممنوع الذبیحہ قرار دینے کی گنجائش اسلام میں نہیں ہے کیونکہ تکفیر کا تعلق صرف اور صرف ضروریات دین کے ساتھ ہے جس میں فقہی اجتہاد اور جائز قیاس کی بھی مجال نہیں ہے چہ جائیکہ اِس قسم اٹکل پچو کی گنجائش ہو سکے۔

پھر یہ بھی ہے کہ جس اٹکل پچو کو تقاضائے احتیاط قرار دیا جا رہا ہے وہ عین بے احتیاطی ہے۔ کیونکہ احتیاط سلف صالحین کی تصریحات کے مطابق صرف اِسی میں ہے کہ کسی مشکوک کلام یا کسی متردد بین الایمان والکفر کردار کے حامل شخص کو ایمان سے نہ نکالا جائے، ممنوع النکاح، ممنوع الاقتداء، ممنوع الذبیحہ قرار نہ دیا جائے، معلق بین الایمان والکفر، منزل بین المنزلتین نہ ٹھہرایا جائے اور سو فیصد یقین، صریح الدلالۃ اور نا قابل تاویل جب تک نہ ہو تب تک اُس پر احکام ایمان ہی جاری کئے جائیں۔ جیسے اللہ کے حبیب ﷺ نے فرمایا؛ "اَلْاِسْلَامُ یَعْلُوْ"

"یعنی اسلام کفر پر غالب ہے کہ شک کی بناء پر کسی کو اسلام سے خارج نہیں کیا جا سکتا"

اور کل مکاتب فکر اہل اسلام علماء کرام و مفتیان عظام نے بیک آواز کہا ہے کہ؛

"کسی کے قول میں ۹۹ باتیں کفر کی ہوں صرف ایک کمزور سا احتمال کفر سے بچنے کیلئے موجود ہو۔ ایسے میں مفتی پر لازم ہے کہ اُس ایک کو کثیر پر ترجیح دے کر متعلقہ شخص کو کفر سے بچائے"۔

کل مکاتب فکر علماء اسلام کے اِس احتیاطی اُصول کی موجودگی میں امداد الفتاویٰ

marfat.com

کے مصنف کا احتیاط کے نام سے مذکورہ اُصول کا اختراع کرنا احتیاط ہرگز نہیں بلکہ عین بے احتیاطی ہے، بدعت فی الاصول اور بے اعتدالی ہے، جملہ اسلاف سے انحراف اور مزاج اسلام سے ایسی معکوس العملی ہے کہ معتزلہ بھی اِس کو قبول کرنے سے انکاری ہیں جبکہ مزعومہ احتیاط اور منزلہ بین المنزلتین ہونے میں امداد الفتاویٰ والے کا یہ اُصول عین اعتزال ہے اِس کے باوجود وہ اِس کے قبول کرنے سے انکاری اس لئے ہیں کہ اُن کے نزدیک گناہ کبیرہ کا مرتکب مسلمان ایمان سے نکل کر کفر میں داخل نہیں ہوتا۔ تو ایمان و کفر کے مابین واسطہ آ جاتا ہے جس کو وہ منزلہ بین المنزلتین کہتے ہیں جبکہ اِس گناہ کبیرہ کے ارتکاب کا کوئی مسئلہ ہی نہیں ہے بلکہ مشکوک الایمان والکفر قول کے قائل کو احتیاط کے نام پر معلق بین الایمان والکفر رکھا جا رہا ہے۔ جو منزلہ بین المنزلتین عند المعتزلہ اہل سنت عقیدہ سے برخلاف ہونے کے باوجود مرجوح احتمال کی اسلام میں گنجائش رکھتا ہے جبکہ فتاویٰ امدادیہ والے کے اِس نامعقول اُصول سے لازم آنے والے منزلہ بین المنزلتین کی گنجائش ہی اسلام میں نہیں ہے، اہل قبلہ میں اُس کا قائل ہی اِن کے سوا کوئی اور نہیں ہے ایسے میں اِس کی حیثیت بدعت فی الاصول ہونے کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ ایسے میں اِس کی حیثیت بدفی الاصول ہونے کے سوا کوئی اور کچھ نہیں ہے۔ جو دارالافتاء کے نوخیز اور ناپختہ مفتیوں کیلئے مثل سؤ اور التباس الحق بالباطل کا سبب ہے۔ اللہ ہی بہتر جانے اسے دیکھ کر دارالافتاؤں کے ناپختہ مفتیوں نے اور ناواقف حال اصحاب محراب و منبر حضرات نے اب تک کتنے مسلمانوں کو معلق بین الایمان والکفر بنا رکھا ہے، کتنوں کو ممنوع النکاح، ممنوع الاقتداء اور ممنوع الذبیحہ قرار دے کر التباس الحق بالباطل کیا ہوگا۔ سچ کہا گیا ہے؛

marfat.com

''مفتی کی ایک غلطی جہاں کی تباہی''

اِس سے بھی زیادہ قابل افسوس مفتی محمد شفیع مرحوم کا اُصول تکفیر کے حوالہ سے اِس کی تحسین کرنا ہے، اِس عجیبہء زمان بے احتیاطی ونا اَسْلَمی کو اَحوط واسلم کہہ کر اُس پر عمل کرنے کی ترغیب دینا ہے۔ الٰہیات کے حوالہ سے جب ہمارے دینی مدارس کے ساتھ تو وابستہ اکابر کی بے اعتدالیوں، بے احتیاطیوں اور معکوس عملیوں کا یہ عالَم ہے تو پھر اصاغر کا خدا ہی حافظ۔ سچ کہا گیا ہے؛

ہمیں اکابر وہمیں رہنما
عمل اصاغر معکوس شدہ

اکفار الملحدین سے لے کر مفتی محمد شفیع کی ''وصول الافکار الی اصول الاکفار'' تک اِس موضوع میں لکھی گئی مذکورہ تصنیفات سے ملنے والی افسردگیوں سے برعکس جن سینکڑوں تصنیفات سے اِس کتاب کی تدوین میں ہم نے رہنمائی لی اُن میں قرآن وسنت کے بعد حضرت ابن ہمام کی مسامرہ' امام احمد رضا خان کی تمہید ایمان اور فتاویٰ رضویہ' میر سید السند کی شرح مواقف' امام سعد الدین تفتازانی کی شرح عقائد وشرح مقاصد اور حافظ ابن تیمیہ کی فتاویٰ کبریٰ اور کتاب الایمان، مکتوبات امام ربانی مجدد الف ثانی سرفہرست ہیں۔ ہم اللہ تعالیٰ کی رحمت سے اُمید کرتے ہیں کہ ہماری یہ کاوش جملہ مکاتب فکر اہل اسلام کیلئے بالعموم اور دارالافتاء کے ذمہ داروں کیلئے بالخصوص اُصول تکفیر کے طور پر کامل رہنما ثابت ہوگی۔ (انشاء اللہ تعالیٰ)

marfat.com

## ﴿معاصر علماء کرام سے گزارش﴾

خصوصیت مسلک سے قطع نظر جملہ مکاتب فکر معاصر علماء کرام سے ہماری گزارش ہے کہ باریک سے باریک نظر سے اِس کے مندرجات کو دیکھا جائے بشری کمزوریوں کی وجہ سے اگر کوئی سُقم رہ گیا ہوتو دلیل کے ساتھ ہمیں آگاہ کیا جائے تاکہ سو سال بعد ظاہر کی جانے والی کمزوریوں کی اصلاح ابھی سے ممکن ہوسکے۔ علماء کرام سے یہ گزارش اِس لئے کی جاتی ہے تکفیر کا مسئلہ کسی ایک فقہ یا کسی ایک مسلک کا مسئلہ نہیں ہے بلکہ سب کا مشترکہ مسئلہ ہونے کی بنا پر سب پر لازم ہے کہ اِس کو منقح و مصفی کر کے آئندہ نسلوں کو منتقل کیا جائے جس کے بعد بے جا تکفیر مسلم کی غلطی کا انسداد ہونے کے ساتھ بالیقین مرتد قرار پانے والے کسی مجرم اسلام کو داخل اسلام قرار دینے کے کفر سے بھی بچایا جاسکے۔

اِس کے علاوہ یہ بھی ہے کہ اِس کتاب میں اول سے آخر تک میرے مخاطب علماء کرام ہی ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ ورثۃ الانبیاء کا یہ طبقہ اگر سمجھ جائے تو باقی دُنیا کو سمجھانا آسان ہے، علماء کرام میرے مخاطب ہونے کی بنا پر اُن ہی کی زبان میں اور اُنہی کی آسانی کیلئے اِس پوری تحریر میں ہم نے ہر متعلقہ فن کے اصطلاحی الفاظ استعمال کئے ہیں جن کو سمجھنا اُن فنون کے ساتھ مناسبت رکھنے والے حضرات کے لئے ہی ممکن ہے۔ مثال کے طور پر لزُوم کفر کے مقابلہ میں التزام کفر کی فہرست میں جن چودہ قسموں کو بالتفصیل مثالوں کے ساتھ بیان کیا ہے۔ اُن میں ''**وجود احد الضدین دلیل عدم الآخر**'' کہا ہے۔ جو بجائے خود بدیہی بلکہ بدیہی اوّلی ہونے کے باوجود منطق نا آشنا حضرات کیلئے سہل الفہم

marfat.com

نہیں ہے اسی طرح التزام کفر کی آخری دس قسموں میں ''انتفاء اللازم دلیل انتفاء الملزوم'' کہا ہے جو اپنی جگہ بدیہی ہونے کے باوجود علم کلام اور منطق ومعقول سے بے خبر حضرات کیلئے سہل الفہم نہیں ہے۔ایسے میں اِس پوری کتاب کو ممنوع عن غیر اہلہ کہا جائے تو بے محل نہ ہوگا۔

**وما توفیقی الا باللہ علیہ توکلت والیہ انیب۔**

**یلوح الخط فی القرطاس دھراً وکاتبہ رمیم فی التراب**

**وصلی اللہ علی سیدنا وسید الاولین والآخرین رحمۃ للعٰلمین**

**ھذا ختام ما قدمتہ وجعلتہ تبصرۃ لفھم الکتاب**

وانا العبد الضعیف

پیر محمد چشتی 19/09/2008

☆☆☆☆☆☆

marfat.com

# ☆سوال نامہ☆

6/7 سالوں سے چند مسائل میراث کے بارے میں علماء چترال، دارالعلوم کراچی، دارالعلوم سرحد پشاور، دارالعلوم اشرفیہ (مسجد مہابت خان) پشاور کے ساتھ رابطہ رکھا۔ مگر کوئی بھی زبان اور قلم کو حرکت دینے پر تیار نہیں۔ اصل مسئلہ یہ ہے جو پریشان کن اور تشویشناک بھی ہے کہ؛

1:۔ جو فرد میراث سے عورتوں کو محروم رکھتا ہے وہ ظالم، غاصب اور حرام خور ہے کہ نہیں؟

2:۔ جو فرد اس حرام مال کو بسم اللہ کر کے کھاتا ہے (صرف حرام خور نہیں) وہ کافر ہے کہ نہیں؟

3:۔ جو اس بسم اللہ کر کے حرام خور کو کافر نہ کہے یا اس کے کفر میں شک کرے وہ کافر ہے کہ نہیں؟

4:۔ جو سنت رسول ﷺ (داڑھی) کو پسند نہ کرے۔ اگر پسند کرتا تو روز و شب اس کو نیست و نابود کرنے میں اپنا وقت اور مال ضائع نہ کرتا یا حد شرعی ایک قبضہ سے کم داڑھی رکھے اور اس کو بھی سنت رسول ﷺ قرار دے وہ کافر ہے کہ نہیں؟

5:۔ جو ان موجبات کفر کے مرتکب شخص کو کافر نہ کہے وہ کافر ہے کہ نہیں؟

6:۔ جو حرام مال سے صدقہ بہ نیت ثواب کرے وہ کافر ہے کہ نہیں؟ جبکہ شرعی حکم اس

marfat.com

بارے میں یہ ہیں؛

(۱) ''اگر مردی بسم اللہ گفتہ شراب خورد یا زنا کرد کافر شود، ہم چنین اگر بسم اللہ گفتہ حرام خورد'' (فتاویٰ عالمگیری بحوالہ مالا بدمنہ' صفحہ 156)

(۲) ''اگر مردی صدقہ کرد از مال حرام بہ امیدواری ثواب کافر شود''

(مالا بدمنہ' صفحہ 154)

(۳) ''اگر کوئی شخص حرام مال کسی فقیر کو ثواب کی نیت سے دے اور ثواب کی نیت رکھے تو وہ کافر ہو جاتا ہے''۔ (مظاہر حق جدید' جلد 3' صفحہ 522)

(۴) ''تمام اہل سنت والجماعت کا متفقہ عقیدہ ہے کہ جس نے کسی سنت کا انکار کیا یا اس کی تحقیر کی تو وہ کافر ہے''۔ (مظاہر حق جدید' جلد 1' صفحہ 436)

(۵) ''ہر کہ پسند نہ کند یکی سنت را از سنن مرسلین بدرستی کہ آن کس کافر است''

(مالا بدمنہ' صفحہ 148)

(۶) ''اہانت حکم شرعی کی کفر ہے'' (امداد الفتاویٰ' جلد 1' صفحہ 550)

حکمِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہے؛ ''خُذُوْا شَوَارِبَکُمْ وَاعْفُوْا لُحَاکِمَ''

حکمِ خداوندی ہے؛

''مَآ اٰتٰکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰکُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا''

دین کے ساتھ قصداً استہزاء خواہ بداعتقادی سے ہو یا بدون بداعتقادی کے ہو کفر ہے۔ اور ''اِسْتِهْزَاءً بِاللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ وَرَسُوْلِهٖ'' باہم تینوں متلازم ہیں۔ (اشرف علی تھانوی)

(۷) اسی طرح درمختار باب المرتدین میں اس شخص کے متعلق جس نے کسی نبی کی توہین کی

marfat.com

ہو تصریح کرتے ہیں؛ ''اور جو شخص اس کے کفر اور معذب ہونے میں شک کرے وہ بھی کافر ہے''۔ (جواہر الفقہ' جلد 1 'صفحہ 58 'مفتی محمد شفیع)

(۸) اور ایسے ہی ہم اس شخص کے کفر کا یقین رکھتے ہیں جو کوئی ایسا قول اختیار کرے جس سے تمام امت مرحومہ اور تمام صحابہ کرامؓ کی تکفیر لازم آتی ہو''۔ (جواہر الفقہ' جلد 1 'صفحہ 57)

(۹) موجبات کفر کے ہوتے ہوئے بعض کا دعوئے اسلام' صلوٰۃ وصیام اور استقبال بیت الحرام ترتیب احکام اسلام کیلئے کافی نہیں جب تک ان موجبات سے تائب نہ ہو''

(جواہر الفقہ' جلد 1 'صفحہ 69)

(۱۰) اس میں کسی کا اختلاف نہیں کہ اہلِ قبلہ میں سے اس شخص کو کافر کہا جائے گا جو اگرچہ تمام عمر اطاعات وعبادات میں گزارے مگر عالم کے قدیم ہونے کا اعتقاد رکھے یا قیامت و حشر کا یا اللہ تعالیٰ کے عالم جزئیات ہونے کا انکار کرے۔ اسی طرح جس سے موجبات کفر صادر ہوں'' (جواہر الفقہ' جلد 1 'صفحہ 33)

(۱۱) ''پس جب کسی کافر کو جس کا کفر کھلا ہوا اور صاف ہو نہ صرف مسلمان کہنا بلکہ اس کے کفر میں شک کرنا بھی کفر ہے'' (جواہر الفقہ' جلد 1 'صفحہ 57)

(۱۲) اہل سنت کے نزدیک اہل قبلہ کی تکفیر نہ کرنے سے مراد یہی ہے کہ ان میں کسی شخص کو اس وقت تک کافر نہ کہیں جب تک اس سے کوئی ایسی چیز سرزد نہ ہو جو علامات یا موجبات کفر میں سے ہے'' (جواہر الفقہ' جلد 1 'صفحہ 33)

(۱۳) خطرناک اور تشویشناک بات یہ ہے کہ ایک آدمی نہ حرام خور ہے نہ شراب خور مگر ایک بسم اللہ کر کے حرام خور کو کافر نہ کہتا ہے تو وہ خود کافر ہوتا ہے۔ ''جو منکر ضروریات دین کو

marfat.com

معظم دینی جانے یا کافر نہ کہے خود کافر ہے"

(نظام شریعت از امام اہل سنت مولانا سید غلام جیلانی میرٹھی، صفحہ 182)

ازروئے شریعت ان "بِسْمِ اللّٰہِ" کر کے حرام کھانے والوں کی حیثیت کیا ہے؟ جو کہ خود کو اہل سنت والجماعت کہتے اور کہلواتے ہیں؟ اور جو اُن کو ایسا ہی سمجھے اس کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ اندرین بارہ شرعی احکام سے مشکور فرمادیں۔

شکریہ

والسلام قاضی عبدالرؤف D.S.P(R)

معرفت فراز میڈیکل سٹور ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال روز ضلع چترال

☆☆☆☆☆☆

marfat.com

# جواب نامہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اس سوال نامہ کو دیکھنے سے محسوس ہو رہا ہے کہ اس کے مرتب کو صرف اس وجہ سے تشویش والجھن کا سامنا ہو رہا ہے کہ اسے التزام کفر اور لزوم کفر کا فرق معلوم نہیں ہے، حقیقی کفر اور فقہی کفر میں تمیز نہیں ہے ورنہ نظام شریعت' مظاہر حق فتاویٰ درمختار کے مذکورہ فی السوال حوالہ جات جو خالصتاً التزام کفر کے خواص واحکام سے متعلق ہیں کو لزوم کفر کا حکم سمجھ کر اپنے لئے ذہنی الجھن نہ بناتے۔ نیز یہ کہ سائل ہٰذا نے حلال کے ساتھ مخلوط حرام کو شرعی حرام ٹھہرانے کی غلطی کر کے بناء الغلط علی الغلط کا ارتکاب کیا ہے۔ ورنہ مذکور فی السوال حرام کو شراب وزنا جیسے قطعی ویقینی اور خالص محرمات پر قیاس کر کے ان جیسے احکام اس پر چسپاں نہ کرتے سائل ہٰذا کی مذکورہ فی السوال مسئلہ کے حوالہ سے چھ سات سالوں پر محیط تشویش والجھن کی اصل بنیاد ونکتہ آغاز یہی دو غلطیاں ہیں جس کے نتیجہ میں بناء الغلط علی الغلط کے طور پر مذکور فی السوال حوالہ جات کے مندرجات اور ان کے مواقع کو یکساں سمجھا جو سراسر غلط ہے۔

فقہ کی درجنوں کتابوں میں لکھے ہوئے اس قسم فتویٰ ہائے کفر کو دیکھ کر نہ صرف سائل ہٰذا کو مغالطہ ہو رہا ہے بلکہ ہزاروں نیم خواندہ علماء بھی اس اشتباہ میں مبتلا ہیں۔ بالخصوص موجودہ دور کے ہمارے مدارس ہائے اسلامیہ سے فارغ التحصیل ہونے والوں کی

marfat.com

غالب اکثریت ایسے ہی جزئیات کو دیکھ کر بات بات پر اٹھتے بیٹھتے کفر کی مشین چلاتی نظر آ رہی ہے۔ جس پر جتنا افسوس کیا جائے کم ہے۔

پیش نظر سوالنامہ میں جس حرام پر بسم اللہ پڑھ کر کھانے والوں کو کافر قرار دیکر ان پر ''مَنْ شَكَّ فِيْ كُفْرِهٖ وَعَذَابِهٖ فَقَدْ كَفَرَ'' جیسے فقہی احکام جاری کرنے کی کوشش کی گئی ہے مذکورہ حوالہ جات سے ایسا کفر ہرگز ثابت نہیں ہو رہا کیونکہ ''مَنْ شَكَّ فِيْ كُفْرِهٖ وَعَذَابِهٖ فَقَدْ كَفَرَ'' جیسے احکام صرف اس کفر کے خواص ہیں جو التزامی ہو۔ جبکہ مذکورہ حوالہ جات ماسوا نظام شریعت اور فتاویٰ درالمختار و مظاہر حق کے باقی سب کے سب لزومی کفر سے متعلق ہیں اور اہل بصیرت جانتے ہیں کہ کفر التزامی و کفر لزومی کے مابین زمین و آسمان کا فرق ہے۔ جس کی مکمل تفصیل آگے چل کر ہم پیش کریں گے۔ (انشاء اللہ تعالیٰ)

اس کے علاوہ یہ بھی ہے کہ عورتوں کو ان کی جائز میراث سے محروم کر کے ان کے حاصلات سے تیار ہونے والے طعام پر بسم اللہ پڑھ کر کھانے والوں پر کفر لزومی بھی صرف اس وقت لاگو ہو سکتا ہے جبکہ اس کے ساتھ حلال کی آمیزش نہ ہو ورنہ کسی حلال کا اس میں شامل ہونے کی صورت میں فقہاء اسلام اس طعام کو حرام نہیں بلکہ حلال ہی قرار دیتے ہیں۔ جیسے فتاویٰ عالمگیری، جلد 5، صفحہ 342، کتاب الکراہتہ میں حلال و حرام خوراکوں کے حلال یا حرام یا مکروہ ہونے سے متعلق تفصیلی گفتگو کرنے کے بعد حضرت امام محمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا فتویٰ نقل کرتے ہوئے لکھا ہے:

''بِهٖ نَاْخُذُ مَا لَمْ نَعْرِفْ شَيْئاً حَرَاماً بِعَيْنِهٖ وَهُوَ قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَصْحَابِهٖ''

marfat.com

ترجمہ:۔ جب تک کسی چیز کے خالص حرام ہونے کا ہمیں یقین نہ ہو جائے اس وقت تک ہم اسے حلال ہی سمجھیں گے۔ یہی امام ابوحنیفہ اور ان کے ساتھیوں کا مذہب ہے۔

یہ الگ مسئلہ ہے کہ علماء کرام اور روحانی شخصیات کو ایسے ظالم و غاصب کے ہاں کھانا نہیں کھانا چاہئے ورنہ ان حضرات کی بے قدری اور اس ظالم کی حوصلہ افزائی ہونے کا اندیشہ ہے جو بجائے خود گناہ ہے۔ جیسے فتاویٰ عالمگیری میں فتاویٰ الملتقط کے حوالہ سے موجود ہے:

''عَنِ الْمُلْتَقَطِ یُکْرَہُ لِلْمَشْھُوْرِ الْمُقْتَدٰی بِہٖ الْاِخْتِلَاطُ اِلٰی رَجُلٍ مِنْ اَھْلِ الْبَاطِلِ وَالشَّرِ اِلَّا بِقَدْرِ الضَّرُوْرَۃِ لِاَنَّہٗ یُعْظِمُ اَمْرَہٗ بَیْنَ اَیْدِی النَّاسِ''

ترجمہ:۔ فتاویٰ الملتقط سے نقل کیا جاتا ہے کہ کسی مشہور روحانی پیشوا کیلئے اہل باطل کے ہاں ضرورت کے بغیر آمدورفت رکھنا مکروہ ہے کیونکہ اس کی وجہ سے لوگوں کے سامنے اس ظالم کا حوصلہ بڑھے گا۔ (فتاویٰ عالمگیری' جلد 5' صفحہ 346)

لیکن خواص کیلئے تقاضا احتیاط ہونا اور چیز ہے اور کسی طعام کا حق غیر' غصب' رشوت، مال ربویٰ، حرام کاری کی اجرت اور مال سرقہ جیسے کسی بھی واقعی حرام کا حصہ ہونے کی بناء پر حرام نہ ہونا اور چیز ہے۔ جب اس کا خالص حرام ہونا یقینی نہیں ہے تو پھر بسم اللہ پڑھ کر اسے کھانے والے کو بھی حرام خور کہنا از روئے شرع درست نہیں ہے چہ جائیکہ التزام کفر کا مورد ٹھہرانا جائز ہو سکے۔ جب اس پر لزوم کفر بھی نہیں ہے تو پھر التزام کفر کے احکام کو

marfat.com

اس پر لاگو سمجھنا انصاف کے منافی ہونے کے ساتھ ساتھ بجائے خود ظلم ہے۔ کیونکہ جس شخص کے قول و فعل سے لزوم کفر ثابت ہو رہا ہو اس پر بھی التزام کفر کے احکام جاری کرنا جائز نہیں ہے۔ چہ جائیکہ حرام کی آمیزش والے طعام کو بسم اللہ پڑھ کر کھانے والوں پر ایسے احکام لاگو کرنے کا تصور اسلام میں ہو سکے۔ بلکہ التزام کفر اور لزوم کفر کی حقیقتیں ایک دوسرے جدا جدا ہونے کی طرح ہی ان کے احکام بھی ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔

1:۔۔۔ من جملہ ان میں سے یہ کہ التزام کفر کرنے والے شخص کو کافر کہنا اس کے کفر کا فتویٰ دینا اور اس کے ساتھ غیر مسلموں والا معاملہ کرنے کے واجب ہونے پر تمام اہل اسلام کا اتفاق و اجماع ہے۔ جس میں قطعاً کوئی اختلاف نہیں ہے۔ بخلاف لزوم کفر کے کہ ان احکام کو اس پر لاگو کرنے کا قول چند علماء احناف کے سوا کسی اور نے نہیں کیا۔

2:۔۔۔ یہ کہ التزام کفر کرنے والے کے کفر و عذاب میں شک و توقف کرنے والا بھی کافر ہو جاتا ہے۔ بخلاف لزوم کفر کے کہ اس کے مرتکب کو کافر نہ جاننے یا اس کے کفر میں شک کرنے الوں پر کسی قسم کی ملامتی و گناہ بھی نہیں ہے چہ جائیکہ کفر جیسی لعنت اُن کی طرف منسوب کرنا جائز ہو سکے۔

3:۔۔۔ یہ کہ خود کو مسلمان کہلاتے ہوئے التزام کفر کرنے والا شخص بالیقین مرتد ہو جاتا ہے جس کے لئے اصلی کافر پر لاگو ہونے والے احکام کے علاوہ کچھ اور شدید احکام بھی مقرر ہیں۔ من جملہ ان میں سے واجب القتل ہونا اور حرمت غسل و حرمت تکفین بھی ہیں جبکہ اصلی کافر کے مسلم عزیز و اقرباء اس کی فوتگی کی صورت میں اس کیلئے قبر کھودنے، غسل دینے، کفن پہنانے، اور چارپائی پر ڈال کر لے جا کر قبر میں اتارنے جیسے احکام کے شرعاً پابند

marfat.com

ہیں۔لزوم کفر کے موجب کسی قول وعمل کے مرتکب سے متعلق مرتد ہونے یا مرتد کے احکام کے حامل ہونے کا تصور بھی اسلام میں نہیں ہے۔

4:۔۔۔ یہ کہ التزام کفر کرنے والے کو غیر مسلم کہنے کا جو شرعی اور قطعی حکم ہے وہ از قبیلہ ضروریات دینیہ ہے کہ اس پر دلیل طلب کرنے کی ضرورت ہی نہیں ہے۔جبکہ لزوم کے مرتکب کو غیر مسلم کہنا محض چند علماء احناف کا مرجوح قول اور ظنی ہونے کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ چہ جائیکہ ضروریات دینیہ کے قبیلہ سے ہو۔

ان حقائق کی روشنی میں حرام کی آمیزش والی خوراک پر بسم اللہ پڑھنے والوں کو اسلام سے نکالنے کا قطعاً کوئی تصور اسلام میں نہیں ہوسکتا۔ چہ جائیکہ ''مَنْ شَكَّ فِي كُفْرِهِ وَعَذَابِهِ فَقَدْ كَفَرَ'' جیسے احکام ان پر چسپاں کرنا جائز ہوسکے۔ ہاں صرف ایک صورت میں ان پر صرف لزوم کفر کا قول بعض علماء احناف کے مرجوح قول کے مطابق کیا جا سکتا ہے وہ یہ ہے کہ جس خوراک پر بسم اللہ پڑھ کر کھایا جارہا ہے وہ خالص حرام ہو یعنی حلال کی اُس میں آمیزش تک نہ ہو اور کھانے والے کو اس کے خالص حرام ہونے پر یقین ہونے کے باوجود ارادتاً بسم اللہ پڑھ کر اسے کھارہا ہو جبکہ اس کا بسم اللہ کے محل نہ ہونے کا بھی اسے علم ہو تو اس صورت میں لزوم کفر یقینی امر ہے کیونکہ اس کے مستلزم کفر ہونے پر اس طرح فقہی استدلال کیا جاسکتا ہے کہ؛

مدعا و فقہی مسئلہ:۔ بسم اللہ پڑھ کر خالص حرام کو کھانا اسم اللہ کی توہین ہے جو کفر ہے۔

صغریٰ:۔ کیونکہ یہ جان بوجھ کر اسم اللہ کو بے محل استعمال کرنا ہے۔

کبریٰ:۔ جان بوجھ کر اسم اللہ کو بے محل استعمال کرنے کی ہر صورت اسم اللہ کی توہین و کفر

marfat.com

ہے۔

حاصل نتیجہ:۔ لہٰذا جان بوجھ کر بسم اللہ پڑھ کر خالص حرام کھانا بھی اسم اللہ کی توہین ہے۔

پیش نظر سوال نامہ میں مالا بدمنہ اور عالمگیری کے حوالہ سے جس حرام پر بسم اللہ پڑھنے والے کو کافر کہا گیا ہے اس سے بھی یہی خالص حرام مراد ہے۔ جیسے فتاویٰ عالمگیری سے معلوم ہو رہا ہے نیز یہ کہ ان کتابوں میں اس مسئلہ کو بسم اللہ پڑھ کر شراب پینے اور زنا کرنے والے کے حکم میں ذکر کیا گیا ہے تو ظاہر ہے کہ زنا کاری اور شراب خوری خالص حرام ہیں جس میں حلال کی آمیزش نہیں ہے اور اس کے حرام ہونے میں شک کی بھی گنجائش نہیں ہے لہٰذا زنا کاری و شراب نوشی جیسے قطعی و یقینی حرامِ خالص کو جان بوجھ کر بسم اللہ پڑھ کر کھانے والے پر بھی اسی انداز استدلال سے کفر لازم آتا ہے۔ جس طرح خالص حرام پر بسم اللہ کرنے کے حوالہ سے ابھی ہم بیان کر چکے ہیں اور حرام مال صدقہ کر کے اس پر ثواب کی امید کرنے والے پر مالا بدمنہ کے حوالہ سے جو حکم کفر لگایا گیا ہے اس کا بھی یہی حال ہے کہ خالص حرام ہونے پر یقین ہونے کے باوجود اسے اٹھا کر صدقہ کر کے امیدوارِ ثواب ہو جاتا ہے۔ اس میں لزُومِ کفر پر استدلال اس طرح ہے۔

مدعا و شرعی حکم:۔ جانتے ہوئے خالص حرام کو صدقہ کر کے امیدوار ثواب ہونا ضرورت دینی کی تکذیب ہے جو کفر ہے۔

صغریٰ:۔ کیونکہ یہ جان بوجھ کر حلال و حرام میں عدم تمیز کرنا ہے۔

کبریٰ:۔ جان بوجھ کر حلال و حرام میں عدم تمیز کرنے کی ہر شکل ضرورت دینی کی تکذیب ہے، جو کفر ہے۔

marfat.com

نتیجہ:۔ لہٰذا جان بوجھ کر خالص حرام کو صدقہ کر کے اس پر امیدوارِ ثواب ہونا بھی ضرورت دینی کی تکذیب و کُفر ہے۔

اس سے یہ واضح ہوا کہ جن علمائے احناف نے لزوم کفر کی صورتوں میں حُکمِ کفر کیا ہے انہوں نے واسطہ فی الاثبات کالحاظ کئے بغیر انجام کار کو دیکھا ہے۔مثال کے طور پر شراب نوشی یا زنا کاری یا خالص حرام خوری کرنے پر جان بوجھ کر بسم اللہ پڑھنے کو اسم اللہ کی توہین کو مستلزم ثابت کرنے کیلئے حلال و حرام میں عدم تمیز کو جو واسطہ بنایا گیا ہے یہ حضرات اس کالحاظ نہیں کرتے بلکہ صرف اور صرف انجام کو دیکھ کر ایسے لوگوں کے کافر ہونے کا فتویٰ دیتے ہیں جبکہ کل متکلمین اسلام و جمہور فقہاء دین اس واسطے کو پیش نظر رکھتے ہوئے ایسے لوگوں کی تکفیر کرنے میں احتیاط کرتے ہیں اور بالواسطہ کے بجائے بلاواسطہ کسی ضرورت دینی سے صریح انکار یا تکذیب وغیرہ کو معیار قرار دیتے ہیں۔مثال کے طور پر شراب نوشی، زنا کاری، حرام خوری جیسے کسی بھی عمل سے متعلق حرام ہونے کے شرعی حکم سے آگاہی کے باوجود اس کو حرام تسلیم کرنے سے انکار کو یا اس کی تکذیب کو بحیثیت شرعی حکم اس پر استہزاء کرنے کو، اس کی توہین کرنے کو یا ان میں سے کسی کی یقینی علامت کے ارتکاب کرنے کو کفر کہتے ہیں اور یہی التزام کفر ہے۔

☆☆☆☆☆

marfat.com

# اِلتزامِ کُفر اور لُزُومِ کُفر کی تعریفوں کا بیان

ہمارے اس بیان سے التزام کفر اور لزوم کفر کے مابین فرق کا بھی پتہ چل گیا کہ التزام کفر میں بلا واسطہ کسی ضرورت دینی سے انکار یا تکذیب یا توہین یا استہزاء یا اِن میں سے کسی ایک کی یقینی علامت کا ارتکاب ہوتا ہے جبکہ لزوم کفر میں یہ سب کچھ بالواسطہ ہوتا ہے۔ اس واسطہ سے مراد وہی واسطہ ہے جس کو فلسفہ و منطق میں واسطہ فی الاثبات اور حد اوسط کہتے ہیں۔ تاہم ان دونوں کی مکمل تعریف اور علی وجہ البصیرت فرق کو تفصیلی طور پر جاننے کیلئے بطور تمہید مندرجہ ذیل باتوں کو سمجھنا ضروری ہے۔

1:۔ یہ کہ متکلمین اسلام اور فقہاء کرام کی اصطلاح میں اہل قبلہ صرف ان ہی لوگوں کو کہا جاتا ہے جو "الف سے لے کر یا" تک تمام ضروریات دینیہ کو بطورِ نظام مصطفیٰ ﷺ تسلیم کرے۔ جو ایمان مجمل یعنی "اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ كَمَا هُوَ بِاَسْمَآئِهٖ وَصِفَاتِهٖ وَ قَبِلْتُ جَمِيْعَ اَحْكَامِهٖ اِقْرَارٌ بِاللِّسَانِ وَتَصْدِيْقٌ بِالْقَلْبِ" کا حاصل مقصد ہے تمام متکلمین اسلام و جمہور فقہاء عظام کی زبان میں بیک آواز اہل قبلہ سے یہی کچھ مراد ہے۔ اسی چیز کو دوسرے لفظوں میں اہل ایمان بھی کہتے ہیں۔ اہل قبلہ کے اِس اصطلاحی و شرعی معنی میں جملہ متکلمین اسلام و فقہاء کرام کے ساتھ مفسرین و محدثین اور صوفیاء کرام بھی متفق ہیں۔ جس کے نتیجہ میں اسلامی کتابوں میں جہاں پر بھی اہل قبلہ کا لفظ بولا جاتا ہے اس سے مراد

marfat.com

صرف یہی مفہوم مراد ہوتا ہے۔ جیسے شرح فقہ اکبر میں ہے؛

''اَلْمُرَادُ بِاَھْلِ الْقِبْلَۃِ الَّذِیْنَ اِتَّفَقُوْا عَلٰی مَاھُوَ مِنْ ضَرُوْرِیَاتِ الدِّیْنِ''

ترجمہ:۔ اہل قبلہ سے مراد وہ لوگ ہیں جو تمام ضروریات دین کو تسلیم کرنے پر متفق ہیں۔

شرح عقائد کی شرح نبراس میں ہے؛

''مَعْنَاہُ اللُّغَوِیُّ مَنْ یُصَلِّیْ اِلَی الْکَعْبَۃِ اَوْیَعْتَقِدُھَا قِبْلَۃً وَفِیْ اِصْطِلَاحِ الْمُتَکَلِّمِیْنَ مَنْ یُّصَدِّقُ بِضَرُوْرِیَّاتِ الدِّیْنِ''

ترجمہ:۔ اہل قبلہ کے لغت میں دو معنی ہیں ایک قبلہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے والا اور دوسرا کعبہ کو قبلہ سمجھنے والا جبکہ متکلمین اسلام کی اصطلاح میں اس سے مراد صرف وہی لوگ ہیں جو تمام ضروریات دین کی تصدیق کرتے ہیں۔

2:۔ یہ کہ ضروریات دین متکلمین اسلام اور فقہاء کرام کی متفقہ اصطلاح کے مطابق اُن مسائل واحکام کو کہا جاتا ہے جن کا نظام مصطفیٰ ﷺ کا حصہ ہونا اہل علم کے خواص وعوام کی نگاہ میں مسلمہ، غیر متنازعہ اور قطعی ویقینی طور پر مشہور ومعروف اور متواتر ہو۔ چاہے اوامر سے متعلق ہو یا نواہی سے یعنی مطلوب الفعل ہو یا مطلوب الترک۔

نیز یہ کہ فرائض کے قبیلہ سے ہو یا واجبات ومستحبات یا مباح کے قبیلہ سے، محرمات کے قبیلہ سے ہو یا اسائت ومکروہات کے قبیلہ سے یعنی نظام مصطفیٰ ﷺ کا حصہ ہونے میں محتاج دلیل نہ ہونے کی حد تک مسلمہ ومشہور اور غیر متنازعہ ہونے کے بعد اپنے

marfat.com

دلائل اور اصل ثبوت کے اعتبار سے قطعی ہونے پر موقوف نہیں ہے۔ جیسے شرح مقاصد میں ہے؛

''اَیْ فِیْمَا اشْتَهَرَ کَوْنُهٗ مِنَ الدِّیْنِ بِحَیْثُ یَعْلَمُهُ الْعَامَّةُ مِنْ غَیْرِ افْتِقَارٍ اِلٰی نَظَرٍ وَاسْتِدْلَالٍ''

ترجمہ:۔ یعنی ضرورت دینی سے مراد وہ احکام ہیں جن کا دین اسلام کا حصہ ہونا اس حد تک مشہور ہو کہ عوام وخواص کسی نظر واستدلال کے محتاج ہوئے بغیر اسے سمجھتے ہوں۔

اسی طرح نبراس میں ہے؛

''اَیِ الْاُمُوْرُ الَّتِیْ عُلِمَ ثُبُوْتُهَا فِی الشَّرْعِ وَاشْتَهَرَ''

ترجمہ:۔ ضرورت دینی سے مراد وہ احکام ہیں جن کا ثبوت فی الشرع نظام مصطفیٰ ﷺ کا حصہ ہونے کے طور پر مشہور ہو۔ (نبراس' صفحہ 572)

شرح شفاء ملا علی القاری میں ہے؛

''مِمَّا عُلِمَ مِنَ الدِّیْنِ بِالضَّرُوْرَةِ عَنِ الْخَاصِ وَالْعَامِ''

ترجمہ:۔ ضرورت دینی سے مراد وہ احکام ہیں جن کا حصہ دین ہونا ہر خاص وعام کو معلوم ہو اور اس پر دلیل دینے کی ضرورت پیش نہ آئے۔

(شرح شفاء ملا علی القاری' جلد 2' صفحہ 522)

ضروریات دین کا خواص وعوام کے نزدیک مسلمہ' غیر متنازعہ اور بداہت کی حد تک حصہ دین مشہور ہونے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ مذہبی اقدار سے لاتعلق عوام بھی انہیں

marfat.com

سمجھتے ہوں، نہیں ایسا ہرگز نہیں ہے بلکہ اسلاف کی کتابوں میں موجود اس خواص وعوام سے مراد بالترتیب علماء دین اور ان کی صحبت پانے والے عوام ہیں۔ جیسے المستند المعتمد میں لکھا ہوا ہے؛

''وَمَا يُقَالُ لِبَعْضِهَا اِنَّهَا مِنْ ضَرُوْرِيَاتِ الدِّيْنِ فَمَعْنَاهُ اَنَّهُ اشْتَرَكَ فِيْ مَعْرِفَةِ اِضَافَتِهٖ اِلَى الدِّيْنِ خَوَاصُ اَهْلِ الدِّيْنِ وَعَوَامُهُمْ مَعَ عَدَمِ قَبُوْلِ التَّشْكِيْكِ''

ترجمہ:۔ بعض احکام کو جو ضروریات الدین کہا جاتا ہے اسکا مطلب یہ ہے کہ دین کے حصہ کے طور پر انکی اضافت الی الدین کو جاننے میں اہل دین کے خواص اور ان کے ساتھ مربوط عوام کسی شک وتردد کے بغیر شریک ہو۔ (المستند المعتمد، صفحہ 16)

3:۔ یہ کہ ضرورت بمعنی بداہۃ جو علم کی صفت ہے اور علم استدلالی کے مقابلہ میں استعمال ہوتی ہے ہر وقت اور ہر شخص کیلئے یکساں نہیں ہوتی بلکہ انسانوں کی قوت فہم اور ماحول و حالات کے مختلف ہونے کی بنیاد پر اس میں بھی اختلاف ہوسکتا ہے۔ جس کے مطابق ایک حکم کا علم ایک شخص کے نزدیک بدیہی اور غیر محتاج دلیل ہوسکتا ہے۔ جبکہ دوسرے شخص کو نامساعد ماحول یا ذہنی کمزوری کی وجہ سے استدلال کی کلفت اٹھائے بغیر اس کا علم نہیں آ سکتا۔ جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا؛

''اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّنِفَاقًا وَّاَجْدَرُ اَلَّا يَعْلَمُوْا حُدُوْدَ مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ'' (سورۃ التوبہ، آیت نمبر 97)

اسی بنیاد پر تکفیر کیلئے مقررہ اسلامی اصول میں یہ بات بھی ضروری ہے کہ اسلامی

marfat.com

ماحول اور اہل علم کی صحبت سے محروم کوئی شخص اگر کسی ضرورت دینی سے اس کو نا سمجھنے' بے خبری یا غفلت کی وجہ سے انکار کرے تو ایسی صورت میں اس کی تکفیر جائز نہیں ہے۔ کیونکہ اس کا یہ انکار بظاہر کفر لگنے کے باوجود حقیقت میں ضرورت دینی سے انکار نہیں ہے بلکہ جہالت و بے خبری کا مظہر ہے اور ''اَلْاِنْسَانُ عَدُوٌّ لِمَا جَهِلَ '' کا عکس ہے۔ جس وجہ سے علماء دین پر فرض بنتا ہے کہ اس کی تکفیر کر کے گناہ کمانے کے بجائے اسے تبلیغ کر کے جہالت نگری سے نکال کر ضروریات دینی سے آشنا کریں۔ اس نکتہ سے غفلت کے نتیجہ میں اچھے خاصے علماء بھی ایسے قابل رحم جاہل مسلمانوں کی تکفیر کا بوجھ اپنے سر اٹھاتے ہیں۔ ایسے مواقع پر ان حضرات کو ایمان مجمل اور ایمان مفصل کی تفریق کا شرعی مفاد بھی بھول جاتا ہے۔ جس پر ہم افسوس کئے بغیر نہیں رہ سکتے ہیں۔ اصول تکفیر سے متعلق اس اہم نکتہ کی وضاحت کرتے ہوئے امام تفتازانی نور اللہ مرقدہ نے شرح مقاصد میں فرمایا؛

''اِنَّ التَّصْدِيْقَ بِجَمِيْعِ مَا جَاءَ بِهِ النَّبِيُّ ﷺ اِجْمَالًا كَافٍ فِيْ صِحَّةِ الْاِيْمَانِ وَاِنَّمَا يُحْتَاجُ اِلَى بَيَانِ الْحَقِّ فِي التَّفَاصِيْلِ عِنْدَ مُلَاحَظَتِهَا وَاِنْ كَانَتْ مِمَّا لَا خِلَافَ فِيْ تَكْفِيْرِ الْمُخَالِفِ فِيْهَا كَحُدُوْثِ الْعَالَمِ فَكَمْ مِنْ مُؤْمِنٍ لَمْ يَعْرِفْ مَعْنَى الْحَادِثِ وَالْقَدِيْمِ اَصْلًا وَلَمْ يَخْطُرْ بِبَالِهِ حَدِيْثُ حَشْرِ الْاَجْسَادِ قَطْعًا لٰكِنْ اِذَا لَاحَظَ ذٰلِكَ فَلَوْلَمْ يُصَدِّقْ كَانَ كَافِرًا '' (شرح مقاصد' جلد 2' صفحہ 270)

مفہوم اس کا یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے لائے ہوئے تمام احکام پر اجمالی تصدیق صحت ایمان کیلئے کافی ہے اور تفصیلی طور سے ایک ایک حکم پر تصدیق ظاہر

marfat.com

کرنے کی ضرورت صرف اس وقت پیش آتی ہے جب ان میں سے ایک ایک کو جدا سمجھنے کا مسئلہ درپیش ہو۔ اگر چہ یہ تفصیلی احکام ان مسائل کے قبیلہ سے ہیں جن کے منکر کے کفر میں اختلاف نہیں ہے جیسے حدوث عالم اور اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات کے قدیم ہونے کے ساتھ تصدیق ایمان مجمل کا حصہ ہے۔ اس کے باوجود کتنے مومن مسلمان ایسے ہیں جو حادث وقدیم ہونے کے معنوں کو جانتے ہی نہیں ہیں۔ اسی طرح آخرت میں انسانوں کے جسمانی حشر کا تصور بھی انہیں نہیں ہوتا لیکن ان میں سے جس کو وہ نہیں جانتا اسے مستقل طور پر سمجھنے کا موقع اسے دینے کے بعد بھی اگر اسے نہیں مانے گا تب کافر ہوگا۔

فتاویٰ ردالمحتار میں بعض فقہاء کرام کے نزدیک جن مسائل کے انکار و تکذیب یا تحقیر واستخفاف کی وجہ سے اکفار ضروری ہوتا ہے۔ یعنی فتویٰ کفر دینا فرض ہو جاتا ہے ان کو ذکر کرنے کے بعد اس انکار و تکذیب کے مبنی بر غفلت و بے خبری نہ ہونے کو شرط بتاتے ہوئے لکھا ہے:

"وَيَجِبُ حَمْلُهُ عَلٰى مَا إِذَا عَلِمَ الْمُنْكِرُ ثُبُوْتَهُ قَطْعاً لِأَنَّ مَنَاطَ التَّكْفِيْرِ هُوَ التَّكْذِيْبُ أَوِ الْإِسْتِخْفَافُ عِنْدَ ذٰلِكَ يَكْفُرُ أَمَّا إِذَا لَمْ يَعْلَمْ فَلَا إِلَّا أَنْ يَذْكُرَ لَهُ أَهْلُ الْعِلْمِ ذٰلِكَ فَيَلِجُ" (فتاویٰ ردالمحتار، جلد سوم، صفحہ 311)

اس کا مفہوم یہ ہے کہ جس جگہ میں بھی فقہاء نے کفر کا حکم کیا ہے وہیں پر اسے اس صورت پر حمل کرنا واجب ہے جب انکار کرنے والے کو اس کے ثبوت کا قطعی علم ہو۔ کیونکہ تکفیر کا دارومدار جو تکذیب یا تخفیف پر ہے اسی صورت میں ثابت ہو سکتی

marfat.com

ہے اگر وہ اسے جانتا ہی نہ ہو تو پھر تکفیر کا جواز نہیں ہے۔ مگر یہ کہ اہل علم کے سمجھانے کے باوجود وہ تسلیم کرنے کے بجائے ضد پکڑے تو اس وقت اس کی تکفیر لازم ہوگی۔

ابن ہمام کے حوالہ سے یہ سب کچھ بیان کرنے کے بعد حضرت ابن عابدین نور اللہ تعالیٰ مرقدہ نے اپنی طرف سے اس کے متصلاً بعد لکھا ہے؛

''وَهٰذَا مُوَافِقٌ لِمَا قَدَّمْنَاهُ عَنْهُ مِنْ اَنَّهٗ يَكْفُرُ بِاِنْكَارِ مَا اُجْمِعَ عَلَيْهِ بَعْدَ الْعِلْمِ بِهٖ'' (ردالمحتار، جلد سوم، صفحہ 311)

الغرض تکفیر کے اصول عند بعض الفقہاء ہو یا عند جمہور الفقہاء والمتکلمین بہر تقدیر اور ہر فریق کے نزدیک اس انکار و تکذیب کا مبنی بر غفلت نہ ہونا بھی شرط جواز تکفیر ہے۔ جس کو سمجھنا ہر مفتی کیلئے ناگزیر ہے۔ کیونکہ

ایمان کے شرعی مفہوم میں جو تصدیق ہے یعنی ''هُوَ تَصْدِيْقُ النَّبِيِّ ﷺ فِيْ جَمِيْعِ مَا عُلِمَ بِالضَّرُوْرَةِ مَجِيْئُهٗ بِهٖ'' کے اندر جو تصدیق معتبر ہے وہ صرف علم ہی نہیں ہے جو تصور کے مقابلہ میں ہوتا ہے بلکہ اس سے مراد شرعی تصدیق ہے۔ جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا؛

''وَالَّذِيْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ''

ترجمہ:۔ جو یہ سچا دین لے کر آئے اور جنہوں نے ان کی تصدیق کی وہی اہل تقویٰ ہیں۔ (سورۃ الزمر آیت نمبر 33)

یعنی جملہ ضروریات دین کو بطور نظام مصطفیٰ ﷺ اس طرح ماننا ہے کہ جس میں جذبہ عمل کے ساتھ مکمل تسلیم و رضا اور تعظیم بھی موجود ہو اور جملہ کفری مذہبوں سے بیزاری بھی۔ جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا؛

marfat.com

''فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتّٰى يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوا فِي أَنفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوا تَسْلِيمًا''

(سورۃ النساء، آیت نمبر 65)

اور فرمایا؛

''إِنَّا بُرَآءُ مِنكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللّٰهِ''

(سورۃ الممتحنۃ، آیت نمبر 4)

اور فرمایا؛

''وَمَن يُعَظِّمْ شَعَائِرَ اللّٰهِ فَإِنَّهَا مِن تَقْوَى الْقُلُوبِ''

(سورۃ الحج، آیت نمبر 32)

شرعی ایمان میں ان چیزوں کے معتبر ہونے کی سب سے بڑی دلیل یہ ہے کہ ان کے منافی کسی قول و عمل کے پائے جانے کی صورت میں تصدیق بالقلب اور اقرار باللسان کالعدم قرار پا کر ایسے شخص کا کفر یقینی ہو جاتا ہے۔ مثال کے طور پر کوئی شخص خود کو مومن مسلمان کہلاتے ہوئے ذات اللہ، افعال اللہ، صفاتِ اللہ، اسماء اللہ اور احکام اللہ میں سے کسی کی جان بوجھ کر توہین کرے یا اس پر استہزاء و تضحیک کرے یا نفس امارہ کے ہاتھوں مغلوب ہو کر ان کی جان بوجھ کر بے ادبی و تخفیف کرے یا کسی بھی شعائر اللہ کی تعظیم کے منافی کردار کا جان بوجھ کر ارتکاب کرے یا کسی غیر اسلامی مذہب کے مخصوص و مشہور شعار پر عمل کرے تو اس قسم تمام صورتوں میں اس کا کفر یقینی ہو جاتا ہے۔ ایسی صورتوں میں اس کا اقرار باللسان و تصدیق بالقلب کا دعویٰ کرنا ہرگز اسے کفر سے نہیں بچا سکتا۔ جیسے سرکش بنی اسرائیل نے

marfat.com

اپنے پیغمبروں پر ایمان بمعنی اقرار باللسان وتصدیق بالقلب کے دعویدار ہونے کے باوجود محض نفس امارہ کے ہاتھوں مغلوب ہونے کی بناء پر انہیں قتل کیا تو جہنمی قرار پائے' ان کا اقرار باللسان وتصدیق بالقلب کی ظاہری صورت ان کے کام نہ آئی کیونکہ تسلیم ورضا اور تعظیم کے منافی کردار کی موجودگی میں نفس اقرار باللسان وتصدیق بالقلب کا دعویٰ کسی بھی دور تاریخ میں اور کسی بھی پیغمبر کی شریعت میں قابل اعتبار نہیں سمجھی گئی ہے۔اسی لئے اللہ تعالیٰ نے ان کے دعویٰ ایمان کو کالعدم قرار دیتے ہوئے فرمایا؛

''قُلْ بِئْسَمَا يَأْمُرُكُم بِهِۦٓ إِيمَٰنُكُمْ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ

(سورۃ البقرۃ' آیت نمبر 93)

یہ سب کچھ اس لئے کہ کسی چیز کی ضد کا وجود مشاہدہ کی حد تک یقینی ہونے کی صورت میں اس کی دوسری ضد یا نقیض کی موجودگی کا دعویٰ کرنا نہ صرف اس مسئلہ میں بلکہ ہر جگہ فضول و کالعدم ہوتا ہے۔جب ایمان کے معنی تصدیق کے ہیں یعنی ''اَلْاِیْمَانُ ھُوَ التَّصْدِیْقُ بِجَمِیْعِ مَا عُلِمَ بِالضَّرُوْرَۃِ مَجِیْئَۃُ ﷺ بِہٖ اور یہ تصدیق چونکہ لغوی اور منطقی تصدیق سے بچند وجوہ مختلف اور خاص ہے۔

ایک یہ کہ اس کا متعلق صرف اور صرف ضروریات دینیہ ہیں جبکہ لغوی اور منطقی تصدیق کا متعلق کوئی بھی نسبت تامہ خبریہ ہوسکتی ہے۔

دوسرا یہ کہ اس تصدیق سے مراد علم الیقین ہے جس میں مخبر صادق ﷺ کے حکم وخبر کو دخل ہوتا ہے۔جبکہ لغوی اور منطقی تصدیق ظن سے لے کر تقلید مخطی ومصیب سمیت عین الیقین وحق الیقین تک متعدد شکلوں کو شامل ہے۔

marfat.com

تیسرا یہ کہ شریعت کی زبان میں اس کے وجود کا اعتبار تب ممکن ہو سکتا ہے جبکہ اس میں جذبہ عمل کے ساتھ مکمل تسلیم و رضا اور تعظیم و محبت بھی موجود ہو یعنی جملہ ضروریات دین کو بطور نظام مصطفیٰ ﷺ اس طرح ماننا کہ جس میں جذبہ عمل کے ساتھ مکمل تسلیم و رضا اور تعظیم و محبت کی موجودگی کے ساتھ جملہ کفری مذاہب سے بیزاری بھی موجود ہو جبکہ تصدیق لغوی و منطقی میں ان قیودات کی ضرورت نہیں ہے۔ تو ایسے میں ایمان و تصدیق کو منقول شرعی کہے بغیر چارہ نہیں رہتا۔ جیسے لفظ صلوٰۃ کو اس کے لغوی معنی (دعا) سے منقول کر کے شریعت کی زبان میں مخصوص قیودات میں محصور بدنی عبادت کیلئے وضع کیا گیا ہے اور زکوٰۃ کو اس کے لغوی معنی (پاکیزگی) سے منقول کر کے شریعت کی زبان میں مخصوص قیودات میں محصور مالی عبادت کے لئے وضع کیا گیا ہے۔ اسی طرح شریعت مقدسہ کی زبان میں ایمان و تصدیق کو بھی اس کے لغوی معنی (عمومی تصدیق) سے منقول کر کے مذکورہ شرعی معنی کیلئے وضع کیا گیا ہے۔ یعنی تمام ضروریات دینیہ کو بطور نظام مصطفیٰ ﷺ اس طرح ماننا کہ جس میں جذبہ عمل کے ساتھ مکمل تسلیم و رضا اور تعظیم و محبت کے ساتھ جملہ کفری مذاہب سے بیزاری بھی موجود ہو۔

ایمان و تصدیق کا اس مخصوص معنی میں منقول شرعی ہونے کے لئے ان قیودات کا ایمان کیلئے اجزاء ہونا ضروری نہیں کہ ایمان ان سب سے مجموع مرکب ہو بلکہ اس کے شرعی وجود کے لئے شرط ہونا بھی کافی ہے۔ ان کے مابین جو فرق ہے اس سے ایمان و تصدیق کا مذکورہ مخصوص معنی میں منقول شرعی ہونے پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ مثال کے طور پر ان چیزوں کا ایمان کے اجزاء و ابعاض ہونے کی صورت میں ان میں سے کسی ایک کا معدوم ہونا ایمان

marfat.com

کے معدوم ہونے کو مستلزم ہے کیونکہ کل کا وجود بغیر جزء کے ناممکن ہے اور شرط ہونے کی صورت میں بھی ان میں سے کسی ایک کا معدوم ہونا ایمان کے معدوم ہونے کو مستلزم ہے۔ کیونکہ شرط کے بغیر مشروط کا وجود ناممکن ہے۔ جیسے المسایرہ میں فرمایا؛

"فَيُمْكِنُ اعْتِبَارُ هٰذِهِ الْاُمُوْرِ اَجْزَاءً لِمَفْهُوْمِ الْاِيْمَانِ فَيَكُوْنُ انْتِفَاءُ ذَالِكَ لَازِماً عِنْدَ انْتِفَائِهَا وَاِنْ وُجِدَ التَّصْدِيْقُ وَغَايَةُ مَا فِيْهِ اَنَّهٗ نُقِلَ عَنْ مَوْضُوْعِهِ اللُّغَوِيِّ الَّذِيْ هُوَ مُجَرَّدُ التَّصْدِيْقِ اِلٰى مَجْمُوْعٍ هُوَ مِنْهَا"

ترجمہ:۔ پس ان چیزوں کا ایمان کے مفہوم کیلئے اجزاء معتبر قرار دینا بھی ممکن ہے تو اس صورت میں ان کے منتفی ہونے کے وقت ایمان کے لوازمات کا منتفی ہونا اس بنیاد پر ہوگا کہ ایمان منتفی ہے اگر چہ تصدیق پائی جاتی ہے اور اس کا آخری نتیجہ یہ ہے کہ ایمان اپنے لغوی مفہوم جو مجرد تصدیق کیلئے وضع کیا گیا ہے سے مجموع مرکب کی طرف منقول کیا گیا ہے جس کا ایک جز و تصدیق بھی ہے۔ (المسایرہ، صفحہ 283)

حضرت ابن ہمام نور اللہ مرقدہ کی اس آخری عبارت "الی مجموع" کی تشریح کرتے ہوئے اس کی شرح (المسامرہ) کے مصنف امام کمال الدین محمد ابن محمد نے لکھا ہے؛

"اَیْ اُمُوْرٌ اُعْتُبِرَتْ جُمْلَتُهَا وَوُضِعَ بِاِزَائِهَا لَفْظُ الْاِيْمَانِ"

(المسامرہ، صفحہ 284)

اس کے بعد حضرت امام ابن ہمام نے فرمایا؛

marfat.com

''وَیُمْکِنُ اِعْتِبَارُ مَا شُرُوْطاً لِاعْتِبَارِہٖ شَرْعاً فَیَنْتَفِیْ اَیْضاً لِانْتِفَائِہَا مَعَ وُجُوْدِ التَّصْدِیْقِ بِمَحَلَّیْہِ'' (المسامرہ شرح المسایرہ' صفحہ 284)

ترجمہ:۔ شریعت میں ایمان کے معتبر ہونے کیلئے ان چیزوں کو شروط قرار دینا بھی ممکن ہے۔ تو اس صورت میں بھی ان کے منتفی ہوتے وقت ایمان کے منتفی ہونا اس بنیاد پر ہوگا کہ ایمان ہی منتفی ہے جبکہ تصدیق اپنے دونوں محلوں میں موجود ہے۔

اسلاف کی یہ عبارات صاف صاف بتا رہی ہیں کہ تصدیق قلبی ولسانی دونوں کی موجودگی میں ایمان کے لوازمات کا منتفی ہو کر کفر کے لوازمات کا ثابت ہونا اس کے سوا کوئی اور پس منظر نہیں رکھتا کہ ان چیزوں کے منتفی ہونے کی بنا پر اصل ایمان ہی منتفی ہو چکا ہوتا ہے۔ چاہے انتفاء شرط کی وجہ سے ہو یا انتفاء جزو کی وجہ سے۔

☆☆☆☆☆☆

marfat.com

# علماء کرام ومفتیان اسلام کیلئے اہم ترین محل توجہ

علماء کرام کی توجہ کیلئے مزید تاکید ہے کہ تکفیر کیلئے اصول مقررہ فی الاسلام کو سمجھنے کیلئے سلسلہ تمہیدات کا یہ حصہ سب سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے جس سے غفلت کی بناء پر بسا اوقات علماء کرام ومفتیان عظام ذہنی اضطراب میں مبتلا ہوتے ہیں جس سے بچنے کے لئے مندرجہ ذیل مسلمات کو پیش نظر رکھنا ہر مفتی کیلئے ناگزیر ہے۔

1):۔ یہ کہ ایمان وکفر کا تعلق ضروریات دین کے ساتھ ہونے کی وجہ سے یہ ایک دوسرے کے متناقض یا متضاد خاص ہے کہ ایمان کی ضد کفر کے سوا کچھ اور نہیں ہے۔اسی طرح کفر کی ضد میں اسلام کے سوا کوئی اور چیز نہیں ہے۔لہٰذا ان میں سے ایک کا وجود آپ ہی دوسرے کی نفی ہے جس پر کوئی اور دلیل تلاش کرنے کی ضرورت ہی نہیں ہے۔

2):۔ یہ کہ کفر ایمان کی نقیض ہو یا ضد بہر تقدیر وہ بجائے خود ایک جنس ہے جو اعتقادی نفاق' الحاد' زندیقیت وارتداد اور اصلی وعارضی جیسے کسی بھی نوع کی شکل میں ظاہر ہوسکتا ہے۔

3):۔ یہ کہ خیر القرون کے بعد سے لے کر اب تک بلکہ قیامت تک شرعی احکام کی تین قسمیں ہیں۔

اول یہ کہ اُن کا دین محمدی ﷺ کا حصہ ہونے میں اہل قبلہ کا کوئی اختلاف نہیں ہے۔یعنی متفقہ ''فِیۡمَا بَیۡنَ اَہۡلِ الۡاِسۡلَامِ'' ہیں' جنکا حصہ اسلام ہونا کسی سے پوشیدہ نہ

marfat.com

ہو۔جیسے نماز پنجگانہ اور حج وروزہ کی فرضیت جیسے ہزاروں مسائل۔اس قسم مسائل واحکام کو ضروریات دین کہا جاتا ہے۔

دوم یہ کہ ان کا دین محمدی ﷺ کا حصہ ہونا اہل قبلہ کے مابین اختلافی ہے۔جس کے بعد ہر فریق کے پیروکار نسلاً بعد نسل اپنے اسلاف کے موقف کو اپنے آپس اختلاف کے بغیر متفقہ طور پر آگے منتقل کرتے کرتے وہ بطور مذہب اتنے مشہور ہوئے کہ مذہب کے خواص وعوام کو انہیں مذہب کا حصہ سمجھنا بالبداہۃ معلوم ہو رہا ہے۔جس کے بعد انہیں حصہ مذہب ثابت کرنے کے لئے کسی اور دلیل کی ضرورت نہیں ہے۔جیسے اہل سنت کے نزدیک حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا برحق خلیفۃ الرسول بلا فصل ہونا اور اہل تشیع کے نزدیک حضرت مولیٰ علی نور اللہ وجہہ الکریم کا برحق خلیفۃ الرسول بلا فصل ہونا۔اسی طرح اہل سنت کے نزدیک خلافۃ الرسول ﷺ کا فرشی مسئلہ ہونا کہ مسلمانوں کے اہل حل وعقد کے شوریٰ سے ہو سکتا ہے۔اور اہل تشیع کے نزدیک اس کا عرشی مسئلہ ہونا جس کے مطابق اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی طرف سے مخصوص شخص کی تعیین ضروری ہے۔

عہد صحابہ رضی اللہ عنہم میں ظاہر ہونے والے اس اختلاف کو ہر دو مذہبوں کے پیروکاروں نے اپنے اپنے دائرہ اثر میں نسلاً بعد نسل اور قرناً بعد قرن اتنا مشہور کیا کہ مسئلہ خلافت کا عرشی مسئلہ ہونا اور مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ الکریم کا خلیفۃ الرسول بلا فصل ہونا ضروریات مذہب اہل تشیع قرار پایا۔جس کے نتیجہ میں اب کسی شیعہ کو اپنے دائرہ اثر میں اس کو ثابت کرنے کیلئے دلیل تلاش کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔اسی طرح خلافت الرسول ﷺ کا فرشی مسئلہ ہونا اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا بلا فصل برحق خلیفۃ الرسول ہونا ضروریات مذہب اہل سنت قرار پایا

marfat.com

ہے۔جس کے نتیجہ میں اہل سنت حلقہ اثر میں اس کو ثابت کرنے کیلئے دلیل تلاش کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔کیونکہ وہ بجائے خود ضروریات مذہبیہ کے قبیلہ سے ہے۔

سوم یہ کہ وہ خالصتاً فقہی واجتہادی ہیں جن کے جواز وعدم جواز اور حلال وحرام وغیرہ نوعیتوں سے متعلق متضاد آراء مجتہدین کرام کے مابین پائی جاتی ہیں جو عین مقتضائے فطرت ہونے کے ساتھ اصل مسئلہ کی حقانیت اور اہل اجتہاد حضرات کی فی سبیل اللہ مجاہدہ کے مظاہر ہیں۔جس کی روشنی میں حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی وجعفری وغیرہ مذاہب وجود میں آئے ہوئے ہیں۔شرعی احکام کی ان تینوں قسموں میں سے ہر ایک کے احکام ونتائج ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔

مثال کے طور پر تیسری قسم میں اپنے کسی فقہی مخالف کی تضلیل وتفسیق کرنا بجائے خود فسق وگناہ ہے۔کیونکہ اس قسم میں اپنے مسلک کے حق ہونے پر راجح گمان اور مد مخالف کے ناحق ہونے پر راجح گمان ہونے کے سوا اور کچھ نہیں ہوتا۔جس کے مطابق ایک دوسرے کے خلاف حتی پروپیگنڈا کرنے کا قطعاً کوئی جواز نہیں ہے۔اور دوسری قسم میں دائرہ تہذیب کے اندر رہتے ہوئے علمی زبان میں ایک دوسرے کی صرف اور صرف تضلیل کا جواز ہو سکتا ہے۔

تکفیر ہرگز نہیں اور پہلی قسم کی مخالفت کرنے والے چونکہ التزام کفر یا لزوم کفر سے خالی نہیں ہو سکتے لہٰذا ان مسلمات کو سمجھنے کے بعد اب لزوم کفر اور التزام کفر کی جدا جدا حقیقتوں کو مع مثالوں کے سمجھنا آسان ہو جاتا ہے۔

گذشتہ صفحات میں التزام کفر اور لزوم کفر کی جدا جدا حقیقتوں کے اجمالی بیان کے

marfat.com

بعد مسئلہ کی نزاکت اور علماء کرام کیلئے محل اشتباہ ہونے کی بناء پر مناسب سمجھتا ہوں کہ اس کی مکمل وضاحت وتفصیل پیش کروں، وہ یہ ہے کہ التزام کسی بھی چیز کا ہو اسلام کا یا کفر کا' جائز کا یا ناجائز کا بہر تقدیر از روئے لغت اس کے مفہوم ومعنی اس چیز کو گلے لگانے اور ارتکاب کرنے کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ جس کی طرف اس کو مضاف کر کے استعمال کیا جا رہا ہے چنانچہ المنجد کے مادہ ل' ز' م میں ہے ''اَلتَزَمَهٗ بِمَعْنٰی لَزِمَهٗ وَفُلَانًا اِعْتَنَقَهٗ اِلْتَزَمَ الشَّیْئَ'' کے معنی ''اِعْتَنَقَهٗ'' کے ہیں یعنی اسے گلے لگایا۔ فقہاء کرام اور متکلمین اسلام کی زبان میں استعمال ہونے والا ''التزام کفر'' کا لفظ بھی اس مفہوم لغوی کے عین مطابق ہے کہ کفر کی کسی شکل کا ارتکاب کرنے والا شخص گویا اسے گلے لگاتا ہے یعنی اثبات کفر کیلئے اس کا یہ کردار خود اپنے آپ پر دلیل ہے۔ جس کے بعد کسی اور دلیل کی ضرورت نہیں رہتی عام اس سے کہ یہ کردار از قبیلہ عقیدہ ہو یا قول وعمل کے قبیلہ سے ہو۔ التزام اسلام میں بھی ملت اسلام اور اس کے جملہ مسائل ضروریہ کو گلے لگانا ہوتا ہے اور اسلام وکفر کے مابین تقابل تضاد ہونے کی بنا پر التزام کفر والتزام اسلام کے مابین بھی تقابل تضاد کا ہی ہے یعنی اسلام کا وجود آپ ہی نفی کفر ہے اور کفر کا وجود آپ ہی اسلام وایمان کی نفی ہے۔ جس کے بعد کسی اور دلیل کی ضرورت نہیں رہتی۔ فقہاء کرام اور متکلمین اسلام کی زبان میں التزام کفر اور لزوم کفر کے الفاظ وفتویٰ کا تعلق چونکہ کفر بعد الاسلام سے ہے لہٰذا اس کو درست طریقے سے سمجھنے کیلئے اولاً التزام اسلام وایمان کو جاننا ضروری ہے وہ یہ ہے کہ شریعت مقدسہ کی زبان میں التزام اسلام اسے کہتے ہیں کہ ملت اسلام اور اس کے جملہ مسائل ضروریہ کو دل وجان سے اس طرح تسلیم کیا جائے جس میں جذبہ عمل، تعظیم، رضا و

marfat.com

محبت اوراس کے خلاف جملہ نظریات سے نفرت و بیزاری شامل ہونے کے ساتھ اس کی ضدونقیض اور اس کے اِن لوازمات میں سے کسی کی ضدونقیض کاارتکاب نہ ہو۔التزام ایمان کی اس حقیقت کوشرعی ایمان کہنے کے علاوہ اس کردار کے حامل حضرات کواہل قبلہ بھی کہتے ہیں۔اس کردار کاانسان یعنی مومن مسلمان جب تک اس وصف التزام کیساتھ متصف رہتا ہے یعنی جس ملت اسلام اوراس کے تمام مسائل ضروریہ کاالتزام کیاہوا ہے۔اس کے منافی کسی کردار کاارتکاب نہیں کرتااس وقت تک اسے مومن مسلمان'اہل قبلہ سمجھنااور کہنا اور اسلام کے جملہ احکام اس پرلاگوکرناتمام مسلمانوں پرلازم ہے اوراسکی جان ومال' عزت وآبروکونقصان پہنچانااوراسے کافرکہناایساہی حرام ہے جیساکسی غیرمسلم کومسلمان کہنا حرام ہے لیکن اس کے منافی کسی کردار کابلاواسطہ ارتکاب کرنے کی صورت میں وہ اہل قبلہ کہلانے کے استحقاق سے نکل کرمرتد قرار پاتا ہے۔التزام کفر کایہ مفہوم بمنزلہ جنس ہے۔ جس کے ماتحت بنیادی طور پرمندرجہ ذیل انواع واقسام شامل ہیں۔

☆☆☆☆☆☆

marfat.com

# التزام کفر کی 28 مثالیں

(۱) ملت اسلام سے منکر ہونا۔

(۲) ملت اسلام کے کسی ضرورت دینی حکم سے منکر ہونا۔

(۳) ملت اسلام کی کسی ضد یا نقیض کا بلا واسطہ ارتکاب کرنا۔

(۴) ملت اسلام کے کسی ضرورت دینی حکم کی ضد یا نقیض کا بلا واسطہ ارتکاب کرنا۔

## ضروری وضاحت:۔

التزام کفر کی ان چار قسموں میں بنیادی فرق یہ ہے کہ؛

اول ایمان اجمالی کی ضد ہے۔ دوم ایمان تفصیلی کی ضد ہے جبکہ سوم ایمان اجمالی کی تکذیب کی یقینی علامت ہے اور چہارم ایمان تفصیلی کی تکذیب کی یقینی علامت ہے۔

اور اہل علم سے مخفی نہیں ہے کہ حقیقی ایمان کا جہاں پر بھی التزام ہوتا ہے تو اُس کے جملہ لوازمات شرعیہ بھی اُس کیساتھ ہوتے ہیں جن کے بغیر شریعت کی زبان میں ایمان کا کوئی اعتبار ہی نہیں ہے اور لازم کی نفی ملزوم کی نفی پر یقینی علامت و دلیل ہوتی ہے جس کے بعد ملزوم کی نفی پر کوئی اور دلیل تلاش کرنے کی ضرورت ہی نہیں ہوتی لہٰذا ایمان کے لوازمات خمسہ کی نفی سے ایمان مجمل اور ایمان مفصل کی نفی ہونے سے التزام کی دس قسمیں مزید وجود میں آرہی ہیں۔ جن کی تفصیل اس طرح ہے کہ؛

marfat.com

(۱) ایمان مجمل کے لازمہ یعنی ملت اسلام پر ایمان کے لازمہ ''جذبہ عمل کی ضد یا اُس کی نقیض'' کا بلاواسطہ ارتکاب کرنا۔

(۲) ایمان مجمل کے لازمہ ''اُس کی تعظیم'' کی ضد یا نقیض کا بلاواسطہ ارتکاب کرنا۔

(۳) ایمان مجمل کے لازمہ ''اُس کی تسلیم ورضا'' کی ضد یا نقیض کا بلاواسطہ ارتکاب کرنا۔

(۴) ایمان مجمل کے لازمہ ''اُس کے ساتھ محبت'' کی ضد یا نقیض کا بلاواسطہ ارتکاب کرنا۔

(۵) ایمان مجمل کے لازمہ ''اُس کے مقابلہ میں جملہ مذاہب باطلہ اور متضاد کردار سے نفرت وبیزاری کا اظہار کرنے'' کی ضد و نقیض کا بلاواسطہ ارتکاب کرنا۔

(۶) ایمان مفصل کے لازمہ یعنی ملت اسلام کے کسی ضروری حکم پر ایمان کے لازمہ ''جذبہ عمل'' کی ضد یا اُس کے نقیض کا بلاواسطہ ارتکاب کرنا۔

(۷) ایمان مفصل کے لازمہ ''اُس کی تعظیم'' کی ضد یا نقیض کا بلاواسطہ ارتکاب کرنا۔

(۸) ایمان مفصل کے لازمہ ''تسلیم ورضا'' کی ضد و نقیض کا بلاواسطہ ارتکاب کرنا۔

(۹) ایمان مفصل کے لازمہ ''اُس کے ساتھ محبت'' کی ضد یا نقیض کا بلاواسطہ ارتکاب کرنا۔

(۱۰) ایمان مفصل کے لازمہ ''اُس کے منافی مذاہب سے نفرت وبیزاری'' کی ضد یا نقیض کا بلاواسطہ ارتکاب کرنا۔

التزام کفر کی ان دس قسموں کی سابق الذکر چار قسموں کے ساتھ بالترتیب ایمان مجمل اور ایمان مفصل کے منافی ہونے میں یکساں ہونے کے ساتھ ایک مناسبت صریح الدلالۃ ہونا بھی ہے۔ کیونکہ اِن سب کی دلالت ایمان کے منتفی ہونے پر صریح ہے' بدیہی ہے اور استدلالی محتاج دلیل نہیں ہے' التزام کفر کی ان چودہ کی چودہ قسموں میں سے کوئی

marfat.com

ایک قسم بھی ایسی نہیں ہے جس میں بقاء ایمان کیلئے کوئی احتمال موجود ہو یا کسی تاویل کی گنجائش باقی ہو نہیں ایسا ہر گز نہیں ہے کیونکہ پہلی دو قسموں میں صراحتاً تکذیب وانکار ہے جس میں تاویل کا تصور بھی نہیں ہو سکتا' اور تیسری و چوتھی قسم میں بالترتیب ایمان مجمل اور ایمان مفصل کی ضد یا نقیض کا ارتکاب آپ ہی ایمان کی نفی پر قطعی ویقینی اور فطری دلیل ہے کیونکہ ضدین یا نقیضین میں سے ایک کا وجود آپ ہی دوسرے کی نفی ہونا اولیات کے قبیلہ سے ہے جس میں تاویل کا امکان ہی نہیں ہوتا۔ اسی طرح باقی دس قسموں میں بھی "انتفاء الازم دَلِیْلٌ صَرِیْحٌ عَلٰی اِنْتِفَاءِ الْمَلْزُوْمْ" کے فطری اُصول کے قبیلہ سے ہونے کی بناء پر اِس کے بعد بقاء ایمان کے لئے کسی احتمال وتاویل کا امکان ہی نہیں ہے۔ ایسے میں انتفاء ایمان پر اِن سب کی دلالت صریح' بدیہی' اوّلی اور غیر محتاج دلیل کیوں نہ ہو۔ پھر یہ بھی ہے کہ اِن سب کی دو' دو قسمیں ہیں کیونکہ التزام کفر کی اِن میں سے کوئی بھی قسم ہو کبھی دانستہ ہوتا ہے جس کو کفر عنادی کہتے ہیں' کبھی غیر دانستہ ہوتا ہے جس کو کفر اشتباہی اور خطائی کفر کہتے ہیں' اس طرح التزام کفر کی کل 28 قسمیں قرار پاتی ہیں۔ اب پیش نظر مسئلہ کی مزید وضاحت کیلئے التزام کفر کی مذکورہ قسموں کی عملی صورتوں کی مثالوں کو جدا جدا سمجھنا چاہیے، جو مندرجہ ذیل ہیں۔

(۱) التزام کفر کی مثال بشکل تکذیب نظام مصطفیٰ ﷺ جیسے مسلم گھرانے کے کسی فرد کا ملت محمدی ﷺ سے منکر ہو کر مرتد ہونا۔ (العیاذ باللہ)

(۲) التزام کفر کی مثال بشکل تکذیب ضرورتِ دینی۔ جیسے مسلم گھرانے کے کسی فرد کا کسی بھی ضرورتِ دینی سے انکار کرنا۔ مثال کے طور پر نبی آخر الزماں رحمت عالم ﷺ کی نبوت

marfat.com

کو ختم زمانی ماننے سے انکار کرنا۔

﴿یا﴾

اللہ کے علم غیب ذاتی سے انکار کرنا۔

﴿یا﴾

اہل حق کے استمراری وجود مسعود سے انکار کرنا۔ مثال کے طور پر یہ کہنا کہ پوری روئے زمین میں اہل حق کا وجود ختم ہو چکا ہے اور انسانوں کے جتھے کفر و شرک اور بدعات میں مبتلا ہو کر ان میں دیندار و اہل حق کا وجود ناپید ہو چکا ہے۔ (العیاذ باللہ)

(۳) التزام کفر کی مثال بشکل ارتکاب ضد نظام مصطفیٰ ﷺ۔ جیسے نظام مصطفیٰ ﷺ کے مقابلہ میں کسی اور نظام کو ترجیح دینا کیونکہ مقابلہ کی صورت میں نظام مصطفیٰ ﷺ کی طرف پشت کر کے اس کی ضد کو اختیار کرنا نظام مصطفیٰ ﷺ کی تکذیب کی یقینی علامت ہے کیونکہ ایک ضد کا وجود آپ ہی دوسرے کی نفی ہے۔

(۴) التزام کفر کی مثال کسی ضرورت دینی کی ضد یا نقیض کے ارتکاب کی صورت میں جیسے نبی آخر الزمان رحمت عالم ﷺ کے زمانہ میں۔

﴿یا﴾

آپ ﷺ کے بعد کسی دوسرے نبی کے پیدا ہونے کے جواز کا قول کرنا کیونکہ یہ دوسرے نبی کی پیدائش کے عدم جواز جو ضرورت دینی ہے کی نقیض ہے اور نقیضین میں سے ایک کا ارتکاب آپ ہی دوسرے کے عدم و انکار کی دلیل ہے۔

﴿یا﴾

marfat.com

کسی ایسے حرام کو حلال جاننا جسکی حرمت کا علم اسلامی معاشرہ میں کبھی بھی کسی سے پوشیدہ نہ رہا ہو۔ مثال کے طور پر کُتے کو حلال جاننا۔

﴿یا﴾

کسی ایسی حلال چیز کو حرام جاننا جس کے حلال ہونے کا علم اسلامی معاشرہ میں کبھی بھی کسی سے پوشیدہ نہ رہا ہو۔ مثال کے طور پر مسلم گھرانے کا کوئی فرد مرغی کو حرام جانے کیونکہ معلوم ہونے کے باوجود استحلال حرام اور استحرام حلال ضرورت دینی کی ضد ہے جس کا وجود وارتکاب آپ ہی اصل کی تکذیب کی یقینی علامت ہے کیونکہ ضدین یا نقیضین میں سے ایک کا ارتکاب آپ ہی دوسرے کی نفی ہے۔ جس کے بعد کسی اور دلیل کی قطعاً کوئی ضرورت نہیں ہوتی۔

(۵) التزام کفر کی پانچویں قسم کی مثال جیسے کسی مدعی اسلام کا یہ کہنا کہ مومن مسلمان ہونے کیلئے کلمہ پڑھنا ہی کافی ہے عمل کی اہمیت نہیں ہے۔

﴿یا﴾

یہ کہنا کہ اسلام عمل کیلئے نہیں آیا بلکہ اقرار باللسان اور تصدیق بالقلب پر زور دیتا ہے۔

﴿یا﴾

یہ کہنا کہ اسلام اگر عمل کی پابندی سے آزادی دے کر صرف ماننے کی حد تک پابند کرتا کیا اچھا ہوتا کہ ہم بھی یورپ کی طرح آزاد زندگی کے مزے اڑاتے۔ اِن سب میں لازمہ ایمان یعنی جذبہ عمل کی ضد موجود ہے۔

(۶) التزام کفر کی چھٹی قسم کی مثال جیسے؛ کوئی مدعی اسلام ملت اسلام پر یا قرآن شریف پر

marfat.com

یا نظام مصطفیٰ ﷺ پر استہزاء کرے۔ (العیاذ باللہ) اس میں لازمہ ایمان یعنی تعظیم کی ضد موجود ہے۔

(۷) التزام کفر کی ساتویں قسم کی مثال جیسے کوئی مدعی اسلام یہ کہے کہ نظام مصطفیٰ ﷺ اور ملت اسلام کو حق جاننے کا یہ مطلب نہ ہونا چاہئے کہ انسان اُس کے سامنے اپنے ذاتی جذبات کو پس پشت ڈال کر خود کو مجبور کرے۔ اِس میں لازمہ ایمان یعنی تسلیم ورضا کی ضد موجود ہے۔

(۸) التزام کفر کی آٹھویں قسم کی مثال جیسے کسی دعویدار اسلام کا یہ کہنا کہ قرآن شریف اپنے وقت کیلئے تھا جبکہ ہمیں موجودہ تقاضوں کے مطابق نظامِ حیات درکار ہے۔

﴿یا﴾

یہ کہنا کہ نظام مصطفیٰ ﷺ دقیانوسی چیز ہے ہمیں جدید دور کے تقاضوں کے مطابق نظام چاہئے۔ ﴿یا﴾

یہ کہنا کہ ملت اسلام صرف عرب قوم اور دیار عرب کی اصلاح کیلئے وجود میں آئی تھی اب دنیا کا نقشہ بدل چکا ہے اب بھی اُس کے ساتھ چمٹے رہنا عقل مندی نہیں ہے۔ (العیاذ باللہ) اِن سب میں لازمہ ایمان یعنی "مَا یُؤْمَنُ بِہٖ" کے ساتھ محبت کی ضد موجود ہے۔

(۹) التزام کفر کی نویں قسم کی مثال جیسے کسی دعویدار اسلام کا یہ کہنا کہ "دنیا کے حالات اور سائنسی ایجادات میں اقوام عالم کا مقابلہ کرنے کے لئے مسلمانوں کو چاہئے کہ اسلام کے دقیانوسی نظام کے بجائے جدید نظام ترتیب دیں"۔ (العیاذ باللہ) اس میں لازمہ ایمان یعنی اسلام کے مقابلہ میں ہر دوسرے نظام سے نفرت و بیزاری کی ضد موجود ہے۔

marfat.com

(۱۰) التزام کفر کی دسویں قسم کی مثال جیسے کوئی بد بخت شخص مدعی اسلام ہوتے ہوئے یہ کہہ دے کہ ''بہن کے ساتھ نکاح کے عدم جواز کا حکم اگر اسلام میں نہ ہوتا تو کتنا اچھا ہوتا''۔

﴿یا﴾

یہ کہہ دے کہ ''غیر مذبوحہ جانوروں کا گوشت کھانا اگر حرام نہ ہوتا تو کیا اچھا ہوتا'' اِن میں لازمہ ایمان یعنی جذبہ عمل کی ضد موجود ہے۔

(۱۱) التزام کفر کی گیارہویں قسم کی مثال جیسے کوئی مدعی اسلام شخص جملہ خلائق میں اللہ کے حبیب رحمۃ للعالمین ﷺ کا سب سے زیادہ وسیع العلم ہونے کے اسلامی عقیدہ جو ضرورت دینی ہے، کو جانوروں اور پاگلوں کے علم کے ساتھ تشبیہ دے۔﴿یا﴾ ان حقیر چیزوں کے علم کے برابر کہہ دے۔(العیاذ باللہ)

﴿یا﴾

شیطان کے علم کو سرور کائنات رحمت للعالمین ﷺ کے علم سے زیادہ کہہ دے۔(العیاذ باللہ)

﴿یا﴾

ذوات قدسیہ انبیاء و مرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم سے منسوب ہر چیز اور ہر عمل کے قابل تعظیم ہونے کے اسلامی عقیدہ جو ضروریات دین کے قبیلہ سے ہے کو کسی قابل نفرت چیز کیساتھ تشبیہ دے۔ اِس ضرورت دینی کیساتھ ایمان کے لازمہ یعنی ''مَا یُؤْمَنُ بِہٖ'' کی تعظیم کی ضد موجود ہے۔

(۱۲) التزام کفر کی بارہویں قسم کی مثال جیسے کسی بے باک مدعی اسلام کا یہ کہنا کہ ''اسلام نے شراب کو ممنوع قرار دے کر اچھا نہیں کیا ہے''۔﴿یا﴾

marfat.com

یہ کہنا کہ ''اسلام نے غیر مسلموں کے ساتھ مودت کو حرام قرار دینے میں بین الاقوامی حالات کو پیش نظر رکھا ہے نہ حریت فکر کی آزادی دی ہے''۔ اِن میں ضروریات دینی کیساتھ ایمان کے لازمہ یعنی تسلیم ورضا کی ضد پائی جاتی ہے۔

(۱۳) التزام کفر کی تیرہویں قسم کی مثال جیسے کوئی دعویدار اسلام یہ کہہ دے کہ ''اسلام میں اگر نمازوں کی پابندی نہ ہوتی تو کیا اچھا ہوتا''۔ ﴿یا﴾

پیغمبر ﷺ کے مبعوث نہ ہونے کی تمنا کرے۔

﴿یا﴾

ماہ رمضان المبارک سے نفرت کرتا ہوا یہ کہہ دے کہ ''روزہ رمضان فرض نہ ہوتے تو کیا اچھا ہوتا'' اِن سب میں ضرورت دینی کے ساتھ ایمان کے لازمہ یعنی ''مَا یُؤْمَنُ بِہٖ'' کے ساتھ محبت کی ضد پائی جاتی ہے۔

(۱۴) التزام کفر کی چودہویں قسم کی مثال جیسے کسی غیر مسلم مذہب والے کو ماہ رمضان المبارک میں کھاتے پیتے ہوئے دیکھ کر یہ کہنا کہ ''ہم بھی اگر اِس کے مذہب پر ہوتے تو کیا اچھا ہوتا روزہ کی پابندی سے تو آزاد ہوتے''۔ اِس میں ضرورت دینی کے ساتھ ایمان کے لازمہ یعنی جملہ غیر مذاہب سے نفرت وبیزاری کی ضد پائی جاتی ہے۔

## ضروری وضاحت:۔

یہ کہ التزام کفر کی ہر قسم اور ہر مثال کا دوسری قسموں سے جدا اور ناقابل اجتماع ہونا ضروری نہیں ہے بلکہ متعدد قسموں کا ایک ایک مثال میں جمع ہونا بھی ممکن ہے یعنی اِس باب

marfat.com

میں مانعۃ الخلو، مانعۃ الجمع نہیں اس لئے اہل علم اور دار الافتاء کے نوخیز مفتیوں کو اِس حوالہ سے کسی قسم کا اشتباہ نہ ہونا چاہیئے۔

التزام کفر جہاں پر بھی ہوگا ''اعاذنا اللہ منہ'' اِن صورتوں سے خارج کبھی نہیں ہوگا' ان میں سے ہر صورت اِرتداد اور خارج اسلام قرار دینے' اور مرتد کے جملہ احکام اس پر لاگو کرنے کی ایسی واضح دلیل ہے کہ اس کے بعد ایسے شخص کو کافر کہنے میں تردد کرنے والا اور اس کے کفر و عذاب میں شک کرنے والا بھی اسلام سے خارج ہو جاتا ہے۔ جیسے فتاویٰ مجمع الانہر' شرح ملتقی الابحر' جلد 1' صفحہ 677 میں ہے:

''مَنْ شَكَّ فِیْ كُفْرِهٖ وَعَذَابِهٖ فَقَدْ كَفَرَ''

اب علماء کرام کیلئے قابل توجہ مسئلہ یہ ہے کہ التزام کفر کی مذکورہ صورتوں میں سے کسی کا ارتکاب کرنے والا تو اس وجہ سے مرتد قرار پایا کہ اس نے ملت اسلام کی یا اس کے کسی ضروری حکم کی تکذیب کی جیسے التزام کفر کی مذکورہ صورتوں میں سے پہلی اور دوسری صورتوں میں ہوتا ہے۔ ﴿یا﴾

تکذیب وانکار کی کسی یقینی وفطری علامت کا ارتکاب کیا جو بالیقین ذی علامت کی جگہ پر واقع ہے جیسے باقی بارہ (۱۲) صورتوں میں ہوتا ہے۔ لیکن مرتد قرار پانے والے اس شخص کے کفر وارتداد میں توقف یا شک کرنے والے کا خارج از اسلام ہونے کی بظاہر کوئی وجہ معلوم نہیں ہو رہی تو پھر ''مَنْ شَكَّ فِیْ كُفْرِهٖ وَعَذَابِهٖ فَقَدْ كَفَرَ'' کے احکام اس پر جاری کرنے کا کیا فلسفہ ہو سکتا ہے؟

یہ وہ مسئلہ ہے جس کی طرف اسلاف کے ذخیرہ کتب میں نہ اپنے ہم عصر علماء کرام

marfat.com

میں کسی کا ذہن متوجہ ہوتا ہوا ہم نے دیکھا' کہنے کی حد تک تو کتب فتاویٰ میں بھی موجود ہے اور ہمارے ہم عصر علماء کرام بھی اسلاف کے عین مطابق ''مَنْ شَكَّ فِیْ كُفْرِهٖ وَعَذَابِهٖ فَقَدْ كَفَرَ'' کہتے نہیں تھکتے بالخصوص ''حسام الحرمین علی منحر الکفر والمین'' جو عرب وعجم کے چاروں مذاہب کے علماء کرام کے فتوؤں کی مجموعہ ہے، کے ایک ایک صفحہ پر متعدد بار شریعت مقدسہ کا یہ حکم لکھا ہوا موجود ہے لیکن اس کے فلسفہ و پس منظر پر توجہ دے کر شرعی احکام کی تبلیغ کو موثر بنانے کی توفیق

این سعادت بازور باز ونیست تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

حقیقت یہ ہے کہ ہمارے علماء و مفتیان کرام محض نقل در نقل اور تقلید در تقلید کی سہولت پسندی میں مبتلا ہو کر غور و فکر کی تکلیف اٹھانے سے کنارہ کش ہو چکے ہیں۔ تن آسانی کے عادی ہو کر فلسفہ جوئی اور احکام کی تبلیغ کو موثر بنانے کی تدبیر سے عاری ہو چکے ہیں۔ جس کے نتیجہ میں اگر وہ شخص جس پر ''مَنْ شَكَّ فِیْ كُفْرِهٖ وَعَذَابِهٖ فَقَدْ كَفَرَ'' کے احکام جاری کر کے اسے مرتد قرار دیا جاتا ہے۔ اگر ان کے خلاف ہتک عزت کا مقدمہ دائر کرے تو ان حضرات کے پاس قرآن وسنت سے اس فتویٰ کو ثابت کرنے کی استطاعت نہیں ہوتی اور ''قال فلان وفلان'' کہنے کے سوا ان کے پاس اور کوئی چارہ کار نہیں ہوتا ایسے میں کفر وارتداد کے خلاف تبلیغ کے متاثر ہونے کے ذمہ داران حضرات کے سوا کوئی اور نہیں ہے' اس نکتہ کا تذکرہ اسلئے کر رہا ہوں کہ کتب فتاویٰ میں جن جن باتوں پر حکم کفر کیا گیا ہے۔ وہ سب کے سب درست نہیں ہیں کہ ان کے خلاف قانونی چارہ جوئی کرنا ممکن نہ ہو بلکہ ان میں سے کچھ خلاف حقیقت بھی ہیں' کچھ مبنی بر مغالطہ کچھ مبنی بر تعصب اور کچھ انداز تبلیغ کے

marfat.com

زجروترہیب کی جوازی صورتوں پر بھی مبنی ہو سکتے ہیں۔جن کے پس منظراور حقیقتوں کو سمجھے بغیران کے اشباہ ونظائر کے ارتکاب کرنے والوں پر''مَنْ شَكَّ فِیْ كُفْرِهٖ وَ عَذَابِهٖ فَقَدْ كَفَرَ'' جیسافتویٰ جاری کرنا خطرناک ہوسکتا ہے۔کیونکہ ایک غیر مسلم کو مسلمان کہہ کرمسلمانوں والے احکام اس پر جاری کرنا حرام ومعصیت کاری ہونے کی طرح ہی ایک مومن مسلمان کو کافر کہہ کر مرتد والے احکام کاسزاوارقرار دینا بھی حرام ومعصیت کاری ہے۔

اس لئے اسلامی ذخیرہ کتب میں موجود تکفیری صورتوں کے جداجدامواقع کوان کے پس منظروفلسفہ کے ساتھ سمجھنااس غلطی سے بچنے کی اولین شرط ہے۔وضاحتی تفصیل کے اس نکتہ سے التزام کفرکرنے والے شخص کے کفرمیں شک اورتوقف کرنے والوں پر مرتد کے احکام جاری ہونے کے فلسفہ کو سمجھنا آسان ہوگیا، اسلئے کہ اس نے ایمان شرعی کے لوازمات میں سے ایک لازمہ کی نقیض کاارتکاب کیا ہے۔جو بجائے خودالتزام کفرکی مذکورہ صورتوں میں سے ایک صورت ہے۔وہ لازمہ یہاں پر نظام مصطفیٰ ﷺ اوراس کی جملہ ضروریات کی ضدیانقیض اوراس کے خلاف کرنیوالے جملہ اشخاص و مذاہب باطلہ سے بیزاری ہےتو ظاہر ہے کہ مرتدکومرتد کہہ کراس سے بیزار ہونا بھی اس لازمہ کا حصہ ہے جو شک وتوقف کی صورت میں مفقود ہے کیونکہ بیزاری کی نقیض عدم بیزاری ہے جوشک اور توقف کی شکل میں پائی جاتی ہے اور نقیضین میں سے ایک کا وجود آپ ہی دوسرے کی نفی ہے لہٰذاالتزام کفرکی مذکورہ صورتوں میں سے کسی کاارتکاب کرنیوالے شخص کے کفرواستحقاق عذاب میں توقف یاشک کرنے والوں کیلئے فقہاء کرام کی یہ عبارت؛

marfat.com

"مَنْ شَكَّ فِىْ كُفْرِهٖ وَعَذَابِهٖ فَقَدْ كَفَرَ"

التزامی کفر کی مذکورہ صورتوں سے خارج کوئی اور چیز نہیں ہے کہ اس کے فلسفہ کو سمجھنا مشکل ہو بلکہ مذکورہ صورتوں کی فہرست میں شامل چودھویں قسم کی ایک مثال و جزئیہ ہے۔

دوسری وجہ اس کی یہ بھی ہے کہ التزام کفر کرنے والوں سے بیزاری اور ان کو خارج اسلام سمجھنے کا جو شرعی حکم ہے یہ بجائے خود ضروریات دینیہ کے قبیلہ سے ہے جس میں شک یا توقف کرنا ایمان و تسلیم کی ضد ہونے کی بناء پر عدم ایمان کی دلیل ہے اس لئے کہ نقیضین یا ضدین میں سے ایک کا وجود آپ ہی دوسرے کی نفی ہے۔ اِس صورت میں "مَنْ شَكَّ فِىْ كُفْرِهٖ وَعَذَابِهٖ فَقَدْ كَفَرَ" کا فتویٰ التزام کفر کی دوسری قسم پر منطبق ہوگا۔

## ﴿ایک اور مغالطہ کا ازالہ﴾

ہوسکتا ہے کہ کسی کو یہ مغالطہ ہو جائے کہ التزام کفر کی ان صورتوں کو عین کفر قرار دے کر ان کے مرتکب کو خارج اسلام کہنا اہل سنت والجماعت کے اصول کے خلاف ہے کہ اہل قبلہ کو کافر کہنا جائز نہیں ہے۔ جیسے شرح عقائد میں ہے؛

"وَمِنْ قَوَاعِدِ اَهْلِ السُّنَّةِ وَالْجَمَاعَةِ اَنْ لَّا يُكَفَّرَ اَحَدٌ مِّنْ اَهْلِ الْقِبْلَةِ"

یعنی اہل قبلہ میں سے کسی کی تکفیر نہ کرنا اہل سنت والجماعت کے قواعد میں سے ہے"۔ (شرح عقائد نسفی، صفحہ 117)

نیز شرح مقاصد، جلد دوم، صفحہ 269 پر ہے؛

marfat.com

''عَنْ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی اَنَّہٗ لَمْ یُکَفِّرْ اَحَدًا مِّنْ اَ
الْقِبْلَۃِ وَعَلَیْہِ اَکْثَرُ الْفُقَہَاءِ''

اس کا جواب یہ ہے کہ شریعت کی زبان میں قبلہ کے دو معنی ہیں ایک ظاہری و محسوس اور دوسرا باطنی و معنوی۔ ظاہر و حسی قبلہ تو بیت اللہ شریف ہے جس کے مطابق اہل قبلہ کے معنی ہیں بیت اللہ شریف کو قبلہ ماننے اور اس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے والے جبکہ باطنی و معنوی قبلہ ملت اسلام سے عبارت ہے جس کی تعبیر نظام مصطفیٰ سے بھی اور ''جَمِیْعُ مَاعُلِمَ مَجِیْئُہٗ ﷺ بِہٖ بِالضَّرُوْرَۃِ'' سے بھی کی جاسکتی ہے جس کے مطابق اہل قبلہ کے معنی ہیں ملت اسلام کو بلا کم و کاست ماننے والے یعنی تمام ضروریات دین کو ماننے اور تسلیم کرنے والے' شریعت کی خاص زبان میں اہل قبلہ اس دوسرے معنی کے ساتھ خاص ہے۔ جس وجہ سے ماہرین الٰہیات یعنی متکلمین سے لے کر فقہاء کرام تک اور مفسرین سے لے کر محدثین و صوفیاء کرام تک سب کے سب اس سے مراد دوسرا معنی ہی لیتے ہیں یعنی تمام ضروریات دین کو ایمان شرعی کے مطابق تسلیم کرنے والے۔

لہٰذا شرح عقائد کی مذکورہ عبارت میں اہل قبلہ سے مراد بھی یہی خاص شرعی معنی متعین ہے اور اسی کو اہلسنت والجماعت کا مسلمہ عقیدہ بتایا گیا ہے جس کا حاصل مطلب یہ ہے کہ اہل قبلہ یعنی تمام ضروریات دین کو ایمان شرعی کے مطابق تسلیم کرنے والے کسی بھی شخص کی تکفیر نہ کرنا اہل سنت والجماعت کے قواعد میں سے ہے۔ تو ظاہر ہے کہ ہر مومن مسلمان کہلانے والا شخص اس وقت تک اہل قبلہ کہلائے گا جب تک التزام کفر کی مذکورہ صورتوں میں سے کسی کا مرتکب نہ ہوا ہو ورنہ شریعت کی خاص زبان میں وہ اہل قبلہ کہلانے

marfat.com

کا ہرگز مستحق نہیں ہے کیونکہ اہل قبلہ ہونے کیلئے تمام ضروریات دین کو شرعی ایمان کے مطابق تسلیم کرنا ضروری ہے جبکہ التزام کفر کی ان صورتوں میں اس کی ضد یا نقیض پائی جاتی ہے اور ضدین یا نقیضین میں سے ایک کا پایا جانا آپ ہی دوسرے کی نفی ہے یعنی ایمان شرعی کی تکذیب وانکار کی یقینی علامت ہے۔ ایسے میں اہل قبلہ کو کافر قرار دینے کا اعتراض قطعاً لازم نہیں آتا۔

## ﴿مغالطہ کا تفصیلی جواب و تحقیق مقام﴾

اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ لفظ قبلہ عربی زبان میں ''جِلْسَۃٌ'' کے وزن پر کسی چیز کی مخصوص حالت وہیئت پر دلالت کرنے کے لئے موضوع ہے۔ جیسے لفظ ''جِلْسَۃٌ'' کا بیٹھنے کی مخصوص حالت وکیفیت پر دلالت کرنے کے لئے جہت ومکان جیسے کسی بنیاد کا ہونا ضروری ہے اسی طرح اہل قبلہ کے اندر موجود قبلہ کیلئے بھی کسی حسی یا معنوی بنیاد کا ہونا ضروری ہے۔ لفظ قبلہ اسی تناسب سے کسی انسانی کردار کی اس بنیاد پر دلالت کرتا ہے جس پر اس کردار کی کیفیت مبنی ہوتی ہے جیسا کہا جاتا ہے ''مَالَہٗ قِبْلَۃٌ'' یعنی یہ ایسا عمل ہے جسکی کوئی بنیاد نہیں ہے۔ (المنجد۔ مادہ' ق' ب' ل) اور کبھی ''مَالَہٗ قِبْلَۃٌ وَلَادِبْرَۃٌ'' بھی کہا جاتا ہے، یعنی یہ ایسا عمل ہے جس کے آگے پیچھے کوئی بنیاد نہیں ہے۔ (المنجد۔ مادہ' ق' ب' ل) اور ظاہر ہے کہ انسانی کردار کبھی ظاہر ومحسوس ہوتا ہے جس کو ہر شخص دیکھ اور جان سکتا ہے اور کبھی غیر محسوس ہوتا ہے جس کو دیکھنے سے انسان عاجز ہوتا ہے تو ظاہری عمل کی بنیاد ''وَمَا یَتَوَجَّہُ وَیَسْتَقْبِلُ اِلَیْہِ'' بھی ظاہر ومحسوس ہوتا ہے جیسے بیت اللہ شریف مسلمانوں کی نماز

marfat.com

کیلئے، بیت اللحم نصاریٰ کی نماز کیلئے اور بیت المقدس یہود کی نماز وعبادات کیلئے اور باطنی عمل کا قبلہ و بنیاد بھی معنوی ہوتی ہے۔ جیسے عقائد کیلئے اسلامی تعلیمات' جب عقیدہ ایک باطنی ومعنوی اور غیر محسوس کردار ہے تو اسکا قبلہ و بنیاد جو ملت اسلام اور ضروریات دینیہ ہیں بھی غیر محسوس قرار پائے اور یہ بھی کسی سے مخفی نہیں ہے کہ ایمان وکفر بھی از قبیلہ اعتقادیات ہونے کی وجہ سے غیر محسوس کردار ہیں۔ان حقائق کی روشنی میں اہل قبلہ کے حوالہ سے شریعت مقدسہ کی خاص اصطلاح کا فلسفہ وپس منظر بھی واضح ہو رہا ہے کہ جو اہل قبلہ ہوتا ہے یعنی ملت اسلام کو اور اس کے جملہ ضروریات کو دل وجان سے تسلیم کرتا ہے تو اس کا یہ عقیدہ و عمل ملت اسلام اور ضروریات دین پر مبنی ہوتا ہے۔

دوسرے الفاظ میں یوں بھی کہا جا سکتا ہے کہ اس کا ''وَمَا يَتَوَجَّهُ وَيَسْتَقْبِلُ إِلَيْهِ'' اور قبلہ و بنیاد ملت اسلام اور اس کے جملہ ضروریات کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ ہماری اس تحقیق سے جہاں لفظ اہل قبلہ کی جامعیت واضح ہوتی ہے کہ یہ مومن مسلمان کی شرعی تعریف اور شرعی ایمان کی خوبصورت تعبیر ہے۔ وہاں یہ بھی واضح ہو رہا ہے کہ فقہاء کرام اور متکلمین اسلام کی زبان پر استعمال ہونے والا یہ لفظ لغوی معنی کے خلاف یا اس کے مد مقابل ہرگز نہیں ہے ورنہ اندرون اسلام اپنوں کے لئے باعث شکوک وشبہات اور بیرون اسلام اغیار کے لئے باعث اعتراض ہو سکتا ہے کہ لغت کے برخلاف اصطلاح تراشنے کا یہ اختیار الٰہیات والوں کو کس نے دیا ہے جبکہ منقولات شرعیہ کہلانے والے اور شریعت کی مخصوص زبان میں استعمال ہونے والے صلوٰۃ' زکوٰۃ' صیام جیسے تمام الفاظ اپنے اصلی اور لغوی معانی ومفہومات کے مناسب ہوتے ہیں ورنہ انہیں منقول کہنے کی جسارت کون کرسکتا ہے' ہماری

marfat.com

اس تحقیق سے فقہاء کرام اور متکلمین اسلام کے کلام کی بھی اس حوالہ سے وضاحت ہوگئی کہ جہاں پر انہوں نے اہل قبلہ کا لغوی معنی بیت اللہ شریف کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے والے اور اس کے مقابلہ میں شرعی اصطلاح جملہ ضروریات دینی کو ماننے والا بتایا ہے کہ اس قسم تمام مقامات میں ان کی مراد اس لفظ کے شرعی مفہوم کی وضاحت کے سوا اور کچھ نہیں ہے تاہم بیت اللہ شریف کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے والے کو اہل قبلہ کا لغوی معنی بتانے میں ان حضرات نے چشم پوشی و مسامحت اختیار فرمائی ہے۔ جو اہل علم حضرات کے معمولات کا حصہ ہونے کی وجہ سے قابل اعتراض بھی نہیں ہے۔ سلف صالحین کے اس عمل کو مسامحت سے ہم اس لئے تعبیر کر رہے ہیں کہ لغت میں لفظ قبلہ کسی انسانی کردار کی مخصوص ہیئت و کیفیت پر دلالت کرنے کے ساتھ ''وَمَا يَتَوَجَّه وَيَسْتَقْبِلُ اِلَيْهِ الی بنیاد کے سوا اور کوئی مفہوم نہیں رکھتا۔

اہل علم پر مخفی نہیں ہے کہ یہ ایک مفہوم کلی ہے جس کے مصادیق و مظاہر میں بیت اللہ شریف سے لیکر بیت اللحم و بیت المقدس اور جملہ ضروریات دینیہ و ملت اسلام تک سب شامل ہیں۔ جیسے المنجد' لسان العرب وغیرہ کے مادہ۔ ق' ب' ل، کے حوالہ سے گذشتہ صفحات میں ہم نے واضح کیا ہے۔ اور مفردات القرآن الامام الراغب الاصفہانی کے مادہ۔ ق' ب' ل، کی مندرجہ ذیل عبارت کے بعد تو اس مفہوم کلی کے افراد کی وسعت میں قطعاً کوئی شک و شبہ باقی نہیں رہتا انہوں نے لکھا ہے:

''وَالْقِبْلَةُ فِي الْاَصْلِ اِسْمٌ لِلْحَالَةِ الَّتِيْ عَلَيْهَا الْمُقَابِلُ نَحْوُ الْجِلْسَةِ وَالْقِعْدَةِ وَفِي التَّعَارُفِ صَارَ اِسْماً لِلْمَكَانِ الْمُقَابَلِ الْمُتَوَجَّهِ اِلَيْهِ

marfat.com

لِلصَّلٰوۃِ"

لغت کی اس شہادت وتصریح کے بعد قبلہ کے مذکورہ دونوں شرعی معنوں کا متعارف فی عرف اہل الشرع ہونا اظہر من الشمس ہو جاتا ہے کیونکہ عرف شرع میں اس کا مفہوم ملت اسلام اور جملہ ضروریات دینیہ ہونا فقہاء کرام اور متکلمین اسلام کی تصریحات سے ثابت ہو چکا ہے اور بیت اللہ شریف کا اس کے عرفی مفہوم ہونے کے لئے مفردات امام راغب کی یہ عبارت سند کافی وشافی ہے جس کے مطابق مسئلہ بے غبار ہو گیا کہ لفظ قبلہ اپنے لغوی مفہوم کے اعتبار سے ایک کلی ہے جسکے جزئیات وافراد کثیرہ میں سے مذکورہ دونوں مفہوم متعارف فی لسان اہل الشرع ہیں۔ یعنی ان دونوں کا اپنے لغوی مفہوم کے افراد اور متعارف فی الشرع ہونے میں کوئی فرق نہیں ہے ایسے میں ایک کو مفہوم لغوی اور دوسرے کو شرعی قرار دے کر مدمقابل کے طور پر ذکر کرنے کا جو انداز ہے وہ چشم پوشی اور مسامحت سے خالی نہیں ہے۔

## ایک اور غلط فہمی کا ازالہ

یہاں پر بہت سے علماء کرام کو مغالطہ ہوتا ہے کہ اہل سنت والجماعت کے مسلمہ اصول کے مطابق اگر کسی کے کلام میں ایک فیصد بھی کفر سے بچنے کا احتمال ہو تو 99 فیصد کے مقابلہ میں اس ایک احتمال پر عمل کرنے کا حکم ہے جس کے مطابق التزام کفر کی مذکورہ صورتوں میں ارتداد کا فتویٰ دینا درست نہیں ہے۔ جیسے الحدیقۃ الندیۃ فی شرح الطریقۃ المحمدیۃ جلد 1 ' صفحہ 302 میں ہے:

marfat.com

''اِذَاکَانَ فِی الْمَسْئَلَۃِ وُجُوْہٌ تُوْجِبُ الْاِکْفَارَ وَوَجْہٌ وَاحِدٌ یَّمْنَعُہٗ یَمِیْلُ الْعَالِمُ اِلٰی مَایَمْنَعُہٗ وَلَا یُرَجِّحُ الْوُجُوْہَ عَلَی الْوَاحِدِ''

یعنی جب کسی مسئلہ میں کئی احتمالات ایسے موجود ہوں جو کفر ثابت کرتے ہیں اور صرف ایک وجہ ایسی ہو جو اس سے منع کرے تو مفتی اسی ایک کو پیش نظر رکھ کر کفر کا فتویٰ دینے سے بچے گا اور ان احتمالات کثیرہ کو ایک پر ترجیح نہیں دے گا۔

اس کا جواب یہ ہے کہ اہل سنت والجماعت کا یہ اصول اپنی جگہ مسلمہ حقیقت ہے بلکہ کفر سے بچانے کیلئے ہزار کے مقابلہ میں صرف ایک احتمال موجود ہو پھر بھی کفر کا فتویٰ دینا جائز نہیں ہے۔ جیسے فتاویٰ رضویہ' جلد 12' صفحہ 317 میں ہے۔

''جبکہ التزام کفر کی تمام صورتوں کا تعلق صریح کلام و کردار کے ساتھ ہے جس میں غیر کا احتمال ہی نہیں ہوتا اور ظاہری مدلول و مفہوم سے پھیر کر اس کے خلاف احتمال و تاویل تلاش کرنا ہرگز جائز نہیں ہوتا''۔

خلاصہ یہ کہ التزام کفر بغیر صریح قول و عمل کے نہیں ہوتا جبکہ صریح میں اُس کے مدلول و مفہوم کے سوا کسی اور کا احتمال ہی نہیں ہوتا ایسے میں غیر کفر کے احتمال کی موجودگی یا قائل تاویل ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

## ایک اور اشتباہ کا ازالہ

التزام کفر ثابت ہو جانے کے بعد فتویٰ تکفیر کا واجب ہونا اور ہر واقف حال مسلمان کو ایسے شخص کے بارے میں خارج اسلام و مرتد ہونے کا عقیدہ رکھنے کیساتھ اس

marfat.com

سے بیزاری ونفرت کا لازمہ ایمان ہونے پر کچھ حضرات کی طرف سے یہ اعتراض بھی سننے میں آیا ہے کہ وہ ''اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالْخَوَاتِمِ'' جیسی حدیثوں کا حوالہ دیکر کہتے ہیں کہ حقیقی مومن ومسلمان وہ ہے جس کا آخری خاتمہ ایمان پر ہو جائے' کیا پتہ ہے کہ ان لوگوں کو آخروقت میں کلمہ نصیب ہو جائے۔ اس احتمال کی موجودگی میں ایسے لوگوں کو خارج از اسلام کہنے میں گناہ کے سوا اور کچھ نہیں ہوگا۔

اس کا جواب یہ ہے کہ ''اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالْخَوَاتِمِ'' والی حدیث سے اس طرح کا استدلال کرنا سراسر غلط اور اشتباہ در اشتباہ کے سوا اور کچھ نہیں ہے کیونکہ اس حدیث میں انسانوں کے اعمال کے متعلق فرمایا گیا ہے کہ ان کا آئندہ کے لئے موثر ہونے یا نہ ہونے کا مدار خاتمہ پر ہے یعنی جس کا خاتمہ ایمان پر ہو جائے۔ اس کو عمر بھر کی معصیت کاریوں سے نجات مل جاتی ہے کہ کسی بھی گناہ کی وجہ سے اُسے دائمی عذاب نہیں دیا جائے گا اور جس کا خاتمہ (العیاذ باللہ) کفر پر ہو جائے تو اس کی عمر بھر کی عبادات واعمال صالحہ ضائع ہو جاتے ہیں۔ اس حدیث یا اس جیسی اور بھی جتنی روایات ہیں ان سب کا مقصد وعبارۃ النص اس کے سوا اور کچھ نہیں ہے لہٰذا اس سے التزام کفر کرنے والوں کی تکفیر کرنے اور ان کو خارج از اسلام سمجھنے کے واجب ہونے کے خلاف استدلال کرنا ''سوال گندم جواب چنا'' کی غلطی سے مختلف نہیں ہے۔ اس کے علاوہ یہ اتنا خطرناک مغالطہ ہے کہ اس سے تو اصلی وخاندانی کافروں اور مشرکوں کو بھی اسلام سے خارج نہ کہنا لازم آئے گا کیونکہ انہیں بھی آخروقت میں شاید ایمان نصیب ہو جائے۔ یہ اس لئے کہ سوائے ابوجہل اور اس کے چند ساتھیوں' جن کا خاتمہ بالکفر سے متعلق ''لَا یُوْمِنُوْنَ'' کی خبر صادق نازل ہوئی ہے' کے سوائے کسی

marfat.com

اور کافر و مشرک کے خاتمہ بالکفر ہونے پر یقین نہیں کیا جا سکتا بلکہ اللہ تعالیٰ کے معصوم بندوں کے سوا ہر شخص میں کچھ بھی ہونے کا احتمال موجود ہوتا ہے۔ یہ اشتباہ اسلام و کفر کے مابین عدم امتیاز اور مومن و کافر کے جدا جدا شرعی احکام کے مابین عدم تفریق سے پیدا ہونے کے علاوہ التباس الحق بالباطل کا بدترین سبب بھی ہے۔ ایمان و کفر کے مابین عدم تمیز اس لئے کہ اگر اس اشتباہ میں مبتلا حضرات کو شرعی ایمان کی حقیقت کا علم ہوتا کہ وہ ملت اسلام اور اس کے تمام ضروری مسائل کے ساتھ اس طرح تصدیق بالقلب' اقرار باللسان کرنا ہے کہ اس کی کسی ضد و نقیض یا اس کے کسی لازمہ کی ضد و نقیض کا ارتکاب نہ ہو تو اس طرح کی کبھی نہ سوچتے کیونکہ ایمان کی اس حقیقت کی ضد یا نقیض کفر کہلاتی ہے۔ التزام کفر کی صورت میں جب کفر کا بالفعل ارتکاب کیا گیا تو ایمان بالفعل معدوم ہو گیا اس میں آخری خاتمہ کے وقت دوبارہ ایمان نصیب ہونا اگرچہ فی نفسہ ممکن ہے لیکن ایمان بالقوۃ اور کفر بالفعل کے مابین نہ تضاد ہے نہ تناقض بلکہ تقابل کی یہ دونوں صورتیں ایمان بالفعل اور کفر بالفعل کے مابین ہی متصور ہو سکتی ہیں۔ اس اشتباہ میں مبتلا حضرات کو اگر تقابل کی حقیقت کا علم ہوتا تو ایسا کبھی نہ سوچتے اس لئے کہ تقابل سے بحث کرنے والی ہر کتاب میں لکھا ہوا ہے کہ تقابل کیلئے اتحاد زمان و مکان اور جہت اولین شرط ہے۔ جس کے مطابق ایک چیز بالفعل موجود ہو اور اس کی ضد یا نقیض کا موجود ہونا بالقوۃ اور بالامکان ہو تو ان کے مابین تقابل ممکن نہیں ہے۔ چہ جائیکہ وہ ضدین یا نقیضین ہو سکے۔ جیسے منطق کی مشہور کتاب ''منظومہ سبزواری'' کے مندرجہ ذیل اشعار:

بِمَنْعِ جَمْعٍ فِی مَحلٍ قَدْ ثَبَت مِن جِھَۃٍ فِی زَمَنٍ تَوَحَّدَت

marfat.com

کی تشریح کرتے ہوئے اُس کے شارح نے لکھا ہے؛

"هٰذَا الْفِعْلُ صِفَةٌ لِلثَّلَاثَةِ اَیْ فِیْ مَحَلٍ وَّاحِدٍ مِنْ جِهَةٍ وَاحِدَةٍ فِیْ زَمَانٍ وَاحِدٍ" (شرح منظومہ سبزواری، صفحہ 111)

ایمان وکفر کے مابین عدم تفریق پر مبنی اس اشتباہ میں مبتلا یہ حضرات ذرا ہوش سے کام لیتے تو بالیقین انہیں سمجھ آتی کہ اس اعتراض کے مطابق اِن کا خود اپنے آپ کو مسلمان کہنا اور مسلمانوں والے احکام کا مستحق ہونا بھی درست نہیں ہے کیونکہ مستقبل کا کیا پتہ ہے کہ خاتمہ بالایمان ہو جبکہ خاتمہ بالکفر ہونا بھی (العیاذ باللہ) ممکن ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ایسے حضرات عوام کیلئے مذہبی پیشوا بننے کے ہرگز اہل نہیں ہیں اس لئے کہ اسلام اور کفر کے مابین بنیادی فرق سے غافل ہونے کی بناء پر وہ خود قابل اصلاح ہیں۔ حقیقی علماء تبلیغ کر کے انہیں سمجھائیں کہ جو شخص حاضر وقت میں بالفعل مومن مسلمان ہے اس کو مسلمان سمجھنا، کہنا اور اسلام کے جملہ احکام اس پر لاگو کرنا اور مومن مسلمان والا احترام اسے دینا، سب مسلمانوں پر فرض ہے، چاہے مستقبل اور خاتمہ کے حوالہ سے کچھ بھی ہو اس کا علم اللہ کو ہے اور اگر حاضر وقت میں بالفعل مسلمان نہیں ہے تو بالیقین کافر اور غیر مسلم ہوگا چاہے اصلی و خاندانی ہو یا مرتد ہونے کی صورت میں بہر تقدیر اسے کافر سمجھنا اور کہنا سب پر فرض ہے اور مرتد ہونے کی صورت میں اس کے لئے اسلام کے مخصوص احکام جو اصلی اور خاندانی کافروں سے زیادہ سخت ہیں اس پر جاری کرنا بھی ایسا ہی فرض و لازم ہیں جیسے مسلمان سے متعلقہ احکام کو اس پر جاری کرنا۔ اسی اصول کے مطابق قرآن شریف نے مسلمانوں سے متعلق؛

marfat.com

''قُلْ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا'' اور کافروں سے متعلق ''قُلْ یٰٓاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ '' جیسے احکام ارشاد فرمائے ہیں۔ یہ حضرات کم از کم قرآن شریف کے اِن احکام پر غور کرتے تو پھر بھی ایسے اشتباہ میں نہ پڑتے۔

## ایک اور مغالطہ کا ازالہ

کچھ اسلام ناشناس حضرات یہ کہہ کر لوگوں کو اشتباہ میں ڈالتے ہیں کہ اسلام نے ستر پوشی کا حکم دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ''فَاعْفُوْا وَاصْفَحُوْا'' کا ارشاد فرما کر عفو اور درگزر کرنے کا فرمایا ہے۔ اور رسول اللہ ﷺ نے ''مَنْ سَتَرَ مُسْلِماً سَتَرَہُ اللّٰہُ'' ارشاد فرما کر چشم پوشی کرنے کی ترغیب دی ہے۔

جبکہ یہ تنگ نظر علماء مذہبی آزادی کو برداشت نہیں کر سکتے ہیں، تو چھوٹی چھوٹی باتوں پر لوگوں کو کافر قرار دے کر اسلام کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ اسلام کے یہ نادان دوست رسول اللہ ﷺ کے فرمان: ''اَلْاِسْلَامُ یَعْلُوْ وَلَا یُعْلٰی عَلَیْہِ'' سے استدلال کر کے اس اعتراض کو مزید گمراہی کا سامان بنالیتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ نے اس حدیث کے مطابق اسلام کا غلبہ بتایا ہے کہ کفر کے عمل سے یہ مغلوب نہیں ہوتا بلکہ کفر کے ہر عمل پر غالب رہتا ہے تو پھر کسی مدعی اسلام کو اس کے کسی قول وعمل کی بنیاد پر اسلام سے نکال کر مرتد قرار دینا اسلام کے غالب ہونے کے خلاف ہے۔ اس اعتراض کو دہرانے اور پھیلانے والوں کی موجودہ دور میں کثرت ہے بالخصوص وہ جدید تعلیم یافتہ طبقہ اس میں زیادہ مبتلا ہے جو دین کو دنیا پر اور روحانیت کو مادیت پر قیاس کر کے دین اسلام کی بنیادی

marfat.com

تعلیمات واحکام سے دور ہوتا جارہا ہے، جس کا مبلغ اسلام اس کے سوا اور کچھ نہیں ہے کہ مسلم گھرانے میں پیدا ہونے کی بنیاد پر مسلمان کہلاتا ہے اور قرآن وحدیث کے کچھ تراجم پڑھ کر اسی کو اصل اسلام تصور کر کے اس کے ساتھ جذباتی لگاؤ رکھتا ہے جبکہ حقیقت میں اسلام کی بنیادی تعلیمات واحکام سے بھی ناآشنا ہے۔

اِس مغالطہ کا جواب یہ ہے کہ قرآن وحدیث کے مذکورہ جن نصوص کو پیش نظر رکھ کر یہ اعتراض کیا جارہا ہے۔ اِن سب کا تعلق عمل سے ہے عقیدہ سے نہیں جبکہ ہمارے پیش نظر مسئلہ یعنی کفر وارتداد کا تعلق عقیدہ سے ہے کہ وہ ملت اسلام یا اُس کے کسی ضروری مسئلہ سے انکار وتکذیب ہے۔ جیسے کفر وارتداد کی پہلی اور چوتھی قسموں میں ہوتا ہے یا اس تکذیب وانکار کی سو فیصد یقینی علامت ہو جیسے باقی آٹھ قسموں میں ہوتا ہے اور جو قول وعمل اس زمرہ میں نہیں ہے وہ کفر ہے نہ ارتداد، اِس کے قائل وعامل اسلام سے نکلتے ہیں نہ اُن پر کفر وارتداد کے احکام جاری کرنا جائز ہوتا ہے، نہ کوئی ذمہ دار عالم دین اُنہیں مسلمانوں کی صف سے خارج قرار دینے کی بات کرسکتا ہے نہ کوئی مفتی اسلام اُن پر ''مَنْ شَكَّ فِیْ كُفْرِهٖ وَعَذَابِهٖ فَقَدْ كَفَرَ '' جیسے احکام جاری کرنے کا فتویٰ دے سکتا ہے۔ اِس کے علاوہ یہ بھی ہے کہ مذکورہ اعتراض کیلئے آیت کریمہ ''فَاعْفُوْا وَاصْفَحُوْا '' سے استدلال کرنا بھی بے محل ہے کیونکہ یہ جہری اور علانیہ کفار سے متعلق ہے، جیسے سیاق وسباق اور بالخصوص متصلاً بعد کا ارشاد جس میں ''حَتّٰى یَاْتِیَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ'' فرمایا گیا ہے اس پر قطعی دلیل وقرینہ ہے یہی وجہ ہے کہ جملہ مفسرین کرام میں آج تک کسی ایک نے بھی اس آیت کریمہ کا ربط اسلام سے پھیر کر مرتد ہونے والوں کے ساتھ نہیں جوڑا ہے۔ ایسے میں اسلام سے پھر کر

marfat.com

مرتد ہونے والوں کو مسلمان ثابت کرنے کیلئے اس آیت کریمہ سے استدلال کرنا ''سوال گندم جواب چنا'' سے مختلف نہیں ہے۔

یہی حال حدیث شریف ''مَنْ سَتَرَ مُسْلِماً سَتَرَہُ اللّٰہُ'' سے استدلال کرنے کا ہے کہ اسلام سے پھر کر مرتد ہونے والوں کے ساتھ اس کا کوئی تعلق ہی نہیں ہے جیسے اسی کے اندر واقع لفظ مسلم سے معلوم ہو رہا ہے کہ اس کا مفاد اس کے سوا کچھ اور نہیں ہے کہ کسی مسلمان کی قولی و فعلی کمزوریوں کو اس کے مسلمان ہونے کے احترام میں چھپا کر ستر پوشی کی جائے لہٰذا مذکورہ اعتراض کو ثابت کرنے کیلئے اس سے استدلال کرنا ''کَلِمَۃُ الْحَقِّ اُرِیْدَ بِھَا الْبَاطِلُ'' کے قضیہ سے مختلف نہیں ہے۔

یہی حال حدیث ''اَلْاِسْلَامُ یَعْلُوْ وَلَا یُعْلیٰ عَلَیْہِ'' سے استدلال کرنے کا بھی ہے کہ حقیقت میں اس حدیث کا اسلام سے پھر کر مرتد ہونے والوں کے ساتھ قطعاً کوئی ربط ہی نہیں ہے کیونکہ اس کا مفاد فقط یہی ہے کہ اسلام غالب رہنے اور اپنے ماننے والوں کو غیر مسلموں پر غالب کرنے کی تعلیم دینے کیلئے آیا ہے۔ جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا؛

''ھُوَ الَّذِیْ اَرْسَلَ رَسُوْلَہٗ بِالْھُدیٰ وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْھِرَہٗ عَلَی الدِّیْنِ کُلِّہٖ وَلَوْ کَرِہَ الْمُشْرِکُوْنَ'' (سورۃ توبہ آیت 33)

اس حدیث کے الفاظ ''اَلْاِسْلَامُ یَعْلُوْ وَلَا یُعْلیٰ عَلَیْہِ'' سے معلوم ہونے والے وسیع المقاصد مفہوم سے پیشروان اسلام اور مختلف مکاتب اہل اسلام حضرات نے بے شمار جزئیات و مسائل کا تو استنباط فرمایا ہے لیکن کسی بھی مسلک میں مرتد ہونے والوں کو رعایت دیکر مسلمانوں کی صف میں رکھنے کیلئے نہیں سوچا گیا۔ سوچتے بھی کیسے جبکہ

marfat.com

اسلام و کفر میں تضاد ہے یعنی جس دل میں اسلام ہوگا' وہاں کفر نہیں ہوسکتا اور جس دل میں کفر ہو، وہاں اسلام کی کوئی گنجائش نہیں ہوتی۔ نیز یہ کہ اللہ تعالیٰ نے اسلام کو نور اور کفر کو ظلمت قرار دیا ہے، جن کا جمع ہونا ممکن نہیں ہے۔ نیز یہ کہ اسلام کو سایہ رحمت اور کفر کو حرارت کی دھوپ فرمایا جو کبھی جمع نہیں ہوسکتے' مسلمانوں کو زندہ اور کافروں کو مردہ فرمایا جن کا ایک جسم میں اکٹھے ہونا محال ہے۔ مسلمانوں کو بینا' کافروں کو نابینا فرمایا جن کا جمع ہونا ممکن نہیں ہے۔ جیسے ارشاد فرمایا؛

''وَمَا يَسْتَوِي الْأَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ﴿۱۹﴾ وَلَا الظُّلُمٰتُ وَلَا النُّوْرُ ﴿۲۰﴾ وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُوْرُ ﴿۲۱﴾ وَمَا يَسْتَوِي الْأَحْيَآءُ وَلَا الْأَمْوَاتُ ﴿۲۲﴾''

(سورۃ فاطر' آیت 19 تا 22)

اللہ تعالیٰ کا اسلام و کفر کو' مسلم و غیر مسلم کو ان متضاد چیزوں کے ساتھ تشبیہ دے کر ان کے اجتماع کو محال و ناممکن بتانے کے بعد ان حضرات کا یہ کہنا کہ التزام کفر کی مذکورہ صورتوں کے ارتکاب کرنے والے پھر بھی مسلمان کہلائے جائیں اس حماقت سے مختلف نہیں ہے کہ مردہ پر زندہ کے احکام جاری کیے جائیں یا اندھے و نابینا کو بینا کہا جائے۔ اللہ تعالیٰ کے ان ارشادات اور تقاضائے فطرت کے مطابق جب کسی کے دل میں کفر ہوگا تو اس میں اسلام نہیں ہوسکتا کیونکہ باہمی ضدین ہونے کی وجہ سے ایک کا پایا جانا آپ ہی دوسرے کی نفی ہے جسکے بعد کسی اور دلیل کی ضرورت نہیں رہتی۔ جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا؛

''وَمَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِي جَوْفِهٖ''

یعنی اللہ تعالیٰ نے کسی بھی انسان کے اندر دو دل پیدا نہیں کیے جو بیک وقت ایک

marfat.com

اسلام وکفر میں تضاد ہے یعنی جس دل میں اسلام ہوگا' وہاں کفر نہیں ہوسکتا اور جس دل میں کفر ہو، وہاں اسلام کی کوئی گنجائش نہیں ہوتی ۔ نیز یہ کہ اللہ تعالیٰ نے اسلام کو نور اور کفر کو ظلمت قرار دیا ہے، جن کا جمع ہونا ممکن نہیں ہے ۔نیز یہ کہ اسلام کو سایہ رحمت اور کفر کو حرارت کی دھوپ فرمایا جو کبھی جمع نہیں ہو سکتے' مسلمانوں کو زندہ اور کافروں کو مردہ فرمایا جن کا ایک جسم میں اکٹھے ہونا محال ہے ۔ مسلمانوں کو بینا' کافروں کو نابینا فرمایا جن کا جمع ہونا ممکن نہیں ہے۔ جیسے ارشاد فرمایا؛

''وَمَا يَسْتَوِى الْأَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ﴿١٩﴾ وَلَا الظُّلُمٰتُ وَلَا النُّوْرُ ﴿٢٠﴾ وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُوْرُ ﴿٢١﴾ وَمَا يَسْتَوِى الْأَحْيَآءُ وَلَا الْأَمْوَاتُ ﴿٢٢﴾''

(سورۃ فاطر' آیت 19 تا 22)

اللہ تعالیٰ کا اسلام وکفر کو' مسلم وغیر مسلم کو ان متضاد چیزوں کے ساتھ تشبیہ دے کر ان کے اجتماع کو محال و ناممکن بتانے کے بعد ان حضرات کا یہ کہنا کہ التزام کفر کی مذکورہ صورتوں کے ارتکاب کرنے والے پھر بھی مسلمان کہلائے جائیں اس حماقت سے مختلف نہیں ہے کہ مردہ پر زندہ کے احکام جاری کیئے جائیں یا اندھے و نابینا کو بینا کہا جائے۔ اللہ تعالیٰ کے ان ارشادات اور تقاضائے فطرت کے مطابق جب کسی کے دل میں کفر ہوگا تو اس میں اسلام نہیں ہوسکتا کیونکہ باہمی ضدین ہونے کی وجہ سے ایک کا پایا جانا آپ ہی دوسرے کی نفی ہے جسکے بعد کسی اور دلیل کی ضرورت نہیں رہتی ۔ جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا؛

''وَمَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِىْ جَوْفِهٖ''

یعنی اللہ تعالیٰ نے کسی بھی انسان کے اندر دو دل پیدا نہیں کیئے جو بیک وقت ایک

marfat.com

میں اسلام والا عقیدہ رکھے اور دوسرے میں کفر والا۔ (سورۃ الاحزاب' آیت 4)

قرآن شریف کے ان حقائق اور تقاضائے فطرت کے عین مطابق اسلام کی ضد یا نقیض یا اس کی ضد ونقیض کی سو فیصد یقینی علامت کا صراحتاً ارتکاب کر کے اسلام سے خارج ہو کر خود بخود کافر ہونے والوں کا کفر ظاہر کرنا علمائے دین کی شرعی مسئولیت ہے جس میں نہ کوئی سختی ہے نہ تنگ نظری ایسے حضرات کو تنگ نظری کا الزام دینے والے حقیقت میں اسلام اور کفر کے مابین فرق کو ہی نہیں سمجھتے ہیں۔ ہماری فہم کے مطابق علمائے حق پر ایسا اعتراض کرنے والوں کا یہ طبقہ اسلام وکفر کی تمیز کے حوالہ سے جہالت میں مبتلا ہونے کی بناء پر نہایت قابل رحم وقابل اصلاح ہے اگر ان سے پوچھا جائے کہ تمہاری فہم کے مطابق جب التزام کفر کی مذکورہ صورتوں کے ارتکاب کرنے والوں کو کافر کہنا جائز نہیں ہے تو پھر اِرتداد کس چیز کا نام ہے؟ حیرانگی کے سوا ان کے پاس کوئی جواب نہیں ہوگا۔ میرے تجربہ کے مطابق اسلام کے اس نادان طبقہ کو کافر کرنے اور کافر بتانے والوں کی بھی تمیز نہیں ہے کہ علمائے حق لوگوں کو کافر کرنے والے ہرگز نہیں ہوتے وہ تو صرف اور صرف کافر بتانے والے ہوتے ہیں یعنی جو لوگ ملت اسلام یا اس کے کسی ضروری مسئلہ سے صراحتاً انکار کرنے کی بناء پر یا اس کی ضد ونقیض کے صراحۃً ارتکاب کرنے کی بناء پر خود کو کافر کر دیتے ہیں یا مدعی اسلام ہونیکے باوجود لوازمات ایمان میں سے کسی لازمہ کی ضد ونقیض کا صراحتاً ارتکاب کرنے کی بناء پر خود کو مرتد کر دیتے ہیں۔ علماء کرام ان کا یہ کفر وارتداد بتانے کے سوا اور کچھ نہیں کرتے ہیں' خود کو کافر و مرتد کرنیوالوں کا یہ کفر وارتداد اگر علماء حق مسلم معاشرہ کو نہ بتائیں' ظاہر نہ کریں اور اسلام وکفر کی تفریق بتانے کے حوالہ سے اپنی مسئولیت انجام

marfat.com

نہ دیں تو مسلم و غیر مسلم کی تمیز نہیں رہے گی۔ جس کے نتیجہ میں غیر مسلموں پر مسلموں والے احکام جاری کرنے، مسلمانوں کے حقوق و احترام انہیں دینے اور انہیں مسلمان کہنے کے گناہوں میں مبتلا ہو کر اللہ کے قہر و غضب کے مستوجب قرار پائیں گے۔ جس سے ڈراتے ہوئے رب ذوالجلال نے فرمایا؛

"وَمَنْ يَتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَإِنَّهُ مِنْهُمْ"

یعنی تم میں کوئی ان سے مودت کرے گا تو وہ ان ہی میں سے ہوگا۔

(سورۃ المائدہ، آیت 51)

نیز فرمایا؛

"لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُونَ الْكَافِرِينَ أَوْلِيَاءَ مِنْ دُونِ الْمُؤْمِنِينَ وَمَنْ يَفْعَلْ ذَٰلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللَّهِ فِي شَيْءٍ" (سورۃ آل عمران، آیت 28)

یعنی مسلمان کافروں کو اپنا دوست نہ بنالیں مسلمانوں کے سوا اور جو ایسا کرے گا تو اسے اللہ سے کچھ علاقہ نہ رہا۔

دین اسلام کے ان نادان دوستوں کو علماء حق اور علماء سوء کی کوئی تمیز ہے نہ وسیع الصدر حقیقی علماء اور تنگ نظر نام نہاد علماء کی تفریق جبکہ علماء حق اور وسیع الصدر حقیقی علماء دین اُس وقت تک کسی بھی مدعی اسلام کو کافر نہیں کہتے جب تک وہ کسی ضرورت دینی سے صراحتاً انکار نہ کرے یا کسی ضرورت دینی کی ضد و نقیض کا صراحتاً ارتکاب نہ کرے۔ صراحتاً ارتکاب کرنے کا مطلب یہ ہے کہ اس میں تاویل کی گنجائش نہ ہو ورنہ اگر ایک فیصد بھی کفر سے بچنے کی گنجائش ہو سکتی ہو بلکہ 99 فیصد قوی دلائل و شواہد کفر کے ہوتے ہوئے صرف ایک

marfat.com

فیصد ضعیف سے ضعیف اور کمزور سے کمزور احتمال وتاویل بھی کفر سے بچا کر ایمان کی بحالی کے لئے موجود ہو تب بھی اسے کافر قرار دے کر اسلام سے خارج کرنا جائز نہیں ہوتا۔ جیسے فتاویٰ ردالمحتار میں ہے؛

''اِذَاکَانَ فِی الْمَسْئَلَۃِ وُجُوْہٌ تُوْجِبُ التَّکْفِیْرَ وَوَجْہٌ وَاحِدٌ یَّمْنَعُہٗ فَعَلَی الْمُفْتِیْ اَنْ یَّمِیْلَ اِلَی الْوَجْہِ الَّذِیْ یَمْنَعُ التَّکْفِیْرَ

یعنی جب کسی مسئلہ میں کفر کی بہت سی دلیلیں ہوں اور کفر سے بچنے کی صرف ایک دلیل ہو ایسے میں مفتی پر اس ایک کو اختیار کر کے اس شخص کو کفر سے بچانا لازم ہے۔

(فتاویٰ ردالمحتار' جلد 3' صفحہ 312)

اس کے دو سطر بعد لکھا ہے کہ؛

''لَایُفْتٰی بِکُفْرِ مُسْلِمٍ اَمْکَنَ حَمْلُ کَلَامِہٖ عَلٰی مَحْمَلٍ حَسَنٍ اَوْکَانَ فِیْ کُفْرِہٖ اِخْتِلَافٌ وَلَوْرِوَایَۃٌ ضَعِیْفَۃٌ''

یعنی اس مسلمان کے کفر کا فتویٰ نہیں دیا جا سکتا جس کے کلام کو جائز محمل پر حمل کرنا ممکن ہو یا اس کے کفریہ ہونے میں اختلاف ہو اگرچہ ضعیف روایت ہی ہو۔

تکفیر کے حوالہ سے علماء حق اور حقیقی مفتیان اسلام کی اس احتیاط کے مقابلہ میں علماء سو اور نام نہاد علماء ہر اس بات پر لوگوں کو کافر قرار دیتے ہیں۔ جو ان کے مزاج کے خلاف ہو یا انکے مخصوص نظریات کے موافق نہ ہو۔ ان غیر معیاری اور غیر ذمہ دار حضرات کی نگاہ میں التزام کفر اور لزوم کفر کی کوئی تمیز ہوتی ہے نہ صریح اور غیر صریح کی تفریق' شرعی معیار کی پہچان ہوتی ہے نہ خوف خدا کا پاس' اکرام مسلم کے حوالہ سے شرعی احکام کا کوئی

marfat.com

خیال ہوتا ہے نہ تکفیر مسلم کی بدانجامی کا احساس جنھیں ضروریات دینیہ اور ضروریات مذہبہ کے مابین فرق کو سمجھنا نصیب ہے نہ اصول دین اور فروغ دین کے جدا جدا احکام کی پہچان بیضۃ الاسلام کی حفاظت اور اتحاد بین المسلمین کی فرضیت سے غافل یہی حضرات حقیقت میں مذہبی جھگڑ بندیوں اور مسلکی قتال وجدال کی آگ سلگانے والے ہوتے ہیں۔ان کو اگر کفر ساز اور لوگوں کو کافر کرنے والے، اسلام کو محدود کر کے بدنام کرنے والے کہا جائے تو بے محل نہ ہوگا۔

لگتا ہے کہ التزام کفر کر کے خود کو اسلام سے نکال کر کافر و مرتد کرنے والوں کا کفر بتانے والے علماء حق اور حقیقی مفتیان اسلام پر تنگ نظری و کفر سازی کا الزام لگانے والے معترضین کا یہ طبقہ ان تمام تر دفعات کو علماء سُو کے اس کفر ساز طبقہ پر لگانا چاہتا ہے لیکن علماء حق اور علماء سُو کے مابین موجود فرق سے بے خبری کی وجہ سے علماء سُو کا یہ سارا گند علماء حق پر ڈالنے کا جرم کر رہا ہے۔ کیا اچھا ہوگا کہ جدید تعلیم کی روشنی والا یہ طبقہ علماء حق اور حقیقی مفتیان اسلام کے دامن عافیت کے ساتھ خود کو منسلک کر کے ان کی ہدایات کے مطابق علماء سُو کی اس کفر ساز اور بے محل فتویٰ بازی کے فتنہ کے خلاف مربوط آواز اٹھائے۔ میں سمجھتا ہوں کہ جس دن ایسا ہوگا اس دن سے علماء سُو اور اتحاد بین المسلمین کے فریضہ کیخلاف مذہبی قتال وجدال برپا کرنے والے ان فتنہ پروروں کو شکست دینا بھی ممکن ہوگا۔

''وَمَا ذَٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْز'' ایسا کرنا اللہ پر کوئی مشکل نہیں ہے۔

''اَللّٰهُمَّ بِكَرَمِكَ عَجِّلْهُ حَتّٰى تَسْتَرِيْحَ عِبَادُكَ مِنْ فِتْنَةِ بِغَاتِكَ''

marfat.com

## ﴿ایک اور مغالطہ اور اس کا جواب﴾

ہوسکتا ہے کہ کچھ حضرات اصول تکفیر کے اسلامی معیار سے بے خبری و جہالت کی وجہ سے اور کچھ مذہبی تعصب و کتمان حق کے زہریلے ماحول کے باسی ہونے کی بنا پر یہ کہہ کر التباس الحق بالباطل کرے کہ التزام کفر کی یہ تمام صورتیں اگرچہ کفر ہیں لیکن اس کے قائل کی مراد وہ نہیں ہے۔ جس پر یہ الفاظ صراحتاً دلالت کررہے ہیں کچھ مرید و تلامذہ اور معتقدین کا اپنے بڑوں کے ساتھ اندھی عقیدت و تقلید میں اس قسم کا مغالطہ دینے کی مثالیں ہمارے ذاتی تجربہ میں شامل ہیں اسلئے اس کا ازالہ بھی ضروری سمجھتا ہوں وہ یہ ہے کہ اسلامی احکام سب کیلئے برابر ہوتے ہیں۔ جس کے متعلق اللہ تعالیٰ نے سورۃ النور آیت 35 میں فرمایا:

"لَا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ"

اسی طرح کسی کو مسلمان سمجھنے یا اسلام سے خارج سمجھنے کیلئے جو اسلامی احکام اور معیار ہے وہ بھی سب کیلئے یکساں ہے۔ جسکی روشنی میں ہر اس شخص کو مومن مسلمان سمجھنا کہنا اور اسلامی احکام اس پر لاگو کرنا سب پر فرض ہے جو نظام مصطفیٰ ﷺ کے ساتھ اور اس کے ہر اس حکم کے ساتھ یقین رکھتا ہو جس کا حصہ اسلام ہونا ہر دور تاریخ میں مسلم معاشرہ کے کسی بھی علم و عمل والے سے مخفی نہ رہا ہو اور اس کی ضد یا نقیض کا بھی ارتکاب نہ کرتا ہو اور اس پر ایمان کے کسی لازمہ کی ضد و نقیض کا بھی ارتکاب نہ کرتا ہو اسی طرح کسی کو خارج از اسلام سمجھنے کیلئے شریعت مقدسہ کا جو معیار ہے وہ بھی سب کیلئے یکساں ہے۔ یعنی جو شخص (العیاذ باللہ) نظام مصطفیٰ ﷺ کی تکذیب کرے یا اس کے کسی ضروری حصہ کی تکذیب

marfat.com

کرے یا اس کی ضد یا نقیض کا ارتکاب کرے یا اس پر ایمان کے لازمہ کی ضد یا نقیض کا ارتکاب کرے تو اسے خارج از اسلام سمجھنا اور کہنا اور مرتد کے جملہ احکام ''مَعْلُوْمَۃٌ فِی الدِّیْنِ'' کو اس پر جاری کرنا سب پر فرض ہے اسی طرح قرآن وسنت سے اصول تکفیر کے اس معیار پر اترنے والے انسانوں کے حوالہ سے بھی کوئی تفریق نہیں ہے کہ کوئی عالم و فاضل پیر و مرشد کہلانے والا اصول تکفیر کے اس معیار پر صراحتاً سو فیصد پورا اترتا ہو تو اس پر یہ احکام جاری نہ کئے جائیں اور دوسروں پر جاری کئے جائیں یا اپنے گھر کے ایسے لوگوں سے چشم پوشی کر کے ان پر لاگو نہ کیا جائے اور دوسروں پر کیا جائے۔ اس تفریق کی گنجائش اسلام میں قطعاً نہیں ہے۔ اسی طرح اصول تکفیر کے اس معیار پر پورے اترنے والوں کیلئے التزام کفر کے ساتھ عقیدہ ہونے اور نہ ہونے کی بھی قطعاً کوئی تفریق نہیں ہے کیونکہ التزام کفر ایک ایسی بلا ہے۔ جیسے زہر کھانے والا، چاہے اسے زہر سمجھ کر کھائے یا دوائی سمجھ کر بہر حال اس نے اپنا عمل کرنا ہی ہے۔

قرآن وسنت کی روشنی میں التزام کفر کرنے والوں کا بھی یہی حال ہے۔ فرق اگر ہوسکتا ہے تو وہ صرف اتنا ہے کہ زہر کھانے والا خود اختیاری سے کھائے یا بلا اختیار اسے کھلایا جائے، سہواً کھائے یا عمداً، سوتے میں کھائے یا جاگتے میں نتیجہ سب کا ایک ہوتا ہے۔ جبکہ التزام کفر کی کسی صورت کا ارتکاب کرنے والا سہواً یا سوتے میں یا اکراہ و اضطراری حالت میں ایسا کرنے پر کافر ہوگا نہ مرتد بلکہ کفر و ارتداد کیلئے ضروری شرط ہے کہ یہ جو کچھ بھی کر رہا ہے اس کے اختیار سے ہو، سلامتی عقل و حواس میں ہو، جاگتے میں ہو اور بلا اکراہ ہو۔ الغرض التزام کفر کی شکل میں جو قول و عمل بھی کر رہا ہے اس کا اختیاری فعل کے طور پر وجود میں آنا

marfat.com

ہی کفر وارتداد ہے۔ چاہے اس کی نیت ومراد میں ہو یا نہ ہو' اس کے ساتھ عقیدہ ہو یا نہ ہو۔

جیسے؛

(1) فتاویٰ عالمگیری میں ہے؛

"اَلْهَازِلُ وَالْمُسْتَهْزِءُ اِذَا تَكَلَّمَ بِكُفْرٍ اسْتِخْفَافًا وَاسْتِهْزَاءً وَّمَزَاحًا يَّكُوْنُ كُفْرًا عِنْدَ الْكُلِّ وَاِنْ كَانَ اِعْتِقَادُهٗ خِلَافَ ذٰلِكَ"

یعنی بکواس اور استہزاء کرنے والا جب کفری بول بولے جو ضرورت دینی کا استخفاف یا استہزاء یا اس کے ساتھ مزاح ہو تو وہ سب کے نزدیک کفر ہوگا اگرچہ اس کے اعتقاد میں ایسا نہ ہو۔ (عالمگیری' جلد دوم' صفحہ 287)

(2) فتاویٰ فتح القدیر میں ہے؛

"وَمَنْ هَزَلَ بِلَفْظِ كُفْرٍ اِرْتَدَّ وَاِنْ لَمْ يَعْتَقِدِ الْاِسْتِخْفَافَ فَهُوَ كَكُفْرِ الْعِنَادِ" (فتح القدیر' جلد 6' صفحہ 332)

یعنی جس نے بھی کفر کا کوئی لفظ بے باکانہ انداز میں کہہ دیا تو مرتد ہوا اگرچہ اس کے ساتھ عقیدہ نہ ہو کیونکہ یہاں پر ضرورت دینی کا استخفاف پایا جاتا ہے تو یہ عنادی کفر کی طرح ہے۔

(3) فتاویٰ شامی میں ہے؛

"اِنَّ مَا كَانَ دَلِيْلُ الْاِسْتِخْفَافِ يَكْفُرُ بِهٖ وَاِنْ لَمْ يَعْتَقِدِ الْاِسْتِخْفَافَ"

یعنی کفر کا جو عمل بھی ضرورت دینی کے استخفاف کی یقینی دلیل ہو تو اس کا مرتکب کافر

marfat.com

ہوگا اگرچہ استخفاف کا ارادہ نہ کیا ہو۔ (فتاویٰ شامی، جلد 3، صفحہ 311)

(4) دیوبندی مکتبہ فکر کے اشرف علی تھانوی نے بھی نکاح اور طلاق کے متعلق ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے ایسا ہی لکھا ہے۔ جس کے الفاظ یہ ہیں؛

''عمداً سمجھ کر تلفظ بکلمات کفر خواہ اعتقاد سے ہو یا بلا اعتقاد، خواہ اپنی رائے سے ہو یا کسی کی تعلیم سے ہو سب موجب کفر اور موجب فسخ نکاح ہیں اس لئے نکاح ٹوٹ گیا''۔ (امداد الفتاویٰ، جلد 2، صفحہ 93)

## ﴿ایک اور اشتباہ کا ازالہ﴾

التزام کفر کا ضرورت دینی سے بلاواسطہ انکار یا اس انکار و تکذیب کی یقینی علامت سے عبارت ہونے پر یہ اشتباہ بھی آواز بازگشت ہے کہ اس معیار کے مطابق ان مسائل سے انکار کرنیوالوں کو کافر قرار دینا لازم آئے گا۔ جو خلاف حقیقت ہونے کے باوجود دینی مسائل کے طور پر اس حد تک مشہور ہو چکے ہیں کہ مسلمانوں کا ہر خاص و عام انہیں حصہ دین سمجھ کر ان کے ثبوت کیلئے استدلال کی ضرورت محسوس نہیں کرتا۔

مثال کے طور پر اذان جمعہ بین یدی الخطیب جو اندرون مسجد صف اول میں خطیب کے تقریباً متصل دی جاتی ہے۔ جن ملکوں میں یا علاقوں میں ایسا ہوتا ہے وہیں پر مسلمانوں کا ہر خاص و عام اسی طریقہ کو بطور سنت حصہ دین سمجھتا ہے اور اس کے خلاف حقیقی حکم، یعنی حدود مسجد سے خارج خطیب کے سامنے اذان دینے کو اسلام کا حصہ نہیں سمجھتے ہیں۔ ایسے میں وہ لوگ جو اس مروجہ طریقہ کی ضد یعنی حدود مسجد سے خارج خطیب سے دور اس کی عین

marfat.com

سمت پر اذان دینے کے حقیقی حکم کے قائل ہیں یا اس کے نقیض یعنی اس طریقہ اذان کو بطور سنت نبوی ﷺ حصہ دین نہیں سمجھتے ہیں ان پر ضرورت دینی سے انکار کی تعریف صادق آنے کی وجہ سے اسلام سے نکلنا لازم آتا ہے۔ اسی طرح نماز با جماعت کیلئے تکبیر و اقامت ہوتے وقت ابتداء سے کھڑے ہونے کو بطور سنت حصہ اسلام سمجھنے کا جن علاقوں میں رواج ہے اس سے انکار کرتے ہوئے فریق دوم حضرات اختتام تک اقامت کو بیٹھ کر سننے کے بعد کھڑے ہونے کو ''من حیث السنۃ'' حصہ اسلام کہتے ہیں یا ''حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ'' تک بیٹھ کر تکبیر سننے کے بعد کھڑے ہونے کو من حیث السنۃ حصہ اسلام کہتے ہیں۔ تو ان حضرت کا فریق اول کی نگاہ میں ضرورت دینی کے نقیض کا مرتکب ہونے کی بنا پر کافر ہونا لازم آتا ہے جبکہ وہ انہیں کافر نہیں کہتے ہیں' علی ہٰذا القیاس۔

سینکڑوں مسائل ایسے ہیں جو بعض ملکوں اور بعض جگہوں کے خواص و عوام کی نگاہ میں ضروریات دین کے قبیلہ سے ہیں جبکہ فی الواقعہ غلط اور خلاف حقیقت ہیں۔ جبکہ ان کے خلاف کرنے یا ان کے نقیض کا ارتکاب کرنے والوں پر التزام کفر کا مفہوم صادق آتا ہے کیونکہ التزام کفر کی مذکورہ دس صورتوں میں ایک صورت کسی ضرورت دینی سے انکار بھی بتائی گئی ہے اور ضرورت دینی شریعت مقدسہ کا وہ مسئلہ ہے جس کا حصہ اسلام ہونا ایسا مشہور ہو کہ مسلمانوں کے خواص و عوام اسے جانتے ہوں۔

جیسے ردالمحتار میں ہے:

''بِحَیْثُ تَعْلَمُہُ الْعَامَّۃُ مِنْ غَیْرِ افْتِقَارٍ اِلٰی نَظَرٍ وَاسْتِدْلَالٍ

یعنی ضرورت دینی سے مراد وہ مشہور مسئلہ ہے۔ جن کو عوام بھی اس طرح دین کا

marfat.com

حصہ سمجھتے ہوں کہ اس پر دلیل پیش کرنے کی ضرورت محسوس نہ کرے۔

(فتاویٰ ردالمحتار، جلد 3، صفحہ 310)

نبراس علی شرح العقائد میں ہے؛

"اَیِ الْاُمُوْرُ الَّتِیْ عُلِمَ ثُبُوْتُهَا فِی الشَّرْعِ وَاشْتَهَرَ"

یعنی ضرورت دینی وہ مسائل ہیں جن کا حصہ اسلام ثابت ہونا سب کو معلوم اور مشہور ہو۔ (نبراس، صفحہ 572)

جواب اس کا یہ ہے کہ یہ اشتباہ برائے اشتباہ ہے جو ضرورت دینی کے مفہوم کو نہ سمجھنے کی وجہ سے جنم پا رہا ہے کیونکہ ضرورت دینی حقیقت میں دین اسلام کے وہ واقعی مسائل ہیں جن کا حصہ اسلام ہونا اول سے آخر تک ہر دور تاریخ میں ایسے مشہور ہو کہ خواص و عوام اسے حصہ اسلام سمجھنے میں دلیل کے محتاج نہ ہوں۔ یہ ہم اسلئے کہہ رہے ہیں کہ ضرورت دینی میں ضرورت بمعنی بداہت ہے یعنی بدیہی علم جس کے ثبوت کیلئے دلیل تلاش کرنے کی ضرورت محسوس نہ کی جائے تو پیش نظر مسئلہ میں ضرورت دینی تب ہو سکتا ہے جب خلاف حقیقت نہ ہو اور اول سے آخر تک ہر دور تاریخ میں ایسا ہی رہا ہو، یہ تب ممکن ہو سکتا ہے کہ جب اجتہادی اور اختلافی بھی نہ ہو بلکہ جملہ اہل اسلام کے مابین مسلمہ ہو۔ جیسے خیالی علی شرح العقائد میں ہے؛

"اَلْمُرَادُ بِهٖ مَا اشْتَهَرَ کَوْنُهٗ مِنَ الدِّیْنِ بِحَیْثُ یَعْلَمُهُ الْعَامَّةُ وَمَنْ لَیْسَ لَهٗ اَهْلِیَّةُ النَّظَرِ وَالْاِسْتِدْ لَالِ کَوَحْدَةِ الْبَارِیْ وَوُجُوْبِ الصَّلٰوةِ وَحُرْمَةِ

marfat.com

الْخَمْرِ فَیَخْرُجُ مَالَیْسَ کَذٰلِكَ کَالْاِجْتِهَادِیَاتِ وَمِنْ ثَمَّ لَایَکْفُرُ مُنْکِرُهَا

شرح مقاصد میں ہے؛

"اَیْ فِیْمَا اشْتَهَرَ کَوْنُهٗ مِنَ الدِّیْنِ بِحَیْثُ تَعْلَمُهُ الْعَامَّةُ مِنْ غَیْرِ افْتِقَارٍ اِلٰی نَظَرٍ وَّاسْتِدْلَالٍ" (جلد2'صفحہ 247)

الغرض ضرورت دینی کی تعریف متکلمین اسلام کے کلام میں ہو یا فقہاء کرام کے کلام میں بہرحال مراد سب کی یہی ہے کہ واقعی ہو' تاریخ کے کسی بھی حصہ میں اہل قبلہ کے مابین اختلافی نہ رہا ہو اور ہر دور کے مسلمانوں کے خواص وعوام یعنی اہل علم وعمل کی نگاہ میں اتنا مشہور رہو کہ اسے حصہ اسلام ثابت کرنے کے لئے استدلال کی ضرورت نہ ہو باقی رہا ان حضرات کے کلام میں عبارات وتعبیرات کے تفاوت کا مسئلہ تو وہ محض انداز تعبیر کا فرق ہے کہ کسی نے اختصار سے کام لیتے ہوئے بعض پہلوؤں پر اکتفا کیا اور کسی نے تفصیل کے ساتھ ذکر کیا' اہل علم جانتے ہیں کہ عنوانات وتعبیرات کے بدلنے سے اصل مضمون وحقیقت کبھی نہیں بدلتی' ایسے میں اذان جمعہ کے مروجہ طریقہ اور جماعت کیلئے تکبیر واقامت کے شروع سے ہی کھڑے ہونے کے مروجہ طریقہ جیسے مسائل خلاف حقیقت ہونے کی بناء پر ضرورت دینی کے زمرہ میں ہی نہیں آتے لہٰذا ان کے خلاف تبلیغ کرنے والے یا ان کی ضد ونقیض پر عمل کرنے والے حق بجانب ومصیب حضرات کو ضرورت دینی سے انکار کا الزام دینا بجائے خود غلط ہے۔ اس کے علاوہ یہ بھی ہے کہ اس قسم خلاف حقیقت مشہور ہونے

marfat.com

والے غلط مسائل پر عمل کرنے والے خطا کاروں کے مقابلہ میں مسائل کی حقیقی شکلوں پر عمل کرنے والے اہل حق کے وجود مسعود سے زمانہ کبھی خالی نہیں رہا یہی وجہ ہے کہ اس قسم خلاف حقیقت مشہور کردہ اور بنوامیہ کے دور خلافت میں بگاڑے گئے مسائل کی حقیقی شکلوں کو ہر دور تاریخ کے مفتیان کرام وعلماء اسلام نے دستاویزی شکل دے کر تحفظ دیا ہے۔

فَجَزَاهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ الْجَزَا۔

☆☆☆☆☆☆

marfat.com

# ضرورت دینی وضرورت مذہبی کا فرق

ضرورت دینی کی تعبیرات میں اسلاف کے کلام سے مغالطہ کھانے کی بناء پر التزام کفر کے حوالہ سے اس قسم اشتباہ میں پڑھنے والے حضرات سے کوئی بعید نہیں ہے کہ وہ مجتہدین کرام کے بین المسالک اختلافی مسائل کو دیکھ کر بھی اشتباہ دراشتباہ میں مبتلا ہوں کیونکہ جن ملکوں اور علاقوں میں جس فقہی مذہب کے اجتہادیات ومسائل پر عمل کیا جاتا ہے۔ وہیں کے خواص وعوام کے نزدیک وہی مشہور وضروری ہوتے ہیں کہ ان کو حصہ اسلام ثابت کرنے کیلئے وہ استدلال کی ضرورت محسوس نہیں کرتے جبکہ دوسرے خطوں میں اس کے برعکس ہے۔ لہٰذا ضرورت دینی اور ضرورت مذہبی کے مابین تمیز کرنے سے قاصر یہ حضرات ایسے ہر مقام پر مذکورہ اشتباہ کی طرح مزید اشتباہات میں پڑ سکتے ہیں۔ جن کو اشتباہ دراشتباہ کی اس ظلمت سے نکالنے کا واحد علاج ضرورت دینی اور ضرورت مذہبی کے مابین تفریق بتانا ہے جو چند وجوہ سے ہے۔

(۱) یہ کہ ضرورت دینی وہ حقیقی مسائل واحکام ہیں جو تاریخ کے ہر دور میں بلانکیر جملہ اہل اسلام کے مابین ایسے مشہور ہوں جن کو حصہ اسلام ثابت کرنے کیلئے استدلال کی ضرورت نہ ہو جن کی تکذیب یا تکذیب کی یقینی علامت کا ارتکاب التزام کفر کہلاتا ہے۔

جبکہ ضرورت مذہبی وہ اجتہادی واختلافی مسائل واحکام ہیں جو کسی مخصوص اہل

marfat.com

مسلک کے مابین ایسے مشہور ہوں کہ اس مسلک کے خواص و عوام اپنے معاشرہ میں ان کو حصہ اسلام ثابت کرنے کیلئے استدلال کی ضرورت محسوس نہ کرتے ہوں۔ جن کی تکذیب یا تکذیب کی یقینی علامت کا ارتکاب لزوم کفر بھی نہیں ہے چہ جائیکہ التزام کفر ہو سکے۔ مثال کے طور پر شوافع کے نزدیک مینڈک کی حلت اور احناف کے نزدیک اس کے حرام ہونے کا عقیدہ اور اہل تسنن کے نزدیک خلیفۃ المسلمین کی تعیین و تشخیص کا فرشی مسئلہ ہونے اور اہل تشیع کے نزدیک اس کے عرشی مسئلہ ہونے کا عقیدہ۔ اسی طرح اہل تسنن کے مذہب میں "غَسْلُ رِجْلَيْنِ فِي الْوُضُوْءِ" کی فرضیت اور اہل تشیع کے نزدیک "مَسْحُ عَلَى الرِّجْلَيْنِ فِي الْوُضُوْءِ" کی فرضیت کا عقیدہ۔

(۲) یہ کہ ضرورت دینی محل اجتہاد نہیں ہوتی جبکہ ضرورت مذہبی ہمیشہ اجتہادی و اختلافی ہوتی ہے۔

(۳) یہ کہ ضرورت دینی کا حصہ اسلام ہونے پر جملہ اہل اسلام کو یکساں عقیدہ و یقین ہوتا ہے جبکہ ضرورت مذہبی میں اپنے مذہب کے حق ہونے پر غالب گمان وظن ہوتا ہے۔

(۴) یہ کہ ضرورت دینی اپنے بنیادی ثبوت کے اعتبار سے کبھی قطعی ہوتی ہے کبھی ظنی جبکہ ضرورت مذہبی محل اجتہاد ہونے کی وجہ سے ہمیشہ ظنی ہوتی ہے۔

(۵) یہ کہ ضرورت دینی ہمیشہ امر واقعی و ثواب ہوتی ہے جبکہ ضرورت مذہبی کا امر واقعی و ثواب ہونا لازم نہیں ہے بلکہ خلاف حقیقت و خطا بھی ہو سکتی ہے۔

## ﴿علماء کی خاص توجہ کیلئے حاشیاتی اضافہ﴾

ضرورت دینی اور ضرورت مذہبی کی تفریق کے حوالہ سے اس موضوع سخن کے

marfat.com

علاوہ کچھ مسائل واحکام منصوصی ہونے کی بناء پر ایسے بھی ہیں کہ ان کا ضرورت دینی ہونا لازم ہے نہ ضرورت مذہبی ہونا بلکہ کل مکاتب فکر اہل اسلام کے مابین قدر مشترک اور متفقہ ہونے میں ضروریات دینیہ کے ہم وصف ہونے کے باوجود نہ کبھی ضرورت دینی کے زمرہ میں شمار ہوتے ہیں نہ ضرورت مذہبی کے زمرہ میں' اس قسم مسائل واحکام کا ثبوت قطعی الثبوت والدلالہ نصوص سے ہونے کی صورت میں اس کی تکذیب کرنے یا تکذیب کی یقینی علامت کا ارتکاب کرنے والوں کو بعض فقہاء کرام کافر قرار دیتے ہیں جبکہ جمہور فقہاء کرام و کل متکلمین اسلام کے نزدیک ضرورت دینی نہ ہونیکی بناپر التزام کفر نہیں ہے۔ اس فہرست میں شریعت مقدسہ کے وہ تمام مسائل واحکام شامل ہیں جن کا ثبوت تو قطعی دلائل سے ہے لیکن ضرورت دینی کا مفہوم ان پر صادق نہیں آتا۔ مثال کے طور پر معتدہ بیوی کیلئے شوہر پر نان نفقہ کے وجوب اور اسے گھر سے نکالنے کی حرمت کے احکام جیسے سینکڑوں احکام جو قطعی الثبوت والدلالہ دلائل سے ثابت ہونے کے باوجود ضرورت دینی کی حد تک مشہور نہیں ہیں یعنی مسلم معاشرہ کے خواص وعوام کو بغیر استدلال کے ان کا حصہ اسلام ہونے کا علم حاصل نہیں ہے اور منصوصی ہونے کی بناء پر محل اجتہاد نہ ہونے کی وجہ سے ان کی تکذیب یا تکذیب کی یقینی علامت کا ارتکاب کرنے والوں کی تکفیر کے ناجائز ہونے پر بعض فقہاء کو چھوڑ کر جمہور فقہاء کرام و متکلمین اسلام متفق ہیں اس فہرست میں شریعت مقدسہ کے وہ تمام مسائل واحکام شامل ہیں جو متفقہ اور صحیح حدیثوں سے ثابت ہیں۔ مثال کے طور پر مونچھیں کٹانے' داڑھی بڑھانے' مسجدوں کو بدبو وقاذورات سے بچانے جیسے تمام احکام جو کل مکاتب اہل اسلام کے مابین قدر مشترک واجماعی ہونے کے باوجود محل اجتہاد نہ ہونے کی

marfat.com

وجہ سے ضرورت مذہبی کے زمرہ میں آتے ہیں نہ ضرورت دینی کے سانچے میں۔

ان ناقابل انکار حقائق کی روشنی میں مسائل واحکام شرعیہ کی کل چار قسمیں ہوتی ہیں؛

(1) یہ کہ ضروریات دینیہ ہو، عام اس سے کہ ثبوت ان کا قطعی ہو یا ظنی۔

(2) یہ کہ ضروریات مذہبیہ ہو۔

(3) یہ کہ ان دونوں سے ماوراء ہو کر قطعی ہونے کی بناء پر کل مکاتب فکر اہل اسلام کے ما بین قدر مشترک ہو۔

(4) یہ کہ ان دونوں سے ماوراء ہو کر متفقہ وصحیح حدیثوں کے مفاد ومدلول ہونے کی بناء پر کل مکاتب فکر اہل اسلام کے مابین قدر مشترک ہو۔ کفر وارتداد کا تعلق ان میں سے صرف اور صرف اول الذکر کے ساتھ ہے یعنی التزام کفر کی مذکورہ قسموں کا تعلق ضروریات دینیہ کے ماسوا کسی اور کے ساتھ نہیں ہے۔

## ایک اور اشتباہ کا ازالہ

کچھ حضرات کو یہ اشتباہ ہوتے بھی سنا گیا ہے کہ التزام کفر کی صرف دو قسموں یعنی ملت اسلام سے صراحتاً انکار یا کسی ضرورت دینی سے صراحتاً انکار کے ماسوا کسی اور صورت پر کفر وارتداد کا فتویٰ جائز نہیں ہے کیونکہ حتی المقدور کسی مسلمان پر فتویٰ کفر دینے سے بچنے کیلئے تاکیدی احکام کے ساتھ غیر صریح کلام اور کنایات واشارات پر مبنی کلام کی وجہ سے کسی کو کافر قرار دیکر اسلام سے نکالنے پر حدیثوں میں شدید وعیدات وتہدیدات آئی ہوئی ہیں۔ جیسے طبرانی کی حدیث میں فرمایا؛ ”كُفُّوا عَنْ اَهْلِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَا تُكَفِّرُوهُمْ

بِذَنْبٍ فَمَنْ اَکْفَرَ اَهْلَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَهُوَ اِلَى الْكُفْرِ اَقْرَبُ"

یعنی کلمہ طیبہ پڑھنے والوں کی تکفیر کرنے سے بچو۔جس نے بھی کلمہ طیبہ پڑھنے والوں کو کافر کہا تو وہ خود کفر کے زیادہ قریب ہوگا۔

(المعجم الکبیر للطبرانی' جلد 12' صفحہ 272، مطبوعہ المکتبۃ الفیصلیہ بیروت)

اور ابوداؤد شریف کی حدیث میں فرمایا؛

"ثَلَاثٌ مِنْ اَصْلِ الْاِيْمَانِ اَلْكَفُّ عَمَّنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَا تُكَفِّرْهُ بِذَنْبٍ وَلَا تُخْرِجْهُ مِنَ الْاِسْلَامِ بِعَمَلٍ"

یعنی تین چیزیں ایمان کی بنیاد ہیں۔اول کلمہ طیبہ پڑھنے والوں سے تعرض نہ کرنا۔

دوم یہ کہ کسی بھی گناہ کی وجہ سے اسے کافر نہ کہنا۔

سوم یہ کہ کسی بھی عمل کے سبب اسے اسلام سے خارج نہ کرنا۔

اس قسم کی وعیدات وتہدیدات کی موجودگی میں کسی غیر صریح کلام کی بناء پر اس کے قائل کو کافر قرار دے کر اسلام سے نکالنا مناسب نہیں ہے۔

جواب اس کا یہ ہے کہ یہ اشتباہ نقیض الشئی اور ضد الشئی کی موجودگی اس کی نفی کی دلیل ہونے کے فطری عمل کو کنایہ سمجھنے کی غلطی پر مبنی ہے جبکہ فی الواقع ہر شئی کی نقیض یا اس کی ضد کی موجودگی اس کی نفی پر صریح دلیل ہوتی ہے' کنایہ ہرگز نہیں ہے کیونکہ کنایہ میں عبارۃ النص یعنی "مَا سِيْقَ لَهُ الْكَلَامُ" اور مراد متکلم واضح نہیں ہوتی یہاں پر واضح ہے اور کنایہ حقیقت سے بعید مجاز کے قریب ہوتا ہے جب کہ یہاں پر حقیقت ہی حقیقت ہے۔نیز

marfat.com

یہ کہ کنایہ میں لفظ کے حقیقی معنیٰ کی لازم چیز مراد ہونے کے ساتھ اس کا اپنا حقیقی معنیٰ مراد ہونا بھی ممکن ہوتا ہے جبکہ یہاں پر ایسا کچھ بھی نہیں ہے بلکہ ایک چیز کی ضد یا نقیض کو جو ذکر کیا جاتا ہے وہی اپنے حقیقی معنیٰ کے ساتھ مراد ہوتا ہے تو اس کی موجودگی آپ ہی دوسرے کی نفی ہے۔ جس کے بعد کسی اور دلیل کی ضرورت نہیں ہوتی۔ مثال کے طور پر کسی مدعی اسلام کا بطور اسلامی عقیدہ یہ کہنا کہ ''اگر بالفرض رسول اللہ ﷺ کے زمانہ اقدس میں یا آپ ﷺ کے بعد کوئی دوسرا نبی پیدا ہو جائے تو پھر بھی آپ ﷺ کے ختم النبوۃ میں فرق نہیں آئے گا کیونکہ آپ ﷺ خاتم النبین بمعنیٰ نبی آخر الزمان نہیں ہیں بلکہ خاتم النبین بمعنیٰ متصف بوصف النبوۃ بالاصل ہیں'' اس میں دوسرے نبی کے پیدا ہونے کو ختم نبوت کے عدم منافی جو کہا گیا ہے یہ ختم نبوت کے منافی ہونے کی نقیض ہے اور دوسرے نبی کے پیدا ہونے کو ختم نبوت کے منافی سمجھنے کا عقیدہ چونکہ ضرورت دینی ہے تو یہ عبارت ضرورت دین کی نقیض و منافی ہونے کی بناء پر اس کی صریح نفی ہے۔ جس میں ایک فیصد تاویل کی بھی گنجائش نہیں ہے۔ اجتماع نقیضین کا محال و ناممکن ہونا بجائے خود اعلیٰ بدیہیات یعنی اولیات کے قبیلہ سے ہے لہٰذا ختم النبوۃ سے صریح انکار کرنے میں اور اس انداز کلام کے ساتھ انکار کرنے میں لفظی فرق کے سوا قطعاً کوئی فرق نہیں ہے جبکہ کنایات میں ایسا نہیں ہوتا۔ مثال کے طور پر کوئی کہے کہ ''تیرے جیسے آدمی بخیل نہیں ہوتا'' تو بالعموم اس جیسے کلام سے مراد مخاطب سے بخل کی نفی ہوتی ہے اگرچہ اس کے مثل دوسرے شخص سے بھی بخل کی نفی مراد ہو سکتی ہے یعنی لازم و ملزوم اور اصل و مثل دونوں کا جمع ہونا ممکن ہے جبکہ ضرورت دینی کی کسی ضد یا نقیض کے ارتکاب کی کسی ایک صورت میں بھی دونوں کا جمع ہونا ممکن نہیں ہے کیونکہ اجتماع نقیضین

marfat.com

وضدین محال ہے جو کبھی ممکن نہیں ہوتا اس کے علاوہ یہ بھی ہے کہ التزام کفر کی ان صورتوں میں لازم وملزوم کا کوئی وجود ہی نہیں ہے بلکہ ضرورت دینی کی ضد یا نقیض کا حقیقتاً ارتکاب ہوتا ہے جو آپ ہی ضرورت دینی کی نفی ہے جس میں لازم وملزوم کا نہ نام ہے نہ نشان جبکہ کنایہ لازم وملزوم کے بغیر وجود ہی نہیں پاتا۔ جب معترض کے اشتباہ کی بنیاد ہی غلط ہے تو پھر اس پر تعمیر ہونے والی پوری عمارت غلط ہوتی ہے۔

الغرض معترض کا التزام کفر کی ان صورتوں کو کنایہ کہنا یا ضرورت دینی کی نفی کی صریح دلیل کہنے سے کترانے یا تردد کرنے کی ایسی مثال ہے۔ جیسے کوئی شخص کسی کی حرکت قلب بند ہو جانے کے بعد بھی اسے حیات وزندہ کہے یا اسے میت کہنے میں تردد وشک کرے جبکہ فی الواقعہ حرکت قلب کا بند ہونا اور حیات وزندگی کا جمع ہونا محال وناممکن ہے کیونکہ حرکت قلب کا بند ہو جانا' حیات کی ضد ہے اور ضدین میں سے ایک کا وجود آپ ہی دوسرے کی صریح نفی ہے جس کے بعد کسی اور دلیل کی ضرورت نہیں رہتی۔ جس کے مطابق یہ کہنا کہ فلاں بقید حیات نہیں رہا اور یہ کہنا کہ اس کی حرکت قلب بند ہوگئی اس کی موت پر دلالت کرنے میں یکساں صریح ہیں لفظی فرق کے سوا ایک فیصد فرق بھی نہیں ہے۔ جب معترض کے اشتباہ کی بنیاد ہی غلط ہے' نامعقول وقابل مسخرہ ہے تو مذکورہ اشتباہ بھی اشتباہ برائے اشتباہ کے سوا اور کوئی نتیجہ نہیں دے سکتا۔ باقی رہا مسلمانوں کو بے مصرف کافر کہنے پر تہدید اور عذاب کی مذکورہ حدیثوں کا سوال تو التزام کفر کی مذکورہ صورتوں کا ارتکاب کر کے خود کو کافر و مرتد کرنے والوں کا کفر بتانے اور اس کے ارتداد کا فتویٰ دے کر شرعی ذمہ داری انجام دینے والوں کے ساتھ اِن کا کوئی تعلق نہیں ہے بلکہ اس قسم کی جتنی بھی حدیثیں ہیں۔

marfat.com

اِن سب کا مصرف ومحمل وہ غیر معیاری مفتی اور تنگ نظر ومتعصب علماء سوء ہیں جو اپنے مخصوص نظریہ کے خلاف سمجھ کر صحیح مسلمانوں کو کافر کہتے ہیں' گناہ کی بناء پر مسلمانوں کو کافر بنانے کی فکر میں ہوتے ہیں اور اسلام کے اندر تکفیر کیلئے مقررہ اصولوں سے غفلت کی بناء پر کفر کی مشین بن کر التباس الحق بالباطل کرتے ہیں یہ سب کچھ اس لئے کہ یہ حضرات احکام شرعیہ کی مذکورہ چاروں قسموں کے جدا جدا محمل ومصرف اور ان کی علیحدہ علیحدہ حیثیتوں کی تفریق کرنے سے بے خبر وغافل ہیں جس کے مطابق تکفیر کا تعلق ومصرف صرف ضروریات دینیہ کی تکذیب یا تکذیب وانکار کی یقینی علامت کے ارتکاب سے ہے اور بس۔

اس کے علاوہ باقی تین قسمیں یعنی؛

(1) ضرورت مذہبی۔

(2) ضرورت دینی وضرورت مذہبی سے ماوراء ہو کر قطعی دلائل کے مفاد ومدلول۔

(3) اور ظنی دلائل کے مفاد ومدلول کی گذشتہ صفحات میں بیان شدہ تفصیل کے مطابق تکفیر وارتداد کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔

درحقیقت تکفیر مسلم کرنے والوں کے خلاف جتنی بھی تہدیدی حدیثیں مذکور ہوئی ہیں ان سب کا تعلق بھی انہی تین قسموں سے ہے کیونکہ انہی کے منافی کردار والوں کو حدیثوں میں زجراً وتوبیخاً اور وعیداً وتہدیداً کافر کہا گیا ہے۔

جس کا تعلق صرف محراب ومنبر' وعظ ونصیحت اور تنذیر وتحذیر کے ساتھ ہے جبکہ فتویٰ ارتداد صرف دارالافتاء کا خاصہ ہے محراب ومنبر کی مسئولیت نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کریم ﷺ کو چونکہ مطلع فرمایا تھا کہ کچھ غیر معیاری علماء واصحاب محراب ومنبر اپنے دائرہ کار

marfat.com

میں محدود ہونے کیبجائے دارالافتاء کی باتیں کر کے گناہ گار ہونگے اور ضرورت دینی والے احکام کو ضرورت مذہبی جیسے دوسرے احکام پر جاری کر کے بے محل کفر تقسیم کریں گے اس لئے انہیں زجر وتوبیخ کرتے ہوئے فرمایا؛

''کُفُّوْا عَنْ اَهْلِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَا تُكَفِّرُوْهُمْ بِذَنْبٍ فَمَنْ اَكْفَرَ اَهْلَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَهُوَ اِلَى الْكُفْرِ اَقْرَبُ'' (المعجم الکبیر للطبرانی' جلد 12' صفحہ 272)

تکفیری افسانہ کے اس بے محل کردار کی بدانجامی کا احساس کرتے ہوئے صاحب فتاویٰ بحر الرائق نے کہا تھا؛ ''وَقَدْ اَلْزَمْتُ نَفْسِیْ اَنْ لَا اُفْتِیَ بِشَیْءٍ مِّنْهَا

جس کا مفہوم یہ ہے کہ میں نے ضرورت دین کے سوا باقی احکام ثلاثہ کے خلاف کسی بھی کردار پر فتویٰ کفر نہ دینے کو اپنے اوپر لازم کیا ہے۔

(بحوالہ فتاویٰ ردالمحتار' جلد 3' صفحہ 312)

اگر ایسا نہ ہو تو پھر کسی ضرورت دینی سے انکار یا اس انکار کی یقینی علامت کا التزام کر کے کفر کو گلے لگانے والوں سے خاموشی برتنے کا کوئی جواز اسلام میں نہیں ہے کیونکہ لزوم کفر کی صورت میں حتی المقدور احتیاط برتنے کا حکم ہے اور ضرورت مذہبی جیسے دوسرے احکام کے نقیض وضد کے ارتکاب کرنے کی صورتوں میں کف لسان اور تکفیر سے اجتناب کا حکم ہے جب ضرورت دینی کے نقیض وضد کا ارتکاب کر کے کفر کو گلے لگانے والوں پر ارتداد کا فتویٰ بھی جاری نہ کیا جائے تو اسلام اور کفر کی تفریق بھی نہیں رہے گی جو نا قابل تصور ہونے کے ساتھ زمینی حقائق کے بھی خلاف وحماقت ہے۔

☆☆☆☆☆☆

marfat.com

# ایک ضروری وضاحت علماء کرام کی توجہ کیلئے

اصول تکفیر کی اس تفصیل کے حوالہ سے التزام کفر کی مذکورہ تمام صورتوں میں ضرورت دینی کا صراحتاً اور ضرورت مذہبی کا ضمناً مذکور ہونا آپ ہی قاریوں کے ذہنوں کو اس طرف توجہ دلا رہا ہے کہ یہ ضرورت کی کونسی قسم ہے؟ یہ اسلئے کہ اس حوالہ سے ذکر ہونے والا یہ لفظ جہاں پر بھی ذکر ہو جائے بمعنی بداہت کے ہوتا ہے۔ جو علم کی صفت ہے اور علم استدلالی کے مقابلہ میں ذکر ہوتا ہے یعنی کسی چیز کا ایسا علم جو بغیر استدلال کے حاصل ہو تو ظاہر ہے کہ استدلال کے بغیر حاصل ہونے کی بناء پر ضروری کے نام سے مسمی ہونے والے اس علم کی حقائق کی دنیا میں سات قسمیں پائی جاتی ہیں۔

(۱) اولیات! جو اولین توجہ کے ساتھ حاصل ہو، جیسے اجتماع ضدین اور اجتماع نقیضین کے ناممکن ہونے کا علم۔

(۲) مشاہدات! جو ظاہری حواس کے مشاہدہ کرنے سے حاصل ہو، جیسے کسی میٹھی چیز کو چکھنے کے بعد اس کے میٹھا ہونے کا علم۔

(۳) وجدانیات! جو باطنی حواس کے ادراک سے حاصل ہو، جیسے بھوک اور پیاس کی موجودگی کا علم۔

(۴) فطریات! جو کسی چیز کے ساتھ اس کی علت کی موجودگی سے حاصل ہو، جیسے دس

marfat.com

کے ہندسے کا زوج ہونے کا علم جو اس کے ساتھ ہمیشہ رہنے والی علت لازمہ یعنی انقسام بمستاویین کے ذریعہ غیر محسوس انداز سے حاصل ہو رہا ہے۔

(۵) حَدْسِیات! جو کسی مجہول کے متعلقہ معلومات سے اس کی طرف دفعتاً سریع الحرکت انتقال سے حاصل ہو، جیسے قمر کی روشنی کا شمس کی روشنی سے مستفید ہونے کا علم اور شیشہ میں دکھائی دینے والی تصویر کا اصل شے کے تابع ہونے کا علم اسی طرح ناہموار یعنی اونچ نیچ والی زمین سے چل کر آنے والے شخص کا دور سے اسے دیکھنے والے کی نگاہ سے کبھی اوجھل ہونے اور کبھی دکھائی دینے کا اس زمین کی ناہمواری کے تابع ہونے کا علم۔

(۶) تجربیات! جو بار بار کے تجربہ و تکرار عمل سے حاصل ہو، جیسے مغلوب النفس لوگوں کے ہاتھوں حدود اللہ کے پامال ہونے کا علم، کونین کا ملیریا توڑ ہونے کا علم، جمال کوٹہ کھانے والوں کے پیٹ کے نرم ہونے کا علم اور مطلبی لوگوں کی بے وفائی کا علم۔

(۷) متواترات! جو مختلف ملکوں اور علاقوں کے مختلف المزاج اقوام و قبائل کے کثیر التعداد لوگوں کی تسلسل کے ساتھ تاریخ کے ہر دور میں خبر دینے سے حاصل ہو، جیسے موجودہ حالت میں قرآن شریف کا وہی قرآن ہونے کا علم جو رسول اللہ ﷺ پر نازل ہوا تھا، بخاری شریف کا امام بخاری کی تصنیف ہونے کا علم، کشف المحجوب کا حضرت علی ہجویری داتا گنج بخش کی وہی تصنیف ہونے کا علم جو انہوں نے لکھی تھی اسی طرح فقہ اکبر کا امام ابوحنیفہ کی تصنیف ہونے کا علم۔

اب علماء کرام کیلئے توجہ طلب مسئلہ یہ ہے کہ علم ضروری کی ان ساتوں اقسام میں سے پیش نظر مسئلہ کے اندر کون سی قسم مراد ہو سکتی ہے یعنی التزام کفر جو کسی ضرورت دینی سے انکار یا اس

marfat.com

انکار کی یقینی علامت کے ارتکاب سے عبارت ہے۔اس میں کونسی ضرورت مراد ہے؟

تو جواب اس کا یہ ہے کہ اس سے مراد ضرورت تواتری کی خاص صورت ہے جو اپنے مفہوم کے اعتبار سے تو عام ہے جبکہ مصداق ومظہر کے اعتبار سے صرف اور صرف الٰہیات کے ان حقیقی مسائل کے ساتھ خاص ہے جن کا حصہ اسلام ہونا ہر دور تاریخ میں تسلسل کے ساتھ جملہ اہل اسلام کے نزدیک اتنا مشہور ہو کہ ان کو حصہ اسلام ثابت کرنے کیلئے استدلال کرنے کی ضرورت نہیں ہے نتیجتاً ان کا حصہ اسلام ہونے کے ساتھ جو علم حاصل ہوتا ہے اس میں اور بحر احمر کی موجودگی کیساتھ حاصل ہونے والے علم میں ذرہ برابر فرق نہیں ہے دونوں بدیہی وضروری کہلاتے ہیں اور دونوں کو غیر استدلالی وغیر اختیاری کہا جاتا ہے۔اشتراک فی المفہوم کی اس یکسانیت کے باوجود انفرادیت فی المصداق کا نتیجہ ہے کہ ضرورت دینی صرف الٰہیات اور اس میں بھی از اول تا آخر متفقات بین کل اہل اسلام کے ساتھ خاص ہے ورنہ ضرورت تواتری اپنے مفہوم کے اعتبار سے ضرورت مذہبی کو بھی شامل ہے جبکہ التزام کفر کے متعلق ومحل نہ ہونے کی بناء پر مراد نہیں ہوسکتی۔ایسے میں التزام کفر کا مصرف ومتعلق ضرورت تواتری ودینی کے سوا اور کوئی شے نہیں ہے جس کے مطابق التزام کفر ضرورت دینی سے بلا واسطہ انکار یا اس انکار کی یقینی علامت کے ارتکاب کرنے سے عبارۃ قرار پاتا ہے۔جس کی مکمل تفصیل گذشتہ صفحات میں ہم پیش کر آئے ہیں۔

## ایک اور اشتباہ کا ازالہ

کچھ حضرات کو یہ اشتباہ ہو رہا ہے کہ التزام کفر کی مذکورہ دس قسموں میں ایک یہ بھی

marfat.com

ہے کہ کسی ضرورت دینی کے ساتھ ایمان لانے کے لازمہ کی ضد کا ارتکاب کیا جائے۔ اس کے مطابق داڑھی منڈوانے والوں کو کافر قرار دینا چاہیئے کیونکہ فی الجملہ داڑھی رکھنے کا جو اسلامی حکم ہے وہ ضرورت دینی ہے اور اس کا حصہ اسلام ہونے پر ایمان کا ایک لازمہ اس کی تعظیم بھی ہے جبکہ منڈوانے کی صورت میں اس کی توہین ہو رہی ہے۔ تو ظاہر ہے کہ توہین کی صورت میں تعظیم منتفی ہوتی ہے کیونکہ ضدین میں سے ایک کا وجود آپ ہی دوسرے کی صریح نفی ہے لہٰذا ''اِذَا انْتَفَی اللَّازِمُ انْتَفَی الْمَلْزُوْمُ'' کا قضیہ صادق آنے کی بناء پر ریش تراشوں کے کفر کا فتویٰ دینا مفتیان اسلام پر ایسا ہی فرض قرار پاتا ہے۔ جیسے داڑھی رکھنے کے اسلامی حکم کو منہ پر باڑھ لگانے اور جاڑو لٹکانے کا حکم دینے کے ساتھ تشبیہ دینے والوں کے کفر کا فتویٰ دینا لازم ہے۔ ورنہ بلاوجہ تفریق ہوگی جو قرین انصاف نہیں ہے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ یہ اشتباہ برائے اشتباہ ہے جو داڑھی منڈوانے کو اس کے اسلامی حکم ہونے کے ساتھ ایمان لانے کے لازمہ یعنی تعظیم کی ضد سمجھنے کی غلطی سے پیدا ہوا ہے جبکہ حقیقت میں داڑھی منڈوانا اس کی تعظیم کی ضد نہیں ہے بلکہ اس کے رکھنے اور بڑھانے کی ضد ہے جبکہ داڑھی رکھنا' بڑھانا' کترانا اور منڈوانا یہ سب کچھ انسانی عمل ہونے کی وجہ سے اپنے آپ ایک دوسرے کی ضد ہیں شرعی حکم یعنی ایمان کے لازمہ کی ضد ہرگز نہیں ہے لہٰذا اِس کو داڑھی رکھنے کیلئے اسلامی حکم کو منہ پر باڑھ لگانے اور جاڑو لٹکانے کے حکم کے ساتھ تشبیہ دینے پر قیاس کر کے اُس کا حکم اس پر چسپاں کرنا ''بناء الغلط علی الغلط'' ہے کیونکہ اُس میں داڑھی رکھنے کے حوالہ سے شرعی حکم کو ایک حقیر چیز کے ساتھ تشبیہ دی جا

marfat.com

رہی ہے جس میں شرعی حکم کی صراحتاً توہین ہے جبکہ اِس میں نہ شرعی حکم کی توہین ہے نہ اس پر ایمان لانے کے لازمہ یعنی تعظیم کی ضد کا ارتکاب ہے بلکہ محض خواہش نفس کی بنا پر اپنے ہی دو اختیاری اعمال میں سے ایک کو اختیار کیا جا رہا ہے۔ جس میں نہ ضرورت دینی کی ضد کا ارتکاب ہو رہا ہے نہ اس پر ایمان کے کسی لازمہ کی ضد کا ارتکاب' یہی حال معصیت و حکم عدولی کی باقی تمام صورتوں کا بھی ہے کہ ان سب میں انسان اپنے ہی دو اختیاری اعمال میں سے ایک کو نفس امارہ کے ہاتھوں مغلوب ہونے کی بناء پر اختیار کر کے اللہ جل جلالہ اور اس کے رسول ﷺ کو ناراض کر رہا ہوتا ہے جس میں ضرورت دینی کی تعظیم کی ضد یا اس پر ایمان کے کسی لازمہ کی ضد کا ارتکاب کرنا نہیں ہوتا۔

مثال کے طور پر تارک الصلوٰۃ بے نماز شخص کا یہ کردار جو اس کا اختیاری عمل ہے اسی کے دوسرے عمل یعنی نماز پڑھنے کی ضد یا نقیض ہے نماز کے فرض ہونے کیلئے شرعی حکم کی ضد و نقیض نہیں ہے اور نہ ہی اس کے متعلق حکم الٰہی پر ایمان کے کسی لازمہ کی ضد و نقیض ہے ورنہ معترض کو پیش ہونے والے مذکورہ اشتباہ کی بنیاد پر حکم عدولی و معصیت کاریوں میں مبتلا کوئی شخص بھی کفر وارتداد سے نہ بچا ہوتا جو خلاف شریعت ہونے کے ساتھ خلاف واقعہ اور خلاف فطرت بھی ہے۔ شاید شریعت مقدسہ کی ان باریکیوں کے پیش نظر کہا گیا ہے

اگر فرق مراتب نہ کنی زندقیست

## تعارض کا اشتباہ اور اس کا ازالہ

سوال یہ ہے کہ اِس مضمون کے ایک مقام پر شرعی احکام کی تین قسمیں بتائی گئی

marfat.com

ہیں جبکہ دوسرے مقام پر چار قسمیں بتائی گئی ہیں۔ کیا یہ تدافع نہیں ہے؟

اس کا جواب یہ ہے کہ جن تین اقسام کا ذکر ہوا ہے وہ اجمال کے درجہ میں ہے جبکہ چار کا ذکر تفصیل پر مبنی ہے۔ لہٰذا تعارض کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ التزام کفر ایک عارضی بلا ہے جو التزام اسلام کی ضد ہے جس کے عارض ہونے کے بعد یعنی کسی بھی ملتزم اسلام کا اپنی رضا و اختیار کے ساتھ اس بلا کو گلے لگانے کے بعد التزام اسلام آپ ہی منفی و معدوم ہو جاتا ہے کیونکہ ضدین میں سے ایک کو اختیار کرنا آپ ہی دوسرے کی نفی و عدم ہے جس کے بعد التزام اسلام کے منفی ہونے پر دوسری دلیل تلاش کرنے کی قطعاً ضرورت نہیں رہتی۔ التزام کفر کا التزام اسلام کو عارض ہونے اور اس کے بعد آنے کی وجہ سے اس کی حقیقت کو جاننا التزام اسلام کی حقیقت کو جاننے پر موقوف ہے یعنی جب تک التزام اسلام کی حقیقت کو نہ جانا جائے اس وقت تک التزام کفر کو جاننا ممکن نہیں ہوگا کیونکہ ان دونوں کا تعلق ملت اسلام اور اس کے ماتحت آنے والے احکام کے ساتھ ہے۔ ایسے میں شرعی احکام کا تجزیہ و تفصیل ضروری قرار پاتی ہے۔

گذشتہ صفحات کے محولہ فی السوال دونوں جگہوں پر ہم نے ان احکام کو اولاً اجمال میں اور ثانیاً تفصیل میں پیش کیا تھا۔ جس کی مزید وضاحت اس طرح ہے کہ التزام اسلام کی دو حیثیتیں ہیں ایک اجمال دوسری تفصیل، اس اجمال کو ایمان مجمل بھی کہتے ہیں جس کا تعلق نفس ملت اسلام اور نظام مصطفیٰ ﷺ کے ساتھ ہوتا ہے اور کلمہ طیبہ پڑھ کر دائرہ اسلام میں داخل ہونیکی شکل میں پایا جاتا ہے جبکہ تفصیلی حیثیت کا تعلق ملت اسلام اور نظام مصطفیٰ ﷺ

marfat.com

کے ایک ایک جزئیات کے ساتھ ہوتا ہے جس کو ایمان مفصل بھی کہتے ہیں۔ التزام اسلام کی ان حیثیتوں کے اظہار کیلئے متکلمین اسلام نے فرمایا؛

"اَلْاِیْمَانُ هُوَ التَّصْدِیْقُ بِجَمِیْعِ مَاجَآءَ بِهِ النَّبِیُّ ﷺ اِجْمَالًا فِیْمَا عُلِمَ اِجْمَالًا وَ تَفْصِیْلًا فِیْمَا عُلِمَ تَفْصِیْلًا"

جب التزام اسلام کی دو حیثیتیں ہوئیں تو اس کی ضد یعنی التزام کفر کی بھی دو حیثیتیں ہوں گی جن میں سے ایک نفس ملت اسلام اور نظام مصطفیٰ ﷺ سے انکار ہے۔ دوسری اس کے کسی جزیہ اور مخصوص حکم سے انکار ہے اور جملہ اہل اسلام اس بات پر متفق ہیں کہ نظام مصطفیٰ ﷺ کے ہر جزیہ و حکم سے انکار کو التزام کفر نہیں کہا جاسکتا اور کسی بھی مذہبی بات سے انکار کی بناء پر کسی مدعی اسلام کو ملتزم الکفر قرار دے کر اسلام سے خارج نہیں کیا جاسکتا بلکہ اس کیلئے ماسوائے خوارج و نواصب کے جملہ مدعیان اسلام و اہل حق نے شرعی معیار بتایا ہے۔ جس کے مطابق بعض فقہاء کرام محض ان احکام کو معیار قرار دیتے ہیں جو قطعی الثبوت والدلالۃ دلیلوں سے ثابت ہو یعنی ان کے نزدیک کسی مدعی اسلام کے خلاف کفر کا فتویٰ دے کر اسے خارج اسلام اور مرتد قرار دینے کیلئے شرعی معیار صرف اتنا ہے کہ کسی ایسے شرعی حکم سے انکار کا التزام کیا جائے جس کا ثبوت قطعی ہو یا اس کی ضد یا اس پر ایمان کے لازمہ کی ضد کا التزام کیا جائے جبکہ جمہور فقہاء کرام و جملہ متکلمین اسلام کے نزدیک شرعی حکم کا ضرورت دینی کے قبیلہ سے ہونا معیار ہے، عام اس سے کہ ثبوت اس کا قطعی دلیل سے ہو یا ظنی سے۔ تکفیر کیلئے شرعی معیار کے حوالہ سے بعض فقہاء کرام اور جمہور اہل اسلام کا یہ اختلاف اس بات کا مقتضی ہے کہ شرعی احکام کی تفصیل و تجزیہ کرکے موضوع سخن کو بے غبار کیا جائے

marfat.com

یادرہے کہ شرعی احکام کی یہ تفصیل و تجزیہ اُس تفصیل و تجزیہ سے مختلف ہے جو اصول فقہ میں کیا جاتا ہے جسکے مطابق مَطلُوب الِا تیان احکام کی فرض، واجب، سنت موکدہ، سنت زوائد اور مستحب تک پانچ قسمیں بتائی جاتی ہیں اور مَطلُوب الا جتناب احکام میں حرام۔ مکروہ تحریم، اسائت، مکروہ تنزیہ اور خلاف اولیٰ تک پانچ قسمیں بتائی جاتی ہیں اور غیر مطلوب الا تیان والا جتناب کاموں کی صرف ایک قسم یعنی مباح بتائی جاتی ہے، حاصل اقسام گیارہ ہوتی ہیں۔ یہاں پر جو تفصیل و تجزیہ پیش کرنا مقصد ہے وہ بدیہی، غیر بدیہی اور اجماعی یا اختلافی ہونے کے حوالہ سے ہے جو بالا جمال مندرجہ ذیل ہیں۔

(۱) وہ جو تمام اہل اسلام کے مابین شروع سے اب تک متفقہ ہوتے ہوئے اتنے مشہور ہیں کہ ان کا حصہ اسلام ہونا کسی سے بھی پوشیدہ نہ ہو۔ اِس قسم کے احکام کو ضروریات دینی کہا جاتا ہے۔ جیسے نماز پنجگانہ، حج، زکوٰۃ، صیام رمضان اور ماہ رمضان میں اضافی عبادات کا مطلوب فی الاسلام ہونے جیسے ہزاروں احکام۔

(۲) وہ احکام ہیں جنکا حصہ اسلام ہونے یا نہ ہونے میں اہل قبلہ کے مابین اختلاف ہے۔ جیسے بنات الرسول ﷺ کا مسئلہ، جو اہل تسنن و اہل تشیع کے مابین متنازعہ ہے کہ اہل تشیع کے نزدیک رحمت عالم ﷺ کی صرف ایک بیٹی (حضرت فاطمۃ الزہراء) ہیں جبکہ اہل سنت کے نزدیک چار (زینب، ام کلثوم، رقیہ اور فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنھن ہیں)۔

اسی طرح مسئلہ خلافت بعد الرسول ﷺ کے حوالہ سے بھی کہ اہل تشیع کے نزدیک خلیفہ برحق متصلاً بعد الرسول ﷺ حضرت علی رضی اللہ عنہ ہیں جبکہ اہل سنت کے نزدیک حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ہیں دراصل یہ مسائل تاریخ کے ہیں لیکن اسلامی عقائد کے ساتھ متعلق ہونے کی

marfat.com

بناء پر اہل قبلہ کے مابین موضوع سخن وجائے اختلاف بن گئے اس قسم مسائل کی فہرست بہت طویل ہے۔

(۳) وہ مسائل واحکام ہیں جن پر واضح دلائل ونصوص موجود نہ ہونے کی وجہ سے محل اجتہاد ومتنازع فیہ بین المجتہدین ہیں جیسے فرضیت ''غُسْلُ الرِّجْلَيْنِ فِي الْوُضُوءِ، عِنْدَ اَهْلِ التَّسَنُّنِ''۔ ''وَمَسْحُ الرِّجْلَيْنِ عِنْدَ اَهْلِ التَّشَيُّعِ'' طرح مینڈک کا کھانا عندا لاحناف حرام ہونا اور عندالشوافع حلال ہونا۔

تکفیر کا تعلق ان میں سے صرف اول قسم کے ساتھ ہے یعنی قسم دوم وسوم میں التزام کفر کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا بلکہ التزام کفر کا محل صرف اور صرف قسم اول ہے جن کو ضروریات دین کہا جاتا ہے۔ احکام شرعیہ کے اس تجزیہ کو اجمال اسلئے کہا جاتا ہے کہ اس میں ضروریات دین اور غیر ضروریات دین والے احکام کے قطعی الثبوت یا ظنی الثبوت ہونے کی کوئی تفصیل نہیں ہوتی۔ جبکہ اس تفصیل کو پیش نظر رکھنے کے بعد مندرجہ ذیل چار قسمیں وجود پاتی ہیں۔

(۱) ضروریات دینیہ عام اس سے کہ ثبوت ان کا قطعی دلائل سے ہو، جیسے صلوٰۃ، زکوٰۃ وغیرہ یا ظنی دلائل سے ہو، جیسے ماہ رمضان المبارک میں اضافی عبادات کیلئے ترغیبی احکام، اکرام ضیف اور حکم مسواک جیسے بے شمار احکام۔

(۲) ضروریات مذہبیہ، یعنی شریعت مقدسہ کے وہ احکام جن پر قرآن وسنت میں واضح دلائل موجود نہ ہونے کی وجہ سے محل اجتہاد بن گئے اور مجتہدین فی الاسلام کے مابین متنازعہ ہوگئے اور جس نے اپنی فراست اجتہادی کی بناء پر جو فتویٰ دیا وہی اس کے مقلدین کیلئے

marfat.com

مذہب ومسلک قرار پایا جس کے مطابق یہی اجتہادی احکام مرورایام کے ساتھ رفتہ رفتہ ہر مسلک کے ماننے والوں کے معاشرہ میں ضرورت مذہبی قرار پائے کہ اس مسلک کے اہل علم اور ان کے حلقہ اثر والوں کے مابین اتنے مشہور ہو گئے کہ ان کو مذہب کا حصہ ثابت کرنے کیلئے اپنے معاشرہ میں دلیل کی ضرورت محسوس نہیں کی جاتی۔ جیسے ''مسح علی الرجلین فی الوضوء'' کا جزو وضو ہونے کے طور پر حصہ اسلام ہونا عنداہل التشیع۔ اسی طرح مسئلہ خلافت کے شرعی حکم کا اہل تشیع کے نزدیک عرشی مسئلہ ہونا اور اہل سنت کے نزدیک فرشی ہونا' مینڈک اور گوہ کا عندالاحناف حرام ہونے' عندالشوافع حلال ہونے جیسے ہزاروں احکام۔

(۳) وہ احکام ہیں جو نصوص قطعیہ سے ثابت ہونے کی بناء پر کل مکاتب فکر اہل اسلام کے مابین متفقہ اور غیر متنازعہ ہونے کے باوجود ضرورت مذہبی کے زمرہ میں ہیں نہ ضرورت دینی کے زمرہ میں۔ جیسے مطلقہ کیلئے سکنیٰ اور نان نفقہ کا خاوند پر واجب ہونے' محرم کے بغیر عورت کا مدت سفر پر جانے کے حرام ہونے اور تبلیغ کی فرضیت کا اسلامی حکم ہونے جیسے سینکڑوں احکام تمام اہل قبلہ کے مابین متفقہ ہونے کے باوجود اسلامی معاشرہ کے کافی افراد ان سے بے خبر ہیں۔

(۴) وہ احکام ہیں جو ظنی دلائل سے ثابت ہونے کے باوجود سب کے نزدیک متفقہ' غیر متنازعہ اور عملی اجماع کے درجہ میں ہیں اسکے باوجود نہ ضرورت دینی ہیں نہ ضرورت مذہبی، جیسے حسن اخلاق کا مطلوب فی الاسلام ہونے، بداخلاقی کا مکروہ فی الاسلام ہونے، مخلوق سے طمع ولالچ کا معیوب ہونے اور استغنیٰ کا مرغوب فی الاسلام ہونے جیسے احکام۔

تفصیل کے درجہ میں مذکور ہونے والے اِن احکام میں سے التزام کفر کا محل و

marfat.com

مصرف صرف قسم اول ہے، جو ضرورت دینی کہلاتی ہے۔ اس کے ماسوا باقی تینوں قسموں کا تعلق لزوم کفر کے ساتھ بھی نہیں ہے چہ جائیکہ التزام کفر کا مصرف بنے۔

☆☆☆☆☆☆

marfat.com

# کفر کا ضرورت دینی کے انکار کے ساتھ خاص ہونے کا فلسفہ

یہ مسئلہ اپنی جگہ قابل توجہ ہے کہ شرعی احکام کی ان تمام قسموں میں کفر صرف ضرورت دینی کے انکار کے ساتھ کیوں خاص ہوتا ہے جبکہ باقی قسمیں بھی ملت اسلام کے حصے ہیں بالخصوص وہ احکام جو قطعی دلائل سے ثابت ہیں جن کی اہمیت کو دیکھ کر بعض فقہاء کرام نے ان کے منکر پر کفر وارتداد کا فتویٰ لگایا بھی ہے لیکن جمہور فقہاء کرام اور متکلمین اسلام کا یہ عمل نا قابل فہم لگ رہا ہے۔

تکفیر کے حوالہ سے بعض فقہاء کرام کے مرجوح مذہب کے حامیوں کی طرف سے اس نکتہ کو اعتراض کے طور پر بھی ذکر کیا جاتا ہے جو انصاف نہیں ہے۔تو اس کا فلسفہ یہ ہے کہ التزام کفر ضد ہے التزام اسلام کی اور ملت اسلام دین فطرت ہونے کی بنیاد پر بین الثبوت ہے کہ ذہنی ترجیحات' ماحولیاتی اثرات اور تقلیدی رکاوٹوں سے خالی الذہن ہو کر اسے دیکھنے اور اس پر غور کرنے والا شخص اس کی حقانیت پر یقین کیے بغیر نہیں رہ سکتا۔جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''لَا اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ''

یعنی کسی کو زور سے اسلام میں لانے کا جواز اس لئے نہیں ہے کہ دین کا گمراہی سے

marfat.com

جدا ہونا واضح ہو چکا ہے۔ (القرآن' سورۃ آل عمران)

جیسے دوسری ضروریات و بدیہیات کو جاننے کیلئے سلامتی عقل و حواس اور توجہ کی موجودگی کے ساتھ اس کے خلاف ذہنی ترجیحات کا پہلے سے نہ ہونا واحد شرط ہے جس کے بعد ان کے ساتھ علم و یقین کا حصول کسی اور دلیل پر موقوف نہیں رہتا اسی طرح اسلام کو سمجھنے کا مسئلہ بھی ہے کہ وہ اپنی جگہ اتنا واضح اور اس کی واقعیت اتنی بیّن ہے کہ تندرست عقل و حواس والا شخص کا اس کے خلاف ذہنی ترجیحات سے خالی دماغ کے ساتھ متوجہ ہونے کے فوراً بعد بلا تاخیر اسکی حقانیت کا علم حاصل ہو جاتا ہے جس کے بعد کسی اور دلیل کی ضرورت نہیں رہتی۔ تو جیسے التزام اسلام میں اسلام بدیہی و ضروری ہے جس کو سمجھنے کیلئے عقل و حواس کی توجہ کے علاوہ کسی اور دلیل کی ضرورت نہیں ہوتی اسی طرح اس کی ضد یعنی جس شرعی حکم کے خلاف التزام کفر کیا جا رہا ہے۔ اس کا بھی بدیہی ہونا ضروری ہے ورنہ ضد ہونے کا کیا مطلب جبکہ التزام اسلام اور التزام کفر کا ضدین ہونا امر مسلم ہے۔

ہاں البتہ فرقہ معتزلہ کے نزدیک اس فلسفہ کا واضح ہونا مشکل ہوگا کیونکہ وہ کفر و اسلام کو ضدین تسلیم نہیں کرتے بلکہ منزلہ بین المنزلتین کے قائل ہیں۔ یہاں پر اس کے بُطلان کو بیان کرنے کی ضرورت نہیں کیونکہ وہ اپنی جگہ بیان ہو چکا ہے۔ ایسے میں التزام کفر کا احکام شرعیہ کے باقی اقسام کے ساتھ متعلق ہونے کا کوئی جواز ہی نہیں رہتا اس لئے کہ جب اولیّات میں بدیہی کی ضد کا بدیہی ہونا لازم ہے۔ نظری اور بدیہی ضدین نہیں ہو سکتے اور متفقہ حکم کی ضد کا متفقہ ہونا لازم ہے اختلافی اور متفقہ حکموں کے مابین تقابل تضاد نہیں ہو سکتا' اسی طرح نا قابل اجتہاد حکم کی ضد کا نا قابل اجتہاد ہونا لازم ہے ورنہ ایک قابل

marfat.com

اجتہاد اور دوسرا منصوصی اور نا قابل اجتہاد ہو تو ان کے مابین بھی تقابل تضاد نہیں ہو سکتا تو پھر التزام کفر شریعت کے جن احکام کے ساتھ متعلق ہوتا ہے وہ غیر بدیہی، غیر متفقہ اور قابل اجتہاد کیسے ہو سکتے ہیں جبکہ شرعی احکام کی مذکورہ چاروں اقسام میں سے ضروریات دینیہ کے سوا کوئی ایک قسم بھی تقابل تضاد کے اس معیار پر نہیں اترتی۔ تیسری اور چوتھی قسمیں اس لئے کہ وہ بدیہی نہیں ہیں اور دوسری قسم اگر چہ بدیہی ہے لیکن بدیہی مذہبی ہے، بدیہی دینی نہیں ہے جبکہ تکفیر کیلئے بدیہی دینی ہونا شرط ہے۔ نیز یہ کہ اس قسم کے احکام قابل اجتہاد ہونے کی وجہ سے بھی تضاد کے قابل نہیں ہوتے ہیں۔

اس فلسفہ پر غور کرنے والے حضرات، جمہور فقہاء کرام اور متکلمین اسلام کی نگاہ بصیرت کو داد دیئے بغیر نہیں رہ سکتے کہ تکفیر کے بارے میں کتنی احتیاط سے کام لیا ہے۔ ہمارے مفتیان کرام اور اصحاب محراب و منبر حضرات اگر اس فلسفہ کو سمجھیں تو ان کی زبان و قلم سے کبھی بے مصرف فتویٰ کفر صادر نہیں ہو سکتا۔ الٰہیات کے سلسلہ دراز میں اس موضوع سے زیادہ مشکل، باریک اور قابل توجہ مجھے کوئی اور مسئلہ نظر نہیں آرہا۔ تکفیر کیلئے شرعی معیار کی اس کاوش کو میں لاشرقی، لاغربی بلکہ اسلامی اور فقط اسلامی ذہن کے ساتھ علماء کرام کی رہنمائی کی غرض سے تحریر کر رہا ہوں۔ میرے مخاطب اس پوری تحریر میں علماء کرام ہی ہیں۔ کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ اگر یہ طبقہ سمجھ گیا تو باقی دنیا کو سمجھانا آسان ہے۔

## ایک اور ضروری وضاحت:۔

یہ بھی ناگزیر ہے کہ کفر اپنے مفہوم یعنی نظام مصطفیٰ ﷺ یا اس کے کسی ضروری

marfat.com

حصہ کی تکذیب کے اعتبار سے بمنزلہ جنس ہے۔ جسکے ماتحت کفر اصلی، کفر عارضی، زندیقیت، الحاد، لزوم کفر اور التزام کفر جیسے مختلف اقسام وانواع پائے جاتے ہیں جن میں سے ہر ایک کی حقیقت واحکام ایک دوسرے سے جدا جدا ہیں۔ اس تحریر میں ہمارے پیش نظر صرف ایک قسم یعنی عارضی کفر کو بیان کرنا ہے جو کسی مدعی ایمان کا ملت اسلام یا اس کے کسی ضروری حصہ کی تکذیب کرنے سے عبارت ہے اس تکذیب وانکار یا اس کے قائم مقام یقینی علامت کا اگر بلا واسطہ ارتکاب ہو تو وہ التزام کفر کہلاتا ہے۔ جس کی بالتفصیل، اقسام کا بیان مع مثالوں کے گذشتہ صفحات میں ہم نذر قارئین کر آئے ہیں۔ جس کے مطابق کسی شخص کو کافر و مرتد قرار دے کر اسلام سے خارج بتانے کا اور مرتد کے خصوصی احکام اس پر جاری کرنے کیلئے فتویٰ صادر کرنے کا پس منظر اس کے سوا اور کچھ نہیں ہوتا کہ اس نے ان اقسام میں سے کسی ایک کا ارتکاب کیا ہے، اسلام کی ضد یا نقیض پر ڈائیریکٹ عمل کیا ہے اور جان بوجھ کر یا انجانے میں نقیض اسلام یا ضد اسلام کو گلے لگایا ہے۔

ہماری اس تحقیق سے یہ بھی معلوم ہو چکا ہے کہ التزام کفر کی ان قسموں کی حقیقت ایک ہے یعنی ایک ماہیت اور وحدت نوعی کے تحت متعدد اصناف ہیں جو محض عارضی صفات ولوازمات کی بناء پر ایک دوسرے سے جدا سمجھے جاتے ہیں اور کسی بھی ماہیت نوعیہ کے افراد واقسام پر شرعی احکام لاگو ہونے کا مدار مابہ الاشتراک حقیقت کا موجود ہونا ہی ہوتا ہے۔ عوارض ولوازمات نہیں، جیسے کتے اور بلی پر حرام ہونے کا حکم جاری کرنے کیلئے ان کے لغوی مفہوم وحقیقت کا مصداق ومظہر ہونا کافی ہے جس کا وجود یقینی ہونے کے بعد اس کے مذکر یا مونث، عربی یا ہندی، اہلی یا صحرائی ہونے کی کوئی تفریق نہیں ہوتی بلکہ حرام ہونے کے حوالہ

marfat.com

سے شرعی حکم سب پر یکساں جاری ہوتا ہے‘ اسی طرح افراد انسانی کے مابین مذکر و مونث اور مخنث ہونے کے عارضی امتیازات کا ان کے مکلّف ہونے کے حوالہ سے کوئی فرق نہیں ہوتا بلکہ انسان کا مفہوم جو ان سب میں قدر مشترک اور سب کی ذاتی ماہیت ہے جب بھی جہاں پر بھی اور جس شکل میں بھی پایا جاتا ہے اپنے مخصوص شرائط کے ساتھ شرعی احکام کا حامل قرار پاتا ہے۔ چاہے مذکر ہو یا مونث یا مخنث۔

یہی حال التزام کفر کا بھی ہے کہ اس کی حقیقت اور لغوی مفہوم مذکورہ اقسام میں سے جس شکل میں بھی جہاں پر بھی اور جس شخص میں بھی پایا جاتا ہے وہاں پر کفر و ارتداد کا شرعی حکم بلاتفریق جاری ہو جاتا ہے چاہے اس کو جاری کرنے والا کوئی ہو یا نہ ہو‘ چاہے کسی کو معلوم ہو یا سب سے پوشیدہ اور چھپا کر کیا گیا ہو بہر تقدیر اللہ تعالیٰ کے جاری کردہ خودکار نظام قدرت اور امر تکوینی کے عین مطابق صحیفہ کائنات ‏میں اس کا کفر ثبت ہو جاتا ہے۔ جب تک اس سے توبہ تائب نہیں ہوتا اس وقت تک کافر و مرتد ہی کہلاتا ہے اور بغیر توبۃ النصوح کی اسی حالت میں مرنے پر جملہ خلائق کی طرف سے مستوجب لعنت قرار پاتا ہے۔ چاہے دنیا کے کسی دارالافتاء کے مہر و دستخطوں سے اسکا اظہار کیا جائے یا نہ کیا جائے، بہر حال اس کا منطقی انجام اللہ کے فرمان؛

”وَمَنْ يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ فَاُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ“ (سورۃ البقرہ‘ آیت 217)

ترجمہ:۔ تم میں سے جو شخص اپنے دین سے پھرنے کے بعد کافر مرا تو ان کے کئے

marfat.com

ہوئے اعمال محو ہو گئے دنیا میں بھی آخرت میں بھی اور وہ دوزخ کی آگ والے ہیں جس میں ہمیشہ رہیں گے۔

کے عین مطابق اٹل ہوتا ہے۔ اللہ کے مقدس کلام کی اس جامعیت پر قربان جاؤں جس نے اِدھر اُدھر تفریق کے بغیر ''وَمَنْ يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ'' کے عمومی انداز میں ایسا قانون وضابطہ عطا فرمایا جو التزام کفر کی مذکورہ قسموں کو یکساں شامل ہے۔ جس کے بعد کسی بھی مسلمان کو جائز نہیں ہوسکتا کہ اس عمومی حکم میں تفریق کرے یا التزام کفر میں مبتلا ہونے والوں کو اپنا خویش' استاذ' پیر اور رہنما سمجھ کر ان پر جاری کرنے سے کترائے' توقف کرے یا صحیفہ کائنات پر ثبت ہونے والے اس حکم سے انہیں بچانے کیلئے بے محل تاویلات تلاش کرے ورنہ اس میں اور اہل کتاب کے علماءِ سوء میں کوئی فرق نہیں رہے گا۔ جو تورات و انجیل کے اس قسم عمومی احکام کو جاری کرنے میں تفریق کیا کرتے تھے' اپنا اور پرایا' بااثر و بے اثر کی تمیز کیا کرتے تھے اور ''اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ وَتَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ'' کا عکس بن کر التباس الحق بالباطل کیا کرتے تھے۔ جس سے اپنے بندوں کو بچانے کیلئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا؛

''وَلَا تَتَّبِعُوْٓا اَهْوَآءَ قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوْا مِنْ قَبْلُ وَاَضَلُّوْا كَثِيْرًا''

ترجمہ:۔ ان لوگوں کے پیچھے مت جاؤ جو پہلے سے گمراہ ہو چلے ہیں اور دوسروں کو بھی بہت گمراہ کیا ہے۔ (سورۃ المائدہ' آیت 77)

مدعی اسلام ہونے کے باوجود التزام کفر کرنے والوں پر لگنے والے اس قرآنی فتویٰ کے عموم کا ہی نتیجہ ہے کہ جملہ اہل اسلام میں کسی ایک نے بھی آج تک اس کی تخصیص

marfat.com

کا نہیں سوچا' التزام کفر کا قول وعمل کرنے والوں میں سے کسی ایک کو بھی اس سے بچانے کی جسارت نہیں کی۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ اسلام میں کسی بھی مدعی ایمان کو کفر سے بچانے کیلئے حتی المقدور جائز تاویل تلاش کرنے کا حکم ہے۔ اگر اسے کفر سے بچانے کیلئے ایک فیصد احتمال تاویل ممکن ہو پھر بھی وہ محل تکفیر نہیں ہوسکتا۔ لیکن جہاں پر صراحتاً التزام کفر ہو وہ تاویل کا محل ہی نہیں ہوتا اسلئے کہ کلام صریح اپنے معنی ومفہوم پر واضح دلالت کرنے کی وجہ سے کسی قرینہ ودلیل کا محتاج نہیں ہوتا اور اپنے معنی و مدلول کے سوا کسی اور کا احتمال ہی نہیں رکھتا تو پھر محل تاویل ہونے کا مقصد ہی کیا ہے۔ محل تاویل وہی ہوتا ہے جو صریح الدلالہ نہ ہو۔ اصول شاشی میں ہے؛

"اَلصَّرِيْحُ لَفْظٌ يَكُوْنُ الْمُرَادُ بِهٖ ظَاهِرًا كَقَوْلِهٖ بِعْتُ وَاشْتَرَيْتُ وَاَمْثَالِهٖ وَحُكْمُهٗ اَنَّهٗ يُوْجِبُ ثُبُوْتَ مَعْنَاهُ بِاَيِّ طَرِيْقٍ كَانَ مِنْ اَخْبَارٍ اَوْنَعْتٍ اَوْنِدَاءٍ وَمِنْ حُكْمِهٖ اَنَّهٗ يَسْتَغْنِىْ عَنِ النِّيَّةِ وَعَلٰى هٰذَا قُلْنَا اِذَا قَالَ لِامْرَءَتِهٖ اَنْتِ طَالِقٌ اَوْ طَلَّقْتُكِ اَوْ يَا طَالِقُ يَقَعُ الطَّلَاقُ نَوٰى بِهِ الطَّلَاقَ اَوْ لَمْ يَنْوِ"

صریح کا یہ مفہوم اور حکم التزام کفر کی مذکورہ تمام قسموں پر بدرجہ اتم منطبق ہونے کی بناء پر ان میں سے کوئی قسم ایسی نہیں ہے جو قابل تاویل ہو محتاج نیت ودلیل ہو یا اپنے مفہوم ومدلول کے سوا کسی اور مفہوم کا احتمال رکھتی ہو۔ کسی کلام کا محل تاویل ہونے یا نہ ہونے کے حوالہ سے علم کلام کے علاوہ کتب فتاویٰ میں بھی یہی کچھ لکھا ہوا موجود ہے۔ جیسے فتاویٰ

marfat.com

شامی میں ہے:

''اِذَاکَانَ فِی الْمَسْئَلَۃِ وُجُوْہٌ تُوْجِبُ التَّکْفِیْرَ وَوَجْہٌ وَاحِدٌ یَّمْنَعُہٗ فَعَلَی الْمُفْتِیْ اَنْ یَّمِیْلَ اِلَی الْوَجْہِ الَّذِیْ یَمْنَعُ التَّکْفِیْرَ''

ترجمہ:۔ جب کسی مسئلہ میں تکفیر کیلئے متعدد احتمالات ہوں اور کفر سے بچانے کیلئے صرف ایک احتمال ہو تو مفتی پر لازم ہے کہ کفر کی طرف لیجانے والے تمام احتمالات کو چھوڑ کر صرف اس ایک احتمال پر عمل کرے جو کفر سے بچانے پر دلالت کرتا ہے۔

(فتاویٰ شامی، جلد 3، صفحہ 312)

اہل علم پر واضح ہے کہ کسی کلام میں احتمالات کے موجود ہونے کا مطلب اسکے غیر صریح ہونے کے سوا اور کچھ نہیں ہے کیونکہ صریح کلام کا صرف ایک مفہوم و مدلول ہوتا ہے جس پر دلالت کرنے میں کسی قرینہ و دلیل کی ضرورت نہیں ہوتی۔ اسکے علاوہ کسی اور مفہوم کی قطعاً گنجائش نہیں ہوتی یہاں تک کہ اس کے ساتھ متکلم کی نیت کا ہونا بھی ضروری نہیں ہوتا یعنی نیت ہو یا نہ ہو بہر حال کلام جس معنی و مفہوم پر صراحتاً دلالت کر رہا ہے اس پر شرعی حکم کو جاری کرنا واجب التعمیل ہوتا ہے۔ التزام کفر کی مذکورہ صورتوں میں سے کوئی ایک بھی ایسی نہیں ہے جو اپنے معنی و مفہوم پر دلالت کرنے میں صریح نہ ہو یا اس کے مفہوم و مدلول میں ایک سے زیادہ احتمالات کا امکان ہو۔ مثال کے طور پر کسی مدعی اسلام کا ''نبی اکرم رحمت عالم ﷺ کے خاتم النبیین بمعنی نبی آخر الزمان اور تمام انبیاء و مرسلین کے بعد مبعوث ہونے کے اسلامی عقیدہ سے انکار کر کے ختم النبوت کے اسلامی عقیدہ سے متعلق یہ کہنا کہ:

''آپ ﷺ خاتم النبیین تو ہیں لیکن بمعنی اتصاف بوصف النبوت بالذات اور اصل

marfat.com

الانبیاء کے ہیں۔ نبی آخر الزمان کے معنی میں نہیں ہے کہ ان کے بعد دوسرا نبی پیدا نہ ہو سکے لہٰذا اگر ان کے بعد کوئی دوسرا نبی پیدا ہو جائے تو ختم النبوت کے عقیدہ میں کوئی فرق نہیں آئیگا کیونکہ یہ اصل الانبیاء ﷺ کے تابع اور متصف بوصف النبوت بالعرض نبی ہوگا جبکہ آپ ﷺ خاتم النبیین بمعنی متصف بوصف النبوت بالذات نبی ہیں''۔

تو سلامتیِ ہوش وحواس کی حالت میں بلا جبر واکراہ اختیاری طور پر بولے جانے اور لکھے جانے والے اس کلام کا ختم النبوۃ کے اسلامی عقیدہ کے منافی ہونے پر کس کو شک ہو سکتا ہے؟ یا اس کا خاتم النبیین بمعنی نبی آخر الزمان ہونے کے اسلامی عقیدہ کے صریح نقیض ہونے میں کس کو تردد ہو سکتا ہے، وہ کون سا ہوش مند ہوگا، جس کا ذہن اس صریح مفہوم کے علاوہ کسی اور محمل کی طرف جا سکتا ہو۔ اگرچہ اس طرح کا عقیدہ رکھنے والے کی ظاہری حالت اور اس کی عملی زندگی اِس کے برعکس ہو، اگرچہ وہ عالم، فاضل، مرشد الناس اور پیشوائے علماء ہو کیونکہ قرآن وسنت اور اسلامی تعلیمات میں کوئی حکم ایسا نہیں ہے جو ضرورت دینی کے نقیض پر صراحتاً دلالت کرنے والے اس قسم کلام کے متکلم ومعتقد کو محض پیشوائے علماء ہونے کی بناء پر چھوٹ دیں یا ایسے عقیدہ رکھنے والوں کی فہرست میں عالم دین اور غیر عالم دین کی تفریق کریں۔ ذوات قدسیہ انبیاء علیہم الصلوٰات والتسلیمات کے ماسوا باقی ہر شخص سے کسی بھی وقت کچھ بھی ہو سکتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆

marfat.com

# تعصب کے برے اثرات کا ایک کرشمہ

حقیقت یہ ہے کہ ضرورت دینی کے نقیض کے صریح ارتکاب اور التزام کفر کی ان صریح مثالوں سے چشم پوشی کر کے اِن کو اسلام کا حصہ ثابت کرنے کے لئے جتنی کوششیں کی جاتی ہیں اور جتنی تاویلوں کا سہارا لیا جاتا ہے یہ سب مضحکہ خیز ہیں، صریح میں تاویل کرنے کی حماقت اور حقیقت سے آنکھیں چرانے کے مترادف ہیں۔ کبھی عالم دین ہونے کا بہانہ، کبھی مرشد الناس ہونے کا سہارا، کبھی عملی زندگی کا اس کے برعکس ہونے کا حوالہ اور کبھی اس کے انسانی فہم کی رسائی سے ماوریٰ معمہ کہنے کا تماشا یہ سب کچھ مذہبی تعصب کے برے اثرات کے کرشمے ہیں۔ سچ کہا گیا ہے:

"اَلتَّعَصُّبُ اِذَا تَمَلَّكَ اَهْلَكَ"

یعنی تعصب جب کسی پر غالب آجاتا ہے تو اسے ہلاک کر دیتا ہے۔

قرآن وسنت کی روشنی میں تعصب کے حرام و ناجائز ہونے کا فلسفہ بھی یہی ہے کہ جس معاشرہ پر یہ غالب آجائے اس کی بصیرت ختم کر دیتا ہے۔ جس کے نتیجہ میں اپنے مخصوص نظریات اور ذہنی ترجیحات کو اصل الاصول سمجھ کر اسلامی احکام کو ان کے مطابق کرنے کی تمنا کرنے لگ جاتا ہے۔ مسلکی مخالفین کے مقابلہ کے حوالہ سے قرآن وحدیث کے مطالعہ کو اپنے ذہنی رجحان کا تابع بنانے کی کوشش کی جاتی ہے، قرآن شریف کی جس

marfat.com

آیت اور حدیث شریف کے جس لفظ کو اپنے مخصوص نظریے کے خلاف محسوس کیا جاتا ہے تو اس کی بالادستی پر ایمان و یقین کا اظہار کرنے کے بجائے بے محل تاویلیں گھڑ کر گناہ کمایا جاتا ہے۔ جس معاشرہ میں تعصب زدگی کا یہ عالم ہو تو اسے حق شناسی کی توفیق نصیب ہوتی ہے نہ حق گوئی کی کیونکہ حق کو جاننے اور ایمان و کفر میں تفریق کو پہچاننے کیلئے بنیادی معیار قرآن شریف ہی ہے' سیرت طیبہ سید المرسلین ﷺ پر مشتمل احادیث طیبہ سے لیکر اسلامی ذخیرہ کتب تک جو کچھ بھی ہے یہ سب کچھ اس کی پہچان کے ذرائع و تشریحات ہیں جسکی حقیقت تک پہنچنے کیلئے ذہنی ترجیح، مسلکی رجحان' معاشرتی اثرات اور تعصب کے زنگ سے پاک وصاف' مبرئ و مطہر دل و دماغ کے ساتھ اسے دیکھنا اولین شرط ہے۔ جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا؛ "لَا يَمَسُّهٗۤ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ"

جس کا مفہوم یہ ہے کہ قرآن شریف کے معارف کو وہی لوگ پاسکیں گے جو تعصب زدگی سے پاک و مطہر دل و دماغ کے ساتھ اس میں غور کریں گے۔ اہل بصیرت کیلئے مقام عبرت ہے کہ نبی اکرم رحمت عالم ﷺ کا خاتم النبیین بمعنی نبی آخرالزمان ہونے کا اسلامی عقیدہ جو ضروریات دین کے قبیلہ سے ہے' کو نادان عوام و جہلاء کا خیال کہہ کر اس کے نقیض کا ارتکاب کرنے جیسے التزام کفر کو التزام اسلام ثابت کرنے کی یہ ناکام کوششیں کیوں ہو رہی ہیں؟ کیا اکابر پرستی کی جامد تقلید اور مذہبی تعصب زدگی کے سوا کوئی اور وجہ اس کی ہوسکتی ہے؟ میں اپنے پچاس سالہ طویل تجربہ و مشاہدہ کی روشنی میں کامل وثوق کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ اکابر پرستی کے تعصب کے علاوہ کوئی اور وجہ اس کی ہرگز نہیں ہے۔ اسلام کے نام لیواؤں کی چاردیواری کے اندر مختلف مسالک کے حلقہ علماء میں پائی جانے والی اس

marfat.com

بیماری کی موجودگی میں ان حضرات سے اسلام کی حقیقی تبلیغ کی توقع کرنا آرزوئے بے محل کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ علماء کرام کی تعصب زدگی کا یہ منظر مختلف مسالک میں موجود ان علماء احرار اور تعصب کی لعنت سے پاک حضرات کو ان کی مذہبی ذمہ داری کا احساس دلاتا ہے کہ آگے آئیں اسلام و کفر کی تفریق بتانے کا فریضہ ادا کیجئے' اکابر پرستی کے تعصب میں مبتلا حضرات کے التباس الحق بالباطل کرنے کی بدانجامی سے امت کو نجات دلائیں۔ جس کو ممکن بنانے کیلئے علماء حق کا بین المسالک مشترکات پر متحد ہونا ناگزیر ہے اور اسلام کے مسلمہ اصولوں کو موضوع بیان قرار دینا ضروری ہے۔ مذہبی عصبیت سے پاک ذہن کے حضرات کا وجود مسعود اگرچہ کم ہے' آٹے میں نمک کی شرح تناسب سے بھی قلیل ہے تاہم اس کی حلاوت میں اتنی کشش ہے' ان کے اکٹھ میں اتنا اثر ہے اور ان کا اشتراک عمل اتنا موثر ہے کہ جس کے بعد حدود اللہ کی تبلیغ کرنے میں اپنے اور پرائے کی تفریق کرنے والوں کی نہیں چل سکتی اور اپنے افراد خانہ میں التزام کفر دیکھ کر اسے اسلام کہنے کی جسارت ہرگز نہیں ہوسکتی۔ جو حضرات اندھی تقلید اور اکابر پرستی کے حصار میں محصور ہیں انہیں تو قرآن وسنت کی تعلیمات کھلے ذہن سے دیکھنے کی توفیق میسر نہیں آسکتی کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ''لَا يَمَسُّهٗۤ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ'' فرما کر ان کی بے توفیقی کی خبر دینے کے بعد ان سے حق شناسی وحق گوئی کی توقع کرنا ہی فضول ہے۔ مقام عبرت نہیں تو اور کیا ہے کہ اندھی تقلید اور تعصب کی بناء پر حدود اللہ کے اجراء میں تفریق کرنے والے' اور ایک ہی چیز کو دوسروں کیلئے کفر اپنوں کیلئے اسلام کہنے والے یہ حضرات دوسرے مسائل کی کیا تبلیغ کرتے ہونگے۔ جبکہ قرآن وسنت کی روشنی میں علماء دین کی مسئولیت کا یہ عالم ہے کہ اگر ان کے حلقہ اثر میں کوئی شخص لزوم کفر

marfat.com

کا ارتکاب کرے پھر بھی ان سے پوچھا جائے گا۔ جبکہ لزوم کفر کے شرعی احکام التزام کفر کے احکام سے بہت ہلکے اور نرم ہیں، جن کو گذشتہ صفحات میں ہم واضح کر آئے ہیں۔ بلکہ کفر سے کم درجہ کے عاصیوں کے ہاتھ بھی قیامت کے دن ان کے گریبانوں تک پہنچیں گے کہ جائز و ناجائز کی تفریق بتانے کی ذمہ داری سے غافل کیوں رہے؟ اور گونگا شیطان بن کر ہماری حرام کاریوں پر خاموش تماشائی کیوں بنے؟ اہل کتاب کے ایسے ہی علماء سوٗ کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا؛

"لَوْ لَا یَنْھٰھُمُ الرَّبّٰنِیُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ عَنْ قَوْلِھِمُ الْاِثْمَ وَاَکْلِھِمُ السُّحْتَ

ان کے علماء و مشائخ گناہ کا بول بولنے سے اور حرام کھانے سے انہیں منع کیوں نہیں کرتے؟ (سورۃ المائدہ' آیت 63)

اور حدیث میں بھی ایسے علماء سوٗ کو گونگا شیطان قرار دیا گیا ہے۔ جس کے الفاظ ہیں؛

"اَلسَّاکِتُ عَنِ الْحَقِّ شَیْطَانٌ اَخْرَسُ"

یعنی حق ظاہر نہ کرنے والا گونگا شیطان ہے۔

(التفسیر الکاشف' جلد 5 صفحہ 32' مطبوعہ بیروت)

جب کفر سے کم درجہ کے گناہوں کا یہ عالم ہے تو پھر التزام کفر کرنے والوں کا ساتھ دینے' ان کیلئے جواز تلاش کرنے اور ان سے صرف نظر کرنے والوں کا کیا ہی حشر ہوگا جبکہ اسلامی احکام اس حوالہ سے یہ ہیں کہ التزام کفر کرنے والوں کے کفر میں اور ان کے مستحق عذاب ہونے میں توقف اور شک کرنے والا بھی کافر و مرتد قرار پاتا ہے۔ جیسے جملہ فقہاء کرام نے بیک آواز کہا ہے کہ؛

marfat.com

''مَنْ شَكَّ فِيْ كُفْرِهٖ وَعَذَابِهٖ فَقَدْ كَفَرَ ''

جس کا مفہوم یہ ہے کہ التزام کفر کرنے والے کے اس کردار و عمل پر مطلع ہونے اور اسے سمجھنے کے بعد جو اسکے کفر میں اور مستحق عذاب ہونے میں شک کرے گا وہ بھی بالیقین کافر ہوگا۔ (فتاویٰ الدر المختار، جلد 1، صفحہ 356، باب المرتدین، نیز فتاویٰ مجمع الانہر شرح ملتقی الابحر، جلدا، صفحہ 677 )

اسلامی ذخیرہ کتب میں التزام کفر کے مرتکب اشخاص کا ساتھ دینے، ان کیلئے جواز اور تاویل تلاش کرنیوالے مجرموں پر التزام کفر کرنے والوں پر جاری ہونیوالے جملہ احکام جاری ہونے کے علاوہ اور کچھ نہیں ملتا جبکہ عقل کا تقاضا یہ ہے کہ ان کے احکام وسزا ان سے زیادہ سخت ہو کیونکہ اصل التزام کفر کرنے والا صرف دوہرا مجرم ہوتا ہے کہ ایک بار التزام کفر کا جرم کیا دوسرا یہ کہ اس لعنت سے توبہ تائب ہونے کی بجائے اس پر دائم وقائم رہ کر مرجاتا ہے۔ ''اَعَاذَنَا اللّٰہُ مِنْہُ'' جبکہ اس کے اس کفر کو اسلام کہنے اور اس کیلئے تاویلات کی راہیں تلاش کرنے والا اس پر مرتے دم تک قائم ودائم رہنے کے ساتھ اس کا دفاع کرنے کے شرح تناسب سے متعدد بار اعادہ جرم کرتا رہتا ہے۔ لیکن شریعت کے احکام عقل سے نہیں بلکہ شریعت سے ثابت ہوتے ہیں لہٰذا التزام کفر کرنے والے کے جملہ احکام اس پر جاری کرنے کے علاوہ مزید کوئی حکم اس کیلئے اسلامی ذخیرہ کتب میں موجود نہیں ہے۔

## مذہبی تعصب کے خلاف تبلیغ کا افضل جہاد ہونے کا فلسفہ

جب واضح ہو چکا کہ التزام کفر کو اسلام کہنے کے ''ظُلُمَاتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ'' میں مبتلا

marfat.com

حضرات تقلید مخطی یا جہل مرکب کے مرض سے خالی نہیں ہیں تو پھر اس کے خلاف تبلیغ کرنا بھی افضل الجہاد سے خالی نہیں ہوگا۔ اس تبلیغی جہاد کا اسوہ حسنہ سید الانام ﷺ کے مطابق ہونا ضروری ہے' جس میں تنگ نظری' فرقہ بندی اور دل آزاری کے سبب بننے والی کوئی چیز نہیں ہوتی ورنہ تعصب کے مقابلہ میں تعصب اور تنگ نظری کے مقابلہ میں تنگ نظری کی فضاء میں کوئی تبلیغ موثر نہیں ہوسکتی۔ اصحاب محراب ومنبر حضرات چاہے التزام کفر کے خلاف تبلیغ کریں یا لزوم کفر کے خلاف' حقوق اللہ میں بے اعتدالیوں کے خلاف کریں یا حقوق العباد کے مظالم کے خلاف بہر تقدیر اس کاوش کو نتیجہ خیز بنانے کیلئے فرقہ واریت اور مذہبی تعصب ودل آزاری سے پاک وصاف کردار کا حامل ہونا ضروری ہے لیکن افسوس کے ساتھ لکھنا پڑتا ہے کہ ہمارے اصحاب محراب ومنبر حضرات کی غالب اکثریت میں یہ جوہر ثمین مفقود ہے جو چراغ لے کر ڈھونڈنے سے بھی نہیں ملتا۔ اس وقت اسلام کے نام پر محراب ومنبر گرمانے والے درجن سے زائد اسلامی فرقوں میں شاذ ونادر کوئی ایسا ہو جو اِن بے اعتدالیوں کے خلاف اسوہ حسنہ سید الانام ﷺ کے مطابق تبلیغ کرتا ہو۔ جن کی تقریر و تحریر دل آزادی' فرقہ واریت اور تعصب سے ماوراء ہو۔ میں اُس منظر کو کبھی نہیں بھولتا کہ آج سے تقریباً نصف صدی قبل بیرون موچی دروازہ لاہور میں مسلمانوں کے ایک فریق نے اپنے حریف فریق کے خلاف تبلیغی اجتماع منعقد کیا تھا۔ جس میں پنجاب کے اُس وقت کے ایک مشہور ومعروف خطیب جو فی الوقت مرحوم ہیں دوران خطاب مخالف فریق کے خلاف ''وھبڑ' وھبڑا' وھبڑ' وھبڑت' وھبڑتا' وھبڑن' کی پوری گردان کبیر مجمع کو سنائی جس پر تبلیغ علی منہاج تبلیغ النبوی ﷺ سے ناآشنا عوام نے مجاہد اہل سنت زندہ باد کے نعروں سے فضاء

marfat.com

کو کافی دیر تک مسموم رکھا۔ پورے اجتماع میں شاید میرے سوا کوئی بندہ خدا ایسا ہو جس نے اس غیر سنجیدہ اندازِ تبلیغ کو مکروہ جانا ہو یا اسے اندازِ تبلیغِ نبوی ﷺ کے خلاف سمجھ کر اس پوری جماعت و ماحول کو قابلِ رحم اور قابلِ اصلاح تصور کیا ہو۔ دوسرے فرقوں کے محراب و منبر کی زبوں حالی، دل آزاری اور تعصب زدگی کا حال بھی اس سے مختلف نہیں ہے۔ معروضی حالات کی ان تلخیوں میں التزام کفر کو اسلام کہنے والے مجرموں کے مرض تعصب کے خلاف حقیقی تبلیغ افضل الجہاد نہ ہوگی تو اور کیا ہوگی؟ اسکے علاوہ یہ بھی ہے کہ التزام کفر اور لزوم کفر کی جدا جدا حقیقتوں اور انکے شرعی احکام کے مابین فرق نہایت واضح اور ناقابل خفا ہونیکے باوجود اصحاب محراب و منبر حضرات کی غالب اکثریت پر مشتبہ ہونے کی اصل وجہ بھی انکی تعصب زدگی ہے جسکے نتیجہ میں ان حضرات نے بالعموم اپنے مسلکی مخالفین کے خلاف دلائل یاد کرنے کو ہی مبلغ علم اور مرکز توجہ بنا رکھا ہے، التزام کفر کے مرتکب مجرموں کا دور دورہ ہو یا لزوم کفر میں مبتلا ہونیوالوں کی بہتات، یہ ان سے غرض نہیں رکھتے ہیں، فروعی اور غیر ضروری مسائل کو اُصول کا درجہ دیکر اپنے مسلکی حریفوں کو زیر کرنیکی فکر میں ڈوبے ہوئے ان حضرات پر التزام کفر اور لزوم کفر کے مابین اشتباہ ہونا اور ایک کے شرعی احکام کو دوسرے پر منطبق کر کے عوام کو گمراہ کرنا تعجب کی بات نہیں ہے کیونکہ یہ سب کچھ مذہبی تعصب کے لازمی اثرات و نتائج ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کو تعصب کے ماحول سے بچنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

## ایک اور اشتباہ کا ازالہ

التزام کفر کی مذکورہ تمام قسموں کا شرعی حکم ایک بتانے پر شاید یہ اعتراض اٹھایا

marfat.com

جا سکے کہ ان قسموں میں ارادی اور غیر ارادی کی تفریق نہیں کی گئی ہے۔ مثلاً ایک شخص نبی آخر الزمان رحمت عالم ﷺ کے خاتم النبیین بمعنی نبی آخر الزمان لا نبی بعدہ ہونے کے اسلامی حکم وعقیدہ سے انکار کرتا ہے اور اِس ضرورت دینی کی تکذیب کرتے ہوئے کہتا ہے کہ ''میں اس حکم کو نہیں مانتا'' دوسرا شخص خاتم المرتبت ﷺ کی مدحت وفضیلت بتاتے ہوئے صبح شام اٹھتے بیٹھتے کہتا رہتا ہے کہ ''اگر بالفرض بعد زمانہ نبوی ﷺ کوئی نبی پیدا ہوتو پھر بھی خاتمیت محمدی ﷺ میں کوئی فرق نہ آئے گا'' ان دونوں کے مابین زمین آسمان کا فرق ہے کہ اول شخص ارادتاً وقصداً عقیدہ ختم النبوت زمانی کی تکذیب کر رہا ہے جبکہ دوسرا ارادتاً وقصداً تکذیب نہیں کر رہا بلکہ اس کا یہ ارادتاً وقصداً کیا ہوا کلام اس پر صراحتاً دلالت کر رہا ہے کیونکہ دوسرے نبی کے پیدا ہونے کو خاتمیت محمدی ﷺ کے منافی نہ کہنے اور نہ سمجھنے کا مدلول ومفہوم اس کی تکذیب کے سوا کوئی اور شے نہیں ہے۔ اس کی ایسی مثال ہے، جیسے کوئی شخص زید کی عظمت شان بیان کرتے ہوئے کہہ دے کہ ''اگر بالفرض زید کو قتل کر دیا جائے تو پھر بھی اس کی حیات میں کوئی فرق نہ آئے گا''۔ قتل کو حیات کے منافی نہ سمجھنے اور نہ کہنے کا مفہوم و مدلول اس کی متعارف ومشہور حیات کی تکذیب کے سوا اور کیا شے ہوسکتی ہے کہ دنیوی حیات جو متعارف ومشہور ہے کے خاتمہ ہونے کے بعد بھی اس کی حیات بمعنی حیات برزخی میں کوئی فرق نہ آئے گا۔ لہٰذا زید ہر حالت میں دائمی ابدی طور حیات ہی حیات ہے۔

دوسری مثال اس کی یہ ہے کہ کوئی شخص حضرت امام بخاریؒ کو خاتم المحدثین کہنے کی توجیہہ میں انہیں متصف بوصف التحدیث بالذات اور ان کے سوا باقی تمام محدثین کو متصف

marfat.com

بوصف التحدیث بالعرض کہہ کر اپنے ممدوح ''امام بخاری'' کو جملہ محدثین کا اصل الاصول قرار دیتے ہوئے یہ کہہ دے کہ ''اگر بالفرض ان کے بعد کوئی محدث پیدا ہو تو پھر بھی ان کے خاتم المحدثین ہونے میں کوئی فرق نہ آئے گا'' تو ظاہر ہے کہ یہ شخص حضرت امام بخاری کے خاتم المحدثین بمعنی خاتم زمانی سے قصداً و ارادتاً انکار و تکذیب نہیں کر رہا۔ جیسے ''بالفرض'' کا لفظ بتا رہا ہے کہ یہ قضیہ مفروضہ ہے یعنی اس کے عقیدہ وارادہ میں ایسا نہیں ہے بلکہ محض تجویز عقل ہے کہ بالفرض والتقدیر اگر ایسا ہو جائے تو ان کا خاتم المحدثین ہونے میں کوئی فرق نہ آئے گا کیونکہ ان کا خاتم المحدثین ہونا خاتم زمانی کے معنی میں نہیں ہے بلکہ خاتم المحدثین بمعنی متصف بوصف التحدیث بالذات کے معنی میں ہے جو انکے بعد دوسرے محدث کے پیدا ہونے کے منافی نہیں ہے ایسے میں ان کے بعد دوسرے محدثین کے پیدا ہونے کے باوجود انہیں خاتم المحدثین کا نام دینا درست ہے لیکن اس قضیہ مفروضہ کے دوسرے جزو یعنی جزا میں ''فرق نہ آئے گا'' کا مدلول ومفہوم اس کے سوا اور کوئی شے نہیں ہے کہ وہ امام بخاری کو خاتم المحدثین بمعنی خاتم زمانی تسلیم کرنے سے غیر ارادی طور پر انکار و تکذیب کر رہا ہے ورنہ جملہ کائنات میں اس ''فرق نہ آئے گا'' لفظ کا کوئی اور مدلول ومفہوم موجود نہیں ہے جس پر کسی کی تسلی ہو سکے۔ ایسے میں وہ کون سا ہوش مند انسان ہوگا جو ان مثالوں میں بالترتیب ختم نبوت زمانی، دنیوی زندگی اور خاتم المحدثین بمعنی تمام محدثین کے بعد والا زمانہ کا محدث تسلیم کرنے سے غیر ارادی طور پر انکار وتکذیب کو ان کا صریح مفہوم اور واحد مدلول نہ سمجھتا ہو لیکن اس تکذیب و انکار میں اور قصداً وارادتاً یہ کہنے میں زمین و آسمان کا فرق ہے کہ میں رسول اللہ ﷺ کے خاتم النبیین بمعنی نبی آخر الزمان ہونے کے

marfat.com

اسلامی عقیدہ کو تسلیم نہیں کرتا، قتل کئے جانے کے بعد زید کی زندگی وحیات کے خاتمہ ہونے کو تسلیم نہیں کرتا اور امام بخاری کو خاتم المحد ثین بمعنی تمام محدثین کے بعد والا زمانہ کا محدث تسلیم نہیں کرتا یعنی انکار وتکذیب دونوں میں ہے لیکن مراد متکلم ہونے اور نہ ہونے کا فرق ہے اور انکار ارادی وغیر ارادی ہونے میں ایک دوسرے سے جدا جدا ہیں۔ اسی طرح ایک شخص رسول اللہ ﷺ کو خاتم النبیین بمعنی نبی آخر الزمان تسلیم کرنے سے ارادتاً وقصداً انکار و تکذیب کرتا ہے کہ اسلام کے اس حکم کو میں تسلیم نہیں کرتا جبکہ دوسرا شخص سرور عالم ﷺ کی مدحت وفضیلت کا اظہار کرنے کی غرض سے آپ ﷺ کے خاتم النبیین بمعنی نبی آخر الزمان اور تمام انبیاء علیہم الصلوٰات والتسلیم کے بعد مبعوث ہونے کے مفہوم کو جاہلانہ خیال کہہ کر اس کے مقابلہ میں آپ ﷺ کے خاتم النبیین ہونے کا مفہوم بالذات نبی بتاتا ہے اور آپ ﷺ کے خاتم النبیین ہونے سے متعلقہ نصوص کے مطلق ہونے کو پیش نظر رکھ کر بالا جمال آپ ﷺ کو خاتم النبیین بھی تسلیم کرتا ہے جس میں نہ قصداً وارادتاً ختم النبوۃ سے کسی قسم کا انکار ہے نہ اس کی عملی زندگی سے ختم النبوۃ کے اجماعی عقیدہ جو ضرورت دینی ہے سے عمداً انکار وتکذیب کا کوئی ثبوت ہے۔ صرف اتنا ہے کہ جب اس نے ختم النبوۃ نبی آخر الزمان کے اجماعی مفہوم جو ضرورت دینی ہے کو جاہلانہ خیال قرار دے کر اس کے مقابلہ میں ایک ایسے مفہوم کو ترجیح دی جو اس کے منافی ہے اس سے عام ہونے کی بناء پر اس کے نقیض پر منتج ہے اور اس پر ایمان کے لوازمات کے نقیض پر بھی مشتمل ہے تو ضرورت دینی یعنی ختم النبوۃ بمعنی ختم زمانی کو جاہلانہ خیال قرار دے کر اس سے ڈائریکٹ انکار کر کے التزام کفر کی دوسری قسم کا ارتکاب کر رہا ہے اس ضرورت دینی والے مفہوم کے مقابلہ میں بالذات نبی

marfat.com

والے اختراعی مفہوم کو ترجیح دے کر اور قابل عمل قرار دے کر ضرورت دینی والے مفہوم پر ایمان کے لازمہ یعنی جذبہ عمل کے نقیض کا ڈائریکٹ ارتکاب کر کے التزام کفر کی دسویں قسم کا ارتکاب کر رہا ہے۔ نیز یہ کہ اسی صورت میں اسی ضرورت دینی کے ساتھ ایمان کے دوسرے لازمہ یعنی ''مَا یُؤْمَنُ بِہٖ'' کی تعظیم کے نقیض جو عدم تعظیم ہے' کا ڈائریکٹ ارتکاب کر کے التزام کفر کی گیارہویں قسم کا ارتکاب کر رہا ہے' نیز یہ کہ اسی صورت میں اس ضرورت دینی والے مفہوم کے ساتھ ایمان کے تیسرے لازمہ یعنی ''مَا یُؤْمَنُ بِہٖ'' کے ساتھ رضامندی کے نقیض کا بلاواسطہ ارتکاب کر کے التزام کفر کی بارویں قسم کا ارتکاب کر رہا ہے اور اسی صورت میں ضرورت دینی کے ساتھ شرعی ایمان کے چوتھے لازمہ یعنی محبت کی ضد و نقیض کا ارتکاب کر کے التزام کفر کی تیرہویں قسم کا ارتکاب کر رہا ہے۔ التزام کفر کی یہ پانچوں صورتیں صریح اور ناقابل تاویل ہونے کے باوجود عمداً اور قصداً وارادتاً ہرگز نہیں ہیں تو پھر شرعی سزا مرتب کرنے میں ان کو ارادتاً و عمداً التزام کئے جانے والے کفر کے ساتھ یکساں کر کے ''مَنْ شَكَّ فِیْ كُفْرِهٖ وَعَذَابِهٖ فَقَدْ كَفَرَ'' جیسے احکام میں برابر قرار دینا بھی قرین انصاف نہیں ہے جبکہ اللہ تعالیٰ کے عدل وانصاف کا تقاضا جرم کی نوعیت کے مطابق سزا دینا ہے۔ جیسے اس وحدہ لاشریک جل جلالہ نے خود فرمایا ہے؛

''جَزَاءً وِفَاقًا''

ترجمہ:۔ جرم و معصیت کے مطابق سزا۔ (سورۃ النساء آیت نمبر 26)

''بین القوسین'' یہ کہ یہاں تک التزام کفر کی مذکورہ قسموں کا شرعی حکم ایک ہونے پر وارد کئے جانے والے اعتراض کی وضاحت پوری ہوگئی۔ جس کے طویل ہونے کی وجہ

marfat.com

مسئلہ کی نوعیت کا پیچیدہ اور باریک بینی کا مقتضی ہونا تھی۔ جس کا حق پوری تفصیل پیش کئے بغیر ادا ہونا ممکن نہیں تھا۔

جواب اس کا یہ ہے کہ معترض کو التزام کفر کرنے والوں کیلئے من عنداللہ مقررہ سزا اور شرعی حکم کے مابین فرق کو نہ سمجھنے کی وجہ سے اشتباہ ہوا۔ فرق یہ ہے کہ التزام کفر سمیت کسی بھی معصیت کاری کی سزا اللہ تعالیٰ وحدہ لاشریک کی طرف سے خودکار نظام تکوینی کے مطابق مقرر کردہ وہ نتیجہ ہے جو اپنے مقررہ وقت پر معصیت کار کو ملتا ہے' جس کو اس پر مرتب کرنے' یا کسی سبب کی بناء پر ٹالنے اور بخشنے یا زیادہ دینے یا کم دینے اور کیا کچھ دینے کی تمام تفصیل کا وہ وحدہ لاشریک تنہا مالک ہے جب تک وہ کسی کو نہ بتائے تب تک ان میں سے کسی بھی چیز کا کسی کو بھی پتہ نہیں چل سکتا' کیونکہ یہ سب امور غیبیہ کے قبیلہ سے ہیں جو اللہ وحدہ لاشریک کے بتائے بغیر کسی مقرب ومحبوب نبی مرسل صلوٰات اللہ وتسلیماتہ علیہم اجمعین کو بھی معلوم نہیں ہو سکتے اور معصیت کاری کے یہ طبعی نتائج جو سزائیں کہلاتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے تکوینی انداز عمل کے مطابق ہمیشہ جرائم کی نوعیت کے مطابق ہوتے ہیں۔ جیسے مندرجہ ذیل نصوص سے معلوم ہو رہا ہے۔

"مَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً فَلَا يُجْزٰى اِلَّا مِثْلَهَا"

ترجمہ:۔ جس نے معصیت کا عمل کیا تو اسے سزا نہیں دی جائے گی مگر اس کے مطابق۔　　(سورۃ مومن' آیت 40)

اور سورۃ النباء میں فرمایا؛

"جَزَآءً وِّفَاقًا" جرم کے مطابق سزا۔ (سورۃ النباء' آیت 26)

marfat.com

جبکہ شرعی حکم التزام کفر کا جدا ہے لزوم کفر کا جدا اور کفر کی حد سے کم معصیت کاریوں کا جدا۔ معصیت کی حد تک بے اعتدالیوں کے شرعی احکام حرام، مکروہ تحریم اور اسائت سے خالی نہیں ہیں۔ اور لزوم کفر کا شرعی حکم یہ ہے کہ معلوم ہو جانے کے بعد بلا تاخیر جلد سے جلد توبہ تائب ہونا، تجدید ایمان اور تجدید نکاح کرنا اور آئندہ جب بھی یاد آجائے اس سے استغفار کرنے کے ساتھ خود کو ملامت کرتے رہنا، اِن احکام کو ظاہر کر کے ان کے متعلق امر بالمعروف نہی عن المنکر کی ذمہ داری علماء امت کی گردن پر ہے اور ان کو نافذ و عمل کرانے کی ذمہ داری مسلم اسٹیٹ پر ہے۔ اگر کسی جگہ میں مسلم اسٹیٹ موجود نہ ہو تو اِن کو عملی زندگی میں نافذ کرنا تمام مسلمانوں کی اجتماعی ذمہ داری میں شامل ہے جبکہ التزام کفر کا شرعی حکم یہ ہے کہ قصداً عمداً ایسے کرنے والے کے شبہات کو دور کرنے کیلئے مناسب وقت دینے کے بعد اور غیر ارادی طور پر ایسا کرنے والے کو اس پر آگاہ و تنبیہ کرنے کے بعد توبہ تائب نہ ہونے کی صورت میں قتل کرنا ہے۔ حکومت کے اہتمام سے مقتول ہونے کے بعد یا اپنی موت آپ مرنے کے بعد بھی اس کیلئے شرعی احکام دوسرے غیر مسلموں کے احکام سے مختلف ہیں، اسلئے کہ دوسرے کفار کے لواحقین و ہمسایوں پر اس کو نجس کپڑا دھونے کی طرح نہلانا، کفن پہنانا، قبر کھودنا، چارپائی پہ ڈال کر لے جانا، قبر میں دفنانا اور اس کے ترکہ و میراث کو اس کے مذہب کے مطابق منصفانہ تقسیم کرنا، جیسے احکام لازم ہیں جبکہ التزام کفر کی کسی بھی شکل میں مبتلا ہونے والے کیلئے یہ سب کچھ ناجائز ہیں۔

اس کیلئے مخصوص احکام یہ ہیں کہ اس کے لاشہ کی نحوست سے زمین کو پاک کرنے کی نیت سے گڑھا کھود کر پاؤں میں رسی ڈال کر گھسیٹتے ہوئے، بغیر غسل و کفن کے توہین کے

marfat.com

ساتھ اس میں ڈال کر اوپر سے مٹی ڈال کر چھپایا جائے۔ اس کے علاوہ یہ بھی ہے کہ جب تک زندہ رہتا ہے اس کے ساتھ نشست برخاست' کلام وارتباط سب کچھ ناجائز وحرام ہیں' نہ وہ کسی کا وارث ہوسکتا ہے نہ اس کا کوئی وارث ہوسکتا ہے' اگر منکوحہ رکھتا ہوتو وہ بھی اس کا التزام کفر کرنے کے ساتھ بلاتاخیر جدا ہو جاتی ہے۔ جس کے بعد دنیا بھر میں کسی بھی عورت کے ساتھ نکاح کرنے کی اسے اجازت نہیں دی جاسکتی۔ التزام کفر کرنے والوں پر شریعت کے ان احکام کو جاری کرنا' ان سے دنیا کو آگاہ کرنا اور ان کو ظاہر کر کے لوگوں کو التزام کفر کے اس خطرناک انجام سے ڈرانا اور ترہیب وتنذیر کرنا اصحاب محراب ومنبر کا فریضہ ومسئولیت ہے جبکہ شریعت مقدسہ کے ان احکام کو عملی زندگی میں جاری ونافذ کرنا مسلم اسٹیٹ کی مسئولیت میں شامل ہے اور جہاں پر اسلامی حکومت نہ ہوتو وہاں پر علاقہ کے جملہ مسلمانوں پر فرض ہے کہ علماء کرام کی قیادت میں ان احکام کو نافذ کریں اور اگر غیر اسلامی گورنمنٹ کی طرف سے رکاوٹوں اور موانع کے آڑے آنے کی وجہ سے ایسا نہ کر سکے تو حدود اللہ کے نفاذ کی راہ میں رکاوٹ بننے والی ظالم حکومت کی جگہ صالحین کی قیادت وحکومت لانے کی ہمہ وقتی کوششوں کیساتھ ان رکاوٹوں سے دل میں کراہت ونفرت کا اظہار کرنا بلاتفریق سب مسلمانوں پر فرض ہے۔ جس میں شیعہ سنی کا اختلاف ہے نہ اہل حدیث واہل تقلید کا کوئی جھگڑا کیونکہ یہ حدیث شریف؛

"مَنْ بَدَّلَ دِيْنَهٗ فَاقْتُلُوْهُ"

جس کا مفہوم یہ ہے کہ مدعی اسلام ہونے کے بعد جس نے بھی التزام کفر کیا اسے قتل کرو۔ (جامع الصیغر مع فیض القدیر جلد 6' صفحہ 95)

marfat.com

اور "مَنْ رَاٰی مِنْکُمْ مُنْکَرًا فَلْیُغَیِّرْہُ بِیَدِہٖ فَاِنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِہٖ فَاِنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِہٖ وَذٰلِکَ اَضْعَفُ الْاِیْمَانِ" (جامع الصیغر مع فیض القدیر جلد 6، صفحہ 130) جیسے مسلمہ عندالکل نصوص کا مدلول ومفاد ہونے کی بنا پر محل اختلاف ہی نہیں ہے۔

## ﴿ضمنی فوائد اور نتائج﴾

التزام کفر سے لے کر لزوم کفر اور جملہ معصیتوں سے متعلق من عند اللہ مقررہ سزاؤں اور ان کے شرعی احکام کی جدا جدا حقیقتوں کی اس وضاحت کے ضمن میں التزام ایمان سے لیکر جملہ اعمال صالحہ پر من عند اللہ مقررہ جزاؤں اور ان کے شرعی احکام کی تمیز بھی واضح ہوگئی اور یہ بھی معلوم ہوا کہ من عند اللہ مقررہ جزاؤں اور سزاؤں کی تفصیل کا کماحقہ پوری طرح علم شریعت کے مبلغین ومفتیوں کو ہونا ضروری نہیں ہے جبکہ شرعی احکام کا تفصیلی علم ان حضرات کو حاصل ہونا ضروری ہے تاکہ اسکے مطابق ان کی تبلیغ ونفاذ اصحاب محراب ومنبر سے لے کر دارالافتاء والوں تک اور عامۃ المسلمین سے لے کر مسلم اولی الامر تک کیلئے ممکن ہو سکے۔

انسانی اعمال پر جزاؤں اور سزاؤں کا اور ان کے لوازمات وتقاضوں کا شرعی احکام سے جدا چیز ہونے کی اس حقیقت کو پیش نظر رکھنے والوں کو وہ اشتباہ کبھی نہیں ہوسکتا جو اس معترض کو ہو رہا ہے کیونکہ معترض نے التزام کفر کرنے والوں کیلئے شریعت کے مقررہ احکام کو سزاؤں پر قیاس کر کے غیر ارادی التزام کفر کو عمداً وقصداً ارتکاب کئے جانے والا التزام کفر سے جدا کرنے کی کوشش کی جس کے نتیجہ میں ان پر جاری ہونے والے شرعی احکام میں بھی

marfat.com

تفریق کرنے کو مقتضاء انصاف بتایا۔ جس سے شریعت مقدسہ کے ایک مسلمہ اور منصوصی حکم کے مشکوک ہونے کا خدشہ ہو رہا تھا۔ ایسے میں معترض کا مذکورہ اشتباہ ''بِنَاءُ الْغَلَطِ عَلَى الْغَلَطِ'' ہونے کی وجہ سے نا قابل التفات ہے اور التزام کفر کا ارتکاب کر کے مرتد ہونے والوں کی دونوں صورتوں یعنی عمداً و قصداً اور غیر ارادی طور التزام کفر کرنے والوں کا شرعی حکم ایک ہی ہے۔ یعنی مرتد کے جملہ احکام جاری کرنے اور اس کا اظہار کرنے میں قطعاً کوئی تفریق نہیں ہے کہ حکومت اس عمومی حکم کی تنفیذ میں کوئی تمیز کر سکے یا دارالافتاء اس کے اظہار کرنے میں کوئی تفاوت بتا سکے کیونکہ التزام کفر کا ارتکاب کر کے مرتد ہونے والوں کے خلاف اس مشترکہ حکم کیلئے وارد شدہ تمام نصوص مطلق ہیں۔ جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا؛

''وَمَنْ يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ فَاُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ'' (سورۃ البقرۃ' آیت 217)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛

''مَنْ بَدَّلَ دِيْنَهٗ فَاقْتُلُوْهُ''

ان نصوص میں جیسے ''يَرْتَدِدْ'' اور ''بَدَّلَ دِيْنَهٗ'' کے الفاظ اپنے اطلاق اور عموم کے اعتبار سے التزام کفر کی مذکورہ تمام اقسام کو یکساں شامل ہیں۔ بلا کم و کاست ویسے ہی التزام کفر کرنے والوں سے عبارت لفظ ''مَنْ'' بھی اپنے اطلاق و عموم کی وجہ سے بلا تفریق قصداً و عمداً التزام کفر کرنے والوں سے لے کر غیر ارادی طور پر ایسا کرنے والوں تک سب کو یکساں شامل ہے۔ ان نصوص کے اطلاق و عموم کے تقاضوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے کل مکاتب فکر اہل اسلام کے جملہ مجتہدین و اسلاف نے شریعت مقدسہ کے اس حکم کو دونوں

marfat.com

فریقوں پر یکساں منطبق کیا ہے اگر غیر ارادی کی تخصیص کی گنجائش ہوتی یا ان نصوص کا قصداً وعمداً التزام کفر کرنے والوں کے ساتھ مقید ہونے کا احتمال ہوتا تو جملہ مکاتب فکر اہل اسلام کے یہ آئمہ دین کبھی اس کو عام نہ سمجھتے یا تفریق کرنے والا کوئی تو ہوتا جبکہ اہل اسلام کے کسی بھی مذہب میں اس حوالہ سے کوئی تفریق نہیں ہے اگر ہے تو وہ صرف اتنا کہ قصداً عمداً ایسا کرنے والے کو سوچنے اور توبہ تائب ہونے کیلئے مناسب وقت دیا جاتا ہے جبکہ غیر ارادی طور پر ایسا کرنے والے کو اس کی غلطی پر تنبیہ کی جاتی ہے۔ جس کے بعد توبہ تائب نہ ہونے کی صورت میں مرتد کے جملہ احکام جاری کرنے کے حوالہ سے قطعاً کوئی تفریق نہیں ہے۔

☆☆☆☆☆☆

marfat.com

# ﴿ارادی اور غیر ارادی کفر کے شرعی حکم یکساں ہونے کا فلسفہ﴾

اس کا فلسفہ یہ ہے کہ انسان اپنے اختیاری فعل کی بناء پر ماجور بھی ہوسکتا ہے اور ماخوذ بھی، ملتزم اسلام بھی ہوسکتا ہے اور ملتزم کفر بھی۔ اگر کسی کا اسلام غیر اختیاری ہے تو اس کیلئے استحقاق اجر وثواب نہیں ہے جیسے جملہ اشجار واحجار بلکہ ثقلین کے ماسوا تمام خلائق جو سب کے سب مسلمان ہیں۔ جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا؛

''وَلَهٗۤ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ'' (سورۃ آل عمران، آیت 83)

ثقلین کے ماسوا کسی بھی مخلوق میں کفر ومعصیت نام کی کوئی چیز نہیں ہے بلکہ جملہ اجزاء عالم چاہے جمادات ہو یا نباتات، چرند ہو یا پرند یا کوئی بھی حیوان یہ سب کے سب بلکہ ان کے عکوس وسایہ بھی ہر وقت مومن مسلمان، مطیع، فرمانبردار، راکع وساجد اور مسبح ومصلی ہیں۔ جیسے قرآن شریف کی مندرجہ ذیل آیات کا مفہوم ومدلول ہے؛

''فَقَالَ لَهَا وَلِلْاَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا قَالَتَاۤ اَتَيْنَا طَآئِعِيْنَ''

مفہوم اس کا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے زمین وآسمان سے فرمایا کہ اطاعت کی حاضری کرو خوشی سے یا ناخوشی سے تو دونوں نے کہا (زبان حال سے) کہ ہم خوشی کیساتھ

marfat.com

حاضر ہوئے۔ (سورۃ الصفات' آیت 11)

''تُسَبِّحُ لَهُ السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ'' (سورۃ بنی اسرائیل' آیت 44)

اس کا مفہوم ہے کہ ساتوں آسمان اور زمین اور جو ان میں ہیں سب اس کی تسبیح کرتے ہیں اور کوئی چیز ایسی نہیں ہے جو اسے سراہتے ہوئے تسبیح نہ کرتی ہو لیکن تم ان کی تسبیح کو نہیں سمجھ سکتے۔

''اَوَلَمْ يَرَوْا اِلٰى مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ يَّتَفَيَّؤُا ظِلٰلُهٗ عَنِ الْيَمِيْنِ وَالشَّمَآئِلِ سُجَّدًا لِّلّٰهِ وَهُمْ دٰخِرُوْنَ'' (سورۃ النحل' آیت 48)

جس کا مفہوم ہے کہ کیا انہوں نے اللہ کی پیدا کی ہوئی چیزوں کو نہیں دیکھا جن کے سایہ دائیں اور بائیں جھکتے ہیں عاجزی کے ساتھ اللہ کے منشاء تخلیق کی تکمیل کرتے ہوئے۔

اس کے ایک آیت بعد جانوروں کی عبادت کو ذکر کرنے کے ساتھ ان کی اطاعت گزاری اور کمال ایمانداری کو ظاہر کرتے ہوئے فرمایا؛

''يَخَافُوْنَ رَبَّهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ''

جس کا مفہوم یہ ہے کہ تمام جانور اللہ تعالیٰ کی بالادستی کا خوف رکھتے ہیں اور وہی کرتے ہیں جو انہیں امر کیا جاتا ہے۔

قرآن شریف کی ان آیات کے مطابق دنیا کی ہر شے مومن' مسلمان' اہل اطاعت' مسبح و مصلی ہونے کے باوجود نہ ایمان و اطاعت کا اجر پاتے ہیں نہ تسبیح و تہلیل اور

marfat.com

صلوٰۃ کا ثواب جس کی واحد وجہ یہی ہے کہ اجر و ثواب تب ملے گا جب یہ سب کچھ اختیاری طور پر ہو یعنی ایسا نہ کرنے کی صلاحیت ہوتے ہوئے اس پہلو کو چھوڑ کر ان کو اختیار کر رہے ہو اور ایسا کرنے یا نہ کرنے کے ہر دونوں جانب ان کے تحت القدرت و ممکن اور اختیار میں ہونے کے باوجود منفی جانب کو چھوڑ کر اس جانب کو اپنا رہے ہوں جبکہ ان چیزوں میں کفر و معصیت کی طاقت ہے نہ غفلت و نافرمانی کی' کفر و شرک ان کیلئے ممکن ہے نہ تسبیح و صلوٰۃ سے غفلت۔ ایسے میں ان دائم التسبیح والصلوٰۃ معصوم عن الذنوب خلائق کا مستحق اجر و ثواب ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ ثواب پانے کا یہ مدار صرف ثقلین کا خاصہ ہونے کی بناء پر جنت' دوزخ اور ثواب و عذاب کا مسئلہ بھی ان ہی کا خاصہ قرار پایا ہے۔ ایسے میں انسان کے عقیدہ سے متعلق کردار کا ایمان یا کفر ہونے اور ہاتھ' پیر و جوارح سے متعلق کسی کردار کا موجب اجر و ثواب یا موجب عتاب و عذاب ہونے کا فلسفہ اس کے اختیار کے ساتھ وجود میں آنے کے سوا اور کوئی شے نہیں ہے۔ اسی فلسفہ فطرت کا نتیجہ ہے کہ جب کسی انسان سے سوتے میں کفر و شرک صادر ہو جائے یا سلامتی عقل و حواس کے منافی حالت میں یا اکراہ و اجبار اور اضطراری کیفیت میں ایسا ہو جائے تو اسے کافر و مشرک کہنا جائز ہوتا ہے نہ مستحق عذاب کہہ کر غیر مسلموں والے احکام جاری کرنا کیونکہ اختیار نہیں ہے اور جہاں پر یہ سب کچھ بغیر اختیار کے وجود میں آئے وہاں پر کفر و شرک کا فتویٰ ہے نہ عذاب و عتاب کا سوال۔

اس کے برعکس جب بھی کسی انسان سے بغیر سہو و نسیان' بغیر سبقت لسانی' بغیر جبر و اکراہ اور سلامتی عقل و حواس کی حالت میں اس کی رضا و اختیار کے ساتھ جس قسم کا قول و فعل بھی صراحتاً صادر ہو جائے تو اس کے مطابق ہی احکام اس پر جاری ہو جاتے ہیں چاہے اس کی

marfat.com

ظاہری حالت جیسی بھی ہو جس میں عالم دین غیر عالم دین کی کوئی تمیز ہو سکتی ہے، نہ متقی و پرہیز گار اور فاسق و بدکار کی کوئی تفریق اس کے مدلول و مفہوم کے ساتھ قائل و متکلم کا عقیدہ ہونے یا نہ ہونے کے تفاوت کا کوئی تصور ہو سکتا ہے نہ اس کے محل تاویل ہونے کی گنجائش۔ کیونکہ انسان کے کسی بھی اختیاری کردار و عمل کا صراحتاً وجود میں آنے کے بعد اس کے مدلول و مفہوم کے ساتھ عقیدہ ہونے یا نہ ہونے کے حوالہ سے کسی خارجی دلیل و قرینہ کے محتاج نہ ہونے، محل تاویل نہ ہونے اور کسی بھی بہانہ سے ظاہری مدلول و مفہوم کے خلاف معنیٰ و مفہوم پر محمول کیئے جانے کے ناجائز ہونے پر تمام اہل لغت و لسانیات کے متفق ہونے کیساتھ مقتضیٰ عقل بھی ہے۔ شریعت مقدسہ نے بھی لغت و لسانیات کے ان فطری تقاضوں کے عین مطابق احکام صادر فرمائے ہیں کیونکہ شریعت مقدسہ کے کسی حکم کا فطری تقاضوں کے خلاف ہونا ممکن نہیں ہے۔ جیسے اصول شاشی میں ہے؛

"اَلصَّرِيْحُ لَفْظٌ يَكُوْنُ الْمُرَادُ بِهٖ ظَاهِرًا كَقَوْلِهٖ بِعْتُ وَاشْتَرَيْتُ وَاَمْثَالِهٖ وَحُكْمُهٗ اَنَّهٗ يُوْجِبُ ثُبُوْتَ مَعْنَاهُ بِاَيِّ طَرِيْقٍ كَانَ مِنْ اَخْبَارٍ اَوْ نَعْتٍ اَوْ نِدَاءٍ وَمِنْ حُكْمِهٖ اَنَّهٗ يَسْتَغْنِيْ عَنِ النِّيَّةِ وَعَلٰى هٰذَا قُلْنَا اِذَا قَالَ لِاِمْرَءَتِهٖ اَنْتِ طَالِقٌ اَوْ طَلَّقْتُكِ اَوْ يَا طَالِقُ يَقَعُ الطَّلَاقُ نَوٰى بِهِ الطَّلَاقَ اَوْ لَمْ يَنْوِ"

ایسے میں کسی قسم کے بھی ملتزم الکفر کو بچانے کیلئے اس کے صریح کلام کے مدلول و مفہوم کے ساتھ اس کا عقیدہ نہ ہونے کا بہانہ تلاش کرنا یا اسے قابل تاویل کہنا اور فاعل کے دیگر ظاہری حال و احوال اور اسکے ماسوا عقائد و اعمال کو بطور دلیل پیش کرنا اکابر پرستی کی

marfat.com

اندھی تقلید کے تعصب کا ہی نتیجہ ہوسکتا ہے۔ سچ فرمایا ہے اکابرین ملت نے ؛

''اَلتَّعَصُّبُ اِذَا تَمَلَّكَ اَهْلَكَ ''

یعنی تعصب جس پر غالب ہو جائے اسے ہلاک کر دیتا ہے۔

اس سے بڑی روحانی ہلاکت اور کیا ہوگی کہ ملتزم الکفر کو کافر سمجھنا' کافر کہنا اور مرتد والے جملہ احکام اس پر منطبق کرنے اور اس سے نفرت و بیزاری کا اظہار کرنے کے شرعی حکم جو بجائے خود ضروریات دین کے قبیلہ سے ہے اس میں شک و تردد کر کے اس پر ایمان لانے کے لازمہ کی نقیض کا انجانے میں ارتکاب کیا جارہا ہے۔ جو بجائے خود التزام کفر کی چودھویں قسم میں شامل ہے جسکے متعلق جملہ فقہاء اسلام نے بیک آواز ''مَنْ شَكَّ فِیْ كُفْرِهٖ وَعَذَابِهٖ فَقَدْ كَفَرَ '' کہہ کر کفر و ارتداد کا اظہار کیا ہے۔

(فتاویٰ مجمع الانہر شرح ملتقی الابحر جلد 1' صفحہ 677)

مقام تعجب نہیں تو اور کیا ہے کہ اہل لغت ولسانیات سے لے کر تقاضاء عقل و فقہاء اسلام تک کے مقابلہ میں رسہ کشی کرتے ہوئے صریح التزام کفر میں بے محل تاویلات کی راہ تلاش کرنا جو اہل بصیرت کیلئے عبرت ہونے کے ساتھ تعصب کی ہلاکت خیزیوں کی زندہ مثال بھی ہے۔ مزید برآں یہ کہ جب شریعت مقدسہ نے انسانوں کے التزام اسلام کو محض اس وجہ سے اسلام قرار دیا اور موجب اجر و ثواب بتایا کہ وہ ان کا اختیاری عمل ہے جو بغیر سہو' بغیر سبقت لسانی' بغیر جبر و اکراہ بحالت سلامتی ہوش و حواس اختیاری طور پر وجود میں لایا گیا ہے اسی طرح غیر مسلموں کے التزام کفر کو بھی محض اس بنیاد پر کفر قرار دیا اور موجب عذاب و عتاب بتایا کہ وہ ان کا اختیاری عمل ہے جو بغیر سہو و نسیان' بغیر سبقت لسانی' بغیر جبر و اکراہ

marfat.com

بحالت سلامتی ہوش وحواس اختیاری طور پر وجود میں لایا گیا ہے۔ جس کے بعد شرعی احکام مرتب کرنے کے حوالہ سے اس کے ساتھ عقیدہ ہونے یا نہ ہونے کی قطعاً کوئی تفریق نہیں رکھی گئی ہے۔ جبکہ شرعی احکام کے اجراء کا مدار ظاہر پر ہے۔ جس کے مطابق ایک فاعل مختار انسان کا اپنے اختیار سے التزام کفر کا صراحتاً ارتکاب کرنے کے بعد اہل شرع کیلئے ضروری قرار پاتا ہے کہ اس کے شرعی احکام جاری کرے اور دار الافتاء پر بھی اس کے متعلق شرعی احکام کا اظہار لازم ہو جاتا ہے کیونکہ التزام کفر کی صورت میں اپنے اختیار کے ساتھ اسے صراحتاً وجود میں لانے کے بعد شرعی احکام کے اجراء واظہار کے حوالہ سے نیت وعقیدہ کا پوچھنا جائز نہیں ہوتا۔ اس کی ایسی مثال ہے، جیسے ایک شخص اپنی بیوی کو خود اپنے اختیار سے طلاق دے کہ "تو طلاق ہے"۔ جس کے بعد اہل شرع کو قطعاً روا نہیں ہے کہ اس پر شرعی احکام جاری کرنے کیلئے اس کی نیت وعقیدہ کا پوچھے کہ اگر اس لفظ سے مراد ونیت عقدِ نکاح سے آزاد کرنا ہے تو وقوع طلاق اور اس کے متعلقہ شرعی احکام کا اظہار واجراء کیا جائے ورنہ نہیں بلکہ وقوع طلاق اور اس کے متعلقہ شرعی احکام کو جاری کرنے کیلئے فقط اتنا علم کافی ہے کہ اس نے اپنے اختیار کے ساتھ یہ لفظ کہا ہے۔ اپنے اختیار کے ساتھ لفظ طلاق یا چھوڑ نے یا آزاد کرنے جیسے صریح الفاظ بیوی کی طرف منسوب کرنے والے شخص کو طلاق سے بچانے کیلئے اگر اس کے اہل خاندان یہ تاویل کریں کہ اس کا اپنی بیوی کے ساتھ عمر بھر اچھا تعلق تھا۔ جو اس بات کی دلیل ہے کہ اس لفظ کے صریح مدلول ومفہوم کے مطابق نیت و عقیدہ نہیں تھا۔ جب عقیدہ ونیت طلاق نہیں تو وقوع طلاق بھی نہیں تو بلا تخصیص مذہب جملہ مکاتب فکر اہل اسلام ان کی تجہیل پر متفق ہوتے ہیں کہ صریح الفاظ کے شرعی احکام کے

marfat.com

اجراء و اظہار کو نیت و عقیدہ پر موقوف بتانے والے یہ حضرات جانبداری کے تعصب یا جہل مرکب سے خالی نہیں ہیں۔

دوسری مثال اس کی ایسی ہے جیسے کوئی شخص کسی کا حق کلام کی حد تک تسلیم کرتے ہوئے بلا جبر و اکراہ، سلامتی ہوش و حواس کی حالت میں یہ اقرار کرے کہ یہ اس کا حق ہے میں نے یہ اسے دینا ہے جس کے بعد مقرلہ کی طرف سے دعویٰ ملکیت دائر کرنے پر یہ کہہ کر جان چھڑانے کی کوشش کرے "کہ میں نے تو ویسے ہی بلا نیت اقرار کیا تھا اور متنازعہ چیز کو اس کا حق تسلیم کرنے کا تصور بھی نہیں کر سکتا۔ جب اس اقراری کلام میں میری نیت و عقیدہ ہی شامل نہیں ہے تو اس کے احکام کو مجھ پر جاری کرنے، میرے خلاف فتویٰ دینے اور متنازعہ چیز کو مجھ سے لے کر مدعی کو دینے کا کیا جواز بنتا ہے" ظاہر ہے کہ اپنی رضا و اختیار کے ساتھ کئے ہوئے اقراری کلام کے شرعی حکم سے بچنے کیلئے اس کی یہ تاویل دنیا کے کسی قانون میں قابل قبول ہے نہ کسی آسمانی مذہب میں۔ اپنی رضا و اختیار کے ساتھ کئے ہوئے کلام یا لکھے ہوئے مضمون کے اس صریح مدلول و مفہوم کے شرعی حکم سے بچنے کیلئے عقیدہ و نیت میں ہونے اور نہ ہونے کی یہ تفریق ہر لحاظ سے نا قابل قبول و مردود ہونے کا فلسفہ اس کے سوا کوئی اور چیز نہیں ہے کہ شرعی احکام کے مرتب ہونے کیلئے فاعل مختار کا اپنی رضا و اختیار سے اسے وجود میں لانا ہی کافی ہے جس کے بعد شرعی احکام کا اس پر منطبق ہونا فطری امر ہے چاہے اس کا اظہار کرنے والا کوئی ہو یا نہ ہو۔

خلاصۃ الکلام بعد التفصیل یہ کہ شرعی احکام کا مدار ظاہر پر ہوتا ہے جس کے مطابق انسان کا صریح اختیاری قول و عمل وجود میں آنے کے بعد اہل شرع و دار الافتاء پر لازم ہو

marfat.com

جاتا ہے کہ اس پر شرعی احکام کے مرتب ہونے کا اظہار کریں کیونکہ اس کے متعلق شرعی احکام ظاہر اور اہل شرع کو معلوم ہونے کی بناء اہل علم اُس کے اظہار کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا؛

''وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ''

مفہوم اس کا یہ ہے کہ شرعی احکام کو ظاہر نہ کرنے والے ظالم ہیں۔

(سورۃ المائدہ' آیت 45)

شریعت مقدسہ کے اسی اصول کے تحت التزام اسلام کرنے والوں پر مسلمانوں کے احکام اور التزام کفر کرنے والوں پر غیر مسلموں والے احکام جاری کرنا بھی فرض ہے چاہے ظاہری حالت کے خلاف عنداللہ جو کچھ بھی ہو اس کے ذمہ دار اہل شرع ہیں نہ دارا لافتاء نہ اصحاب محراب ومنبر ہیں نہ مقتدرہ اس کا تعلق جزاء وسزا کے ساتھ ہونے کی وجہ سے ''مفوض الی اللہ'' ہے ''مستور عن الناس'' ہے اور ''مسکوت عنہ فی الاسلام'' ہے جس کی وضاحت ان حدیثوں سے بھی ہوتی ہے جن میں اللہ کے حبیب بانی اسلام رحمت عالم ﷺ نے اپنی رضا واختیار کے ساتھ التزام اسلام کرنے والوں کو مومن مسلمان اور التزام کفر کرنے والوں کو غیر مسلم قرار دینے کے ساتھ ان کے اندرونی عقیدہ ونیت سے بحث نہ کرنے کا فرمایا ہے۔ جیسے ارشاد ہے؛

''مَنْ صَلّٰى صَلٰوتَنَا وَاسْتَقْبَلَ قِبْلَتَنَا وَاَكَلَ ذَبِيْحَتَنَا فَذٰلِكَ الْمُسْلِمُ الَّذِىْ لَهٗ ذِمَّةُ اللّٰهِ وَذِمَّةُ رَسُوْلِهٖ فَلَا تَخْفِرُوا اللّٰهَ فِىْ ذِمَّتِهٖ''

(مشکوٰۃ کتاب الایمان' صفحہ 12)

marfat.com

نیز فرمایا؛

''اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰی یَشْهَدُوْا اَنْ لَّآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَیُقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَیُؤْتُوْا الزَّکٰوةَ فَاِذَا فَعَلُوْا ذٰلِكَ عَصَمُوْا مِنِّیْ دِمَآئَهُمْ وَ اَمْوَالَهُمْ اِلَّا بِحَقِّ الْاِسْلَامِ وَحِسَابُهُمْ عَلَی اللّٰهِ

جن کا مفہوم اس کے سوا اور کچھ نہیں ہے کہ جس نے ضروریاتِ دین کا التزام کیا تو ظاہری حالت کے مطابق اسے مسلمان سمجھ کر مسلمانوں والے جملہ احکام اس پر جاری کرنا لازم ہے جس کے بعد اس کے اندرون حالات' نیت وعقیدہ کا مسئلہ اللہ کے سپرد ہے۔

اس دوسری روایت کے ''وَ حِسَابُهُمْ عَلَی اللّٰهِ کا جملہ تو نیت اور اندرون پوشیدہ عقائد کا تعلق جزاء وسزا کے ساتھ ہونے پر صریح الدلالۃ ہے جس کے بعد التزام اسلام یا التزام کفر پر شرعی احکام مرتب کرنے کو نیتوں پر موقوف رکھنے کا تصور ہی باقی نہیں رہتا۔ اسی نکتہ کو پیش نظر رکھتے ہوئے شارح عینی نے عمدۃ القاری کے اندر فرمایا؛

''وَالْمَعْنٰی اَنَّ اُمُوْرَ سَرَائِرِهِمْ اِلَی اللّٰهِ تَعَالٰی وَاَمَّا نَحْنُ فَنَحْکُمُ بِالظَّاهِرِ فَنَعَامِلُهُمْ بِمُقْتَضٰی ظَاهِرِ اَقْوَالِهِمْ وَ اَفْعَالِهِمْ

اور اس کے ایک سطر بعد فرمایا؛

''وَهُوَ مِمَّا یَتَعَلَّقُ بِنَا وَاَمَّا الْاُمُوْرُ الْاُخْرَوِیَّةُ مِنْ دُخُوْلِ الْجَنَّةِ وَ النَّارِ وَ الثَّوَابِ وَالْعِقَابِ وَکَمِیَّتِهِمَا وَکَیْفِیَّتِهِمَا فَهُوَ مَفُوْضٌ اِلَی اللّٰهِ تَعَالٰی لَادَخْلَ لَنَا فِیْهَا' (عمدۃ القاری' شرح بخاری جلد 1' صفحہ 181)

marfat.com

الغرض! انسان کا اپنی رضا واختیار کیساتھ التزام کفر کی کسی بھی صورت کا ارتکاب کرنے کے بعد دارالافتاء پر اس کے کفر کا اظہار لازم ہو جاتا ہے ورنہ وہ کتمان حق کے گناہ میں مبتلا ہونے کے ساتھ دوسروں کیلئے بھی التباس الحق بالباطل کا سبب بن سکتے ہیں جو بجائے خود جرم ہے۔ دارالافتاء کا اس سانحہ پر مطلع ہونے کے بعد صرف اتنا دیکھنا اور تسلی کرنا ضروری ہوتا ہے کہ یہ قول وفعل جو اس سے صادر ہوا ہے سہواً ونسیاناً یا سبقت لسانی اور غیر اختیاری طور پر نہیں بلکہ اس کی رضا واختیار کے ساتھ ہے یعنی جس قول وعمل کی بناء پر اسے کافر ومرتد قرار دیا جا رہا ہے۔ یہ اس کے اختیار سے ہوا ہے' اس کی زبان وقلم سے یا اس کے ہاتھ سے وجود میں آنے والے اس قول وعمل کا اس کے اختیاری عمل ثابت ہو جانے کے بعد اس کے کافر ومرتد ہونے کیلئے اس مضمون کے ساتھ اس کا عقیدہ ہونا یا نہ ہونا برابر ہیں کہ شرعی احکام بہر تقدیر اس پر مرتب ہونگے۔ اسی اصول مسلمہ کی بنیاد پر فقہاء کرام نے بلا نکیر کہہ دیا کہ؛

''وَمَنْ هَذَلَ بِلَفْظِ كُفْرٍ ارْتَدَّ وَإِنْ لَمْ يَعْتَقِدْهُ''

یعنی کسی ضرورت دینی پر اس کی تخفیف واہانت کے عقیدہ کے بغیر مزاح کیا تو مرتد ہو گیا۔ (فتح القدیر' بحوالہ شامی' جلد 3' صفحہ 310)

التزام کفر میں متعلقہ قول وعمل کا اختیاری طور پر وجود میں لائے جانے کو تکفیر کیلئے واحد معیار ہونے کے اس اصول کے ماتحت درج ہونے والے کچھ جزئیات کو ذکر کرنے کے بعد فتاویٰ شامی میں لکھا ہے؛

''وَيَظْهَرُ مِنْ هَذَا أَنَّ مَا كَانَ دَلِيلُ الْاِسْتِخْفَافِ يَكْفُرُ بِهِ وَإِنْ لَمْ يَعْتَقِدِ

marfat.com

اَلْاِسْتِخْفَافَ''

مفہوم اس کا یہ ہے کہ اس اصول سے ظاہر ہو رہا ہے کہ جو اختیاری قول وعمل بھی ضرورت دینی کی تخفیف واہانت پر صراحتاً دلالت کرتا ہو تو اسکا فاعل کافر ہوگا اگر چہ اس کے ارادہ وعقیدہ میں اہانت نہ ہو۔

اس کے بعد عقیدہ اہانت نہ ہونے کے باوجود محض اختیاری عمل ہونے کی بنا پر وجوب تکفیر کا فلسفہ بتاتے ہوئے لکھا ہے؛

''لِاَنَّهُ لَوْ تَوَقَّفَ عَلٰی قَصْدِهٖ لَمَّا احْتَاجَ اِلٰی زِيَادَةِ عَدَمِ الْاِخْلَالِ بِمَا مَرَّ لَاَنَّ قَصْدَ الْاِسْتِخْفَافِ مُنَافٍ لِلتَّصْدِيْقِ''

جس کا مفہوم یہ ہے کہ تکفیر اگر اس کے قصد وعقیدہ پر موقوف ہو جائے تو یہ کفر عنادی سے زیادہ کوئی اور چیز نہیں ہوگا جبکہ بات مدعی اسلام میں ہے جو عنادی کفر کے ماسوا ان قسموں میں ہوتا ہے جن کا ذکر پہلے ہو چکا ہے۔ (شامی جلد 3، صفحہ 311)

حضرت ابن عابدین نور اللہ مرقدہ الشریف کو اللہ تعالیٰ جزاء خیر دے کہ انہوں نے اس مختصر عبارت میں التزام کفر کی تمام قسموں کا اشارہ دیا ہے۔ گزشتہ صفحات میں ہم نے جس تفصیل کے ساتھ التزام کفر کی قسموں کو بیان کیا ہے وہ حضرت ابن عابدین کی اس عبارت ''لِاَنَّهُ لَوْ تَوَقَّفَ عَلٰی قَصْدِهٖ لَمَّا احْتَاجَ اِلٰی زِيَادَةِ عَدَمِ الْاِخْلَالِ بِمَا مَرَّ لَاَنَّ قَصْدَ الْاِسْتِخْفَافِ مُنَافٍ لِلتَّصْدِيْقِ'' کی حقیقی تشریح ہے جس کیلئے ہم نے حضرت ابن ہمام کی المسامرہ کی محولہ مذکورہ عبارت سے مدد لی ہے اور یہیں سے چراغ لے کر قرآن وسنت میں شرعی ایمان کے مذکورہ لوازمات کو تلاش کیا جن کے اضداد کو اختیار کرنے کی بناء پر

marfat.com

التزام کفر کی دس قسمیں وجود میں آئیں جن کو پہلی والی چار کے ساتھ ملا کر التزام کفر کی مذکورہ تفصیل بتائی۔

فَلِلّٰہِ الْحَمْدُ اَوَّلًا وَّ اٰخِرًا ظَاہِرًا وَّ بَاطِنًا۔

## ﴿ایک متوقع اشتباہ کا ازالہ﴾

تکفیر کیلئے اس شرعی معیار کو پڑھنے کے بعد ممکن ہے کہ کوئی یہ سوچے کہ تسلیم کیا کہ تکفیر کا مدار التزام کفر پر ہے لزوم پر نہیں اور التزام کفر کیلئے فاعل مختار کا اپنی رضا و اختیار کے ساتھ کوئی ایسا قول و عمل وجود میں لانا ہے جس میں ملت اسلام یا اس کے کسی ضرورت دینی والا حصہ کی تکذیب ہو یا اس تکذیب کی یقینی علامت ہو جس کے بعد اس کی تکفیر کرنے اور کافر و مرتد کے جملہ احکام اس پر جاری کرنے کیلئے اس کی نیت کا ہونا ضروری ہے نہ اس مضمون کے ساتھ اس کا عقیدہ ہونا' نہ اس کے انجام کا علم ہونا ضروری ہے نہ ارادہ کا ہونا۔ لیکن التزام کفر کے اس اختیاری قول و عمل کا صریح ہونا تو اولین شرط ہے ورنہ کنایات و اشارات کی صورت میں تکفیر جائز نہیں ہوگی اسلئے کہ جب تک واضح اور صریح نہ ہوگا اس وقت تک کفر سے بچنے کے احتمالات موجود ہوں گے اور کفر سے بچنے کے لئے ضعیف سے ضعیف احتمال کی موجودگی میں بھی تکفیر جائز نہیں ہوتی۔ جبکہ التزام کفر کی مذکورہ قسموں میں اول اور دوسری صورتوں کے سوا باقی کسی صورت میں بھی کفر کا صریح التزام نہیں ہے کیونکہ ان میں کفر کا نہیں بلکہ اس کی علامت کا ارتکاب ہے تو کسی چیز کی علامت کو اس کے قائم مقام قرار دینے میں اس کے ساتھ تصریح نہیں ہوتی جب تصریح نہیں تو تکفیر بھی جائز نہیں۔

marfat.com

جواب اس کا یہ ہے کہ یہ اشتباہ دو غفلتوں کی وجہ سے پیدا ہو رہا ہے جن میں سے اول صریح کے مفہوم کو سمجھنے سے غفلت ہے اور دوسری نفس علامت اور یقینی علامت کے مابین فرق کو سمجھنے سے غفلت ہے۔ اگر یہ غفلت نہ ہوتو اشتباہ کبھی پیدا نہ ہوتا' گویا یہ "بِنَاءُ الْغَلَطِ عَلَى الْغَلَطِ" ہے اس لئے کہ صریح کا لفظ چاہے باب کرم یکرم سے ہو یا فتح یفتح سے اور لازم مستعمل ہو یا متعدی بہر تقدیر دلالت اس کی خلوص پر ہوتی ہے یعنی مفہوم اس کا ایسی چیز ہے جو غیر سے خالی وخالص ہو جس میں اس کے ماسوا کسی اور کی گنجائش نہ ہو' غیر کا احتمال نہ ہو اور کسی بھی دوسرے جنس کا اختلاط نہ ہو۔ جیسے لسان العرب جلد دوم' صفحہ 509 میں ص، ر، ح کے مادہ میں ہے: "كُلُّ خَالِصٍ صَرِيْحٌ" اور صریح کا یہ مفہوم یعنی "اَلصَّرِيْحُ اَلْخَالِصُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ" اپنی جگہ ایک کلی ہے جس کے ماتحت پائے جانے والے افراد میں اجسام بھی ہو سکتے ہیں' اعراض بھی' افعال بھی ہو سکتے ہیں' اسماء بھی اور التزام اسلام بھی ہوسکتا ہے' التزام کفر بھی جیسے حدیث شریف میں آیا ہے کہ جب ایک صحابی رضی اللہ عنہ نے وسوسہ نفسانی سے نفرت کا اظہار کرتے ہوئے سوال کیا۔ اس کے جواب میں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"وَ ذَالِكَ صَرِيْحُ الْاِيْمَانِ" (مشکوٰۃ شریف)

یعنی اس قسم شیطانی وساوس سے نفرت کرنا خالص ایمان کا نتیجہ ہے۔

اصول فقہ کی کتابوں میں جہاں پر نصوص کے متعلقہ لغوی احکام کی بحث کی جاتی ہے۔ وہیں پر بھی فقہاء کرام نے صریح کے اسی لغوی مفہوم کو واضح کرتے ہوئے لکھا ہے:

"اَلصَّرِيْحُ لَفْظٌ يَكُوْنُ الْمُرَادُ بِهٖ ظَاهِرًا كَقَوْلِهٖ بِعْتُ وَاشْتَرَيْتُ وَاَمْثَالِهٖ

marfat.com

وَحُکْمُہٗ اَنَّہٗ یُوْجِبُ ثُبُوْتَ مَعْنَاہُ بِاَیِّ طَرِیْقٍ کَانَ مِنْ اَخْبَارٍ اَوْنَعْتٍ اَوْنِدَاءٍ وَمِنْ حُکْمِہٖ اَنَّہٗ یَسْتَغْنِی عَنِ النِّیَّۃِ وَعَلٰی ھٰذَا قُلْنَا اِذَا قَالَ لِامْرَاَتِہٖ اَنْتِ طَالِقٌ اَوْ طَلَّقْتُکِ اَوْ یَا طَالِقُ یَقَعُ الطَّلَاقُ نَوٰی بِہٖ الطَّلَاقَ اَوْ لَمْ یَنْوِ

ترجمہ:۔صریح وہ لفظ ہے جس سے مراد متکلم ظاہر ہو جیسے میں نے بیچا، میں نے خریدا اور اس جیسے ہر کلام۔اور اس کا حکم یہ ہے کہ وہ جس انداز کا کلام بھی ہو اپنے معنیٰ و مفہوم کو ثابت کرتا ہے اور اس کے احکام میں یہ بھی ہے کہ یہ نیت سے مستغنی و بے نیاز ہوتا ہے اسی بنیاد پر ہم نے کہا کہ اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو ''اَنْتِ طَالِقٌ'' کہہ دے یا کہہ دے کہ میں نے تجھے طلاق دیدی یا کہہ دے کہ اے طلاق والی! تو ان تمام صورتوں میں طلاق واقع ہوگی۔اس نے طلاق کی نیت کی ہو یا نہ کی ہو۔

جملہ فقہاء اسلام کا صریح کے حوالہ سے یہ ارشاد اس کے لغوی مفہوم کا نتیجہ ہونے کے علاوہ اور کچھ نہیں ہے جس کے مطابق صریح کلام کے مفہوم میں غیر کا احتمال ممکن نہیں ہوتا۔جیسے صریح اسلام میں کفر کی آمیزش و احتمال نہیں ہوتا اسی طرح صریح کفر کا مطلب بھی اس کے سوا اور کچھ نہیں ہوتا کہ اس میں اسلام کا کوئی احتمال نہیں ہے یعنی سو فیصد کفر ہی کفر ہے۔فقہاء کرام نے جو فرمایا ہے کہ 99 فیصد کے مقابلہ میں ایک فیصد احتمال کفر سے بچنے کیلئے موجود ہو تب بھی فتویٰ کفر دینا جائز نہیں ہے وہ بھی صریح کے اس مفہوم کو پیش نظر رکھ کر کہا ہے۔اصول فقہ کے اندر خاص، عام، مشترک، مؤوّل سے لیکر عبارۃ النص، اشارۃ النص، دلالۃ النص اور اقتضاء النص تک جتنے بھی اصطلاحی الفاظ استعمال ہوئے ہیں ان سب کے

marfat.com

فقہی مفہوم، احکام، لوازمات و تقاضوں کو ان کے لغوی مفہومات کے مطابق بیان کرنے کے بعد ہی فقہاء کرام نے شرعی احکام کو ان پر منطبق کیا ہے ورنہ لغوی مفہوم سے ذرہ برابر غفلت بھی شرعی احکام کو ان پر منطبق کرنے میں مغالطہ کا باعث بن سکتی ہے کیونکہ لغوی مفہوم اصل الاصول ہے۔ جس کے خلاف اللہ تعالیٰ نے اور اس کے رسول ﷺ نے کوئی احکام صادر فرمائے ہیں نہ الٰہیات کے کسی شعبہ میں اس کی اجازت دی جاسکتی ہے۔ اصول فقہ میں بطور اصطلاح استعمال ہونے والا لفظ صریح کے مفہوم کا عام ہونے کا نتیجہ ہے کہ اس کی ضد یعنی اسکے ساتھ بطور مد مقابل استعمال ہونے والا لفظ کنایہ کا مفہوم بھی عام ہے یعنی "مَا اسْتَتَرَ الْمُرَادُ بِہٖ کا جو مفہوم ہے وہ کنایہ کے اس مفہوم سے بھی عام ہے جو علم بلاغت کے حصہ بیان میں مراد ہوتا ہے کیونکہ وہیں پر استعمال ہونے والا کنایہ کا مفہوم حقیقت کو شامل نہیں ہے جبکہ فقہاء کرام کی اصطلاح میں استعمال ہونے والا کنایہ حقیقت و مجاز دونوں کو شامل ہے۔ جیسے التلویح والتوضیح میں فرمایا:

"اِنَّ الصَّرِیْحَ مَا انْکَشَفَ الْمُرَادُ مِنْہُ فِیْ نَفْسِہٖ اَیْ بِالنَّظَرِ اِلٰی کَوْنِہٖ لَفْظًا مُّسْتَعْمَلًا وَّ الْکِنَایَةُ مَا اسْتَتَرَ الْمُرَادُ مِنْہُ فِیْ نَفْسِہٖ سَوَآءٌ کَانَ الْمُرَادُ مِنْہُمَا مَعْنٰی حَقِیْقِیًّا اَوْ مَعْنٰی مَّجَازِیًّا (التلویح والتوضیح، صفحہ 189)

جسکے مطابق ایک دوسرے کے مقابلہ میں مستعمل ہونے والے ان دونوں لفظوں کے ماتحت پائے جانے والے افراد میں جتنا عموم و شمول ہے اتنا خاص و عام سے لیکر مقتضاء النص تک کسی بھی دوسرے اصطلاحی لفظ میں نہیں پایا جاتا کیونکہ خاص ہوگا تو عام، مشترک ومؤول وغیرہ نہیں ہوگا، مفسر ہوگا تو ظاہر و نص اور مؤول وغیرہ نہیں ہوگا علیٰ ہذا القیاس جبکہ

marfat.com

صریح و کنایہ سے کوئی کلام خالی نہیں ہے چاہے وہ اپنی جگہ خاص ہو یا عام۔ ظاہر ہو یا نص، حقیقت ہو یا مجاز اس کیلئے صرف اس کی ضد کا نہ ہونا کافی ہے یعنی صریح کی موجودگی کیلئے کنایہ کا نہ ہونا کافی ہے اور کنایہ کی موجودگی کیلئے صریح کا نہ ہونا کافی ہے کیونکہ یہ اپنے آپس خصوصی ضدین ہیں اور خصوصی ضدین میں سے ایک کا وجود آپ ہی دوسرے کی نفی اور ایک کی نفی آپ ہی دوسرے کا وجود ہے جبکہ کسی کلام میں خاص کا نہ ہونا عام کی موجودگی کی دلیل نہیں ہے۔ کیونکہ یہ اپنے آپس خصوصی ضدین نہیں ہیں بلکہ ان کے اور اضداد بھی ہو سکتے ہیں۔ لہٰذا ہو سکتا ہے کہ ان میں سے کوئی ایک بھی نہ ہو بلکہ مشترک ہو یا مؤول ہو ایسے میں کسی کلام کے اندر خاص کی نفی عام کے وجود پر صریح دلیل نہیں ہو سکتی کہ اس کے بعد عام کی موجودگی کیلئے کوئی اور دلیل تلاش کرنے کی ضرورت نہ ہو۔ خصوصی ضدین اور عام اضداد کے ان احکام کو سمجھنے سے کسی چیز کی خصوصی علامت اور نفس علامت کی بھی پہچان ہو گئی خصوصی علامت یہ کہ نقیضین میں سے ایک کا وجود دوسرے کے عدم کی یقینی علامت و دلیل ہے۔ جس کے بعد اس کے عدم پر کوئی اور دلیل تلاش کرنے کی ضرورت نہیں رہتی کیونکہ اِس کا وجود اُس کے عدم کی صریح و یقینی علامت و دلیل ہونے کی بناء پر کسی اور بات کا احتمال ہی نہیں ہے۔ اسی طرح ایک کا عدم آپ ہی دوسرے کے وجود کی خصوصی علامت و یقینی دلیل ہے کیونکہ نقیضین میں سے ایک کا عدم دوسرے کے وجود پر صریح دلالت کرتا ہے اور جو صریح دلیل ہو وہی یقینی علامت ہوتی ہے۔ اسی طرح خصوصی ضدین میں سے ایک کا وجود آپ ہی دوسرے کے عدم پر صریح دلیل و یقینی علامت ہوتا ہے جس کے بعد اس کے معدوم ہونے پر کوئی اور دلیل تلاش کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی، اسی طرح ایک کا عدم

marfat.com

آپ ہی دوسرے کے وجود پر صراحتاً دلالت کرنے کیوجہ سے اس کی خصوصی اور یقینی علامت ہے جس کے بعد کسی اور دلیل کی قطعاً ضرورت نہیں رہتی۔ جبکہ نفس علامت عمومی اضداد میں ہوتی ہے جس کے مطابق اضداد کثیرہ میں سے ایک کی موجودگی اس کے ماسواسب کی نفی پر تو صراحتاً دلالت کرتا ہے جس وجہ سے اس کی موجودگی کو اس کے تمام ماسوا کی نفی پر یقینی علامت کہنا درست ہے جس کے بعد ان اضداد کثیرہ میں سے کسی کے عدم پر مزید دلیل تلاش کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی لیکن ان مین سے ایک کا عدم کسی دوسرے کے خصوصی وجود پر صراحتاً دلالت نہیں کرتا کہ اسے خصوصی علامت یا یقینی علامت کہنا درست ہو سکے بلکہ ''لَا عَلَی التَّعْیِیْنِ'' کسی کے وجود کی بھی علامت ہو سکتا ہے۔ لہٰذا نفس علامت ہی کہلائے گا۔ جس کے بعد مطلوبہ ضد کی موجودگی پر دوسری دلیل تلاش کرنے کی ضرورت ابھی باقی ہے۔ اسی طرح کسی چیز کے لازم کی نفی اس کی نفی پر صراحتاً دلالت کرنے کی بنیاد پر خود ہی اس کی نفی ہے' اس کے عدم کی خصوصی دلیل اور یقینی علامت ہے جس کے بعد ملزوم کی نفی پر مزید دلیل تلاش کرنے کی قطعاً ضرورت نہیں رہتی۔ کیونکہ ''اِذَا انْتَفَی اللَّازِمُ انْتَفَی الْمَلْزُوْمُ'' کے شرطیہ کا صدق بجائے خود اجلی بدیہیات کے قبیلہ سے ہے لہٰذا کسی چیز کے لازمہ کی نفی یا اس کی نقیض یا ضد کا ارتکاب کرنا اس کی نفی پر یقینی علامت ہونے کے سوا اور کچھ نہیں ہے' اس کی دلالت ملزوم کی نفی پر صریح ہونے کے خلاف کوئی اور احتمال نہیں ہے اور ملزوم کی نفی اس کا صریح مدلول ومفہوم ہونے کے سوا اور کوئی مقصد نہیں ہے جبکہ کسی چیز کے لازم کا موجود ہونا اس کے موجود ہونے کی نفس علامت ہے' خصوصی علامت نہیں کیونکہ ''اِذَا وَجَدَ اللَّازِمُ وَجَدَ الْمَلْزُوْمُ '' کے شرطیہ کا صدق کلیہ نہیں ہے بلکہ جزئیہ ہے یعنی

marfat.com

ہمیشہ ایسا نہیں ہوتا بلکہ کبھی کبھی ہوتا ہے اسلئے کہ لازم کے جواز عموم کی وجہ سے وجود لازم کی دلالت وجود ملزوم پر صریح نہیں ہوتی۔ جب اس کی دلالت صریح نہیں ہے اور اس کا مدلول ہونا صریح نہیں ہے تو پھر یہ اس کی یقینی علامت بھی نہیں ہوسکتی کیونکہ خصوصی دلیل اور یقینی علامت میں غیر کی آمیزش اور مدلول کے ماسوا کسی اور کا احتمال نہیں ہوتا۔ ہاں نفس علامت کہنا درست ہے کہ احتمالات کثیرہ متضادہ کے ہوتے ہوئے فی الجملہ اس کے وجود کا احتمال بھی رکھتا ہے۔

مذکورہ اشتباہ کے سوچنے والے حضرات کو اگر یقینی علامت اور نفس علامت کے مابین اس تفریق کا علم ہوتا اور صریح وکنایہ کے لغوی مفہوم کی وسعت پر نظر ہوتی تو وہ التزام کفر کی پہلی اور دوسری قسموں کے ماسوا باقی صورتوں کا صریح الکفر کے قبیلہ سے خارج ہونے کا قطعاً کبھی نہ سوچتے کیونکہ پہلی اور دوسری صورتوں کا صریح الکفر ہونے کی طرح التزام کفر کی باقی قسموں کا صریح مدلول ومفہوم بھی کفر کے سوا اور کوئی شے نہیں ہے فرق صرف اتنا ہے کہ پہلی اور دوسری صورتوں میں بالترتیب ملت اسلام اور اسکے ضرورت دینی والا حصہ کی تکذیب کی جارہی ہے جبکہ باقی تمام قسموں میں اس کی یقینی علامت کا ارتکاب کیا جارہا ہے۔ جبکہ کفر پر دلالت سب میں صریح ہے مثال کے طور پر۔

(۱) التزام کفر کی وہ قسم جس میں ملت اسلام سے انکار وتکذیب ہوتی ہے۔ جیسے مسلم گھرانے کا کوئی فرد اسلام سے پھر کر یہودیت اختیار کر لیتا ہے یا اس کی تکذیب کر لیتا ہے کہ اسلام کو حق نہیں مانتا یا کہتا ہے کہ اسلام آسمانی مذہب نہیں ہے۔

(۲) التزام کفر کی وہ قسم جس میں ملت اسلام کے کسی ایسے حکم۔ سے انکار وتکذیب کرتا ہے

marfat.com

جو ضرورت دینی ہے۔ جیسے مسلم گھرانے کا کوئی فرد رسول اللہ ﷺ کے ختم نبوت کو ختم زمانی تسلیم کرنے سے انکار کر کے اسے نادان عوام کا خیال قرار دے۔

(۳) وہ قسم جس میں ملت اسلام سے زبانی انکار کئے بغیر اس کی ضد کو مقابلتاً بطور ضابطہ حیات تسلیم کرنے کا قول وعمل ہو جیسے مسلم گھرانے کا کوئی فرد نظام مصطفیٰ ﷺ کے مقابلہ میں اس ضابطہ حیات کو تسلیم کرے جو اس کے منافی اور ضد ہے۔

(۴) وہ قسم جس میں کسی بھی ضرورت دینی کی ضد یا نقیض کے ساتھ عقیدہ وقول ہو جیسے مسلم گھرانے کا کوئی شخص نبی آخر الزمان رحمت عالم ﷺ کے زمانہ میں یا آپ ﷺ کے بعد کسی دوسرے نبی و پیغمبر کے پیدا ہونے کے جواز کا عقیدہ رکھے اور اس کا قول کرے یا آپ ﷺ کے بعد کسی دوسرے نبی کے پیدا ہونے کو ختم نبوت کا منافی نہ کہے۔

(۵) وہ قسم جس میں نظام مصطفیٰ ﷺ پر ایمان کے لازمہ (جذبہ عمل) کی ضد یا نقیض کو اختیار کیا جا رہا ہو جیسے کسی شخص کا ملت اسلام پر ایمان کے مدعی ہوتے ہوئے اس پر عمل نہ کرنے کا عزم کرنا اور اس عزم کا صریح الفاظ میں اظہار کرنا اور یہ کہنا کہ ''اسلام میں عمل کی اہمیت نہیں ہے'' یا یہ کہنا کہ ''نظام مصطفیٰ ﷺ کی تصدیق وتسلیم ضروری ہے جو ہمیں حاصل ہے باقی رہا عمل تو یہ نادان جاہلوں کا خیال ہے''۔

(۶) وہ قسم جس میں نظام مصطفیٰ ﷺ پر ایمان کے لازمہ ''اس کی تعظیم'' کی ضد یا نقیض کو اختیار کیا گیا ہو جیسے کسی مدعی اسلام وایمان کا یہ کہنا کہ اسلام اگر انسانیت کی ترقی وعروج کا ضامن ہوتا تو اس کے ماننے والے ذلیل وخوار نہ ہوتے۔

(۷) التزام کفر کی وہ قسم جس میں ملت اسلام پر ایمان کے لازمہ ''دل وجان سے اس پر

marfat.com

راضی ہونے'' کی ضد یا نقیض کو اختیار کیا جا رہا ہو جیسے کسی مدعی اسلام و ایمان کا یہ کہنا کہ ''اسلام نے ہم کو کیا دیا جبکہ یورپ نے بغیر اسلام کے بھی ترقی کی'' یا یہ کہنا کہ ''اسلام کا حصہ عبادات تو ٹھیک ہے لیکن اس کے سیاسیات و اقتصادیات کے حصوں کو پسند نہیں کیا جا سکتا''

(۸) التزام کفر کی وہ قسم جس میں ملت اسلام پر ایمان کے لازمہ ''اُس کے ساتھ محبت'' کی ضد یا نقیض کو اختیار کیا گیا ہو۔

(۹) التزام کفر کی وہ قسم جس میں ملت اسلام پر ایمان کے لازمہ ''اسکے خلاف جملہ مذاہب و اشخاص سے نفرت و بیزاری'' کی ضد یا نقیض کو اختیار کیا جا رہا ہو جیسے کسی مدعی ایمان کا یہ کہنا کہ ملت اسلام پر تو ہمارا عقیدہ و ایمان ہے لیکن اس کا یہ مطلب نہیں ہونا چاہیئے کہ ہندو مذہب سے نفرت کی جائے ﴿یا﴾ یہود و ہنود سے بیزاری اختیار کی جائے۔

(۱۰) التزام کفر کی وہ قسم جس میں ملت اسلام کے کسی ضرورت دینی والے حصہ پر ایمان کے لازمہ ''جذبہ عمل'' کی ضد یا نقیض کو اختیار کیا جا رہا ہو۔ مثال کے طور کسی مدعی اسلام و ایمان کا یہ کہنا کہ نماز دین اسلام کا حصہ ہونے کا مطلب یہ نہ ہونا چاہیئے کہ اس پر عمل بھی کیا جائے بلکہ اس کو دین کا حصہ تسلیم کرنا کافی ہے۔ پانچ وقتہ اس کی ادائیگی کیلئے تکلیف کرنے کی ضرورت نہیں ہے ﴿یا﴾ یہ کہنا کہ نماز کی شکل میں پنج وقتہ تکلیف کرنا فارغ لوگوں کا طریقہ ہے جبکہ اسلام میں صرف اس کے ساتھ تصدیق بالقلب کافی ہے۔

(۱۱) وہ قسم جس میں کسی ضرورت دینی پر ایمان کے لازمہ ''اس کی تعظیم'' کی ضد یا نقیض کو اختیار کیا جا رہا ہو جیسے کسی مدعی ایمان کا یہ کہنا کہ نماز پنجگانہ کی ادائیگی کیلئے تکلیف کرنا بیگار

marfat.com

سے کم نہیں ہے۔

(۱۲) التزام کفر کی وہ قسم جس میں کسی ضرورت دینی پر ایمان کے لازمہ ''دل وجان کیساتھ تسلیم ورضا'' کی ضد یا نقیض کو اختیار کیا جارہا ہو جیسے کسی مسلم گھرانے کے شخص کا یہ کہنا کہ ''نمازیں پڑھ کر ہم نے کیا کمایا اس کی جگہ کچھ اور ہونا چاہئے''۔

(۱۳) التزام کفر کی وہ قسم جس میں کسی ضرورت دینی پر ایمان کے لازمہ ''اُس کے ساتھ محبت کی ضد یا نقیض'' کو اختیار کیا گیا ہو۔

(۱۴) التزام کفر کی وہ قسم جس میں کسی ضرورت دینی پر ایمان کے لازمہ ''اُس کے مدمقابل ومخالف مذاہب واشخاص اور منافی حرکات سے نفرت و بیزاری'' کی ضد یا نقیض کو اختیار کیا جارہا ہو۔ جیسے کسی مدعی ایمان کا یہ کہنا کہ ''ہندو ہوتے تو اچھا ہوتا نمازوں کی تکلیف سے تو جان چھوٹ جاتی''۔

اہل فہم جانتے ہیں کہ التزام کفر کی ان تمام قسموں میں کفر سے بچنے کیلئے ایک فی ہزار احتمال بھی موجود نہیں ہے چہ جائیکہ ایک فی صد ہو اور ضعیف سے ضعیف تاویل کی بھی گنجائش نہیں ہے چہ جائیکہ کسی معقول توجیہ کی مجال ممکن ہو یہ اس لئے کہ ان سب میں کلام کی دلالت کفر پر صریح ہے۔ فرق صرف اتنا ہے کہ پہلی قسم میں ملت اسلام کی تکذیب وانکار کا بلا واسطہ ارتکاب کیا گیا ہے جس کا صریح مدلول ومفہوم کفر کے سوا کوئی اور چیز نہیں ہے۔

دوسری میں ملت اسلام کے اس حصہ سے انکار کا بلا واسطہ ارتکاب کیا گیا ہے جو ضرورت دینی کے قبیلہ سے ہے۔ اس کا صریح مدلول ومفہوم بھی کفر کے سوا کوئی اور چیز نہیں ہے۔

تیسری قسم میں ملت اسلام اور نظام مصطفیٰ ﷺ کی ضد کا صراحتاً بلا واسطہ ارتکاب کیا گیا

marfat.com

ہے۔ جس کا صریح مدلول و مفہوم کفر کے سوا کوئی اور چیز نہیں ہے کیونکہ ملت اسلام کے مقابلہ میں ہر باطل مذہب کفر ہے اور کفر اسلام کی خصوصی ضد ہے جس کو اختیار کرنا آپ ہی اسلام کی نفی ہے جس کے بعد زبانی دعویٰ ایمان نا قابل قبول ہے کیونکہ خصوصی ضدین میں سے ایک کو اختیار کرنا دوسرے کی نفی پر صریح دلیل اور اس کے عدم کی یقینی علامت ہے جس کے بعد اس کی نفی پر کوئی اور دلیل تلاش کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

یہی حال التزام کفر کی چوتھی قسم کا بھی ہے کہ جب ضرورت دینی کی ضد کا یا اس کے نقیض کا صراحتاً ارتکاب کیا تو ضرورت دینی سے انکار اس کا صریح مدلول و مفہوم قرار پایا کیونکہ نقیضین میں سے ایک کو اختیار کرنا دوسرے کی نفی پر صریح دلیل اور اس کے عدم کی یقینی علامت ہے جس کے بعد اس کی نفی سے بچنے کیلئے ذرہ برابر گنجائش باقی نہیں رہتی۔ جیسے مذکورہ مثال میں نبی آخر الزمان رحمت عالم ﷺ کے بعد دوسرے نبی کے پیدا ہونے کا عدم جواز جو ضرورت دینی ہے کے نقیض یعنی جواز کا عقیدہ کیا گیا ہے تو دوسرے نبی کی پیدائش کا جواز جو عدم جواز کی نقیض ہے کو اختیار کرنا آپ ہی عدم جواز کی نفی ہے۔ جس کا صریح مدلول و مفہوم کفر کے سوا کوئی اور چیز نہیں ہے کیونکہ نقیضین میں سے ایک کو اختیار کرنا دوسرے کی نفی پر صریح دلیل و یقینی علامت ہے۔ جس کے بعد دوسری دلیل تلاش کرنے کی قطعاً ضرورت نہیں رہتی۔

التزام کفر کی باقی دس قسموں کا بھی یہی حال ہے کیونکہ ان میں ملت اسلام اور نظام مصطفیٰ ﷺ پر شرعی ایمان کے لازمہ کی ضد یا اس کے نقیض کو صراحتاً بلا واسطہ اختیار کیا گیا ہے۔ جیسے پانچویں سے لے کر نویں قسم تک کی مذکورہ مثالوں سے معلوم ہو رہا ہے۔ جب

marfat.com

ایمان کے لازمہ کی ضد کو یا نقیض کو اختیار کیا گیا تو ایمان کا لازمہ نہیں رہا کیونکہ نقیضین میں سے ایک کو یا ضدین میں سے ایک کو اختیار کرنا دوسرے کی نفی پر صریح دلیل ہے۔ جب ایمان کا لازمہ نہ رہا تو ایمان بھی نہ رہا کیونکہ "کُلَّمَا انْتَفَی الْلَّازِمُ انْتَفَی الْمَلْزُوْمُ" کے قضیہ کا صدق کلیہ ہے، سو فیصد ہے اور ہمیشہ ہے، جس کا خلاف کبھی نہیں ہوتا۔ ایسے میں التزام کفر کی ان پانچوں قسموں کا صریح الکفر ہونا سابقہ چار قسموں کے صریح الکفر ہونے سے ذرہ برابر مختلف نہیں ہے۔ یہی حال التزام کفر کی باقی پانچ قسموں کا بھی ہے کہ ان سب میں ضرورت دینی پر ایمان کے لازمہ کی ضد یا نقیض کو اختیار کرنے پر مشتمل کلام اس کے ساتھ ایمان کی نفی پر صراحتاً بلا واسطہ دلالت کرتا ہے کیونکہ ضدین یا نقیضین میں سے ایک کو اختیار کرنا دوسرے کی نفی پر صریح دلیل اور اس کے عدم کی یقینی علامت ہے۔ جب ضرورت دینی کے ساتھ ایمان کا لازمہ نہ رہا تو اس کے ساتھ ایمان بھی نہ رہا اس لئے کہ لازم کی نفی آپ ہی ملزوم کی نفی اور اس کے عدم کی یقینی علامت ہے جس پر مزید دلیل تلاش کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ایسے میں التزام کفر کی مذکورہ تمام قسموں کا مفاد صریح کفر کے سوا کوئی اور چیز نہیں ہے، کفر پر صریح الدلالۃ ہونے میں ان کے مابین کوئی فرق نہیں ہے اور کفر سے بچنے کا احتمال کسی ایک میں بھی نہیں ہے۔ صریح الکفر ہونے میں برابر ہونے کے باوجود ان کے مابین جو فرق ہوسکتا ہے وہ صرف اتنا ہے کہ قسم اول میں ملت اسلام اور نظام مصطفیٰ ﷺ سے انکار و تکذیب ہے۔

قسم دوم میں ملت اسلام کے اس حصہ سے انکار و تکذیب ہے جو ضرورت دینی کے قبیلہ سے ہے۔

قسم سوم میں ملت اسلام اور نظام مصطفیٰ ﷺ کی ضد کو اختیار کر کے اس سے انکار و تکذیب کی گئی ہے جو بالیقین اس کی تکذیب کی علامت اور خصوصی دلیل ہے۔

قسم چہارم میں ضرورت دینی کی ضد کو اختیار کر کے اس سے انکار و تکذیب کی گئی ہے جو بالیقین اس کی تکذیب و انکار کی یقینی علامت و خصوصی دلیل ہے۔

قسم پنجم سے لے کر ہشتم تک چاروں قسموں کا تعلق جو ملت اسلام اور نظام مصطفیٰ ﷺ پر ایمان کے ساتھ ہے ان میں بالترتیب لوازمات خمسہ ایمان یعنی جذبہ عمل، تعظیم، تسلیم و رضا اور محبت و منافی مذاہب سے کراہت و نفرت کی ضد یا نقیض کو اختیار کر کے ملت اسلام پر ایمان سے انکار و تکذیب کی گئی ہے جو بالیقین عدم ایمان کی علامت و خصوصی دلیل ہے۔

قسم نہم سے لے کر دوازدہم تک چاروں کا تعلق جو ضرورت دینی پر ایمان کیساتھ ہے ان میں بھی بالترتیب ایمان کے مذکورہ لوازمات کی ضد کو اختیار کر کے ضرورت دینی پر ایمان سے جانتے ہوئے یا انجانے میں انکار و تکذیب کی گئی ہے جو عدم ایمان کی یقینی علامت و خصوصی دلیل ہے۔ جس کے بعد عدم ایمان و تکذیب پر کوئی اور دلیل تلاش کرنے کی قطعاً ضرورت نہیں ہے۔

گویا قسم اول و دوم میں انکار و تکذیب ہے جبکہ باقی دس قسموں میں انکار و تکذیب کی یقینی علامت و خصوصی دلیل ہے اور کفر پر صریح الدلالۃ ہونے میں سب برابر ہیں، کسی ایک میں بھی کفر سے بچنے کیلئے ضعیف سے ضعیف احتمال کا بھی امکان نہیں ہے۔ علمی زبان سے ہٹ کر عام فہم انداز میں ان کی ایسی مثالیں ہیں جیسے رات کی موجودگی کا اقرار کرنا آپ ہی دن کی نفی ہے جس کے بعد دن کی نفی و عدم پر دوسری دلیل تلاش کرنے کی ضرورت

marfat.com

نہیں ہے ﴿یا﴾ کسی کی تندرستی وصحت کی خبر دینا آپ ہی اس کی عدم بیماری کی دلیل ہے جس کے بعد اور دلیل کی ضرورت نہیں ہے ﴿یا﴾ کسی کی ایمان داری کی گواہی دینا آپ ہی اُس کی عدم بے ایمانی کی صریح دلیل ویقینی علامت ہے جس کے بعد کسی اور دلیل کی ضرورت نہیں ہے۔

☆☆☆☆☆☆

marfat.com

# ایک اہم سوال کا جواب

یہاں پر یہ سوال اٹھایا جاسکتا ہے کہ التزام کفر کی ان قسموں میں سوم و چہارم کو مستقل ذکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ بعد والی جن قسموں میں ایمان کے لازمہ کی ضد کو اختیار کرنا ملت اسلام سے یا اس کے ضرورت دینی والے حصہ سے انکار پر صراحتاً دلالت کرتا ہے ان میں اور ان دونوں میں انجام کار و مآل کے اعتبار سے کوئی فرق نہیں ہے کہ اِن میں بھی ضدین میں سے ایک کو اختیار کرنا دوسرے کی نفی پر صراحتاً دلالت کرتا ہے اور اُن میں بھی، لہٰذا ان کو مستقل ذکر کرنے کے بجائے التزام کفر کی دس قسموں پر اکتفا کرنا زیادہ مناسب ہے جن میں اول اور دوم بالترتیب ملت اسلام سے انکار و تکذیب اور ضرورت دینی سے انکار و تکذیب ہیں جبکہ باقی آٹھ قسمیں ملت اسلام پر ایمان کے لوازمات خمسہ میں سے کسی کی ضد کو اختیار کرنے یا ضرورت دینی پر ایمان کے کسی لازمہ کی ضد کو اختیار کرنے کی بناء پر انکار و تکذیب کی یقینی علامت و خصوصی دلیل ہیں۔

جواب اس کا یہ ہے کہ ان کے انجام و مآل کو ایک سمجھنا کم غوری کا نتیجہ ہے کیونکہ کسی چیز کی نفی و عدم کا اس کی ضد کو اختیار کرنے کا مدلول و مفہوم ہونا اور چیز ہے جبکہ اس پر ایمان کے لازمہ کی ضد کو اختیار کرنے کا مدلول و مفہوم ہونا اور چیز ہے کیونکہ اول بلاواسطہ ہے جبکہ دوسرا بالواسطہ ہے اس لئے کہ لازم کی ضد کو اختیار کرنے سے لازم کی نفی ہوئی جب

marfat.com

لازم نفی ہوا تو اس کا ملزوم یعنی ایمان نفی ہوا گویا ملت اسلام پر یا اس کے ضرورت دینی والے حصہ پر ایمان کی نفی وعدم کیلئے لازمہ کی ضد کو اختیار کرنا واسطہ فی الاثبات ہے جس کے بغیر لازمہ کی نفی نہیں ہوگی جب لازمہ کی نفی نہیں ہوگی تو اس کے ملزوم کی بھی نفی نہیں ہوگی۔ اس کی مزید وضاحت برہان فطری کے انداز میں یوں سمجھی جائے۔

مدعا:۔ اَلَّذِیْ یَخْتَارُ ضِدَّ لَازِمِ اِیْمَانِہٖ یَنْتَفِیْ اِیْمَانُہٗ

صغریٰ:۔ لِاَنَّہٗ نَفٰی لَازِمَ اِیْمَانِہٖ

کبریٰ:۔ وَکُلُّ مَنْ یَنْفِیْ لَازِمَ اِیْمَانِہٖ یَنْتَفِیْ اِیْمَانُہٗ

نتیجہ:۔ فَالَّذِیْ یَخْتَارُ ضِدَّ لَازِمِ اِیْمَانِہٖ یَنْتَفِیْ اِیْمَانُہٗ

جبکہ التزام کفر کی تیسری اور چوتھی قسموں میں ایسا نہیں ہے یہ الگ بات ہے کہ عدم ایمان اور کفر پر دلالت کرنا ان سب میں یکساں صریح ہے' کفران سب کا صریح مفہوم ومدلول ہے جس میں غیر کا احتمال قطعاً نہیں ہے۔ بالواسطہ اور بغیر واسطہ کی تفریق کا نتیجہ ہے کہ کبھی التزام کفر کی یہ دونوں قسمیں باقی آٹھ قسموں کے بغیر پائی جاتی ہیں۔ جیسے واسطہ کے نہ ہونے کی صورتوں میں ہوتا ہے اور کبھی التزام کفر کی یہ آٹھ قسمیں ان دونوں قسموں کے بغیر پائی جاتی ہیں جیسے واسطہ کے ضروری ہونے کی صورت میں ہوتا ہے ایسے میں ان سب کا مآل وانجام ایک کہنا بے غوری کا نتیجہ نہیں تو اور کیا ہے؟

## ﴿ایک اور اشتباہ کا ازالہ﴾

اگر کوئی یہ کہے کہ جب التزام کفر کی ان آٹھ قسموں میں ملت اسلام یا اس کے

marfat.com

ضرورت دینی والے حصہ کی تکذیب وانکار بالواسطہ ثابت ہوتا ہے تو پھر یہ سب کے سب التزام کفر کی حد سے نکل کر لزوم کفر کی حد میں داخل ہو جاتے ہیں جسکے نتیجہ میں التزام کفر کی گذشتہ صفحات میں گزری ہوئی تعریف جامع نہیں رہتی اور لزوم کفر کی مانع نہیں ہوتی کیونکہ گزشتہ صفحات میں التزام کفر کی تحدید میں کہا گیا تھا کہ وہ ملت اسلام اور نظام مصطفیٰ ﷺ سے یا کسی ضرورت دینی سے بلا واسطہ انکار و تکذیب ہے یا اس انکار و تکذیب کی یقینی علامت ہے جو متعلقہ قول وعمل سے خارج کسی واسطہ کا محتاج نہ ہو اور لزوم کفر کی تحدید میں کہا گیا تھا کہ وہ ملت اسلام و نظام مصطفیٰ ﷺ یا کسی ضرورت دینی سے بالواسطہ انکار و تکذیب ہو یا اس انکار و تکذیب کی یقینی علامت ہو جو کسی خارجی واسطہ فی الاثبات کا محتاج ہے جب التزام کفر کی ان آٹھ قسموں میں ملت اسلام یا اس کے کسی ضرورت دینی والے حصہ سے انکار اس پر ایمان کے لازمہ کی ضد کو اختیار کرنے کے واسطہ سے ثابت ہوتا ہے تو لازمہ کی ضد کو اختیار کرنا خارجی واسطہ قرار پایا جو واسطہ فی الاثبات ہے لزوم کفر میں بھی یہی کچھ ہوتا ہے۔

جواب اس کا یہ ہے کہ لزوم کفر میں جو واسطہ ہوتا ہے وہ لازم الماہیت نہیں ہوتا بلکہ ایک مستقل خارجی چیز ہوتی ہے جو اپنے ملزوم کو ظرف خارج میں لازم ہوتی ہے جبکہ التزام کفر کی ان قسموں میں جو واسطہ ہے وہ لازم الماہیت بالمعنی الاخص ہے۔ جیسے بدیہیات کے حصہ فطریات میں ہوتا ہے جس کا اپنے ملزوم سے انفکاک ناممکن ہوتا ہے۔ اس کی ایسی مثال ہے، جیسے انقسام بمتساوبین زوجیت کو لازم ہے جو لازم الماہیت ہونے کی وجہ سے غیر ممکن الانفکاک والغیاب ہے۔ جب بھی "اَلْاَرْبَعَةُ زَوْجٌ" کہا جاتا ہے تو وہ لازم

marfat.com

الماہیت ہونے کی بنا پر کہنے والے کے ذہن میں موجود ہوتا ہے جس وجہ سے ''اَلْاَرْبَعَۃُ زَوْجٌ '' کے اندر موجود نسبت کو ثابت کرنے کیلئے استدلال کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ فطریات کی ان تمام شکلوں کو ''قضایا قیاسا تھا معہا'' یعنی دعویٰ بادلیل کہنے کا فلسفہ بھی یہی ہے کہ یہ استدلال کے محتاج نہیں ہیں۔

یہ الگ بات ہے کہ اس لازم الماہیت اور غیر ممکن الانفکاک والغیاب واسطہ کے تقاضا سے جو استدلال آپ ہی سمجھا جا رہا ہے۔ بغیر احتیاجی کے بھی ''تَعْلِیْماً وَ تَمْرِیْناً لِلطَّلَبَۃِ'' کہا جاتا ہے۔

''لِاَنَّہٗ مُنْقَسِمٌ مُتَسَاوِیَیْنِ''

''وَکُلُّ مُنْقَسِمٍ بِمُتَسَاوِیَیْنِ زَوْجٌ''

''فَالْاَرْبَعَۃُ زَوْجٌ ''۔

یہی حال اس واسطہ کا بھی ہے جو التزام کفر کی ان تمام صورتوں میں پایا جاتا ہے کہ وہ لازم الماہیت بالمعنی الاخص ہے' غیر ممکن الانفکاک والغیاب عن الذہن ہے اور مدعا کا اظہار اس کے مذکور فی الکلام والاستدلال ہونے کا محتاج نہیں ہے۔ مثال کے طور پر یہ کہنا کہ ''نمازیں پڑھ کر ہم نے کیا کمایا اس کی جگہ کچھ اور ہونا چاہئے''۔ تو ظاہر ہے کہ اس میں نماز سے کراہت و نفرت اختیار کی گئی ہے جو رضا کی ضد ہے جبکہ رضا اس پر ایمان لانے کا لازمہ تھی جب ضد کو اختیار کرنے کی وجہ سے رضا یعنی لازمہ ایمان نہ رہا تو اس کا ملزوم یعنی ایمان بھی نہ رہا تو یہاں پر نفی ایمان بالصلوٰۃ جو اپنے لازم کی نفی کا صریح مدلول و مفہوم ہے اور نفی لازم اس کی ضد کو اختیار کرنے کا صریح مدلول و مفہوم ہے۔ جیسے نفی لازم ''رضا'' کی

marfat.com

دلالت نفی ملزوم ''نفی ایمان'' پر صریح اور غیر محتاج دلیل ہے ویسے ہی نماز سے کراہت و نفرت کی دلالت اس کے ساتھ رضا مندی کی نفی پر صریح اور غیر محتاج دلیل ہے وجود کلامی کے درجہ میں واسطہ فی الاثبات کے محتاج نہ ہونے کے باوجود نماز سے کراہت ونفرت نفی ایمان بالصلوٰۃ کی ماہیت کو ایسا لازم ہے کہ انفکاک ممکن نہیں ہے یہ الگ بات ہے کہ اس صورت میں محض اظہار حقیقت کیلئے یا ''تنبیھاً وتمرینا ً للطلبۃ'' تفصیلی دلیل کی شکل دے کر یوں کہنا درست ہوگا کہ؛

مدعا:۔ھٰذَا الْقَوْلُ کُفْرٌ

صغریٰ:۔لِاَنَّہٗ اُخْتِیْرَ فِیْہِ ضِدٌّ لَازِمِ الْاِیْمَانِ

کبریٰ:۔وَکُلُّ قَوْلٍ اُخْتِیْرَ فِیْہِ ضِدٌّ لَازِمِ الْاِیْمَانِ کُفْرٌ

نتیجہ:۔فَھٰذَا الْکَلَامُ کُفْرٌ

خلاصۃ الکلام بعد التحقیق یہ کہ التزام کفر کی اولین چار قسمیں بدیہیات اولیہ کے زمرہ میں شامل ہیں۔ جبکہ باقی آٹھ قسمیں بدیہیات فطریہ کے قبیلہ سے ہیں لہٰذا ان میں سے کوئی ایک قسم بھی استدلال کی محتاج نہیں ہیں جبکہ لزوم کفر بغیر استدلال کے نہیں ہوسکتا۔

## ایک اور اشتباہ کا ازالہ

سوال یہ اٹھایا گیا ہے کہ گذشتہ صفحات میں شرعی احکام کی اجمالی اور تفصیلی مباحث میں ایک مقام پر تین قسموں کو قابل اجتہاد کہا گیا ہے جبکہ دوسرے مقام پر صرف ایک قسم کو محل اجتہاد قرار دیا گیا ہے۔ کیا یہ تدافع نہیں ہے؟

marfat.com

جواب اس کا یہ ہے کہ جہاں پر چار میں سے صرف ایک قسم کو محل اجتہاد کہا گیا ہے وہیں پر اجتہاد سے مراد فقہی اور اصطلاحی اجتہاد ہے اور اس کے بعد ضروریات دینیہ کے ماسوا باقی تینوں کو جو محل اجتہاد کہا گیا ہے وہیں پر اجتہاد سے مراد عام ہے جو اجتہاد فقہی لغوی اور عرفی تینوں کو شامل ہے لہٰذا وہ دونوں مقام درست ہیں۔ تدافع کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ لفظ اجتہاد کے دو مفہوم ہیں ایک عام دوسرا خاص، عام سے ہماری مراد اس کا لغوی مفہوم ہے جو مشقت اور محنت طلب کام کو پانے کیلئے حتی المقدور کوشش کرنا ہے جس کی ایک صورت یہ بھی ہے کہ کسی غیر صریح کلام سے مراد متکلم کو پانے کیلئے فکر لڑائی جائے' ذہنی کاوش برداشت کی جائے اور فکری استطاعت کے مطابق محنت کی جائے۔ جیسے مفردات امام راغب میں ہے؛

''وَالْاِجْتِهَادُ اَخْذُ النَّفْسِ بِبَذْلِ الطَّاقَةِ وَتَحَمُّلِ الْمُشَقَّةِ يُقَالُ جَهَدْتُ رَأْيِيْ وَاَجْهَدْتُهُ اَتْعَبْتُهُ بِالْفِكْرِ''

یعنی اجتہاد کے معنی نفس انسانی کا اپنی طاقت کے مطابق محنت و مشقت کرنے کے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ میں نے اپنی رائی صرف کرنے میں محنت کی۔ اور کہا جاتا ہے کہ میں نے اس پر محنت کی یعنی اپنی قوت فکری کو اس کی تلاش میں تھکا دیا۔

(مفردات القرآن امام راغب الاصفہانی' مادہ ج۔ھ۔د' صفحہ 100 مطبوعہ مصر)

لسان العرب' جلد 3 صفحہ 135 میں ہے؛

marfat.com

"وَالْاِجْتِہَادُ وَالتَّجَاہُدُ بَذْلُ الْوُسْعِ وَالْمَجْہُوْدِ"

المنجد صفحہ 106 'مادہ ج۔ھ۔د میں ہے:

"اِجْتَہَدَ فِی الْاَمْرِ اَیْ جَدَّ وَبَذَلَ وُسْعَہٗ"۔

خاص اجتہاد سے ہماری مراد فقہی اجتہاد ہے جس کو قیاس فقہی بھی کہا جاتا ہے جو کسی غیر منصوصی اور جدید پیش آنے والے مسئلہ کا شرعی حکم معلوم کرنے کے لئے اس کے منصوصی اشباہ ونظائر کی علت تلاش کر کے ان کے احکام کو اس پر جاری کرنے سے عبارت ہے یعنی منصوصی حکم جس علت پر مبنی ہے پیش آمدہ مسئلے کو بھی اسی پر مبنی قرار دے کر اس کی شرعی حیثیت کو واضح کرنے کیلئے فکری کاوش جیسے المستصفیٰ میں ہے:

"صَارَا للَّفْظُ فِیْ عُرْفِ الْعُلْمَاءِ مَخْصُوْصاً بِبَذْلِ الْمُجْتَہِدِ وُسْعَہٗ فِیْ طَلَبِ الْعِلْمِ بِاَحْکَامِ الشَّرِیْعَۃِ (المستصفیٰ 'امام غزالی' جلد 2 'صفحہ 350)

یعنی اجتہاد کا لفظ فقہاء کرام کے عرف میں خاص ہو چکا ہے مجتہد کا شریعت کے احکام کو جاننے کیلئے اپنی فکری استطاعت کو صرف کرنے کے ساتھ۔

مسلم الثبوت' صفحہ 276 میں ہے:

"اَلْاِجْتِہَادُ بَذْلُ الطَّاقَۃِ مِنَ الْفَقِیْہِ فِیْ تَحْصِیْلِ حُکْمٍ شَرْعِیٍّ ظَنِّیٍّ

تحریر الاصول، ابن ہمام، صفحہ 291 میں ہے:

"ھِیَ لُغَۃً بَذْلُ الطَّاقَۃِ فِیْ تَحْصِیْلِ ذِیْ کُلْفَۃٍ وَاِصْطِلَاحاً ذَالِکَ مِنَ الْفَقِیْہِ فِیْ تَحْصِیْلِ حُکْمٍ شَرْعِیٍّ ظَنِّیٍّ

marfat.com

جس کا مفہوم یہ ہے کہ لغت کی زبان میں اجتہاد کسی مشقت والی چیز کو پانے کیلئے فکری طاقت استعمال کرنے کو کہتے ہیں اور اصطلاح کی زبان میں کسی شرعی ظنی حکم کو حاصل کرنے میں قوت فکری استعمال کرنے کو کہتے ہیں۔

اس کی تشریح کرتے ہوئے ابن امیر الحاج نے التقریر والتحبیر میں فرمایا؛

''وَالْمُرَادُ بِبَذْلِ الْوُسْعِ اِسْتِفْرَاغُ الْقُوَّةِ بِحَيْثُ يَحِسُّ بِالْعَجْزِ عَنِ الْمَزِيْدِ'' (التقریر والتحبیر، جلد 3، صفحہ 291، مطبوعہ بیروت)

جس کا مفہوم یہ ہے کہ شرعی احکام کو پانے کیلئے قوت فکری صرف کرنے سے مراد یہ ہے کہ اس حد تک فکری محنت کریں کہ اس سے زیادہ کچھ کرنے سے عاجز ہونے کا احساس پیدا ہو جائے۔

منہاج الوصول الی علم الاصول قاضی بیضاوی میں ہے؛

''هُوَ اِسْتِفْرَاغُ الْجُهْدِ فِىْ دَرْكِ الْاَحْكَامِ الشَّرْعِيَّةِ''

جس کا مفہوم یہ ہے کہ احکام شرعیہ کو پانے کیلئے حتی المقدور فکری قوت کو صرف کرنا۔

(منہاج الوصول الی علم الاصول علی ہامش التقریر والتحبیر، جلد 3، صفحہ 284، مطبوعہ بیروت)

اہل علم سے مخفی نہیں ہے کہ اجتہاد کا یہ مفہوم حتی المقدور فکری قوت کو صرف کرنے کیساتھ ساتھ کچھ مزید چیزوں کا بھی مقتضی ہے مثلاً ما فیہ الاجتہاد کا انسانی فعل ہونا، حکم شرعی فرعی اور متعلق بافعال المکلفین ہونا اور منصوص علیہ حکم کے ساتھ ما فیہ الاجتہاد کا مشترک فی العلت ہونا اور اصل علت کا ثابت بالنص ہونا، اور اصل حکم کا ماوراء العقل والقیاس نہ ہونا

marfat.com

جبکہ اجتہاد کی پہلی قسم ما فیہ الاجتہاد میں اللہ تعالیٰ کی مراد کو تلاش کرنے کیلئے حتی المقدور قوتِ فکری کو کھپانے کے سوا کسی اور چیز کی مقتضی نہیں ہے۔ اس کے علاوہ ایک اور وجہ سے بھی مفہوم اول دوسرے مفہوم سے عام ہے، وہ یہ ہے کہ اجتہاد کا لفظ شریعت کی زبان میں یعنی عرف شرع میں لغوی مفہوم سے تو خاص ہے جبکہ اصطلاحی مفہوم سے عام ہے کیونکہ لغت کی زبان میں اس کا مفہوم ''بَذْلُ الْجُهْدِ فِيْمَا فِيْهِ كُلْفَةٌ'' کے سوا اور کچھ نہیں ہے یعنی مشکل مسئلہ کو سمجھنے کیلئے حتی المقدور جدوجہد کرنا۔ جبکہ عرف شرع میں ''بَذْلُ الْجُهْدِ فِيْ تَحْصِيْلِ الْأَحْكَامِ الشَّرْعِيَّةِ النَّظَرِيَّةِ الْأُصُوْلِيَّةِ وَالْفُرُوْعِيَّةِ'' ہے اور فقہاء کرام کی مخصوص اصطلاح میں ''بَذْلُ الْجُهْدِ فِيْ تَحْصِيْلِ الْأَحْكَامِ الشَّرْعِيَّةِ النَّظَرِيَّةِ وَالْفُرُوْعِيَّةِ'' ہے۔ جس کے مطابق لغوی مفہوم کا متعلق الٰہیات کے سوا بھی بہت کچھ ہو سکتے ہیں۔ مثلاً عقلیات' لسانیات اور طبعیات وغیرہ جبکہ عرفی مفہوم کا متعلق الٰہیات کے سوا اور کچھ نہیں ہے یعنی اصول الٰہیات وفروع الٰہیات کو یکساں شامل ہے لیکن فقہاء کرام کی اصطلاح والا مفہوم الٰہیات کے فروع کے ماسوا اور کسی چیز کو بھی شامل نہیں ہے گویا اجتہاد کا اصطلاحی مفہوم خاص ہے لغوی مفہوم اعم العام ہے اور عرفی مفہوم من وجہ خاص، من وجہ عام ہے یعنی لغوی مفہوم کے مقابلہ میں خاص اور اصطلاحی مفہوم کے مقابلہ میں عام ہے۔

اس تفصیل کو پیش نظر رکھ کر نہایت السول فی شرح منہاج الوصول کے مصنف ''امام جمال الدین الاسنوی'' نے قاضی بیضاوی کی بیان کردہ مذکورہ تعریف کی تشریح کرتے ہوئے فرمایا؛

marfat.com

''وَقَوْلُهُ الشَّرْعِيَّةُ خَرَجَ بِهِ اللُّغَوِيَّةُ وَالْعَقْلِيَّةُ وَالْحِسِّيَّةُ وَ دَخَلَ فِيهِ الْاُصُولِيَّةُ وَالْفُرُوْعِيَّةُ اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ الْمُرَادُ بِالْاَحْكَامِ الشَّرْعِيَّةِ مَا تَقَدَّمَ فِیْ اَوَّلِ الْكِتَابِ وَهُوَ خِطَابُ اللّٰهِ تَعَالٰى الْمُتَعَلِّقُ بِاَفْعَالِ الْمُكَلَّفِيْنَ بِالْاِقْتِضَاءِ اَوِ التَّخْيِيْرِ''

یعنی اجتہاد کی تعریف میں احکام شرعیہ کا لفظ جو کہا گیا ہے اس سے احکام لغوی، عقلی اور حسی نکل گئے کہ اجتہاد کے مفہوم کا ان کے ساتھ تعلق نہیں ہوتا جبکہ احکام اصولی و فروعی یعنی اعتقادی و عملی اس میں داخل ہو گئے مگر یہ کہ احکام شرعیہ سے مراد وہ لیا جائے جو اس کتاب کے شروع میں بیان ہوا ہے کہ شرعی حکم سے مراد اللہ تعالیٰ کا وہ خطاب ہے جو مکلفین کے افعال کیساتھ متعلق ہے چاہے اقتضائی ہو یا اختیاری۔

(نہایت السول فی شرح منہاج الوصول علی ہامش التقریر والتحبیر، جلد 3، صفحہ 286)

فقہاء کرام کے علاوہ متکلمین اسلام نے بھی اس حقیقت کو پیش نظر رکھتے ہوئے اسلامی عقائد کی دو قسمیں بتائی ہیں۔ جیسے شرح عقائد میں انبیاء مرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کی رُسُل ملائکہ پر اور رُسُل ملائکہ کی عام مسلمانوں پر اور عام مسلمانوں کی عام فرشتوں پر فضیلت کے اسلامی عقیدہ کو بیان کرنے کے بعد لکھا ہے:

''اِنَّ الْمَسَائِلَ الْاِعْتِقَادِيَّةَ قِسْمَانِ اَحَدُهُمَا مَا يَكُوْنُ الْمَطْلُوْبُ فِيْهِ الْيَقِيْنُ كَوَحْدَةِ الْوَاجِبِ وَصِدْقِ النَّبِيِّ ﷺ وَثَانِيْهِمَا مَا يُكْتَفٰى فِيْهَا بِالظَّنِّ كَهٰذِهِ الْمَسْئَلَةِ وَالْاِكْتِفَاءُ بِالدَّلِيْلِ الظَّنِّيِّ اِنَّمَا لَا يَجُوْزُ فِی

marfat.com

اَلْاَوَّلَ بِخِلَافِ الثَّانِی "

جس کا مفہوم یہ ہے کہ بالیقین اعتقادی مسائل واحکام کی دو قسمیں ہیں جن میں سے اول وہ ہیں جن کیساتھ یقین کرنا مطلوب فی الاسلام ہوتا ہے۔ جیسے واجب الوجود جل جلالہ کو ایک جاننے کا عقیدہ اور رسول اللہ ﷺ کی صداقت پر عقیدہ رکھنا اور دوسری قسم وہ ہیں جن میں غالب گمان پر اکتفا کیا جا سکتا ہے جیسے انسانوں اور ملائکہ کے مابین تفاضل کا مسئلہ ہے اور ظنی دلیل پر اکتفا کرنا صرف پہلی قسم میں جائز نہیں ہوتا۔ (النبراس علی شرح العقائد' صفحہ 598)

مفاہیم ثلاثہ اجتہاد کے حوالہ سے اس تحقیق کو سمجھنے کے بعد مذکورہ مقامات سے تدافع کا اشتباہ آپ ہی رفع ہو جاتا ہے کیونکہ پہلے جس مقام پر ہم نے شرعی احکام کی چار قسمیں بتانے کے بعد ان میں سے صرف ایک کو محل اجتہاد کہا ہے اس سے مراد فقہی اجتہاد ہے جس کے مطابق کچھ اجتہادی احکام ضرورت مذہبی کے قبیلہ سے ہو سکتے ہیں جن سے انحراف کرنے والے یا انحراف وتکذیب کی یقینی علامت کا ارتکاب کرنے والوں پر لزوم کفر کا فتویٰ صادر کرنا جائز ہے نہ التزام کفر کا کیونکہ لزوم کفر اور التزام کفر کا تعلق صرف اور صرف ضروریات دینیہ کی تکذیب یا تکذیب کی یقینی علامت کے ارتکاب کرنے کے ساتھ ہے جب یہ ضرورت دینی ہی نہیں ہیں تو ان سے انحراف کرنے والوں کی تکفیر کا کوئی جواز ہی نہیں رہتا۔ اور بعد میں جس مقام پر شرعی احکام کی تین قسموں کو قابل اجتہاد کہا ہے۔ وہیں پر صرف فقہی اجتہاد کے ساتھ خاص نہیں ہے بلکہ اپنے عموم واطلاق کی بناء پر اجتہاد

marfat.com

کے مفاہیم ثلاثہ کو شامل ہے جس کے مطابق ضروریات دینیہ کے سوا باقی تینوں میں سے قسم دوم کا محل اجتہاد ہونے سے مراد عرفی اور فقہی اجتہاد ہیں۔ عرفی کے زمرہ میں اسلامی اعتقادیات کے حصہ ظنیات کے تمام جزئیات آتے ہیں جس کی مثالوں میں عذاب قبر سے متعلق اہل سنت اور اہل اعتزال کے متضاد عقائد، اوصاف باری تعالیٰ کی تفصیل سے متعلقہ اہل سنت اور دیگر اہل قبلہ فرقوں کے متضاد عقائد، جیسے وہ تمام اعتقادی ظنی مسائل شامل ہیں جو اہل قبلہ کے مابین اختلافی ہیں' جن سے ہر فرقہ کی کتب کلامیہ میں بحث کی جاتی ہے اور جن پر قطعی الثبوت والدلالت براہین کتاب وسنت میں موجود نہ ہونے کی وجہ سے ہر فریق نے حق کی پہچان کی خاطر اپنی قوت فکری کو اس حوالہ سے صرف کرنے میں انتہا کردی' عرف شرع کے مطابق اس اجتہاد کے نتیجہ میں جس فریق کے سلف نے جو فتویٰ صادر کیا وہی اس فریق کے خلف کے لئے ضرورت مذہبی قرار پائے۔ جن کو ہر فریق کی کتب کلامیہ میں اعتقادات ظنیہ اور ضروریات مذہبیہ سے تعبیر کیا گیا ہے۔ جیسے شرح عقائد اور نبراس کے حوالہ سے ہم بیان کر چکے ہیں جبکہ فقہی اجتہاد کے زمرے میں اہل قبلہ کے مختلف فقہی مسالک کے مابین پائے جانے والے تمام اختلافی فقہی مسائل شامل ہیں جن کو ہر فقہی مسلک کی کتب فقہ میں بیان کیا جاتا ہے، کنز الدقائق اور ہدایہ میں مذکور فقہی احکام کے 95 فیصد مسائل اسی قبیلہ سے ہیں گویا شرعی احکام کی ضروریات دینیہ والی قسم کے ماسوا باقی تینوں میں سے اول قسم کی دو قسمیں ہیں۔ اول اعتقادیات ظنیہ ہیں جن کا تعین وتشخیص کرنے میں ہر فرقہ کے اوائل واسلاف نے عرفی اجتہاد سے کام لیا ہے۔ دوم فقہی اور فروعی

marfat.com

احکام ہیں جن کا تعین و تشخیص کرنے میں ہر مسلک کے اوائل واسلاف نے فقہی اجتہاد سے کام لیا ہے جبکہ ان دونوں کے مقابلہ میں قسم سوم و چہارم والے احکام ہیں جو غیر بدیہی ہونے کی وجہ سے بطور حصہ اسلام ثابت کئے جانے کے حوالہ سے تفصیلی دلیل کے محتاج ہیں جس کے ضمن میں لغوی اجتہاد بھی پایا جاتا ہے کیونکہ ہر نظری اور محتاج دلیل بات کو ثابت کرنے کیلئے فطری عمل تفصیلی دلیل کے سوااور کچھ نہیں ہے اور جہاں پر بھی تفصیلی دلیل ہوتی ہے وہیں پر لغوی اجتہاد کا پایا جانا ضروری ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر قسم سوم کے مسائل میں سے گزشتہ مثالوں کے مطابق مطلقہ کیلئے ایام عدت کا نان نفقہ وسکنیٰ کا خاوند پر واجب ہونے کو بطور اسلام ثابت کر کے بے خبر لوگوں کو اس سے آگاہ کرنے کیلئے جب تفصیلی دلیل میں کہا جاتا ہے کہ؛

"یہ حصہ اسلام اسلئے ہے کہ اللہ کا حکم ہے۔

اور اللہ کا ہر حکم حصہ اسلام ہوتا ہے۔

لہٰذا یہ بھی حصہ اسلام ہے"۔

تو لغوی اجتہاد کا مفہوم اس کے اندر پایا گیا۔ جس کی بدولت استدلال کرنے والے کی قوت فکری کی رفتار حد اصغر سے حد اوسط کی طرف منتقل ہوئی اور ساتھ ہی حد اوسط سے حد اکبر کی طرف منتقل ہوئی اس کے بعد قہقری حرکت میں حد اکبر سے شروع ہو کر حد اوسط تک پہنچ گئی اس کے بعد حد اوسط سے حد اصغر تک پہنچ کر نتیجہ دیا۔ یہ سب کچھ لغوی اجتہاد کے ثمرات ہی تو ہیں۔ اسی طرح قسم چہارم کی مثالوں میں سے حسن اخلاق کا مطلوب

marfat.com

فی الاسلام ہونے کا حکم جو بالاجماع حصہ اسلام ہے لیکن نظری ہونے کی بناء پر دیندار طبقہ کے کچھ حضرات کو معلوم نہیں ہے۔ جن کو سمجھانے کیلئے فقہی دلیل کے طور پر جب یہ کہا جاتا ہے کہ؛

''یہ حصہ اسلام اس لئے ہے کہ مامور بہ فی الاسلام ہے''۔

''اور جو بھی مامور بہ فی الاسلام ہو وہ ہمیشہ حصہ اسلام ہوتا ہے''۔

''لہٰذا یہ بھی حصہ اسلام ہے''۔

تو یہاں پر بھی نتیجہ کی برآمدگی لغوی اجتہاد کا ہی ثمر ہے۔ گویا شرعی احکام کی مذکورہ چار اقسام میں سے آخری تین کا محل اجتہاد ہونا ان تینوں کے مابین قدر مشترک ہے جبکہ قسم دوم میں پائے جانے والے اجتہاد کا عرفی اور فقہی ہونا اور قسم سوم و چہارم میں پائے جانے والے اجتہاد کا لغوی ہونا ان کے مابین نکتہ تفریق ہے بہر تقدیر شرعی احکام کی مذکورہ اقسام اربعہ میں سے صرف قسم اول ''ضرورت دینیہ'' ہی لزوم کفر یا التزام کفر کا مورد محل ہو سکتی ہے باقی تینوں میں سے کوئی ایک بھی ایسا نہیں ہے بلکہ ان تینوں سے انحراف کرنے والے کے خلاف بھی کفر کا فتویٰ صادر کرنا جائز نہیں ہوسکتا چہ جائیکہ ایک یا دو کی تکذیب کرنے والے کی تکفیر جائز ہو سکے۔

☆☆☆☆☆☆

marfat.com

# مفاہیم ثلاثہ اجتہاد میں ایک بنیادی فرق

اصل اعتراض کا جواب یہاں تک مکمل ہوگیا کہ لزوم کفر اور التزام کفر کا تعلق شریعت کے اُن احکام کے ساتھ ہے جو ضروریات دین کے قبیلہ سے ہیں اور ان کے سو باقی تین قسمیں قابل اجتہاد ہونے کی وجہ سے تکفیر سے متعلق نہیں ہوسکتی۔ اگرچہ اجتہاد کی نوعیت ان سب میں یکساں نہیں ہے تاہم کسی حوالہ سے خفا ان سب میں موجود ہے جبکہ تکفیر کے متعلق کا من کل الوجوہ ظاہر، واضح اور صریح وبدیہی ہونا شرط ہے یہاں تک کہ تکفیر سے بچنے کیلئے ایک فیصد خفا واحتمال موجود ہو پھر بھی تکفیر جائز نہیں ہوتی۔ مذکورہ اعتراض کے اس جواب کی تکمیل کے بعد مناسب سمجھتا ہوں کہ مفاہیم ثلاثہ اجتہاد میں جو بنیادی فرق ہے اس کو بھی واضح کردوں وہ یہ ہے کہ اجتہاد کا جو لغوی مفہوم ہے اس پر عمل کرنا دین اسلام کے حوالہ سے جملہ نوع بنی آدم پر فرض ہے جس میں مسلم غیر مسلم کی کوئی تفریق نہیں ہے۔ جبکہ باقی دو مفہوم یعنی اجتہاد کے عرفی وفقہی مفہوم پر عمل کرنا صرف مسلمانوں پر لازم ہے بلکہ مسلمانوں کے بھی خصوصی طبقہ کاملین پر جو اجتہاد کی اہلیت رکھتے ہیں گویا اجتہاد کے ان دونوں قسموں پر عمل کرنا اسلام کے اُن احکام میں شامل ہے جو اخلاص کے ساتھ کلمہ طیبہ پڑھ کر التزام اسلام کرنے والے خوش بختوں کیلئے مخصوص ہیں نکتہ تفریق کے اس فلسفہ سے

marfat.com

متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا؛

''وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِلَّ قَوْمًا بَعْدَ اِذْهَدٰهُمْ حَتّٰى يُبَيِّنَ لَهُمْ مَّا يَتَّقُوْنَ

جس کا مفہوم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی قوم کو اسلام کی توفیق عطا کرنے کے بعد قابل اجتناب چیزوں سے بچنے کی ہدایات دینے سے بے اعتنائی نہیں فرماتا۔

(سورۃ التوبہ، آیت نمبر 115)

یہ اس لئے ہے کہ کلمہ طیبہ پڑھ کر اسلام کا التزام کرنا بنیاد ہے جبکہ دوسرے اعمال اس کے فروع وتوابع ہیں۔ جب تک ایک انسان اصل کو گلے نہیں لگاتا تو اس کے توابع و فروع کو اس کے گلے میں ڈالنے کا کوئی مطلب ہی نہیں ہے بلکہ اسلام کے جملہ فروعی احکام التزام اسلام کے توابع ہونے کی بنیاد پر مسلمانوں پر ہی عائد ہوتے ہیں اور ان کے ثمرات و برکات سے مستفیض ہونا بھی مسلمانوں کا ہی خاصہ ہے۔ جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا؛

''وَيَزِيْدُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اهْتَدَوْا هُدًى ''

جس کا مفہوم یہ ہے کہ جن لوگوں نے ایمان کی ہدایت پائی ہے اللہ تعالیٰ ان کیلئے احکام کی ہدایت افزوں فرماتا ہے۔ (سورۃ مریم، آیت نمبر 76)

اس کے برعکس غیر مسلموں سے متعلق فرمایا؛

''وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ لَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ''

جس کا مفہوم یہ ہے کہ التزام اسلام کرنے والوں کیلئے ہم قرآن شریف سے شفاء

marfat.com

ورحمت نازل کرتے ہیں جبکہ یہی احکام رحمت غیر مسلموں کیلئے افزونی زیان کے سوا اور کچھ نہیں ہیں۔ (سورۃ بنی اسرائیل، آیت نمبر 82)

غیر مسلموں کا فروعی احکام کے ساتھ مکلف ہونے یا نہ ہونے کے حوالہ سے اگرچہ اسلاف کے ذخیرہ کتب میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ اگرچہ مکلفیت کا قول مرجوح ہے۔ ناقابل قبول ہے اور فروع کو اصول کے مساوی قرار دینے کے مترادف ہونے کی بنیاد پر غیر معقول ہے تاہم اتنا غلط بھی نہیں ہے جتنا غیر مسلموں پر لغوی اجتہاد کے فرض نہ ہونے کا قول کرنا غلط ہے کیونکہ اسلام کے تمام بنیادی احکام توحید سے لے کر رسالت تک اور بعث بعد الموت کے عقیدہ سے لے کر مجازاۃ اعمال کی حقانیت تک جتنے بھی ہیں ان کی حقانیت کو سمجھنے کیلئے اللہ تعالیٰ نے جملہ نوع بنی آدم کو قوت فکری صرف کرنے کا حکم دیا ہے اور ماحولیاتی اثرات وتقلیدی پابندیوں سے یک طرف ہوکر اس کی حقانیت کو عقل کے ترازو میں محض قوت فکری کے عمل سے تولنے کی ترغیب دی ہے۔ جیسے فرمایا؛

"قُلْ اِنَّمَآ اَعِظُكُمْ بِوَاحِدَةٍ اَنْ تَقُوْمُوْا لِلّٰهِ مَثْنٰى وَفُرَادٰى ثُمَّ تَتَفَكَّرُوْا مَا بِصَاحِبِكُمْ مِّنْ جِنَّةٍ"

جس کا مفہوم یہ ہے کہ اے حبیب ﷺ! تم فرمادو کہ میں تمہیں ایک بات کی نصیحت کرتا ہوں کہ اللہ کیلئے دو دو اور اکیلے اکیلے ہوکر کھڑے رہو پھر سوچو کہ تمہارے پیغمبر میں کوئی جنون نہیں ہے۔ (سورۃ سباء آیت نمبر ۴۶)

تقلیدی اثرات اور معاشرتی آلودگیوں سے اپنی قوت فکری کو پاک وصاف اور خالی الذہن

marfat.com

کر کے اس کی حقانیت پر سوچنے کی ترغیب دیتے ہوئے دوسری جگہ میں فرمایا؛

"لَا يَمَسُّهُ إِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ"

یعنی اس کی حقانیت کو نہیں چھو سکیں گے مگر وہی لوگ جو معاشرتی آلودگی سے پاک وصاف ذہن سے اس پر غور کریں گے۔ (سورۃ الواقعہ آیت نمبر 79)

الغرض اسلامی عقائد کے حوالہ سے کوئی ایسا بنیادی مسئلہ نہیں ہے جس کو سمجھنے کیلئے اللہ تعالیٰ نے کفار و مشرکین کو آزاد ذہن کے ساتھ اس پر غور کرنے اور اپنی قوت فکری کے اجتہاد کو اس میں کھپانے کی ترغیب نہ دی ہو۔ لغت کی زبان میں بھی اجتہاد کا مفہوم اس کے سوا اور کچھ نہیں ہے کہ کسی قابل محنت اور مشکل چیز کو پانے کے لئے قوت فکری کی کاوش میں انتہا کر دی جائے جس پر کتب لغت اور عربی محاورات کا حوالہ گذشتہ صفحات میں ہم بیان کر آئے ہیں۔ اہل علم جانتے ہیں کہ کفار و مشرکین کیلئے توحید و رسالت اور بعث بعد الموت جیسے بنیادی عقائد اسلام کو سمجھنا سب سے زیادہ مشکل نظر آتا تھا۔ تبھی تو انہوں نے کہا؛

"أَجَعَلَ الْآلِهَةَ إِلٰهًا وَّاحِدًا إِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ"

جس کا مفہوم یہ ہے کہ پیغمبر ﷺ کا ہمارے تمام خداؤں کو ختم کر کے صرف ایک خدا کی طرف بلانا قابل تعجب بات ہے۔ (سورۃ ص آیت نمبر 5)

مزید مشکل و ناممکن تصور کرتے ہوئے کہا؛

"اللّٰهُمَّ إِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَأَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَآءِ أَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ أَلِيْمٍ"

marfat.com

جس کا مفہوم یہ ہے کہ اے اللہ اگر یہ تیری طرف سے واقعی بات ہے تو پھر ہم پر آسمان سے پتھر برسا یا دردناک عذاب ہم پر لا۔ (سورۃ الانفال' آیت نمبر 32)

غیر مسلموں کے اس طرح کے تعصب زدہ اور ماحول پرستی کی اندھی تقلید میں مبتلا لوگوں کی ماحولیاتی مجبوریوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے مرات وکرات ان کو خالی الذہن ہو کر سوچنے کا فرمایا۔ ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم نے بھی انہیں تعصب اور مخصوص ذہنی ترجیحات سے دل ودماغ کو یک طرف کر کے صرف قوت فکری کو حاکم بنانے کی ترغیب دی۔ سمجھانے کے حوالہ سے اللہ اور اُس کے رسول ﷺ نے کبھی بھی ان پر سختی نہیں فرمائی۔ سمجھانے کی حد تک ان کے ساتھ کریمانہ انداز خطاب اختیار کرتے ہوئے "اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّنِفَاقًا وَّ اَجْدَرُ اَلَّا يَعْلَمُوْا حُدُوْدَ مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ" (سورۃ التوبہ، آیت نمبر 97) فرما کر رہتی دنیا تک اسلامی مبلغین کو ان کے ساتھ نرمی برتنے کی راہ دکھائی۔

بانی اسلام رحمت عالم ﷺ نے ابو جہل جیسے دشمنانِ اسلام کے ساتھ بھی کبھی تبلیغ کے حوالہ سے سختی نہیں فرمائی۔ جب غیر مسلموں کے ساتھ محراب ومنبر کے حوالہ سے اتنی نرمی برتی گئی ہے تو پھر اہل قبلہ کو کسی اجتہادی ونظری حکم سے انحراف کی بنیاد پر غیر مسلم قرار دینے کا کیا جواز ہوسکتا ہے۔ بلکہ اجتہاد کے مفاہیم ثلاثہ میں سے کسی ایک کا پایا جانا بھی تکفیر سے مانع ہے۔ اس حوالہ سے اگر اشتباہ ہوسکتا ہے تو وہ صرف اجتہاد کے لغوی مفہوم کے اعتبار سے ممکن تھا جو ہماری اس تحقیق سے رفع ہوگیا کیونکہ کسی بات کا نظری یا بدیہی ہونا اس بات

marfat.com

کو مستلزم نہیں ہے کہ وہ اگر نظری ہے تو ہر وقت، ہر شخص کیلئے اور ہر اعتبار سے نظری ہو۔ اگر بدیہی ہے تو ہر وقت، ہر شخص کیلئے اور ہر اعتبار سے بدیہی ہو نہیں ایسا ہرگز نہیں ہے بلکہ ایک شخص کے نزدیک بدیہی دوسرے شخص کے نزدیک نظری ہو سکتا ہے۔ جیسے دن کی روشنی اور رات کے اندھیرے کی کیفیات کا علم بینائی والے شخص کو بداہۃ حاصل ہے جبکہ یہی کیفیت پیدائشی نابینا کیلئے نظری ہے اسی طرح جب تک قوت سماعت درست ہے اس وقت تک آواز کی خوب صورتی و بدصورتی کی کیفیات کو جاننا بدیہی ہے جبکہ قوت سماعت کا جواب دیئے جانے کے بعد یہی کیفیت نظری بن جاتی ہے۔ علی ہٰذا القیاس سنائی دینے والی آواز کی کیفیت کو جاننا اس کی طرف متوجہ اور تندرست شخص کیلئے بدیہی ہے جبکہ اسی آواز کی قوت سماعت تک رسائی کی نوعیت کو جاننا نظری ہے کہ کس طرح ہوا کی لہروں میں محفوظ ہو کر اس کے اتصالی رابطہ کے ذریعہ قوت سماعت تک پہنچتی ہے۔ اسی طرح جو شخص اس کی طرف متوجہ ہی نہ ہو یا کوئی اور مانع موجود ہو تو اس کیلئے بھی اس کو جاننا ممکن نہیں ہوتا چہ جائیکہ بدیہی ہو۔

یہی حال دین اسلام کے بنیادی عقائد کا بھی ہے کہ التزام اسلام کرنے والا شخص چونکہ اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے، اندھی تقلید اور تعصب کی آلودگیوں سے اس کا دل و دماغ محفوظ و سلامت ہوتا ہے اور ماحولیاتی قید و بند کی رکاوٹوں کو توڑ چکا ہوتا ہے تو پھر توحید باری تعالیٰ کی حقانیت کو جاننا اس کیلئے بدیہی نہ ہوگا تو اور کیا ہوگا، رسولِ خدا رحمت عالم ﷺ کی صداقت کو پہچاننا اس کیلئے ضروری نہ ہوگا تو اور کیا ہوگا، دنیوی زندگی کی شکل میں ہزاروں

marfat.com

خلائق میں قدرت باری تعالیٰ کی عظمت کو مشاہدہ کرنے کے بعد بعث بعد الموت کو ممکن الوقوع اور سچ جاننے میں اس کیلئے کیا رکاوٹ ہو سکتی ہے۔

علیٰ ہٰذا القیاس جب تک کوئی رکاوٹ وموانع آڑے نہیں آئیں گے اور کسی بھی شیطان کے تسلط سے جب تک محفوظ رہے گا اس وقت تک دین اسلام کی ان بنیادی باتوں کو بداہۃً جانتا رہے گا بخلاف غیر مسلموں کے کہ خلاف اسلام تعصب کے ماحول اور اسلام کے منافی مذہب کی قید بند اِن کیلئے ایسے موانع ہیں جن کے ہوتے ہوئے اپنے کمال وضوح وبداہت کے باوجود اسلام کے بنیادی عقائد واحکام ان کے نزدیک نظری ہی نظری ہیں۔قربان جاؤں اللہ کے فرمان پر؛

''اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّنِفَاقًا وَّاَجْدَرُ اَلَّا يَعْلَمُوْا حُدُوْدَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ'' (سورۃ التوبہ، آیت نمبر 97)

کس جامع انداز سے فطرت کی عکاسی فرمائی ہے۔اندھی تقلید کے حصار میں محصور لوگوں کو سمجھانے کیلئے فکری اجتہاد کی ترغیب دینے کے سوا کوئی اور چارہ کار نہیں ہے۔

جب ماحولیاتی رکاوٹوں معاشرتی آلودگیوں اور اکابر پرستی کی اندھی تقلید کی رکاوٹوں کی وجہ سے دین اسلام کے بدیہی عقائد اور بنیادی تعلیمات کو سمجھنا کفار ومشرکین کے نزدیک نظری قرار پائے اور وہ ان کے حوالہ سے ''اَلْاِنْسَانُ عَدُوٌّ لِّمَا جَهِلَ '' کے مصداق ٹھہرے تو ان احکام سے متعلق انہیں سمجھا کر اِتمام حجت کرنے یا ان کی حقانیت کے قائل کرانے کیلئے اجتہاد فکری کی ترغیب دینے کے سوا کوئی اور صورت ممکن الفہم ہی نہیں ہے تو جس اجتہاد فکری

marfat.com

کی ترغیب اللہ تعالیٰ نے اور اس کے معصوم پیغمبروں نے دی ہے وہ اجتہاد کے مذکورہ مفاہیم ثلاثہ میں سے پہلی قسم یعنی لغوی اجتہاد کے سوا اور کچھ نہیں ہو سکتا کیونکہ باقی دو مفہوم یعنی اجتہاد عرفی اور فقہی مسلمانوں کا خاصہ ہونے کی بناء پر غیر مسلموں کو ان کی ترغیب دینے کا کوئی مطلب ہی نہیں ہے جبکہ کسی بھی نظری چیز کو سمجھنے اور سمجھانے کیلئے فکری اجتہاد کی ترغیب دینے اور اسے اپنانے کے سوا کوئی اور ذریعہ فہم غیر مسلموں کے حق میں اللہ تعالیٰ نے پیدا ہی نہیں فرمایا ہے۔

ہماری اس تحقیق سے اجتہاد کے مفاہیم ثلاثہ میں سے لغوی مفہوم کا باقی دونوں سے زیادہ عام بلکہ اعم العام ہونے کا فلسفہ بھی واضح ہوگیا کہ اجتہاد عرفی اور اجتہاد فقہی میں پائے جانے کے ساتھ ان کے بغیر بھی پایا جاتا ہے۔اور ساتھ ہی تکفیر چاہے التزام کفر کی شکل میں ہو یا لزوم کفر کی صورت میں بہر تقدیر ضروریات دین سے متجاوز نہ ہونے کا فلسفہ بھی معلوم ہوگیا کہ اصلی کفر اور عارضی کفر میں صرف ارتداد کا فرق ہے کہ عارضی کفر میں جملہ ضروریات دین کا التزام کرنے کے بعد ارتداد کا عارضہ ہو جاتا ہے اور اصلی کفر میں ارتداد نہیں ہے جبکہ مافیہ الکفر دونوں میں ضروریات دین کے سوا کوئی اور شے نہیں ہے اور دوسرا فرق یہ بھی ہے کہ عارضی کفر میں مرتد ہونے والوں کی دو قسمیں ہیں۔ایک یہ کہ مافیہ الکفر کو جان بوجھ کر دیدہ ودانستہ اختیار کرے جس کو کافر معاند اور مرتد معاند کہا جاتا ہے دوسرا یہ کہ مافیہ الکفر کا ارتکاب انجانے میں کرے کہ جس قول وعمل کو دیدہ ودانستہ طور پر اپنی رضا مندی و اختیار کے ساتھ وجود میں لا رہا ہے وہ صراحتاً ملت اسلام کی تکذیب یا کسی

marfat.com

ضرورت دینی کی تکذیب ہو یا اس تکذیب کی یقینی علامت ہو یا ملت اسلام کی ضد و نقیض یا اس کے کسی ضرورت دینی والے حصہ کی ضد یا نقیض کا صریح ارتکاب ہو یا ایمان کے کسی لازمہ کی ضد یا نقیض کا صریح ارتکاب ہو۔ جن کی تفصیلی مثالیں گذشتہ صفحات میں ہم بیان کر آئے ہیں ان تمام صورتوں میں التزام کفر غیر عنادی ہوتا ہے اور دار الافتاء کیلئے قابل احتیاط و جائے خطر بھی ارتداد کی یہی شکلیں ہیں جبکہ عنادی ارتداد میں مرتد ہونے والے کا اپنا کردار و اقرار اس کے ارتداد کا مظہر و اشتہار ہونے کی بناء پر دار الافتاء کو کچھ کرنے کی ضرورت ہی نہیں رہتی۔ جبکہ صلی کفر ہمیشہ عنادی ہی ہوتا ہے چاہے عناد حقیقی ہو یا حکمی۔ اصلی کفر اور عارضی کفر کی ان شکلوں میں مابہ الامتیاز کو جس نکتہ نگاہ سے بھی دیکھا جائے بہر تقدیر ضرورت دینی کی تکذیب کرنے کے حوالہ سے اصل مابہ الکفر کا قطعاً کوئی فرق نہیں ہے۔ دنیا بھر میں اب تک جتنے لوگ مرتد ہوئے ہیں یا ہونگے (العیاذ باللہ) اُن کا تجزیہ کیا جائے تو التزامی کفر کی مذکورہ چودہ قسموں سے خارج کوئی ایک بھی نہیں ہوگا، جن کی تفصیلی فہرست ہم بیان کر آئے ہیں۔ کفر اصلی کی نوعیت جو بھی ہو بہر تقدیر ہر غیر مسلم کو دعوت اسلام دینا تمام اہل قبلہ کی اجتماعی ذمہ داری ہے جس اسلام کی طرف انہیں دعوت دی جاتی ہے اس کی حقانیت کو جاننا اہل قبلہ کے نزدیک بدیہی اور ضرورت دینی ہونے کے باوجود ان غیر مسلموں کے نزدیک نظری ہے اور محتاج دلیل ہے۔ لہٰذا اصول فطرت کے عین مطابق انہیں فکری اجتہاد کی ترغیب دینے، تقلیدی مذہب اور تعصب سے خالی الذہن ہو کر صرف اور صرف قوت فکری کو حاکم بنا کر اجتہادی کاوش کی راہ پر ڈالنے کے سوا کوئی اور چارہ کار مسلم

marfat.com

مبلغ کے پاس کل تھا نہ آج ہے۔ اہل علم جانتے ہیں کہ اجتہاد کا لغوی مفہوم بھی اس کے علاوہ اور کچھ نہیں ہے۔

خلاصہ الکلام یہ کہ لزوم کفر ہو یا التزام کفر بہر تقدیر اس کا موردو محل ضروریات دینیہ کے سوا اور کچھ نہیں ہے لہٰذا ہر دار الافتاء کو تکفیری فتویٰ صادر کرنے سے قبل ان حقائق کو پیش نظر رکھنا لازم ہے ورنہ تکفیر مسلم کا مرتکب ہوسکتا ہے جو بجائے خود کفر کے قریب گناہ کبیرہ ہے۔ (اَعَاذَنَا اللّٰہُ مِنْہُ)

اسی خطرے کے پیش نظر فتاویٰ بحر الرائق کے مصنف اور دیار مصریہ کے عظیم مفتی اسلام نے ضروریات دینیہ کے سوا کسی بھی اجتہادی مسئلہ سے متعلق تکفیری فتویٰ صادر کرنے سے اجتناب کا التزام کرتے ہوئے فرمایا؛

"وَلَقَدْ اَلْزَمْتُ نَفْسِیْ اَنْ لَّا اُفْتِیَ بِشَیْءٍ مِنْہَا"

☆☆☆☆☆☆

marfat.com

# لزوم کفر کی عملی صورتوں کی وضاحت

اس سلسلہ میں ایک بار پھر لزوم کفر کی وضاحت اور اس کے مفہوم کی التزام کفر سے تمیز بتانا ضروری سمجھتا ہوں تاکہ اس حوالہ سے پیدا ہونے والے اشتباہات کی گنجائش باقی نہ رہے۔ اس سے پہلے ہم بتا چکے ہیں کہ التزام کفر میں کسی خارجی واسطہ و ملازمہ کے بغیر بلا واسطہ کفر کو گلے لگانا ہوتا ہے جبکہ لزوم کفر میں ایسا نہیں ہوتا بلکہ انسان کا متعلقہ قول و عمل کسی خارجی واسطہ کی بنا پر مستلزم کفر، مفضیٔ الی الکفر اور منتج کفر ہوتا ہے۔ گزشتہ صفحات میں ہم یہ بھی بتا آئے ہیں کہ التزام کفر اور لزوم کفر کی حقیقتوں کا ایک دوسرے سے جدا ہونے کی بناء پر ان کے شرعی احکام و لوازمات اور تقاضے بھی ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ یہاں پر ہم نے صرف یہ بتانا ہے کہ لزوم کفر میں جو کفر ہے وہ التزام کفر کی مذکورہ قسموں کے مضاف الیہ سے جدا کوئی اور شے نہیں ہے کیونکہ کفر عارضی یعنی التزام اسلام کرنے کے بعد کافر قرار پانے والوں کی مذکورہ قسموں سے ماورئ و خارج کفر کی کوئی شکل ہی نہیں ہے جب ان کے سوا کفر کی کوئی صورت ہی نہیں ہے تو پھر لزوم کفر میں لزوم کے مضاف الیہ اور اس کے فاعل بننے والے کفر سے مراد بھی ان قسموں سے خارج کوئی اور صورت نہیں ہوسکتی گویا التزام کفر اور لزوم کفر میں کفر کا مصداق ان قسموں میں سے ہی کوئی ایک ہے فرق صرف ثبوت کا ہے

marfat.com

کہ التزام کفر میں بلا واسطہ ہے۔ صریح ہے' بدیہی ہے جس پر دلیل تلاش کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی جبکہ لزوم کفر میں بالواسطہ ہے' غیر صریح ہے اور استدلال کا محتاج ہے۔ ایسے میں ضابطہ کلیہ قرار پاتا ہے کہ جہاں پر بھی لزوم کفر ہوگا، تو وہ کفر کی مذکورہ قسموں سے خالی نہیں ہوگا اس لئے ہر دارالافتاء پر لازم ہے کہ کسی پر کفر کا فتویٰ دینے سے پہلے متعلقہ قول وعمل کی نوعیت پر غور کریں کہ یہ التزام کفر ہے یا لزوم کفر اگر التزام ہے تو مذکورہ قسموں میں سے کس کے تحت آتا ہے اور لزوم ہونے کی صورت میں اس پر تفصیلی دلیل اس انداز سے بیان کریں کہ جس سے کفر کی نوعیت آپ ہی ظاہر ہو جائے اس حوالہ سے کوئی جدید مثال پیش کرنے کی بجائے مفتیان کرام کی سہولت فہم کیلئے مناسب سمجھتا ہوں کہ التزام کفر کی مذکورہ مثالوں کو ہی لزوم کفر کے سانچے میں ڈال کر پیش کروں جس کو پوری طرح سمجھنے کیلئے التزام کفر کی مذکورہ قسموں کی مثالوں کو یا اُن کے اشباہ ونظائر کو پیش نظر رکھنے کے سوا کسی اور چیز کی ضرورت نہیں ہے۔ مثال کے طور پر؛

(۱) کسی مدعی اسلام کا یہ کہنے میں لزوم کفر ہے کہ ''اسلام کا آسمانی مذہب ہونے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ یہودیت ونصرانیت آسمانی مذہب نہیں ہیں''۔ اس میں لزوم کفر اس لئے ہے کہ اس میں موجودہ یہودیت ونصرانیت کو آسمانی مذہب کہنے میں اِن سے عدم برائت مفہوم ہو رہی ہے۔ (صغریٰ)

اور جس کلام سے بھی موجودہ یہودیت ونصرانیت سے عدم برائت مفہوم ہو رہی ہو وہ کفر ہوتا ہے۔ (کبریٰ)

marfat.com

لہٰذا یہ بھی کفر ہے۔ (نتیجہ)

یعنی لزوم کفر، التزام کفر کی مذکورہ قسموں پر مشتمل فہرست کے مندرجات کو پیش نظر رکھنے والے حضرات لزوم کفر کی اس مثال پر استدلال کو سمجھنے کے بعد اس بات کو بھی سمجھ گئے ہوں گے کہ لزوم کفر کی اس مثال میں جو کفر لازم آ رہا ہے وہ التزام کفر کی فہرست میں موجود آٹھویں قسم کے کفر سے مختلف نہیں ہے یعنی ملت اسلام پر ایمان کے لازمہ یعنی اس کے جملہ مخالف مذاہب سے بیزاری کے نقیض کا ارتکاب کرنا ہے اور یہ بھی سمجھ گئے ہونگے کہ اصل فہرست کی آٹھویں قسم میں اس خاص قسم کفر کا صراحتاً ارتکاب کیا گیا تھا۔ جبکہ اس میں غیر صریح ہے' اصل کا ثبوت بدیہی ہونے کی بناء پر کسی خارجی واسطہ واستدلال کا محتاج نہیں تھا جبکہ اس میں یہودیت ونصرانیت سے عدم برائت کے اظہار کا واسطہ ہے' اصل میں کفر سے بچنے کی کوئی صورت، کوئی احتمال اور کسی تاویل کی گنجائش نہیں تھی جبکہ اس میں کافی گنجائش ہے۔ نیز سمجھ گئے ہونگے کہ التزام کفر کرنے والے کا واجب الاخراج عن الاسلام اور لزوم کفر کرنے والے کا عدم واجب الاخراج عن الاسلام ہونے کا اصل فلسفہ کیا ہے، ان میں تفریق کیوں ہے اور شرعی احکام کیوں مختلف ہیں؟ بالیقین سمجھ گئے ہونگے کہ ان سب کا فلسفہ یقین وظن کی تفریق کے علاوہ اور کچھ نہیں ہے کہ اصل یقینی بدیہی اور ناقابل تاویل ہونے کی بنیاد پر واجب الاخراج عن الاسلام ہونے کے سوا اور کچھ نہیں چاہتا جبکہ دوسرا ظنی' غیر صریح اور استدلالی ہونے کی وجہ سے محظور الاخراج عن الاسلام ہونے کے علاوہ اور کسی چیز کا تقاضا نہیں کرتا۔ لزوم کفر کی وضاحتی مثالوں کی باقی تمام صورتوں کا یہی حال اور یہی

marfat.com

فلسفہ ہے لہٰذا مفتیان کرام باقی مثالوں میں بھی اس توضیح وتنبیہ کوملحوظ خاطر رکھیں ہم یہاں پر التزام کفر کی مذکورہ فہرست کے مطابق لزوم کفر کی باقی مثالوں کو ذکر کرنے پر ہی اکتفا کریں گے۔

(۲) کسی مدعی اسلام کا چاہے وہ عالم وفاضل اور مرشد الناس ہی کیوں نہ کہلاتا ہو یہ کہنا کہ ''نبی آخرالزمان رحمت عالم ﷺ کے خاتم النبیین ہونیکا یہ مطلب لینا غلط ہے کہ آپ ﷺ کے بعد اس زمین کے سوا کسی دوسری زمین میں بھی اللہ کا کوئی رسول و نبی نہیں ہوسکتا''۔ اس میں لزوم کفر اس لئے ہے کہ یہ خصوصیت ارض دون الارض سے قطع نظر ختم نبوت کے اجماعی عقیدہ جو ضرورت دین کے قبیلہ سے ہے کو متنازعہ بنا کر اس کے ساتھ عدم رضا کا مُوہم ہے۔ (صغریٰ)

اور جو قول وعمل بھی کسی ضرورت دینی کو متنازعہ بنا کر اس کے ساتھ عدم رضا کا مُوہم ہو کفر ہوتا ہے۔ (کبریٰ)

لہٰذا یہ بھی کفر ہے، یعنی لزوم کفر۔ (نتیجہ)

(۳) کسی مدعی اسلام کا یہ کہنا کہ ''ملت اسلام اور نظام مصطفیٰ ﷺ کو بطور ضابطہ حیات تسلیم کر کے اس پر ایمان لانے کا یہ مطلب نہ ہونا چاہئے کہ فرنگیوں کا بنایا ہوا قانون غلط ہے'' لزوم کفر ہے۔

صغریٰ:۔ کیونکہ اِس میں نظام مصطفیٰ ﷺ کے مقابلہ میں انسانوں کے بنائے ہوئے نظام سے عدم بیزاری مفہوم ہورہی ہے۔

marfat.com

کبریٰ:۔ اور جس قول میں بھی نظام مصطفیٰ ﷺ کے مقابلے میں انسانوں کے بنائے ہوئے نظام سے عدم بیزاری مفہوم ہو رہی ہو، وہ کفر ہوتا ہے۔

نتیجہ:۔ لٰہذا فرنگیوں کے بنائے ہوئے قانون وضابطہ حیات کو اسلام کے مقابلہ میں غلط نہ کہنا بھی کفر ہے، یعنی لزوم کفر۔

(۴) کسی مدعی اسلام کا بطور تمنا و آرزو یہ کہنا کہ ''کیا اچھا ہوتا اگر رسول اللہ ﷺ کے بعد بھی رسولوں کی آمد کا سلسلہ جاری رہتا''۔

صغریٰ:۔ اس میں لزوم کفر اس لئے ہے کہ اِس سے ختم النبوۃ جو ضرورت دینی ہے کیساتھ ایمان کے لازمہ یعنی تسلیم ورضا کی نفی مفہوم ہو رہی ہے۔

کبریٰ:۔ اور عقیدہ ختم النبوۃ کے ساتھ ایمان کے لازمہ یعنی تسلیم و رضا کی نفی مفہوم ہونے والا ہر کلام کفر ہوتا ہے۔

نتیجہ:۔ لٰہذا یہ بھی کفر ہے۔

(۵) کسی مدعی اسلام کا یہ کہنا کہ ''اسلام پر ہمارا ایمان ہے جب چاہیں گے اس پر عمل کریں گے''۔اس میں لزوم کفر اس لئے ہے کہ اِس سے اسلام پر ایمان کے لازمہ یعنی جذبہ عمل کا عدم دوام مفہوم ہو رہا ہے۔(صغریٰ)

اور جو کلام بھی ایسا ہو اس میں لزوم کفر ہوتا ہے۔( کبریٰ)

لٰہذا اس میں بھی لزوم کفر ہے۔(شرعی حکم ونتیجہ)

(۶) کسی مدعی اسلام کا یہ کہنا کہ ''نظام مصطفیٰ ﷺ کے قابل تعظیم ہونے پر ہمارا ایمان

marfat.com

ہے ہم جب چاہیں گے اس کی تعظیم کریں گے''۔

یہ مستلزم کفر اس لئے ہے کہ یہ نظام مصطفیٰ ﷺ پر ایمان لانے کے لازمہ ''اس کی تعظیم'' کے عدم دوام کا موہم ہے۔ (صغریٰ)

اور جو کلام بھی ایسا ہو کفر ہوتا ہے۔ (کبریٰ)

لہٰذا یہ کلام بھی کفر ہے۔ (نتیجہ)

(۷) کسی مدعی اسلام کا یہ کہنا کہ ''مذہب اسلام پر تو ہمارا ایمان ہے لیکن اس کا یہ مطلب نہ ہونا چاہئے کہ ہم دوسرے مذاہب کو برا جانیں''۔ اس میں لزوم کفر اس طرح ہے کہ اِس سے مذہب اسلام پر ایمان لانے کے لازمہ یعنی اس کے منافی جملہ مذاہب سے عدم نفرت مفہوم ہو رہی ہے۔ (صغریٰ)

جو کلام بھی ایسا ہو وہ ہمیشہ کلمہ کفر و لزوم کفر ہوتا ہے۔ (کبریٰ)

لہٰذا یہ بھی کلمہ کفر و لزوم کفر ہے۔ (شرعی حکم و نتیجہ)

(۸) کسی مدعی اسلام کا یہ کہنا کہ ''نماز کی پابندی نہ کرنا اتنا بڑا جرم نہیں ہے کہ بے نمازوں سے نفرت کی جائے''۔ اس میں لزوم کفر ہے کیونکہ اِس سے نماز پر ایمان کے لازمہ یعنی اُس کی تعظیم کی ضد مفہوم ہو رہی ہے۔ (صغریٰ)

اور جو کلام بھی ایسا ہو وہ ہمیشہ لزوم کفر ہوتا ہے۔ (کبریٰ)

لہٰذا اس میں بھی لزوم کفر ہے۔ (نتیجہ)

(۹) کسی مدعی اسلام کا یہ کہنا کہ ''غو ... کی بات خدا جانے رسول کو کیا خبر'' لزوم کفر اس لئے

marfat.com

ہے کہ اِس سے ذواتِ قدسیہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کے لئے لغوی مفہوم میں جس خاص علمِ غیب کا ثبوت ضروریاتِ دینیہ کے قبیلہ سے ہے۔ اُس سے انکار مفہوم ہو رہا ہے۔ (صُغریٰ)

اور ایسا ہر کلام لُزُومِ کفر ہوتا ہے۔ (کبریٰ)

لٰہذا یہ بھی لُزُومِ کفر ہے۔ (نتیجہ وشرعی حکم)

(۱۰) اسلام کے کسی دعویدار کا یہ کہنا کہ ''جب چاہے علمِ غیب دریافت کرے یہ کمال صرف خدا کیساتھ خاص ہے کسی اور کے بس میں نہیں ہے'' اِس میں لُزُومِ کفر اِس لئے ہے کہ اِس سے اللہ تعالیٰ کے علم استمراری ودوامی کی نفی مفہوم ہو رہی ہے۔ (صغریٰ)

اور جس کلام سے بھی اللہ تعالیٰ کے علم کا عدمِ استمرار اور عدمِ دوام مفہوم ہو رہا ہو وہ کفر ہوتا ہے۔ (کبریٰ)

لٰہذا یہ بھی کفر ہے یعنی لُزُومِ کفر۔ (نتیجہ)

(۱۱) اسلام کے کسی دعویدار کا یہ کہنا کہ ''تمام مخلوق خدا کی شان آگے چوڑے وچمار سے زیادہ ذلیل ہے'' لُزُومِ کفر اس لئے ہے کہ اِس سے ذواتِ قدسیہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کی توہین مفہوم ہو رہی ہے۔ (صغریٰ)

کیونکہ تمام مخلوق میں وہ بھی شامل ہیں جبکہ اِن پاکیزہ نفوس کا عنداللہ معزز ومکرم ہونے کا عقیدہ ضروریاتِ دین کے قبیلہ سے ہے۔ جس پر ایمان کا لازمہ یہ ہے کہ اِس کے ساتھ تسلیم ورضا اور معظم جانتے ہوئے اِس کی ضد ونقیض سے نفرت کی جائے جبکہ یہاں پر اِن

marfat.com

تینوں کی نفی مفہوم ہو رہی ہے کیونکہ توہین کے ساتھ اِن کا جمع ہونا ممکن ہی نہیں ہے۔ اور جو کلام بھی ایسا ہو وہ لزومِ کفر ہوتا ہے۔ (کبریٰ)

لٰہذا اِس میں بھی لزومِ کفر ہے۔

علیٰ ہٰذا القیاس التزامِ کفر کی باقی تین قسموں سے بھی لزومِ کفر کی شکلیں بنانا اِسی انداز کے ساتھ ہوتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆

marfat.com

# لزُوم کفراور التزام کفر کے مابین بنیادی فرق

کیونکہ التزام کفر میں اصل کلام آپ ہی کفر ہوتا ہے جس میں کفر ثابت کرنے کے لئے کسی خارجی دلیل وملازمت کی ضرورت نہیں ہوتی جبکہ لزُوم کفر میں اصل کلام خود کفر نہیں ہوتا بلکہ ''مفضئ اِلی الْکُفْر'' اور ''مُنْتِج بِالْکُفْر'' ہوتا ہے۔

نیز یہ کہ التزام کفر میں اصل کلام خود کفر اس لئے ہوتا ہے کہ اُس کی دلالت کفر پر صریح ہوتی ہے جس میں احتمال غیر اور تاویل کی گنجائش نہیں ہوتی جبکہ لزُوم کفر میں کلام کی دلالت کفر پر صریح نہیں ہوتی جس وجہ سے کفر سے بچنے کا احتمال اور تاویل کی گنجائش موجود ہوتی ہے۔

نیز یہ کہ التزام کفر میں کفر پر کلام کی دلالت بلا واسطہ اور بدیہی ہوتی ہے جس میں استدلال کی ضرورت نہیں ہوتی جبکہ لزُوم کفر میں دلالت بلا واسطہ ہوتی ہے نہ بدیہی نہ مستغنی عن الدلیل بلکہ کلام کے اندر موجود دیگر احتمالات کی طرح کفر بھی اُس سے فی الجملہ مفہوم ہوتا ہے۔

نیز یہ کہ التزام کفر میں ثبوت کفر قطعی ویقینی امر ہوتا ہے جبکہ لزُوم کفر میں غیر یقینی بلکہ ظنی ہوتا ہے۔ یہ تمام ما بہ الامتیازات لزُوم کفر اور التزام کفر کی مذکورہ مثالوں پر غور کرنے

marfat.com

والوں سے پوشیدہ نہیں رہ سکتے ہیں۔ اور نہ سہی دارالافتاء کے ذمہ دار حضرات صرف اِس بات کا خیال رکھیں کہ لزُوم کفر میں کفر فی الجملہ مفہوم مِن الکلام ہوتا ہے جس کے ساتھ غیر کفر کا احتمال بھی موجود ہے یا کفر سے بچنے کیلئے جائز تاویل کی گنجائش موجود ہے جبکہ التزام کفر میں کفر کا فی الجملہ مفہوم مِن الکلام ہونے کے بجائے وہ واحد مفہوم کلام ہے، صریح مفہوم کلام ہے اور معلوم فی البدیہہ من الکلام ہے جس کے ساتھ غیر کفر کا نہ احتمال موجود ہے نہ تاویل کی گنجائش باقی ہے۔ یقین سے کہا جاسکتا ہے کہ صرف اِس قدر توجہ سے ہی دارالافتاء کے ذمہ دار حضرات لزُوم کفر کے مواقع پر التزام کفر کا فتویٰ صادر کر کے التباس الحق بالباطل کرنے کے جرم سے بچ سکتے ہیں۔

## ﴿مفتیانِ اسلام کی توجہ کیلئے مزید وضاحت﴾

التزام کفر کی مذکورہ قسموں کی فہرست کو پیش نظر رکھتے ہوئے لزوم کفر کی ان مثالوں سے واضح ہو گیا کہ لزوم کفر کی کسی بھی صورت میں کفر کی متنوع قسمیں جمع ہو سکتی ہیں جبکہ ایک دوسرے سے ان کی تفریق کر کے دوسروں کو سمجھانا اور تسلی بخش فتویٰ صادر کر کے لزوم کفر کے مرتکب حضرات کو اس کے شرعی احکام پر عمل کیلئے آمادہ کرنے کی سہولت تفصیلی دلیل کے بغیر ممکن نہیں ہے۔ مثال کے طور پر لزوم کفر کی مذکورہ مثالوں میں یہ کہنے والے کہ "نماز کی پابندی نہ کرنا اتنا بڑا جرم نہیں ہے کہ بے نماز سے نفرت کی جائے" کو انجانے میں کفر کی چار قسموں کے مرتکب ہونے پر اطمینان اس وقت تک نہیں ہوسکتا۔ جب تک دارالافتاء کے

marfat.com

ذمہ دار حضرات ایک ایک پر تفصیلی دلیل پیش نہ کریں کہ تو نے ہوش مندی اور عقل وحواس کی سلامتی میں اپنے اختیار کے ساتھ یہ جو کلام کیا ہے تجھے پتہ ہی نہیں ہے کہ یہ چار وجوہ سے کفر کو مستلزم ہے ان میں سے ایک یہ ہے کہ یہ کلام نماز کے شرعی حکم پر ایمان کے لازمہ یعنی جذبہ عمل کے نقیض کو مستلزم ہے اس لئے کہ نماز والے عمل کے ساتھ جس کے دل میں جذبہ موجود ہوگا وہ بے نماز سے نفرت کی نفی کبھی نہیں کر سکتا کیونکہ بے نماز ہونے کی حیثیت سے اس سے نفرت کرنا ایمان کا لازمہ ہونے کے ساتھ جذبہ عمل کا نتیجہ اور اس کا معلول بھی ہے اور عدم نفرت کی موجودگی میں نفرت موجود نہیں ہوسکتی جبکہ نفرت کی عدم موجودگی اس کی علت یعنی جذبہ عمل کی عدم موجودگی کو مستلزم ہے کیونکہ معلول کا وجود علت کے وجود کو اور معلول کا عدم علت کے عدم کو مستلزم ہونا عین مقتضاء فطرت ہے جیسے کہا جاتا ہے؛

''كُلَّمَا كَانَ النَّهَارُ مَوْجُوْدًا كَانَتِ الشَّمْسُ طَالِعَةً لٰكِنَّ النَّهَارَ لَيْسَ بِمَوْجُوْدٍ فَلَيْسَتِ الشَّمْسُ بِطَالِعَةٍ

الغرض بے نماز سے اس کے بے نماز ہونے کی حیثیت سے نفرت نہ کرنے والے شخص کا یہ کلام کہ ''نماز کی پابندی نہ کرنا اتنا بڑا جرم نہیں ہے کہ بے نماز سے نفرت کی جائے'' کلمہ کفر اور لزوم کفر ہے کیونکہ یہ ضرورت دینی پر ایمان لانے کے لازمہ یعنی جذبہ عمل کے نقیض کو مستلزم ہے۔

اور جو کلام بھی ایسا ہو وہ ہمیشہ کلمہ کفر ہوتا ہے۔

لہٰذا یہ بھی کلمہ کفر ولزوم کفر ہے۔

marfat.com

دوسرے کفر کے ثبوت کیلئے مذکورہ دلیل میں ہم نے جس واسطہ فی الاثبات کا ذکر کیا ہے یعنی اس کلام کا نماز کے شرعی حکم کی تعظیم کے نقیض کو مستلزم ہونا اس کی وضاحت کر کے لزوم کفر کے ارتکاب کرنے والے کو سمجھا کر لزوم کفر کے شرعی احکام پر عمل کرنے کی راہ میں اس کیلئے اطمینان کا سامان پیدا کرنا بھی دارالافتاء کی ذمہ داری ہے۔ یہی حال اس کلام کا تیسرے اور چوتھے کفر کو مستلزم ہونے کے واسطہ کا ہے کیونکہ ان میں سے ہر ایک غیر صریح ہونے کی بناء پر محتاج وضاحت ہے۔ جب تک وضاحت نہیں ہوتی اس وقت تک دارالافتاء کی ذمہ داری پوری نہیں ہوتی۔ "التزام کفر کو سمجھنے کے مقابلہ میں لزوم کفر کی حقیقت تک پہنچنا زیادہ مشکل ہے"۔

ہماری اس تحقیق سے التزام کفر اور لزوم کفر کے مابین سہولت فہم اور عدم سہولت فہم کے حوالہ سے تقابل کا بھی پتہ چل گیا کہ التزام کفر کے مقابلہ میں لزوم کفر کی پہچان زیادہ مشکل ہے کیونکہ التزام کفر میں کلام کا صرف ایک مفہوم ہوتا ہے۔ جس پر کلام کی دلالت بھی صریح ہوتی ہے اور بدیہی ہونے کی بناء پر ہر شخص قدرے توجہ کے بعد آسانی کے ساتھ کفر کی نوعیت کو پہچان سکتا ہے جبکہ لزوم کفر اس کے برعکس ہونے کی وجہ سے محل اجتہاد ہوتا ہے جس کے مطابق کلام کا مستلزم کفر ہونے کیلئے جو خارجی واسطہ ہوتا ہے اسے متعین کرنے میں مفتی کو مغالطہ بھی لگ سکتا ہے۔ نیز یہ کہ جب لزوم کفر میں کفر کی نوعیت کو پہچاننا آسان ہو اور خارجی واسطہ کے ماسوا کفر سے بچانے والا کوئی احتمال آسانی سے ذہن میں نہ آتا ہو تو التزام کفر کا بھی اشتباہ ہو سکتا ہے۔ لزوم کفر کے ایسے ہی مشکل محل اجتہاد جزئیات میں

marfat.com

مغالطہ کھانے کے تجربات سے گذرنے کے بعد ہی مذہب حنفی کے مسلمہ مفتی اسلام نے تکفیری فتویٰ دینے سے اجتناب کو ضروری قرار دیتے ہوئے کہا؛

''اَلْزَمْتُ نَفْسِیْ اَنْ لَّا اُفْتِیَ بِشَیْءٍ مِّنْھَا''

یعنی کسی بھی اختلافی مسئلہ میں فتاویٰ کفر صادر نہ کرنے کا میں نے التزام کیا ہے۔

(فتاویٰ بحرالرائق، جلد۵، صفحہ 135، مطبوعہ مصر)

اس کے علاوہ کتب فتاویٰ میں جن باتوں کے کفریہ ہونے یا نہ ہونیکا جو اختلاف پایا جاتا ہے اس کا فلسفہ بھی یہی کچھ ہے کہ ایسے تمام کے تمام مسائل لزوم کفر کے قبیلہ سے شمارے جاسکتے ہیں التزام کفر کے ساتھ ان کا کوئی تعلق نہیں ہوتا کیونکہ التزام کفر کی فہرست میں موجود مذکورہ قسموں میں سے کوئی ایک بھی ایسی نہیں ہے جو محل اختلاف یا محل اجتہاد بن سکے تو پھر فقہاء کرام کے مابین کفر اور عدم کفر ہونے کے حوالہ سے مختلف فیہ مسائل کو التزام کفر کے زمرہ میں شمار نے کا کیا جواز ہوسکتا ہے۔ حاشا وکلا ایسا ہونا ممکن ہی نہیں ہے بلکہ اس قسم کے تمام اختلافی کفر کا محل ومصرف لزوم کفر کے جزئیات ہی ہو سکتے ہیں کہ التزام کفر کے مقابلہ میں یہاں پر کفر کی نوعیت اور اس کے لزوم کی علت اور خارجی واسطہ کا محل اجتہاد ہونا عدم کفر کے لئے ایسے عوامل ہیں جن کی وجہ سے اختلاف پیدا ہورہا ہے کہ جنہوں نے کفر کی علت اور خارجی واسطہ کو قوی جانا، متبادر الی الذہن سمجھا اور دوسرے احتمالات کے مقابلہ میں اسے ترجیح دی تو لزوم کفر کا فتویٰ دیا اور جنہوں نے اس کے برعکس روش اختیار کی تو انہوں نے عدم لزوم کفر کا فتویٰ صادر کیا۔ یہ کوئی اجنبی بات ہے نہ تعجب کی اس لئے کہ جس جگہ میں

marfat.com

بھی کلام کے محامل و مصارف ایک سے زیادہ ہوں وہیں پر ایسا ہی ہوتا ہے۔ پھر یہ بھی ہے کہ ایسے مسائل میں متضاد فتویٰ صادر کرنے والے مفتیان کرام قابل ملامت ہوتے ہیں نہ مستحق عذاب بلکہ مصیب ہونے کی صورت میں دو چند ثواب کے مستحق ہوتے ہیں۔ ایک حق کو پا کر اسے ظاہر کرنے کا اور دوسرا محل اجتہاد مسئلہ میں حق کو ظاہر کرنے کیلئے فکری کاوش انجام دینے کا جبکہ مخطی اور غیر مصیب ہونے کی صورت میں للہ فی اللہ فکری کاوش انجام دینے کا اجر ہی پاتے ہیں۔ جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا؛

"اِنَّ اللّٰہَ لَایُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ"

جس کا مفہوم یہ ہے کہ بے شک اللہ تعالیٰ نیک کاروں کا اجر ضائع نہیں فرماتا۔

(سورۃ التوبہ، آیت نمبر 120)

اہل علم سے مخفی نہیں ہے کہ لوگوں کو کفر سے بچانے، التزام کفر اور لزوم کفر کی تفریق بتانے اور "مَا بِہِ الْاِسْلَام وَ مَا بِہِ الْکُفْر" کی تمیز بتانے کے لئے للہ فی اللہ شبانہ روز فکری مجاہدہ کرنے والوں سے بڑے محسن اور کون ہو سکتے ہیں۔ درحقیقت دین اسلام کی بقاء وتحفظ ان ہی حضرات کے دم قدم سے وابستہ ہے، ان کا وجود مسعود نہ ہوتو اہل دنیا اور ان کی خواہش کے مطابق چلنے والے علماء سؤ کے ہاتھوں جائز و ناجائز کی تمیز رہے گی نہ اسلام اور کفر کی تفریق، چہ جائیکہ التزام کفر اور لزوم کفر سے بچانے والا کوئی ہو۔ حقیقی مفتیان اسلام کی اس اہمیت کی بنیاد پر حدیث شریف میں حقانی علماء کے قلم کی سیاہی کو شہداء اسلام کے خون کے برابر قابل احترام بتایا گیا ہے، ان کے وجود مسعود کو شعائر اللہ سمجھا گیا ہے، ان کی عزت و

marfat.com

احترام کو جملہ مسلمانوں پر لازم قرار دے کر ان کی توہین کو کفر کہا گیا ہے۔

مناسب سمجھتا ہوں کہ علماءِ حق کے وجودِ مسعود کی تعظیم کے منافی حرکات کے حوالہ سے تشکیل پانے والے لزوم کفر اور التزام کفر کی مثالوں کی طرف بھی اہل دانش کے ذہنوں کو متوجہ کروں۔

(۱) کسی مدعی اسلام شخص کا عالم دین سے متعلق محض اس کے دینی علم کی وجہ سے یہ کہنا کہ ''وہ گمراہ ہے'' یا اس کا مذاق اڑانا، استہزاء کرنا یا کسی بھی انداز میں اس کی توہین کرنا التزام کفر ہے۔ کیونکہ عالم دین ہونے کی حیثیت سے اس کی عزت و تعظیم کرنے کا جو شرعی حکم ہے وہ ضروریات دینی کے قبیلہ سے ہے کہ شروع سے لے کر اب تک بلا اختلاف جملہ اہل اسلام اس کو اسلام کا حصہ سمجھتے آئے ہیں اور اس کو اسلامی حکم ثابت کرنے کیلئے دلیل کی ضرورت محسوس نہیں کی جاتی جبکہ توہین کی یہ تمام شکلیں اس ضرورت دینی کی ضد ہیں اور ضدین میں سے ایک کا وجود آپ ہی دوسرے کی نفی پر صریح دلیل ہے۔ جس کے بعد کسی اور دلیل کی ضرورت نہیں رہتی۔

## ﴿حاشیتی افادہ﴾

علم کلام کی کتابوں میں جہاں پر کسی عالم دین کو عویلم کہہ کر پکارنے والوں کو جو کافر قرار دیا گیا ہے اس کا اصل فلسفہ بھی یہی کچھ ہے جو ہم نے پیش کیا۔ اسکے علاوہ جن کتابوں میں علماءِ کرام کے ساتھ عداوت رکھنے اور انہیں گالی دینے یا انہیں مارنے والوں کو جو کافر کہا

marfat.com

گیا ہے اس کا پس منظر بھی اس کے سوا اور کچھ نہیں ہے کہ یہ سب کچھ کفر التزامی کی دوسری ﴿یا﴾ چوتھی قسم میں شمار ہوتے ہیں۔ اس فلسفہ پر شرح صدر حاصل کرنے کیلئے التزامی کفر کی مذکورہ قسموں پر مشتمل فہرست پر بار بار غور کرنیکی ضرورت دارالافتاء کیلئے ناگزیر ہے۔

(۲) اگر اس کے دینی علم سے قطع نظر یہ کہے کہ ''عالم دین ہو کر اس نے کیا کمایا جبکہ اس کے ہم عمر دنیا کے مزے لوٹ رہے ہیں'' تو یہ لزوم کفر ہے کیونکہ اِس سے علم دین کی تعظیم کی ضد یعنی توہین مفہوم ہو رہی ہے۔ (صغریٰ)

اور ایسا ہر کلام کفر ہوتا ہے۔ (کبریٰ)

لہٰذا اس میں بھی لزوم کفر ہے۔ (شرعی حکم ونتیجہ)

(۳) اور اگر کسی دنیوی بات میں ناراضگی وخفگان کی وجہ سے اس کی توہین کرتا ہے' مارتا ہے' گالی دیتا ہے' غیبت کرتا ہے یا بہتان لگاتا ہے تو التزام کفر ہوگا نہ لزوم کفر ان کے ماسوا جو کچھ بھی ہوگا اس کے مواقع ومحرکات اور فلسفہ وتوجیہات پر غور کرنے کے زاویے ہی جدا ہیں۔

خلاصۃ الکلام یہ کہ ورثۃ الانبیاء ہونے کی بنیاد پر الٰہیات کے علماء کرام کی عزت و تعظیم کو اللہ تعالیٰ نے اپنے خودکار نظام قدرت کے تحت ضروریات دین کے زمرہ میں رکھا ہوا ہے جس کے مطابق آغاز اسلام سے لے کر اب تک تاریخ کے ہر دور میں کل مکاتب فکر اہل اسلام اسے اسلامی حکم سمجھتے آئے ہیں اور ہر ایک کو اس پر بدیہی علم حاصل ہے جس کے نتیجہ میں اس کی صراحتاً تکذیب کرنے والا یا اس کی ضد کا صراحتاً ارتکاب کرنے والا یا اس پر

marfat.com

ایمان لانے کے کسی لازمہ کی ضد یا نقیض کا صراحتاً مرتکب ہونے والا شخص بالیقین ملتزم کفر قرار پاتا ہے جبکہ غیر صریح انداز سے اور خارجی واسطہ کی رو سے ان چیزوں تک پہنچنے والے پر لزوم کفر ثابت ہو جاتا ہے۔

ہماری اس تحقیق سے مسلم شریف کی اس مرفوع حدیث کا محمل بھی واضح ہو جاتا ہے جس میں اللہ کے حبیب رحمت عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے؛

''اِذَا کَفَرَ الرَّجُلُ اَخَاہُ فَقَدْ بَاءَ بِہَا اَحَدُہُمَا''

(مسلم شریف، جلد 1، صفحہ 57، کتاب الایمان)

## ﴿ایک اشتباہ کا ازالہ﴾

اس تحقیق کے ایام میں ایک اہل علم نے یہ اشتباہ پیش کیا کہ لزوم کفر کی مثالوں کی مذکورہ فہرست کی نویں قسم کے مذکورہ جزیہ کا کفر کی چار شکلوں کو مستلزم ہونے کی تشریح کرتے ہوئے ہم نے جو کہا ہے کہ معلول کا وجود علت کے وجود پر دلیل ہے اور معلول کا عدم علت کے عدم پر دلیل ہے۔ یہ تو درست ہے لیکن اس کی تمثیل و تشبیہ میں جو کہا ہے کہ ''کُلَّمَا کَانَ النَّہَارُ مَوْجُوْدًا کَانَتِ الشَّمْسُ طَالِعَۃً لٰکِنَّ النَّہَارَ لَیْسَ بِمَوْجُوْدٍ فَلَیْسَتِ الشَّمْسُ بِطَالِعَۃٍ'' یہ مثال غلط ہے کیونکہ یہ قیاس استثنائی اتصالی ہے جسکے نتیجہ خیز ہونے کیلئے صرف دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ استثناء وضع مقدم منتج ہوتا ہے وضع تالی کا جیسے ''کُلَّمَا کَانَتِ الشَّمْسُ طَالِعَۃً کَانَ النَّہَارُ مَوْجُوْدًا'' میں وجود نہار کو بطور نتیجہ ثابت کرنے

marfat.com

کیلئے کہا جاتا ہے "لٰکِنَّ الشَّمْسَ طَالِعَةٌ فَالنَّهَارُ مَوْجُوْدٌ" دوسرا یہ کہ استثناء رفع تالی منتج ہوتا ہے رفع مقدم کا جیسے اسی مثال میں عدم طلوع شمس کو بطور نتیجہ ثابت کرنے کیلئے کہا جاتا ہے "لٰکِنَّ النَّهَارَ لَيْسَ بِمَوْجُوْدٍ فَلَيْسَتِ الشَّمْسُ طَالِعَةً" جبکہ اس تشبیہاتی مثال میں "كُلَّمَا كَانَ النَّهَارُ مَوْجُوْدًا كَانَتِ الشَّمْسُ طَالِعَةً لٰكِنَّ النَّهَارَ لَيْسَ بِمَوْجُوْدٍ فَلَيْسَتِ الشَّمْسُ بِطَالِعَةٍ" کہہ کر استثناء رفع مقدم سے رفع تالی کو نتیجہ بنایا گیا ہے۔ جو منطق کے مسلمہ اصول کے خلاف ہونے کی بناء پر نامعقول ہے۔

جواب اس کا یہ ہے کہ اس تشبیہاتی مثال میں منطق کے مذکورہ اصول کی خلاف ورزی ہرگز نہیں ہے بلکہ یہ "وُجُوْدُ الْمَعْلُوْلِ بِدُوْنِ عِلَّتِهٖ مُحَالٌ" اور "تَخَلُّفُ الْمَعْلُوْلِ عَنْ عِلَّتِهٖ مُحَالٌ" کے دونوں بدیہیات کا منطقی نتیجہ ہے۔ اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ منطق کے تمام اصول کلی ودائمی ہوتے ہیں جو تاریخ کے ہر دور میں ہر جگہ اور ہر وقت جاری ہوتے ہیں۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ اگر کسی بات میں ایک فیصد بھی تخلف ہو وہ منطق کا اصول نہیں ہوسکتا۔ اگرچہ فی نفسہ درست ہو، واقعہ کے مطابق اور حقیقت ہو، لیکن منطق کا اصول نہیں کہلائے گا۔ اسے منطق نہ کہنے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ وہ خلاف حقیقت ہے کیونکہ واقعیت اور منطق کے مابین عموم وخصوص مطلق کی نسبت ہونے کی بناء پر منطق کا ہر مسئلہ واقعی ہوتا ہے جبکہ ہر واقعی مسئلہ کا منطق ہونا ضروری نہیں ہے۔ مثال کے طور پر کسی قیاس استثنائی اتصالی کے اندر مقدم وتالی کے مابین علت ومعلول کی نسبت ہو تو وہیں پر چاروں صورتیں منتج ہوتی ہیں۔

marfat.com

(۱) استثناء رفع مقدم منتج ہوتا ہے۔ رفع تالی کا جیسے "اِنْ کَانَتِ الشَّمْسُ طَالِعَةً فَالنَّهَارُ مَوْجُوْدٌ لٰكِنَّ الشَّمْسَ غَيْرَ طَالِعَةٍ فَالنَّهَارُ لَيْسَ بِمَوْجُوْدٍ

(۲) استثناء وضع تالی منتج ہوتا ہے وضع مقدم کا جیسے "اِنْ كَانَتِ الشَّمْسُ طَالِعَةً فَالنَّهَارُ مَوْجُوْدٌ لٰكِنَّ النَّهَارَ مَوْجُوْدٌ فَالشَّمْسَ طَالِعَةٌ۔

(۳) استثناء وضع مقدم منتج ہوتا ہے وضع تالی کا جیسے "اِنْ كَانَتِ الشَّمْسُ طَالِعَةً فَالنَّهَارُ مَوْجُوْدٌ لٰكِنَّ الشَّمْسَ طَالِعَةٌ فَالنَّهَارُ مَوْجُوْدٌ

(۴) استثناء رفع تالی منتج ہوتا ہے رفع مقدم کا جیسے "اِنْ كَانَتِ الشَّمْسُ طَالِعَةً فَالنَّهَارُ مَوْجُوْدٌ لٰكِنَّ النَّهَارَ لَيْسَ بِمَوْجُوْدٍ فَالشَّمْسُ لَيْسَتْ بِطَالِعَةٍ

ان چاروں استثنائی صورتوں کا نتیجہ خیز ہونا امر واقعی ہے اور نا قابل انکار حقیقت ہے کیونکہ ان سب میں مقدم و تالی کے مابین علت و معلول کی نسبت ہونے کا فطری تقاضا یہی ہے کہ ان میں سے ہر ایک کا وجود آپ ہی دوسرے کے وجود کی دلیل ہو جس کے بعد دوسرے کا وجود ثابت کرنے پر کوئی اور دلیل تلاش کرنے کی ضرورت نہیں ہے ورنہ "يَسْتَحِيْلُ وُجُوْدُ الْمَعْلُوْلِ بِدُوْنِ عِلَّتِهٖ" اور "يَسْتَحِيْلُ تَخَلُّفُ الْمَعْلُوْلِ عَنْ عِلَّتِهٖ" جیسے قضایا کے بدیہی ہونے کا کوئی مطلب ہی نہیں رہتا۔ اسی طرح ان میں سے ہر ایک کی نفی و عدم آپ ہی دوسرے کی نفی و عدم پر دلیل ہے جس کے بعد اس کی نفی و عدم پر کوئی اور دلیل تلاش کرنے کی ضرورت نہیں ہے ورنہ مذکورہ بدیہی قضایا بے ثمر و بے اثر ہو کر رہ جاتے ہیں جو خلاف عقل و ناممکن ہے۔ ہم نے لزوم کفر کی نویں مثال کے مذکورہ جزئیہ کے حوالہ سے جو

marfat.com

تشبیہاتی مثال قیاس استثنائی اتصالی کی شکل میں پیش کر کے استثناء رفع مقدم سے رفع تالی کا جو نتیجہ بتایا ہے وہ اسی اصول کے مطابق ہے جو منطق نہ ہونے کے باوجود امر واقعی، مقتضاء فطرت اور نا قابل انکار حقیقت ہے۔ کیونکہ ہر امر واقعی کا منطق ہونا ضروری نہیں ہے جبکہ ہر منطقی مسئلہ کا امر واقعی ہونا ضروری ہے۔

☆☆☆☆☆☆

marfat.com

# ﴿قیاس استثنائی اتصالی کا نتیجہ خیز ہونے کیلئے استثناء رفع تالی کا رفع مقدم کے منتج ہونے اور استثناء وضع مقدم کا وضع تالی کا منتج ہونے کا فلسفہ﴾

لزوم کفر کی نویں قسم کی مثال کو واضح کرنے کیلئے ہم نے جو تشبیہاتی مثال پیش کی ہے اس کو منطق کی کتابوں میں مذکور اس اصول کے خلاف سمجھ کر اشتباہ میں پڑنے کی اصل وجہ اور منشاء غلطی یہ ہے کہ اشتباہ کرنے والے نے قیاس استثنائی اتصالی کا نتیجہ خیز ہونے کیلئے ان دو صورتوں کا اصول منطق مقرر ہونے کے فلسفہ کو نہیں سمجھا ورنہ اس اشتباہ میں کبھی نہ پڑتا۔ اس قسم حضرات کو مزید اشتباہ سے بچانے کیلئے ہم مناسب سمجھتے ہیں کہ منطق کے مذکورہ اصول کا فلسفہ بتادیں۔ وہ یہ ہے کہ قیاس استثنائی کے ہر دونوں جزو یعنی مقدم وتالی اپنے آپس لازم وملزوم ہوتے ہیں یعنی مقدم تالی کو مستلزم وملزوم ہوتا ہے جبکہ تالی اس کو لازم ہوتا ہے۔ اہل علم پر مخفی نہیں ہے کہ لازم ہمیشہ اپنے ملزوم کے ساتھ مساوی فی المصداق یا

marfat.com

مساوی فی الوجود نہیں ہوتا بلکہ کبھی اس سے عام بھی ہوتا ہے اور یہ بھی مسلمہ حقیقت ہے کہ عام کا وجود خاص کے وجود کے بغیر بھی پایا جاتا ہے۔ جیسے حیوان کا وجود انسان کے بغیر کسی اور جاندار کی صورت میں بھی ہو سکتا ہے جبکہ خاص کا وجود ہمیشہ عام کے وجود کو مستلزم ہے یعنی عام کے بغیر خاص کا وجود ممکن نہیں ہے جیسے انسان کی موجودگی اس کے اندر موجود حیوان کی موجودگی کے بغیر ناممکن ہے اسی طرح یہ بھی ناقابل انکار حقیقت ہے کہ عام کی نفی خاص کی نفی کو مستلزم ہے یعنی جہاں پر عام کی نفی ہو وہیں پر ہمیشہ خاص کی بھی نفی ہوتی ہے یعنی عام کی نفی خاص کی نفی پر صریح دلیل ہے جس کے بعد کوئی اور دلیل تلاش کرنے کی ضرورت نہیں ہے ان مسلمات کو سمجھنے کے بعد قیاس استثنائی اتصالی کے نتیجہ دینے کیلئے مذکورہ دو صورتوں کو اصول مقرر کرنے کا فلسفہ آپ ہی واضح ہو جاتا ہے کہ مذکورہ چار صورتوں میں سے پہلی دو صورتیں ہمیشہ درست نہیں ہوتیں، کلی اور دائمی نہیں ہوتی جو ہر جگہ جاری وساری ہو سکے جس وجہ سے ان کو قیاس استثنائی اتصالی کے نتیجہ کیلئے منطقی اصول مقرر کرنیکا جواز ہی پیدا نہیں ہوتا کیونکہ منطق کا ہر اصول کلی و دائمی ہوتا ہے۔ جبکہ آخری دونوں صورتیں کلی اور دائمی ہونے کی بناء پر منطقی اصول قرار پانے کے لائق تھی اسلئے ان ہی کو قیاس استثنائی اتصالی کے نتیجہ کیلئے اصول مقرر کیا گیا ہے لیکن اس کا یہ مقصد ہرگز نہیں ہے کہ ان دو صورتوں کے سوا قیاس استثنائی اتصالی کے نتیجہ کیلئے کوئی اور صورت ہی نہیں ہے یا یہ کہ جو منطقی اصول کے ماتحت نہیں ہے وہ مفید مقصد اور مطابق واقعہ وصادق بھی نہیں ہے۔ (حاشا وکلا) منطق کے کسی بھی اصول میں ایسا تصور نہیں ہے پیش نظر مسئلہ کو ہی لے لیجئے جس کے مطابق قیاس استثنائی

marfat.com

اتصالی کی ان دونوں منطقی اصولوں کے علاوہ پہلی دوصورتیں بھی مندرجہ ذیل حالات میں منتج ہوتی ہیں۔

(۱) یہ کہ مقدم وتالی کے مابین لازم الماہیت ہونے کی نسبت ہو، مثلاً؛

''کُلَّمَا کَانَ ھٰذَا الْاِنْسَانَ مُؤْمِناً کَانَ صَحِیْحَ الْعَقِیْدَۃِ''

1:۔ ''لٰکِنَّہٗ لَیْسَ بِمُؤْمِنٍ فَھُوَ لَیْسَ بِصَحِیْحِ الْعَقِیْدَۃِ

2:۔ لٰکِنَّہٗ صَحِیْحَ الْعَقِیْدَۃِ فَھُوَ مُؤْمِنٌ

(۲) یہ کہ مقدم وتالی کے مابین مترادفین ہونے کی نسبت ہو، مثلاً؛

''کُلَّمَا کَانَ ھٰذَا الْحَیْوَانُ اَسَدًا فَھُوَ لَیْثٌ''

1:۔ لٰکِنَّہٗ لَیْسَ بِاَسَدٍ فَھُوَ لَیْسَ بَلَیْثٍ

2:۔ لٰکِنَّہٗ لَیْثٌ فَھُوَ اَسَدٌ

(۳) یہ کہ مقدم وتالی کے مابین علت ومعلول ہونے کی نسبت ہو، مثلاً؛

''کُلَّمَا کَانَتِ الشَّمْسُ طَالِعَۃً کَانَ النَّھَارُ مَوْجُوْدًا''

1:۔ لٰکِنَّ الشَّمْسَ لَیْسَتْ بِطَالِعَۃٍ فَلَیْسَ النَّھَارُ مَوْجُوْدًا

2:۔ ''لٰکِنَّ النَّھَارَ مَوْجُوْدٌ فَالشَّمْسُ طَالِعَۃٌ

(۴) یہ کہ مقدم وتالی کے مابین کسی علت کے ماتحت یکساں معلول ہونے کی نسبت ہو، مثلاً؛

''کُلَّمَا کَانَ النَّھَارُ مَوْجُوْدًا کَانَتِ الْفَضَآءُ مُضِیْئَۃً''

marfat.com

1:۔ لٰكِنَّ النَّهَارَ لَيْسَ بِمَوْجُوْدٍ فَلَيْسَتِ الْفِضَاءُ بِمُضِيْئَةٍ

2:۔ لٰكِنَّ الْفِضَاءَ مُضِيْئَةٌ فَالنَّهَارُ مُوْجُوْدٌ

اہل علم پر مخفی نہیں ہے کہ ان سب جزئیات میں استثناء رفع مقدم کا رفع تالی کو منتج ہونا اور استثناء وضع تالی کا وضع مقدم کو منتج ہونا ایسا ہی یقینی امر ہے۔ جیسے منطقی اصول کے مطابق استثناء وضع مقدم کا وضع تالی کو منتج ہونا اور استثناء رفع تالی کا رفع مقدم کو منتج ہونا امر یقینی ہے۔ فرق صرف اتنا ہے کہ منطقی اصول کے مطابق نتیجہ دینے والی یہ دونوں صورتیں بلا تخصیص واستثناء ہر جگہ میں سو فیصد نتیجہ خیز ہوتی ہیں جبکہ استثناء رفع مقدم کا رفع تالی کو منتج ہونا اور استثناء وضع تالی کا وضع مقدم کو منتج ہونا صرف اس قسم معدودی چند صورتوں میں ہوتا ہے اسی طرح منطق کے ہر اصول کا کوئی فلسفہ ضرور ہوتا ہے جس کو سمجھے بغیر اشتباہ پیدا ہوسکتا ہے۔ لیکن ہمیں افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آج کل ہمارے درس نظامی کے مدارس سے فارغ التحصیل ہونے والے حضرات کی غالب اکثریت اصول منطق سے ہی ناآشنا ہوتی جارہی ہے۔ چہ جائیکہ اس کے پس منظر وفلسفہ کو سمجھ سکے۔ جس اشتباہ کا جواب یہاں پر میں ۔نے پیش کیا اس کے وارد کرنے والے بھی ہمارے معاصر علماء کرام کی صف میں بڑے منطقی وفلسفی مشہور ہیں جب درس نظامی کے مدارس کے ساتھ مربوط اتنے بڑے حضرات کا یہ حال ہے تو اللہ ہی بہتر جانتا ہے کہ کم درجہ کے مفیدین ومستفیدین کا کیا عالَم ہوگا؟ الٰہیات کے حوالہ سے علمی زوال کے اس المیہ کی ایک بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ ہمارے دینی مدارس کی کامیابی کا معیار طلباء کے حوالہ سے کثرت رؤس کو سمجھا جاتا ہے اور مدارس چلانے

marfat.com

والے حضرات طلباء کی حقیقی تعلیم وتربیت کو پیش نظر رکھنے کی بجائے عددی اکثریت دکھانے کی مسابقت میں مبتلا ہیں شاید اس المیہ کی شروعات کو دیکھ کر علامہ اقبال مرحوم نے کہا تھا کہ؛

''رہ گیا فلسفہ تلقین غزالی نہ رہی''

اہل علم جانتے ہیں کہ موئید من عند اللہ نفوس قدسیہ کے ماسوا وہ حضرات جو الٰہیات کے ساتھ مربوط ہوتے ہیں بطور علم آلی منطق کو سمجھے بغیر فقہ کو سمجھ سکتے ہیں نہ اصول فقہ کو، علم کلام کو سمجھ سکتے ہیں، نہ لزوم والتزام کفر کے مابین تمیز کو یہ کوئی ایسا مسئلہ نہیں ہے جو درس نظامی پڑھنے اور پڑھانے والے حضرات سے پوشیدہ ہو بلکہ درسی کتابوں میں بھی لکھا ہوا موجود ہے جس کی اہمیت کا احساس کرتے ہوئے سلف صالحین نے منطق کے ناگزیر مسائل کو فقہ اور کلام سے مقدم رکھا ہے۔ جیسے حضرت ابن ہمام نے فتاویٰ فتح القدیر اور تحریر الاصول کے مندرجات کی سمجھ میں آسانی کیلئے مقصودی مسائل کو بیان کرنے سے پہلے منطق کے ان مسائل کو بیان کیا ہے جن پر ان دونوں کی فہم موقوف ہے۔ مسلم الثبوت والے نے بھی فقہ اور اس کے اصول کو سمجھنے کیلئے ان مسائل کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے کہا ہے؛

''لزوم کفر اور التزام کفر خالص علم کلام سے متعلق ہونے کی بناء پر بغیر منطق کے ان کی حقیقتوں کو جاننا متوسط ذہنوں کیلئے ممکن ہی نہیں ہوسکتا''۔

علم الکلام عند المتاخرین کے مندرجات کو بغیر منطق کے سمجھنے کی اُمید کرنا'' بیل

marfat.com

سے دودھ ملنے کی'' اُمید کرنے سے مختلف نہیں ہے۔شرح عقائد کی ابتداء میں ہی کہا گیا ہے:

''حَتّٰی کَادَ لَا یَتَمَیَّزُ عَنِ الْفَلْسَفَۃِ لَوْلَا اِشْتِمَالُہٗ عَلَی السَّمْعِیَّاتِ

یعنی علم کلام کے مسائل اگر سمعیات پر مشتمل نہ ہوتو منطق سے ان کو جدا سمجھنا ہی مشکل ہو۔

خیالی علی شرح العقائد نے اسلامی عقائد کی سمجھ کیلئے منطق کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے لکھا ہے:

''اِنَّ مَبَاحِثَ النَّظَرِ وَالدَّلِیْلِ جُزْءٌ مِنْہُ عَلٰی مَاھُوَالْمُخْتَارُ

جس کا مفہوم یہ ہے کہ متاخرین متکلمین کی روش وپسند کے مطابق منطق کے مباحث کلام کے جزو ہیں۔

الخیالی علی شرح العقائد' صفحہ 9 جس کی تشریح کرتے ہوئے عبدالحکیم سیالکوٹی نے لکھا ہے:

''لِاَنَّ مَبَاحِثَ النَّظَرِ جُزْءٌ مِّنْہُ عَلٰی مَااخْتَارَہُ الْمُتَاخِّرُوْنَ فَیَکُوْنُ اَسَاسَ الْعَقَائِدِ'' (عبدالحکیم سیالکوٹی علی الخیالی مع جامع التقاریر' صفحہ 73' مطبوعہ بیروت)

جس کا مفہوم یہ ہے اسلامی عقائد کو سمجھنے کیلئے منطق کی اہمیت اسلئے ہے کہ منطق کے مسائل متاخرین متکلمین کی روش کے مطابق اسکے جزو ہیں تو یہ لازماً عقائد اسلامیہ کی تفصیلی دلائل کی بھی بنیاد ہوگا۔

اسلامی عقائد کو سمجھنے کیلئے منطق کی اہمیت سے متعلق اسلاف کی یہ تصریحات قوت

marfat.com

فکری کے غیر ترقی یافتہ دورِ تاریخ کی بات ہے جبکہ سائنسی دور کے موجودہ حریت فکر میں اسلامی عقائد کی حقیقی فہم اُس دورِ تاریخ کے مقابلہ میں زیادہ محتاجِ منطق ہے۔ ۲۰۰ھ تا ۱۲۰۰ھ کے ہزار سالوں کے دورانیہ میں ان حضرات نے معتزلہ، قدریہ، نواصب وخوارج جیسے معدودی چند گمراہوں کی فریب کاریوں سے اسلامی عقائد کو بچانے کیلئے منطق کو ناگزیر جانا تھا جبکہ موجودہ دورِ ترقی میں اسلامی عقائد کے خلاف شکوک وشبہات پیدا کرنے والوں کی شرح پیداوار میں روز افزوں ترقی در ترقی ہوتی جارہی ہے ایسے میں منطق سے بے اعتنائی کا جو انجام ہوسکتا ہے وہ کسی سے پوشیدہ نہ ہونا چاہیے۔ لزوم کفر اور التزام کفر علم کلام کے باریک مسائل کے زمرہ میں ہونے کی وجہ سے بغیر منطق ان کو سمجھنا عام علماء کیلئے ایسا ہی ناممکن ہے۔ جیسے ''بیل سے دودھ حاصل کرنا''۔

☆☆☆☆☆☆

marfat.com

# لزوم کفر اور التزام کفر کی کچھ اور مثالیں

(۱) کسی مدعی اسلام کا یہ کہنا کہ "بالفرض اگر کوئی ملک مقرب یا رسول معظم ﷺ علم غیب ذاتی کو جانے تو اللہ تعالیٰ کی توحید علمی میں کوئی فرق نہیں آئے گا کیونکہ اللہ تعالیٰ کی عالمیت بالغیب بالذات ہے جبکہ ان ذوات قدسیہ کی عالمیت بالغیب بالعرض ہے یعنی ان ہستیوں کا علم غیب ذاتی کو جاننا کسی واسطہ کی وجہ سے ہے"۔ لہٰذا اس قضیہ مفروضہ کے مطابق ان مقدس ہستیوں کا علم غیب ذاتی کو جاننا ایسا ہی حقیقت ہے، جیسے اللہ تعالیٰ کا علم غیب ذاتی کو جاننا حقیقت ہے۔ دنیائے محسوسات میں اس کی ایسی مثال ہے، جیسے تالا کو کھولتے وقت چابی کو حرکت دینے والے ہاتھ پر بھی اور چابی پر بھی حرکت کا حمل درست ہوتا ہے۔ جس کے مطابق "اَلْمِفْتَاحُ مُتَحَرِّكٌ" اور "اَلْيَدُ مُتَحَرِّكَةٌ" کے دونوں جملوں میں حمل کی نوعیت یکساں ہے، دونوں حقیقت ہیں اور دونوں کا حرکت کیساتھ متصف ہونا امر واقعی ہے اگر کچھ فرق ہے تو وہ صرف بالذات اور بالواسطہ کا ہے جو حمل اور اتصاف کی راہ میں رکاوٹ نہیں ہے۔ جیسے واسطہ فی العروض غیر سفیر محض کے تمام جزئیات میں ہوتا ہے۔ انصاف یہ ہے کہ قائل کا یہ کلام التزام کفر کی دوسری قسم ہونے کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ جس کے مطابق غیر اللہ کیلئے علم غیب ذاتی جاننے کو اللہ تعالیٰ کی توحید علمی کے منافی نہ کہہ کر ضرورت دینی کے

marfat.com

نقیض کا صراحتاً ارتکاب کیا گیا ہے کیونکہ غیر اللہ کا علم غیب ذاتی کو جاننا توحید علمی کے منافی ہونے کا جو اسلامی عقیدہ ہے وہ اپنی جگہ ضرورت دینی ہے کہ اہل اسلام کے دیندار طبقہ کا خاص و عام تاریخ کے ہر دور میں اس کو اسلام کا حصہ سمجھتا آیا ہے اور مسلم معاشرہ میں اس کا اسلامی اعتقادیات کا حصہ ہونا اتنا مشہور ہے کہ اس پر دلیل دینے کی ضرورت محسوس نہیں کی جاتی۔ جبکہ اس قول میں توحید علمی میں کچھ فرق نہیں آئے گا کہنا اس کی صریح نقیض ہے اور نقیضین میں سے ایک کا ارتکاب آپ ہی دوسرے کی نفی پر دلیل ہے جس کے بعد کوئی اور دلیل تلاش کرنیکی ضرورت نہیں ہے۔ اس کے جواز کیلئے اتصاف بوصف العالمیت بالذات وبالعرض کی مذکورہ تاویل کا سہارا لینا اور واسطہ فی العروض غیر سفیر محض کی مثال دینا الٰہیات کو مادیات پر قیاس کرنے کی بے محل جسارت کے سوا اور کچھ نہیں ہے کیونکہ علم غیب ذاتی اللہ تعالیٰ کا خاصہ ہونا الٰہیات کا مسئلہ ہے مادیات کا نہیں اور غیر اللہ کا اس کے ساتھ متصف ہونا ضرورت دینی کے منافی ہونے کی وجہ سے ضرورت دینی کا منافی ہونا عقیدہ کا مسئلہ ہے جو معنوی اور غیر محسوس چیز ہے جبکہ واسطہ فی العروض کی مذکورہ مثال محسوسات کے قبیلہ سے ہے لہٰذا توحید فی العلم کے منافی اس صریح التزام کفر کو اسلام کا حصہ ثابت کرنے کیلئے یہ جو کچھ کہا گیا ہے بے محل اجتہاد اور وسوسہ شیطان کے سوا اور کچھ نہیں ہے جس سے سطحی ذہنوں کا شکوک وشبہات میں مبتلا ہونا تو ان کی مجبوری ہے جبکہ اسلام شناس حضرات اس کو مجنون کی بڑ سے مختلف نہیں سمجھتے ہیں۔

marfat.com

## ﴿شیطانی وسوسہ پر دوسرا رد﴾

اس شیطانی وسوسہ پر دوسرا رد یہ ہے کہ اس کے مطابق الوہیت کی بھی تقسیم لازم آتی ہے۔ مثلاً کوئی شخص شان الوہیت کی عظمت و بے مثلیت کا اظہار کرنے کی غرض سے یہ کہہ دے کہ اگر بالفرض اللہ تعالیٰ کے ساتھ کوئی دوسرا شخص بھی وصف الوہیت کے ساتھ متصف ہو جائے تو پھر بھی اللہ تعالیٰ کی توحید فی الذات میں کوئی فرق نہیں آئے گا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کا اس وصف کے ساتھ متصف ہونا بالذات ہے جبکہ دوسرے کا اتصاف بالعرض ہے جب اتصاف بوصف الالوہیت میں یکسانیت نہیں ہے تو پھر توحید فی الذات میں فرق کیوں آئے؟

اسی طرح ماوراء العقل والحواس باتوں کو محسوسات پر قیاس کرنے کی غلطی میں مبتلا کوئی پیر پرست گمراہ شخص یہ کہہ دے کہ "اگر بالفرض میرے پیر و مرشد کو ازلی وابدی کہا جائے تو پھر بھی اللہ تعالیٰ کا واحد فی الازل والابد ہونے میں کوئی فرق نہیں آئے گا کیونکہ اللہ تعالیٰ کی ازلیت ابدیت بالذات ہے جبکہ اس کی بالعرض ہے"۔ تو اس قسم جملہ دجل کاریوں کے جواب میں یہی کہا جاتا ہے کہ اس میں ضروریات دینیہ کو عقل کے تابع بنانے کی کوشش کی گئی ہے جو خلاف فطرت ہے، غیر محسوس کو محسوس پر قیاس کیا گیا ہے جو جہل ہے اور بے محل اجتہاد کیا گیا ہے جو ظلم و تعدی ہے یہ اسلئے ہے کہ ضروریات دینیہ چاہے علم غیب ذاتی کا اللہ تعالیٰ کا خاصہ ہونے کا عقیدہ ہو یا ازلیت و ابدیت کو اللہ تعالیٰ کا خاصہ جاننے کا عقیدہ ہو، اللہ

marfat.com

وحدہ لاشریک کو وصف الوہیت میں تنہا، یکتا و منفرد سمجھنے کا عقیدہ ہو ﴿یا﴾ رسول معظم خاتمی مرتبت ﷺ کو خاتم النبیین بمعنی نبی آخر الزمان جاننے کا عقیدہ ہو ﴿یا﴾ کوئی اور ایسا عقیدہ و حکم ہو جس کا حصہ اسلام ہونا تاریخ کے ہر دور میں جملہ اہل قبلہ کے مابین ایسا مسلمہ و مشہور ہو کہ اس کو اسلامی حکم ثابت کرنے کے لئے دلیل تلاش کرنے کی ضرورت محسوس نہ کی جاتی ہو تو اس کی ضد یا نقیض کا عقیدہ رکھنے والا یا انجانے میں اس کی ضد یا نقیض کا ارتکاب کرنے والا ملتزم کفر ہو جاتا ہے۔ جس میں اہل قبلہ میں سے کسی ایک فرقہ کا بھی اختلاف نہیں ہے۔

ہاں البتہ غیر ارادی طور پر محض سبقت لسانی سے ایسا ہو جائے یا جبر و اکراہ کی صورت ہو تو اس میں لزوم کفر بھی نہیں ہے چہ جائیکہ التزام کفر ہو۔ اس کا موضوع سخن کے ساتھ کوئی تعلق ہی نہیں ہے۔ ان استثنائی صورتوں کے سوا جہاں پر بھی اور جس اختیاری کلام میں بھی کسی ضرورت دینی کی نقیض یا ضد کا ارتکاب ہو اس کا صریح کفر ہونا۔ التزام کفر اور نا قابل تاویل کفر بواح ہونا جملہ اہل اسلام کے مابین متفقہ ہے جس میں اتصاف بالذات و بالعرض کی تاویل کرنا بجائے خود بدعت و گمراہی ہے اور عقل و حواس سے ماوراء اور غیر مادی باتوں کو مادیات و محسوسات پر قیاس کرنے کی ناکام جسارت ہے۔

☆☆☆☆☆☆

marfat.com

# قضیہ مفروضہ کے مغالطہ کا ازالہ

اس قسم صریح التزام کفر میں مبتلا لوگوں کو مرتد کے شرعی احکام کے اجراء سے بچانے کیلئے کچھ حضرات قضیہ مفروضہ کا بہانہ کر کے نیم خواندہ لوگوں کو مغالطہ دیتے ہیں جو مغالطہ برائے مغالطہ کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ اس لئے مناسب سمجھتا ہوں کہ اس کا بھی ازالہ کروں مغالط دینے والے حضرات کا کہنا یہ ہے کہ "اس قسم عبارات میں بالفرض کا لفظ اس بات کی واضح دلیل ہے کہ جس جملہ پر یہ داخل ہوا ہے وہ امر واقع اور متکلم کے عقیدہ کے مطابق نہیں بلکہ قضیہ مفروضہ ہے جس میں ایک ناممکن بات کو بالفرض والمحال مفروضہ بنایا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے بھی قرآن شریف میں "لَوْ کَانَ فِیْهِمَا اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا" فرما کر اسلامی عقیدہ کے خلاف شرکاء الوہیت کی موجودگی کو بالفرض والتقدیر ذکر فرمایا ہے۔ لہٰذا پیش نظر عبارات بھی قضیہ مفروضہ کے قبیلہ سے ہونے کی بنیاد پر التزام کفر سے ماوراء ہیں۔ جبکہ قضیہ مفروضہ پر مشتمل ان عبارات و کتب کے مصنف بھی اہل علم، مرشد الناس، حقائق شناس اور الٰہیات کے ماہر تھے پھر یہ بھی ہے کہ ان حضرات نے یہ جو کچھ بھی کہا ہے، لکھا ہے اور دنیا کے سامنے پیش کیا ہے اس میں ان کا مقصد اللہ کی اور اللہ کے رسول ﷺ کی عظمت شان کا اظہار کرنا ہے۔ ایسے میں ایک قضیہ مفروضہ کی بناء پر اتنے بڑے حضرات کو ملتزم کفر کہہ کر ارتداد کے احکام ان پر جاری کرنے کا فتویٰ صادر کرنا

marfat.com

انصاف کے منافی ہے۔

جواب اس کا یہ ہے کہ یہ مغالطہ برائے مغالطہ کے سوا اور کچھ نہیں ہے جس سے نیم خواندہ حضرات کا متاثر ہونا تو ان کی مجبوری ہے جبکہ قضیہ مفروضہ اور قضیہ حقیقیہ کی ماہیتوں کو جاننے والے حضرات اسے مجنون کی بڑ سے مختلف نہیں سمجھتے۔ صریح التزام کفر کے ان جزئیات کو جائز ثابت کرنے کے لئے مشہور کیا جانے والا یہ مغالطہ قضیہ مفروضہ کی حقیقت سے نا آشنائی کا نتیجہ ہے۔ حقیقت میں قضیہ مفروضہ کوئی مستقل قضیہ نہیں ہے کہ اس کی جامع و مانع تعریف کہیں لکھی ہوئی موجود ہوتی جیسے قضیہ حملیہ اور اس کے جملہ اقسام اسی طرح قضیہ شرطیہ اور اس کے جملہ اقسام بمع مالہ وما علیہ فلسفہ کے حصہ منطق میں لکھے ہوئے موجود ہیں اور سب کو معلوم ہیں اگر قضیہ مفروضہ بھی کوئی مستقل قضیہ ہوتا تو بالیقین منطق کے مباحث قضایا میں دوسرے قضایا کی طرح اس کا تعارف بھی کیا گیا ہوتا۔ لیکن مختلف انواع علوم میں اس کا وجود اس طرح سے پایا جاتا ہے کہ کسی جائز مدعا کو ثابت کرنے کیلئے کسی ایسی چیز کو موضوع مقدم فرض کیا جاتا ہے جو مقصود متکلم تو نہیں ہے لیکن نسبت محمول کے حامل ہونے کے بعد متکلم کے مدعا کو مستلزم ہوتی ہے اس کا ناممکن و محال ہونا کوئی ضروری نہیں ہے بلکہ کبھی ناممکن و محال ہوتی ہے۔ اور کبھی ممکن بھی ہوتی ہے فرق صرف اتنا ہے کہ محال ہونے کی صورت میں کبھی ناممکن کو مستلزم ہوتی ہے، کبھی ممکن کو جبکہ ممکن ہونے کی صورت میں ہمیشہ ممکن کو ہی مستلزم ہوتی ہے، ناممکن کو کبھی نہیں۔ گویا قضیہ مفروضہ درحقیقت قضیہ شرطیہ متصلہ کی ایک مفروضی شکل ہے جس کو بسے اوقات قیاس جدلی یا خطابی کیلئے

marfat.com

استعمال کیا جاتا ہے جس میں شرطیہ کے اندر موجود نسبتین میں سے اول یعنی مقدم والی نسبت مقصود متکلم نہیں ہوتی بلکہ ایک جائز مدعا کو ثابت کرنے کیلئے اسے مفروض الوجود فی الذہن تصور کر کے مخاطب کو قائل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ نیز یہ کہ قضیہ شرطیہ متصلہ سے قیاس استثنائی اتصالی بنانے کی صورت میں جو صورتیں فطری طور پر منتج ہوتی ہیں یعنی استثناء رفع تالی کا رفع مقدم پر منتج ہونا اور استثناء وضع مقدم کا وضع تالی پر منتج ہونا یہ بھی قضیہ مفروضہ کی شکل میں بالیقین اور سو فیصد درست نہیں ہوتی جس وجہ سے اس کو منطق کا مسئلہ بھی نہیں کہا جا سکتا کیونکہ مسائل منطقیہ ہمیشہ کلی اور دائمی اور یقینی ہوتے ہیں جو ہر جگہ، ہر وقت اور بالیقین بلا تغیر و تبدیل جاری ہو سکے۔ یہ اس معیار کا قضیہ نہ ہونے کی وجہ سے نہ منطق کا مسئلہ ہے نہ مناطقہ اس سے بحث کرتے ہیں۔ یہ الگ بات ہے کہ دوسرے علوم میں کچھ باتوں کا ضمناً تذکرہ ہونے کی طرح منطق کی کچھ کتابوں میں بھی اس کی کچھ شکلیں ضمناً مذکور ہوئی ہیں۔ جیسے قاضی مبارک علی السلم میں ہے؛

''لَوْکَانَ اعْتِبَارِیًّا لَمْ یَتَحَقَّقْ عِنْدَ انْقِطَاعِ الْاِعْتِبَارِ''

(قاضی مبارک مع حاشیہ حافظ دراز صفحہ 235)

جو حضرات قضیہ مفروضہ کو منطقی مسئلہ سمجھنے کی غلطی میں مبتلا ہیں انہیں اس حقیقت پر غور کرنا چاہیئے۔ جس میں اچھے خاصے علماء کرام کو بھی ہم نے مبتلا دیکھا ہے۔ نیز یہ کہ قضیہ مفروضہ اپنے اس مفہوم و حقیقت کے ساتھ جیسے منطق کی کتابوں میں ضمناً مذکور ہوا ہے ویسے ہی دوسرے علوم و کتب میں بھی مذکور ہوا ہے۔ جیسے شرح عقائد میں ہے کہ؛

marfat.com

"لَوْ اَمْکَنَ اِلٰهَانِ لَاَمْکَنَ بَیْنَهُمَا التَّمَانُعُ"

اسی طرح نبراس میں ہے کہ؛

"لَوْوُجِدَ وَاجِبَانِ لَاشْتَرَکَا فِی الْوُجُوْبِ وَتَمَا یَزَا بِغَیْرِہٖ"

(نبراس، صفحہ 155)

بلکہ قرآن شریف کے اندر بھی اس کی متعدد مثالیں موجود ہیں۔ جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا؛

"لَوْ کَانَ فِیْهِمَا اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا"

جس کا مفہوم یہ ہے کہ اگر بالفرض زمین و آسمان میں اللہ تعالیٰ کے سوا الٰہہ ہوتے تو بالیقین ان کا یہ نظام درہم برہم ہو جاتا۔ (سورۃ الانبیاء، آیت نمبر ۲۲)

اہل علم جانتے ہیں کہ زمین و آسمان میں اللہ وحدہ لاشریک کے سوا اور آلہہ کا موجود ہونا فی نفسہ ناممکن و محال ہے جس کو اس آیت کریمہ میں موجود فرض کر کے اس کے لازمہ کو جو فی نفسہ ممکن ہے انسانی فہم کے مطابق ذکر کر کے توحید کی فہمائش کی گئی ہے۔ جس میں اصل قضیہ مفروضہ زمین و آسمان میں اللہ کے سوا آلہہ کا موجود ہونا ہے۔ جس کو محض وجود ذہنی کے درجہ میں موجود فرض کرنے سے مقصد یہاں پر توحید کی فہمائش کرنے کے سوا اور کچھ نہیں ہے جس کو لسان قرآنی کے ماسوا دوسری زبانوں کے متوسط ذہن کے لوگوں کی سہولت فہم کیلئے قیاس استثنائی اتصالی کی شکل میں یوں سمجھا جا سکتا ہے کہ؛ "لَوْ کَانَ فِیْهِمَا اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا" لٰکِنَّهُمَا لَمْ تَفْسُدَا حَتَّی الْاٰنَ کَمَا تَرَوْنَ فَلَمْ یَکُنْ فِیْهِمَا اٰلِهَةٌ اس لئے کہ کسی بھی چیز کے لازمہ کی نفی آپ ہی ملزوم کی نفی ہوتی ہے جس

marfat.com

کے بعد ملزوم کی نفی کی فہمائش کیلئے کوئی اور دلیل تلاش کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

## ﴿قرآن شریف میں قضیہ مفروضہ کی دوسری مثال﴾

اللہ تعالیٰ نے فرمایا؛

"لَوْ اَرَدْنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ لَهْوًا لَّاتَّخَذْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّآ اِنْ كُنَّا فٰعِلِيْنَ"

جس کا مفہوم یہ ہے کہ اگر ہم اس نظام کائنات کو لہو ولعب بنانے کا ارادہ کرتے تو اسے عالم غیب میں اپنے پاس سے ہی اختیار کرتے اگر ہمیں کرنا ہوتا۔

(سورۃ الانبیاء' آیت نمبر 17)

اہل فہم سے مخفی نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ کا لہو ولعب کا ارادہ کرنا ناممکن و محال ہے چاہے عالم ظہور میں ہو یا عالم غیب میں جبکہ اِس آیت کریمہ میں قضیہ مفروضہ کے طور پر عالم ظہور کے اس نظام کائنات سے متعلق ارادہ الٰہی کو لہو ولعب سے متعلق مفروض الوجود قرار دیکر عالم غیب میں لہو ولعب کے ارادہ کرنے کو اس کا لازمہ بتایا گیا ہے یعنی ایک محال کو دوسرے محال پر منتج ٹھہرایا گیا ہے جو مخاطبین کی فہم وادراک کے عین مطابق ہے کیونکہ ہر انسان اللہ تعالیٰ کی ذات کی طرح اس کی صفات وافعال کو بھی اس نظام کائنات کا حصہ ہوئے بغیر محض غیب ہونے پر یقین رکھتا ہے۔ جس میں مسلم وغیر مسلم کی کوئی تفریق نہیں ہے۔ ایسے میں "لَوْ اَرَدْنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ لَهْوًا" کی شرط پر "لَّاتَّخَذْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّآ" کے جزاء کو مرتب ہوتے ہوئے سننے کے ساتھ ہی بلا تاخیر مراد الٰہی کو سمجھا جاتا ہے کہ عالم ظہور کے اس نظام کائنات سے اللہ تعالیٰ نے لہو ولعب کا ارادہ نہیں فرمایا ہے۔ یہ اس لئے کہ "لَا

marfat.com

تَّخَذْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّاۤ سے مراد عالم غیب کا لہو ولعب ہے جس کا نظام کائنات کے اس عالم ظہور کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے کیونکہ عالم ظہور اور عالم غیب اپنے آپس مخصوص ضدین ہونے کی بناء پر ایک کا مخصوص انداز سے ثبوت آپ ہی دوسرے کی اسی انداز سے نفی پر دلیل ہے۔ جس کے بعد دوسری دلیل کی ضرورت نہیں رہتی جس کے مطابق "لَّاتَّخَذْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّاۤ" کہنے کے ساتھ ہی عالم غیب کے لہو ولعب کا باوصف محال ذہن میں آنا آپ ہی نظام کائنات کے اس عالم ظہور کے لہو ولعب کی نفی کا تصور دے رہا ہے۔ جو عین مراد الٰہی ہے جسے مخاطبین کو سمجھانے کیلئے اس قضیہ مفروضہ کو استعمال کیا گیا ہے۔

## ﴿قرآن شریف میں قضیہ مفروضہ کی تیسری شکل﴾

جن لوگوں کے نوشتہ تقدیر میں ایمان لانا نہیں ہے۔ ان کا دنیوی زندگی میں ایمان نہ لانے سے متعلق اللہ نے فرمایا؛

"وَلَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَاۤ اِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ وَكَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى وَحَشَرْنَا عَلَيْهِمْ كُلَّ شَیْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْۤا"

جس کا مفہوم یہ ہے کہ اگر ہم ان کے پاس فرشتے بھی اتار کر بھیجتے اور مردے بھی ان کے ساتھ باتیں کرتے اور ہر چیز بھی ہم ان کے سامنے اٹھا کر لاتے پھر بھی وہ ایمان لانے کے نہیں ہیں۔ (سورۃ الانعام، آیت نمبر ۱۱۱)

اس آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے تبلیغ کیلئے فرشتے ان کی طرف اتار کر بھیجنے کو،

marfat.com

مردوں کا ان کے ساتھ دین اسلام کی حقانیت کی باتیں کرنے کو اور ہر چیز کو ان کے سامنے دین اسلام کی حقانیت پر گواہی دینے کیلئے اکٹھے کرنے کو مفروض الوجود قرار دے کر ان کے ایمان نہ لانے کو بیان فرمایا کہ جس کے نوشتہ تقدیر میں ایمان موجود نہ ہو اس کے ان سب مطالبات کو پورا کیا جائے پھر بھی اسے ایمان نصیب نہیں ہوگا۔ تو ظاہر ہے کہ یہاں پر جن تین باتوں کو مفروض الوجود قرار دے کر قضیہ مفروضہ بنایا گیا ہے وہ سب کے سب ممکن بنفسہ ہیں۔ یعنی تقدیر الٰہی سے قطع نظر فرشتوں کا اتارا جانا بھی ممکن ہے مردوں کا قبروں سے اٹھ کر زندوں کے ساتھ کلام کرنا بھی از روئے عقل ممکن ہے۔ اسی طرح ہر چیز کو ان کے سامنے پیش کرنا بھی ممکن ہے اور اس پر مرتب ہونے والی سزا بھی فی نفسہ ممکن ہے تو جن چیزوں کو یہاں پر مفروض الوجود قرار دے کر قضیہ مفروضہ کے طور پر ایسے لوگوں کے ایمان نہ لانے کی بابت آگاہی دی گئی ہے وہ امر ممکن ہونے کے باوجود مراد الٰہی نہیں ہیں یعنی اللہ تعالیٰ انہیں موجود کرنا نہیں چاہتا اس کے باوجود انہیں مفروض الوجود قرار دے کر قضیہ مفروضہ کے انداز سے ایسے لوگوں کو ایمان نصیب نہ ہونے کا اعلان فرمایا گیا ہے۔ یہ ہے قضیہ مفروضہ کی حقیقت واقسام اور وضاحت جس کو منطق کا ناقابل فہم مسئلہ ہونے کا تاثر مشہور کر کے صریح التزام کفر کرنے والوں کو تحفظ دینے کی شرمناک کوشش کی جا رہی ہے؛ التباس الحق بالباطل کا گناہ کمایا جا رہا ہے اور انجانے میں التزام کفر کا نیا دروازہ کھولا جا رہا ہے، جس پر جتنا افسوس کیا جائے کم ہے۔ میں سو فیصد یقین سے لکھتا ہوں کہ التباس الحق بالباطل کرنے والوں کی اس قسم دجل کاریوں سے متاثر ہونے والوں کی معاشرہ میں

marfat.com

بہتات نہ ہوتی تو ان کی ایک بھی نہ چلتی ہوتی۔ سچ کہا گیا ہے:

"لَوْلَا الْجُهَلَاءُ لَبَطَلَتِ الْحِكْمَةُ"

## ﴿خلاصۃ الکلام بعد التحقیق﴾

یہ کہ قضیہ مفروضہ میں کسی غیر مرادی چیز کو موجود فرض کر کے اس سے جائز مدعا کو ثابت کیا جاتا ہے۔ جیسے قرآن شریف کی مذکورہ آیات میں اللہ تعالیٰ نے بالترتیب شرک کو باطل اور توحید کو ثابت کرنے کے لئے آلہ غیر اللہ کو مفروض الوجود کر کے توحید کی فہمائش فرمائی۔ محسوس نظام کائنات سے لہو ولعب کے ارادہ کرنے کو مفروض الوجود فی اذہان السامعین کر کے نظام کائنات کے اِس عالَم محسوس کو با مقصد و باحکمت پیدا کرنے کی فہمائش کی ہے۔ نظام مصطفیٰ ﷺ سے عنادی منکرین کی طرف فرشتے بھیجنے، مردوں کا ان سے کلام کرانے اور ہر شے کو ان کے سامنے پیش کرنے کی غیر مرادی باتوں کو مفروض الوجود کر کے ان کے ایمان نہ لانے کو بیان کیا گیا ہے۔ جیسے "ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ" میں بیان فرمایا ہے۔ علیٰ ہذا القیاس قرآن وسنت کے جن جن مقامات پر قضیہ مفروضہ استعمال کیا گیا ہے وہیں پر ہمیشہ کسی جائز مدعا کو ہی ثابت کیا گیا ہے جبکہ التزام کفر کی مذکورہ مثالوں کے ارتکاب کرنے کے لئے اس کا ناجائز اور بے محل بہانہ بنایا جا رہا ہے جس میں ذرہ برابر معقولیت نہیں ہے۔ مثال کے طور اللہ تعالیٰ کی توحید فی العلم کے ضرورت دینی والے عقیدہ کے منافی شرک ایجاد کرنے والوں کا یہ کہنا کہ "بالفرض اگر کوئی ملک

marfat.com

مقرب یا رسول معظم علم غیب ذاتی کو جانے تو اللہ تعالیٰ کی توحید علمی میں کوئی فرق نہیں آئے گا'' کیونکہ اللہ تعالیٰ کی عالمیت بالغیب بالذات ہے جبکہ انکی عالمیت بالغیب بالعرض اور ہر مابالعرض مابالذات کا ثمر اور اس کالازمہ ہے۔ جب لازم وملزوم کا اور بالذات و بالعرض کا فرق ہے تو پھر مشرک کیوں ہوا اور توحید میں فرق کیوں آئے؟ تو ظاہر ہے کہ یہ انداز استدلال کسی جائز مدعا کو ثابت کرنے کیلئے نہیں بلکہ ضرورت دینی کے نقیض کو ثابت کرنے کیلئے ہے جو بجائے خود صریح التزام کفر ہے۔ جس کی گنجائش قضیہ مفروضہ کے حوالہ سے اسلام میں نہیں ہے۔ اسی طرح غیر اللہ کی ازلیت وابدیت کے محال کو مفروض الوجود تصور کر کے جھوٹے مدعیان تصوف گمراہوں کا یہ کہنا کہ ''اگر میرے قیوم زمان پیرومرشد کو ازلی وابدی کہا جائے تو توحید میں کوئی فرق نہیں آئے گا'' کسی جائز مدعا اور اسلامی بات کو ثابت کرنے کیلئے نہیں ہے بلکہ توحید کو توڑنے کیلئے ہے، ضرورت دینی کے نقیض کو ثابت کرنے کے لئے ہے ایسا قضیہ مفروضہ نہ دنیائے اسلام میں ممکن ہے نہ دنیائے عقل میں۔ اسی طرح ختم نبوت زمانی کا بند دروازہ توڑنے والوں کا یہ کہنا کہ ''اگر بالفرض بعد زمانہ نبوی ﷺ کوئی دوسرا نبی پیدا ہو جائے تو پھر بھی ختم نبوت محمدی ﷺ میں کوئی فرق نہیں آئے گا'' کسی اسلامی بات کو ثابت کرنے کیلئے نہیں ہے بلکہ ختم نبوت محمدی ﷺ کو توڑنے کیلئے ہے، ضرورت دینی کے نقیض کو ثابت کرنے کیلئے ہے اور ختم نبوت کے ضرورت دینی والے اجماعی عقیدہ اسلام کے مقابلہ میں جدید عقیدہ کو مروج کرنے کے لئے ہے جو بجائے خود صریح التزام کفر ہے۔ ایسے قضیہ مفروضہ کا مومن مسلمان تو سوچ بھی نہیں سکتا چہ جائیکہ اس کا بہانہ بنا کر نا سمجھ دنیا

marfat.com

کو مغالطہ دے۔

جب معلوم ہوا کہ التزام کفر بدیہیات کے قبیلہ سے ہے جو محتاج دلیل نہیں ہے، خود اپنے آپ پر دلیل ہے اور صریح ہے جو محتاج نیت و قرینہ بھی نہیں ہے، اختلاف کی گنجائش نہیں رکھتا کہ کسی طریقے سے ارتداد کے احکام سے اسے بچایا جا سکے، جس کے ثبوت کے بعد اسے مرتد جاننا، غیر مسلم کہنا اور مرتد کے جملہ احکام اس پر صادر کرنا لازم ہو جاتا ہے یہاں تک کہ اس کے کفر میں شک کرنے اور اسے کافر کہنے میں تردد کرنے والا بھی التزام کفر کے زمرہ میں شامل ہو جاتا ہے چہ جائیکہ اسے مسلمان قرار دینے کیلئے تاویل ڈھونڈنے والا مسلمان رہ سکے۔ اس کے برعکس لزوم کفر نظریات کے قبیلہ سے ہے جو محتاج دلیل ہوتا ہے، خود کفر نہیں ہوتا بلکہ کفر کو مستلزم ہوتا ہے، کفر سے اسے بچانے کی گنجائش موجود ہوتی ہے اور اسے کافر نہ جاننے یا اسے کافر نہ کہنے والوں پر بھی کفر کا اطلاق جائز نہیں ہوتا۔

گذشتہ صفحات میں ان دونوں کی تفصیلی فہرست جو ہم بیان کر آئے ہیں۔ اس کی روشنی میں ان دونوں کے مابین حقیقی تفریق کا مسئلہ تو بے غبار ہو گیا ہے کہ التزام کفر کی کوئی صورت لزوم کفر ہو سکتی ہے نہ لزوم کفر کی کوئی شکل التزام کفر ہو سکتی ہے۔ اسی نکتہ تفریق کی بنیاد پر ان کے فقہی احکام بھی ایک دوسرے سے مختلف ہیں کہ نہ التزام کفر کے احکام کو لزوم کفر کے مرتکب پر جاری کرنا جائز ہے نہ لزوم کفر کے احکام کو التزام کفر کرنے والوں پر جاری کر کے انہیں مرتد قرار دینے کی گنجائش ہے اس کے باوجود کچھ الفاظ ایسے بھی ہیں جن کا لزوم کفر یا التزام کفر ہونے یا کچھ بھی نہ ہونے کی تمیز نہایت مشکل ہے۔ اس قسم الفاظ کی

marfat.com

فہرست بہت طویل ہے الٰہیات کے حصہ فتاویٰ میں سب سے زیادہ موضوع سخن ایسے ہی الفاظ ہوتے ہیں جن کی حقیقت تک پہنچنا بغیر نیت متکلم یا بغیر خارجی قرینہ کے ممکن نہیں ہوتا اور محلِ اجتہاد ہونے کی بناء پر ان میں التزام کفر کی کوئی صورت تو ہو نہیں سکتی لہٰذا ان کا دائرہ کار لزوم کفر کے مذکورہ خانوں سے متجاوز نہیں ہوتا تو جن ائمہ و مجتہدین نے ان پر فتویٰ کفر لگایا ہے، انہوں نے ان کا مفضیٰ الی الکفر ہونے پر غالب گمان کر کے لزوم کفر کا حکم کیا ہے اور جنہوں نے تکفیر نہیں کی ہے انہوں نے مفضیٰ الی الکفر ہونے کو موہوم و مرجوح کے درجہ میں اور جائز ہونے کے احتمالات کو راجح اور غالب گمان ہونے کا لحاظ کیا ہے۔ ایسے الفاظ کی فہرست میں ایک لفظ کسی غیر اللہ کو قیوم زمان یا قیوم جہان کہنا بھی شامل ہے جس کو فقہاء کرام نے کفر لکھا ہے۔ جیسے فتاویٰ مجمع الانہر شرح ملتقی الابحر میں ہے:

"اِذَا اُطْلِقَ عَلَى الْمَخْلُوْقِ مِنَ الْاَسْمَآءِ الْمُخْتَصَّةِ بِالْخَالِقِ جَلَّ وَعَلٰى نَحْوِ الْقُدُّوْسِ وَالْقَيُّوْمِ وَالرَّحْمٰنِ وَغَيْرِهَا يَكْفُرُ"

(مجمع الانہر' جلد 1' صفحہ 690' مطبوعہ بیروت)

جبکہ کچھ اہل علم نے بعض مشائخ کے لئے اسے استعمال کیا ہے۔ تو ظاہر ہے کہ جنہوں نے اسے کلمہ کفر کہہ کر اس کے قائل کی تکفیر کی ہے اس کفر سے مراد کفر لزومی ہے کہ انہوں نے اس کلام کو اللہ تعالیٰ کی صفت خاص کا غیر اللہ کیلئے ثابت کرنے کو مستلزم جانا ہے کہ قیوم بمعنی خلائق کی حاجت روائی کرنے اور علی الاطلاق سب پر تصرف کرنے والا کے ہیں تو ظاہر ہے کہ اس مفہوم کا اللہ کی صفت خاصہ ہونے اور اللہ کے سوا کسی اور کیلئے ناجائز

marfat.com

سمجھنے کا جو اسلامی حکم وعقیدہ ہے وہ ضروریات دین کے قبیلہ سے ہے جس کا انکار یا اس کے نقیض یا ضد کا ارتکاب یا اس پر ایمان وعقیدہ رکھنے کے کسی لازمہ کی ضد ونقیض کا ارتکاب کرنا التزام کفر وارتداد کے زمرہ میں شامل ہے لیکن یہاں پر غیر اللہ کیلئے اس کو استعمال کرنے والا چونکہ اس کے اس مفہوم کو صراحتاً غیر اللہ کیلئے استعمال نہیں کر رہا بلکہ اس پر دلالت کرنے والے اس لفظ کو استعمال کر رہا ہے تو ظاہر ہے کہ یہ لفظ اپنے اس مفہوم میں اللہ تعالیٰ کی صفت خاصہ ہونے کے باوجود کل مکاتب فکر اہل اسلام کے نزدیک اتنا مشہور ومتواتر اور واضح نہیں ہے کہ ضروریات دین کے قبیلہ میں شامل ہو جب ضرورت دینی نہیں ہے تو پھر التزام کفر کی کوئی صورت ہی متصور نہیں ہو سکتی جبکہ لزوم کفر درست ہے کیونکہ یہ خود کفر نہیں ہے لیکن مستلزم کفر ہونے کا احتمال رکھتا ہے۔ جس کو پیش نظر رکھ کر فقہاء نے اس کے قائل کی تکفیر کی ہے ان کے مطابق لزوم کفر کی صورت اس طرح ہے کہ؛

کسی غیر اللہ کیلئے قیوم جہاں یا قیوم زمان کہنا کفر ہے۔ (مدعا)

اسلئے کہ یہ اللہ تعالیٰ کی صفت خاصہ کو غیر اللہ کیلئے تسلیم کرنے کو مستلزم ہے۔ (صغریٰ)

اور جو کلام بھی اللہ تعالیٰ کی صفت خاصہ کو غیر اللہ کیلئے تسلیم کرنے کو مستلزم ہو کفر ہوتا ہے۔

(کبریٰ)

لہٰذا کسی غیر اللہ کو قیوم جہاں یا قیوم زمان کہنا بھی کفر ہے۔ (نتیجہ)

یہ ہوا فقہاء کرام کی تکفیر کا محل وتوجیہہ جبکہ غیر اللہ کیلئے اسے استعمال کرنے والے حضرات کا محل وتوجیہہ اس طرح ہے کہ وہ اس کو اس مفہوم میں استعمال نہیں کرتے ہیں جو

marfat.com

اللہ تعالیٰ کی صفت خاص ہے بلکہ اس کے دیگر مواقع استعمال کو پیش نظر رکھ کر ایسا کرتے ہیں جن سے اس کا اللہ تعالیٰ کی صفت خاصہ نہ ہونا معلوم ہو رہا ہے۔ جیسے:

"ذَٰلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ" (سورۃ التوبہ آیت نمبر 36)

ظاہر ہے کہ اس آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ کی صفت خاصہ نہیں بلکہ نظام مصطفیٰ ﷺ کی صفت کے طور پر استعمال ہوا ہے، جس کی تعبیر دین اسلام سے ہوئی ہے۔ اور قیوم و قیم دونوں میں معنی فاعلیت کی زیادتی پائی جاتی ہے مادہ بھی ایک ہے اور تفریق پر کوئی خارجی دلیل بھی موجود نہیں ہے۔ اسی طرح؛ "فِيهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ" (سورۃ البینۃ آیت نمبر 3) یہاں پر شرعی احکام کی صفت کے طور پر استعمال ہوا ہے۔

اور سورۃ النساء آیت نمبر 135 میں "كُونُوا قَوَّامِينَ بِالْقِسْطِ شُهَدَاءَ لِلَّهِ" کے اندر بھی اس کا ہم معنی لفظ صراط مستقیم والی معتدل امت کیلئے استعمال ہوا ہے۔ ایسے میں یہ حضرات ان میں سے کسی ایک مفہوم میں اسے استعمال کرتے ہیں جس کے مطابق مندرجہ ذیل محامل پر حمل کر کے ان حضرات کے پاکیزہ نفوس کو سوءِ ظن سے بچایا جا سکتا ہے مثال کے طور پر وہ اپنے ممدوح اور حقیقی شیخ طریقت کے بارے میں انہیں استعمال کر کے یہ کہنا چاہتے ہیں کہ میرا ممدوح دین ہے، صراط مستقیم ہے یعنی جیسے دین اسلام انسانیت کیلئے رہنما ہے، اسی طرح میرے ممدوح بھی انسانیت کے رہبر و رہنما ہیں اگر اپنے حلقہ اثر کے لوگوں کی دین اسلام کی طرف یہ رہنمائی نہ کریں تو صراط مستقیم کی دولت انہیں نصیب نہیں ہو سکتی۔ نیز یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ "قیم" بمعنی نگران و رہنما ہے میرے ممدوح بھی اپنے

marfat.com

حلقہ اثر کے روحانی نگران ورہنما ہیں۔ یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ قیوم وقیم بمعنی شرعی احکام کے ہیں جیسے شرعی احکام واجب التعظیم ہیں۔ ویسے میرے ممدوح کی تعظیم بھی شیخ کامل وعالم ربانی ہونے کی بناء پر اس کے واقف حال ہم عصروں پر واجب ہے۔ یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ دین اسلام کی رہنمائی میرے ممدوح کے حلقہ اثر کو ملنے میں یہ چونکہ واسطہ فی العروض ہے اور واسطہ فی العروض میں واسطہ اور ذوالواسطہ دونوں کا اتصاف اصل وصف کے ساتھ درست ہوتا ہے اسی نکتہ کے پیش نظر اسے قیوم زمان اور قیوم جہاں جیسے القاب کے ساتھ موسوم کیا جارہا ہے لیکن ان تمام توجیہات کی درستگی کیلئے ضروری ہے کہ زمان وجہاں سے مراد صرف اور صرف ممدوح کا زمانہ حیات اور اسی کے حلقہ اثر میں موجود خصوصی افراد انسان ہوں گے ورنہ یہ کلام بے محل مبالغہ اور خلاف حقیقت ہوگا۔ جس کی نسبت حضرت شیخ بہاء الحق والدین جیسے حقیقی مشائخ کی طرف درست نہیں ہوسکتی۔ تاہم توجیہہ نادرست اور خلاف حقیقت ہونے کے باوجود بھی اس نسبت کو کفریہ قرار دے کر لزوم کفر کا فتویٰ صادر کرنا کسی صورت بھی جائز نہیں ہوسکتا۔ اس لئے کہ تکفیر سے بچنے کیلئے رکیک سے رکیک توجیہہ بھی کافی ہے۔ اس کے علاوہ غیر اللہ کیلئے اس قسم الفاظ استعمال کرنیوالے حضرات یہ توجیہہ بھی کر سکتے ہیں کہ یہاں پر مضاف محذوف ہے یعنی مظہر قیوم جہان اور مظہر قیوم زمان تو ظاہر ہے کہ جملہ خلائق قیوم جہاں جل جلالہ کی تجلیات کے مظاہر ہیں اگر اس کی جلوہ فرمائی نہ ہوتو کچھ بھی نہیں ہوگا۔ جیسے حضرت شاہ نعمت اللہ ولی نے فرمایا؛

''فَلَوْلَاهُ وَلَوْ لَانَا لَمَا كَانَ الَّذِىْ كَانَ ''

marfat.com

اس کے چند سطر بعد فرمایا؛

''فَصَارَ الْاَمْرُ مَقْسُوْمًا بِاِیَّاہُ وَاِیَّانَا''

(دیوان شاہ نعمت اللہ ولی' صفحہ 23)

یعنی قیوم جہاں جل جلالہ کی جلوہ فرمائی اور ہماری مظہریت نہ ہوتو دنیا کا یہ نظام ہی نہ ہوگا۔

بخاری شریف کی حدیث میں آیا ہے کہ جنگ احزاب کے موقع پر خندق کھودتے ہوئے اللہ کے رسول رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ذات وصفات سمیت صحابہ کرام کی ذوات و صفات کو مظہر جلوہ الٰہی قرار دیتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے بایں الفاظ مناجات کی؛

''لَوْلَا اَنْتَ مَا اهْتَدَیْنَا وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّیْنَا

(بخاری شریف' کتاب المغازی' صفحہ 213)

ان مقدس ہستیوں کے اس قسم کلام کی مذکورہ توجیہات وتاویلات ان کے ساتھ حسن ظن کی بناء پر کی جاتی ہیں کیونکہ جو کلام صریح کفر یا التزام کفر نہ ہو تو اسے کفریہ قرار دے کر اس کے قائل کو اسلام سے خارج کرنا بجائے خود گناہ کبیرہ واشد الحرام ہے۔ جبکہ کفر سے بچنے کیلئے رکیک سے رکیک اور ضعیف سے ضعیف محمل وتوجیہ ممکن ہو تب بھی گنہگار سے گنہگار مسلمان کے کلام کو بھی کفر سے بچا کر حسن ظن پر محمول کرنے کا حکم ہے۔

جیسے فتاویٰ بحرالرائق میں ہے؛

''اِذَا کَانَ فِی الْمَسْئَلَۃِ وُجُوْہٌ تُوْجِبُ التَّکْفِیْرَ وَوَجْہٌ وَاحِدٌ یَّمْنَعُہٗ فَعَلَی

marfat.com

اَلْمُفْتِیْ اَنْ یَّمِیْلَ اِلَی الْوَجْہِ الَّذِیْ یَمْنَعُ التَّکْفِیْرَ تَحْسِیْناً لِّلظَّنِّ بِالْمُسْلِمِ"

جس کا مفہوم یہ ہے کہ جب کسی مسئلہ میں تکفیر کی وجوہ بہت ہوں اور کفر سے بچنے کی صرف ایک وجہ ہو تو مفتی پر لازم ہے کہ مسلمان سے اچھا گمان کرتے ہوئے اس ایک پر عمل کریں۔(بحرالرائق' جلد 5' صفحہ 134)

ایسے میں اسلام کے ان عظیم نفوس قدسیہ کے اس قسم کثیر الاحتمال کلام کو کفریہ قرار دینا خطرے سے خالی نہیں ہوسکتا۔

## ایک مغالطہ کا ازالہ

ہماری اس تحقیق سے کوئی اس مغالطہ میں مبتلا نہ ہو جائے کہ جب مرشد الناس اور پیشروانِ اسلام ہونے کی بنیاد پر اکابرین اسلام کے اس قسم کلام کو کفر سے بچایا جاسکتا ہے تو جن لوگوں نے ختم نبوت زمانی کے عقیدہ کو جہلاء کا خیال کہہ کر اسکے مقابلہ میں دوسرے نبی کی پیدائش کو جائز قرار دیا ہے وہ بھی تو مرشد الناس کہلاتے ہیں تو پھر اس تفریق کا کیا جواز ہے؟

اِس کا جواب یہ ہے کہ سلف صالحین کے اس قسم کلام کو اس بنیاد پر کفر سے نہیں بچایا جارہا کہ وہ مرشد الناس اور پیشروانِ اسلام تھے۔(حاشا وکلا) التزام کفر کے حوالہ سے اس تفریق کا تصور بھی اسلام میں نہیں ہے بلکہ اسلام کے اصول واحکام سب کیلئے برابر ہیں کفر ہوگا تو سب کے لئے ہوگا، اسلام ہوگا تب بھی سب کے لئے ہوگا بلکہ اکابرین اسلام کے

marfat.com

اس قسم کلام کو محض اس بنیاد پر کفریہ قرار نہیں دیا جاسکتا ہے کہ اس میں التزام کفر نہیں ہے اور لزوم کفر کے فتویٰ سے بچنے کے لئے بھی جائز احتمالات وتاویلات کی طویل فہرست موجود ہے۔ جبکہ ختم زمانی کا عقیدہ ضروریات دین کے قبیلہ سے ہے اسے جہلاء کا خیال قرار دے کر اس کے مقابلہ میں دوسرا مفہوم اختراع کرنے والا ضرورت دینی سے صراحتاً منکر ہو رہا ہے۔ جو التزام کفر ہے جس کو بزرگان دین کے اس کثیر الاحتمال کلام پر قیاس کرنا آسمان کو زمین پر قیاس کرنے سے مختلف نہیں ہے بلکہ صریح کفر کو مسلمان کے کسی مبہم کردار کے ساتھ تشبیہ دینے کے مترادف ہونے کی وجہ سے نا قابل التفات وسوسہ کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔

☆☆☆☆☆☆

marfat.com

# ﴿ایک اہم سوال کا جواب﴾

سوال یہ ہے کہ لزوم کفر کی تفصیل میں بے نمازی کو قابل نفرت جرم نہ کہنے کو کلمہ کفر اور لزوم کفر قرار دیا گیا ہے جبکہ کلمہ کفر ہمیشہ التزام کفر کو کہا جاتا ہے۔ جیسے فتاویٰ درالمختار میں ہے: "وَرُكْنُهَا اِجْرَآءُ كَلِمَةِ الْكُفْرِ عَلَى اللِّسَانِ بَعْدَ الْاِيْمَانِ"

یعنی مرتد ہونے کیلئے رکن یہ ہے کہ ایمان کے بعد کلمہ کفر کو زبان پر جاری کیا جائے۔

(درالمختار، جلد ۱، صفحہ 355، باب المرتد)

تو ظاہر ہے کہ کلمہ کفر کا لزوم کفر ہونے کی صورت میں ارتداد نہیں ہوتا کیونکہ ارتداد کیلئے لزوم کفر نہیں بلکہ التزام کفر کا ہونا ضروری ہے۔ کلمہ کفر بولنے کو ارتداد کیلئے رکن قرار دینے کا مقصد اس کے سوا اور کیا ہو سکتا ہے کہ جہاں پر بھی بعد الایمان کلمہ کفر بولا جائے وہیں پر ارتداد ثابت ہو جاتا ہے جو التزام کفر کے بغیر ممکن ہی نہیں ہے کیونکہ ارتداد اور التزام کفر ایک ہی چیز کے دو نام ہیں۔ جس کے پائے جانے کیلئے کلمہ کفر بولنا رکن ہے ایسے میں کلمہ کفر کو لزوم کفر کہنے کا کیا جواز ہو سکتا ہے؟

جواب اس کا یہ ہے کہ جہاں تک التزام کفر کو اور ارتداد کو مساوی فی المصداق کہہ کر ایک چیز کے دو نام کہنا ہے یہ تو درست ہے کہ ارتداد اور التزام کفر کے مفہوم ایک دوسرے سے جدا ہونے کے باوجود مصداق دونوں کا ایک ہے کہ ارتداد کا پایا جانا التزام کفر کے بغیر ممکن نہیں

marfat.com

ہے۔اسی طرح التزام کفر کا پایا جانا ارتداد کے بغیر ناممکن ہے لیکن ہر کلمہ کفر کو التزام کفر کہنا حقیقت کے خلاف ہے۔فتاویٰ درالمختار کی مذکورہ عبارت سے اس پر استدلال کرنا سؤفہم کا نتیجہ ہے کیونکہ صاحب درالمختار کا ' اِجْـرَآءُ كَلِمَـةِ الْكُفْرِ عَلَى اللِّسَانِ بَعْدَ الْإِيْـمَانِ ' کو ارتداد کیلئے رکن قرار دینے کا مقصد کسی پر مرتد کے احکام جاری کرنے کیلئے ظاہری رکن بتانے کے سوا اور کچھ نہیں ہے کہ جب تک اپنی رضا واختیار کے ساتھ بلا جبر واکراہ صراحتاً کلمہ کفر نہیں بولتا اس وقت تک کسی بھی مدعی اسلام کو غیر مسلم قرار دے کر مرتد کے احکام اس پر جاری کرنا جائز نہیں ہے۔فتاویٰ ردالمحتار علی الدرالمختار میں حضرت ابن عابدین نوراللہ مرقدہ نے بھی درمختار کی اس عبارت کو اسی مقصد پر محمول قرار دیا ہے۔جس کے الفاظ یہ ہیں؛

"هٰذَا بِالنِّسْبَةِ اِلَى الظَّاهِرِ الَّذِىْ يَحْكُمُ بِهِ الْحَاكِمُ وَاِلَّا فَقَدْ تَكُوْنُ بِدُوْنِهٖ كَمَا لَوْ عَرَضَ لَهٗ اِعْتِقَادُ بَاطِلٍ اَوْ نَوٰى اَنْ يَّكْفُرَ بَعْدَ حِيْنٍ"

جس کا مفہوم یہ ہے کہ صاحب درالمختار کا بعد الایمان اجراء کلمۃ الکفر علی اللسان کو ارتداد کیلئے رکن قرار دینے کا مطلب یہ ہے کہ یہ شریعت کے ظاہری احکام اس پر جاری کرنے کیلئے ہے ورنہ اگر ایسا نہ ہو تو پھر نفس ارتداد کیلئے اس کو رکن قرار دینا غلط ہوگا کیونکہ نفس ارتداد اس کے بغیر بھی پایا جاتا ہے جیسے کوئی شخص بعد الایمان کسی ضرورت دینی کی ضد یا نقیض کا عقیدہ کرے یا بعد میں کسی وقت کافر ہونے کی نیت کرے۔ان صورتوں میں ارتداد بالیقین پایا جاتا ہے جبکہ اجراء کلمۃ الکفر علی

marfat.com

اللسان موجود نہیں ہے۔ (فتاویٰ ردالمحتار علی درالمختار، جلد 3، صفحہ 310، باب المرتد)

حضرت ابن عابدین کے معاصر سید احمد طحطاوی نے طحطاوی علی الدر المختار میں فتاویٰ درالمختار کے اس کردار پر اعتراض کرنے کے بعد اس کو ارتداد کی صرف ظاہری قسم کے ساتھ خاص قرار دیا ہے۔ جس کے الفاظ یہ ہیں؛

''فِیْہِ اِنَّھَا تَتَحَقَّقُ بِالْاِعْتِقَادِ الْقَلْبِیِّ کَمَا اِذَا اعْتَقَدَ اِتِّصَافَہٗ تَعَالٰی بِمَا لَا یَلِیْقُ بِہٖ فَاِنَّہٗ یَرْتَدُّ وَاِنْ لَمْ یَتَلَفَّظْ بِہٖ وَکَمَا اِذَا نَوَی الْکُفْرَ بَعْدَ حِیْنٍ وَقَدْ یُقَالُ اَنَّ الْمَوْضُوْعَ الرِّدَّۃُ الظَّاھِرَۃُ ''

جس کا مفہوم یہ ہے کہ فتاویٰ درالمختار کا ارتداد کیلئے ''اجراء کلمۃ الکفر علی اللسان'' کو رکن قرار دینا اس لئے غلط ہے کہ ارتداد اس کے بغیر بھی پایا جاتا ہے۔ جیسے کوئی مدعی ایمان اللہ تعالیٰ کو اس کی شان کے منافی کام سے متصف ہونے کا عقیدہ کرے یا بعد میں کسی وقت کافر ہونے کی نیت کرے۔

درالمختار کی اس عبارت کو اس اعتراض سے بچانے کیلئے کہا جاتا ہے کہ اس سے مراد صرف ظاہری ارتداد ہے کہ مصنف نے اسی کو موضوع کلام بنایا ہے۔ الغرض کتب فقہ میں موجود اس عبارت سے یہ استدلال کرنا کہ کلمہ کفر ہمیشہ التزام کفر ہوتا ہے سُوفہم اور اِس کے متعلقہ تشریحات وتصریحات سے غفلت کا نتیجہ ہے، جس پر مذکورہ اعتراض کو بنا کرنا بناء الغلط علی الغلط کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔

☆☆☆☆☆☆

marfat.com

# کلمہ کفر، لزوم کفر، التزام کفر کے مفاہیم ثلاثہ کی باہمی مناسبت

مذکورہ اعتراض کے اس اجمالی جواب کے بعد ہم مناسب سمجھتے ہیں کہ اس کی مکمل تفصیل پیش کریں جو کلمہ کفر، لزوم کفر، التزام کفر کے مفاہیم ثلاثہ کے ماصدق علیہ اور ان کے افراد کے حوالہ سے مناسبت کو واضح کئے بغیر نہیں ہو سکتی۔ اس سے قبل ہم بتا چکے ہیں کہ ارتداد اور التزام کفر ایک چیز کے دو نام ہیں۔ لہٰذا ان کے افراد کا ایک دوسرے کے بغیر پائے جانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

نیز یہ کہ لزوم کفر اور التزام کفر کے مابین تباین کلی اور ان کے افراد کا جمع نہ ہونا بھی گزشتہ صفحات میں تفصیل کے ساتھ بیان ہو چکا ہے۔ ایسے میں کلمہ کفر کے حوالہ سے صرف لزوم کفر اور التزام کفر ہی محتاج بیان رہ جاتے ہیں۔ تو اس کی تفصیل یہ ہے کہ لزوم کفر و التزام کفر میں سے ہر ایک کلمہ کفر کے ساتھ عموم وخصوص کی نسبت رکھتا ہے کہ التزام کفر بغیر کلمہ کفر کے پایا جاتا ہے جیسے زبان سے کچھ کہے بغیر محض دل ہی دل میں کسی ضرورت دینی سے انکار یا اس کی ضد یا نقیض کے ساتھ عقیدہ رکھنے کی صورتوں میں ہوتا ہے۔ اسی طرح کلمہ کفر بھی التزام کفر کے بغیر پایا جاتا ہے جیسے لزوم کفر کی مذکورہ تمام صورتوں میں ہوتا ہے۔ ایک

marfat.com

دوسرے سے بغیر علیحدہ علیحدہ پائے جانے کی ان صورتوں کے علاوہ کبھی اکٹھے بھی پائے جاتے ہیں۔ جیسے زبان سے کسی ضرورت دینی سے صراحتاً انکار کرنے یا اس کی ضد یا نقیض کے ساتھ عقیدہ کا زبان سے اقرار کرنے یا اس کے ساتھ ایمان لانے کے لوازمات خمسہ مذکورہ فی الصفحات الماضیہ میں سے کسی ایک کی ضد یا نقیض کا زبان سے اقرار کرنے کی صورتوں میں ہوتا ہے۔

اسی طرح لزوم کفر اور کلمہ کفر میں سے ہر ایک من وجہ عام اور من وجہ خاص ہے کہ لزوم کفر کلمہ کفر کے بغیر ان تمام صورتوں میں پایا جاتا ہے جہاں پر کسی مدعی ایمان کا زبان سے کچھ بولے بغیر کسی ضرورت دینی کے بظاہر منافی کسی بھی غیر صریح عمل کا ارتکاب کرتا ہے۔ مثال کے طور کسی بدنصیب کا قرآن شریف کو موجودہ دور کے لئے نا قابل عمل اور غیر مفید کہنے پر سننے والے کا ہنستے ہوئے سر ہلانا جو بالیقین لزوم کفر ہے کیونکہ یہ رضا بالکفر فی الجملہ کی علامت ہے اور رضا بالکفر کی ہر علامت کفر ہوتی ہے۔ لہٰذا یہ بھی کفر ہے لیکن التزام کفر اس لئے نہیں ہے کہ یہ صریح فی الکفر نہیں ہے جبکہ التزام کفر کے لئے صریح فی الکفر ہونا ضروری ہے۔

نیز یہ کہ اس میں کفر نہ ہونے کا احتمال بھی موجود ہے کہ شاید اس کے اس کفر کو مجنون کی بڑ سمجھ کر ایسا کیا ہو یا کھلے بندوں اتنی بڑی جرات کرنے پر تعجب کی بناء پر ایسا کیا ہو تو ظاہر ہے کہ عدم کفر کے احتمال کی موجودگی میں التزام کفر کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ کلمہ کفر کا لزوم کفر کے بغیر پائے جانے کی مثالوں میں کفر التزامی قولی کی تمام صورتیں شامل ہیں

marfat.com

کیونکہ لزوم کفر اور التزام کفر کے مابین تباین کلی کی نسبت کا لازمہ ہے کہ ان میں سے ایک کے ساتھ جمع ہونے والا دوسرے کے ساتھ جمع نہ ہو ورنہ تباین کلی کا کوئی مطلب ہی نہیں رہتا۔ جانبین کا ایک دوسرے کے بغیر پائے جانے کی ان صورتوں کے علاوہ کلمہ کفر اور لزوم کفر کی اجتماعی موجودگی کی مثالوں میں لزوم کفر کی تمام قولی و کلامی اور زبان سے متعلقہ صورتیں شامل ہیں۔

مثال کے طور پر قرآن شریف کو موجودہ دور کیلئے نا قابل عمل اور غیر مفید کہنے والے مرتد کے اس جملہ پر تبصرہ کرتے ہوئے کسی مسلمان کا یہ کہنا کہ "یہ عام سی بات ہے" لزوم کفر اس لئے ہے کہ یہ اس ارتداد سے عدم بیزاری پر مشتمل ہے۔

جو کلمہ بھی ارتداد سے عدم بیزاری پر مشتمل ہو کفر ہوتا ہے۔

لہٰذا یہ بھی کفر ہے۔

التزامی کفر اِس کو اس لئے نہیں کہہ سکتے ہیں کہ یہ کلمہ ارتداد سے عدم بیزاری پر مشتمل ہونے میں صریح نہیں ہے جبکہ التزامی کفر صریح ہوتا ہے۔ نیز یہ کہ اس میں یہ احتمال بھی موجود ہے کہ اس نے صریح کفر کے اس کردار سے بیزاری' افسردگی اور دنیا کے زیادہ انسانوں کو اس میں مبتلا دیکھ کر از روئے افسوس یہ کہہ دیا ہو کہ اس کفر میں یہ تنہا نہیں ہے بلکہ خدا ناشناسوں کی عام دنیا اس میں مبتلا ہے تو ظاہر ہے کہ کفر سے بچنے کے احتمال کی موجودگی میں التزام کفر نہیں ہو سکتا۔

نیز یہ کہ التزامی کفر اپنی بداہت کی وجہ سے خود اپنے آپ پر دلیل ہوتا ہے کسی

marfat.com

خارجی دلیل کا محتاج نہیں ہوتا جبکہ یہاں پر ایسا نہیں ہے کیونکہ قرآن شریف کا ہر دور تاریخ کے لئے قابل عمل اور مفید ضابطہ حیات ہونے پر ایمان کے لازمہ یعنی اس کے ساتھ محبت و جذبہ عمل اور اس کے مقابلہ میں کسی اور نظام سے بیزاری کے نقیض کو جب تک واسطہ فی الاثبات بنا کر تفصیلی دلیل نہیں بنائی جاتی تب تک کفر کا ثبوت نہیں ہوتا۔ ایسے میں التزامی کفر کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ کلمہ کفر، التزام کفر اور لزوم کفر کے مابین مناسبت کے حوالہ سے اس حقیقت کو سمجھنے کے بعد مذکورہ سوال نامہ میں کلمہ کفر کو ہر جگہ میں التزام کفر سے عبارت قرار دینے کی غلطی آپ ہی واضح ہوگئی۔ اس کے ساتھ نوخیز مفتیان کرام وعلماء اسلام کو بھی رہنمائی مل گئی کہ کتب فتاویٰ میں کلمہ کفر، لفظ کفر اور کفریہ کلام یا کفریہ عبارات جیسے الفاظ جو کثرت کے ساتھ لکھے ہوئے ملتے ہیں وہیں پر ہمیشہ اور ہر جگہ التزام کفر ہی مراد نہیں ہوتا بلکہ ایسے الفاظ و مقامات کو التزام کفر و لزوم کفر میں سے کسی ایک کی فہرست میں شامل کرنے کیلئے جنس کفر کے ماتحت ان دو متبائن انواع کی حقیقتوں کو جاننا ضروری ہے جس کے بغیر کوئی بعید نہیں ہے کہ دارالافتاء کے ناتجربہ کار اہل کاروں کے ہاتھوں کسی غیر ملتزم الکفر کو مرتد قرار دینے کی غلطی ہوسکے جو اصلاح کی بجائے فساد ہے "اَلْاِسْلَامُ یَعْلُوْ" کے بجائے اسلام کو کمزور کرنے کا سبب ہے اور مسلمانوں کی رہنمائی کی جگہ التباس الحق بالباطل کی بدترین صورت ہے۔ ہمارے موجودہ دور کے دینی مدارس کی روش اس حوالہ سے قابل رحم ہے کہ سالانہ ہزاروں کی تعداد میں فارغ تحصیل ہونے والوں میں دو فیصد بھی ایسے نظر نہیں آرہے ہیں جو لزوم کفر اور التزام کفر کے مابین بنیادی فرق کو ہی سمجھ سکیں چہ جائیکہ ان

marfat.com

سے کلمہ کفر کی لزوم کفر اور التزام کفر کے ساتھ نسبت کو سمجھنے کی توقع کی جا سکے۔ ایسے میں مذکور فی السوال جیسے ''بِنَاءُ الْغَلَطِ عَلَی الْغَلَطِ'' کا اشتباہ ان حضرات کو نہ ہوگا تو اور کس کو ہوگا۔ (فَاِلَی اللّٰہِ الْمُشْتَکٰی)

مزید برآں یہ کہ جن مدارس میں مفتی کورس کرایا جاتا ہے اصل مسئلہ کی طرف توجہ دیئے بغیر اس کا نتیجہ بھی وقت ضائع کرنے والوں کا مزید وقت ضائع کرنے کے سوا اور کچھ نہیں ہے کیونکہ اس کورس میں رسم المفتی کے چند طریقے بتانے کے علاوہ ہر نظریہ کے مفتیان کرام ماضی قریب میں اپنے مخصوص نظریہ وپسند کے مفتیوں کی لکھی ہوئی مخصوص دستاویزات کی تمرین ومشق کراتے ہیں۔ جہاں تک فتویٰ نویسی کے مخصوص طریقے ہیں وہ حقیقت میں ایک ہفتہ سے زیادہ عرصہ کے اسباق نہیں ہیں تو پھر ان پر ایک سال کا طویل دورانیہ صرف کرنے کی ضرورت ہی کیا ہے اور جہاں تک اپنے مخصوص نظریہ کی مخصوص کتابوں کے مندرجات کی تمرین کرانے کا مسئلہ ہے تو یہ نوخیز متلاشیان علم کیلئے خود فریبی کے مترادف ہے' دینی مدارس سے وابستہ عوامی امیدوں کے مطابق نہیں ہے اور اسلام کی جامعیت وگہرائی کے برعکس سطحیت ومحدودیت کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ اس روش کیجائے اگر درس نظامی کی حقیقی تعلیم وتدریس کا اہتمام کیا جائے تو اس کی افادیت زیادہ ہوسکتی ہے۔ سچ کہا گیا ہے

خدا جب حسن دیتا ہے تو نزاکت آہی جاتی

حقیقت یہ ہے کہ برصغیر پاک وہند کے اس پورے خطے کے دینی مدارس میں

marfat.com

درس نظامی کا خالی نام وڈھانچہ باقی رہ گیا ہے جس کو گلے کا ہاراور ماتھے کا جھومر بنا کر اصحاب مدارس حسن تماشا دکھار ہے ہیں، غیر معیاری مدارس کی شرح پیداوار میں روز افزوں اضافہ ہورہا ہے اور جس شرح تناسب سے ان مدارس اوران کی پیداوار میں اضافہ ہورہا ہے اسی شرح تناسب سے تفقہ فی الدین کا تنزل ہورہا ہے اس افتادگی کی بنیادی وجہ میں نے اپنی دوسری تصنیف ''**اسبابِ زوال اُمت**'' میں تفصیل کے ساتھ لکھی ہوئی ہے یہاں پر چونکہ یہ ضمناً ذکر ہورہا ہے لہٰذا صرف اس کی تاریخ کے ذکر کرنے پر اکتفا کرنا مناسب سمجھتا ہوں وہ یہ ہے کہ درس نظامی اور دینی مدارس کے حوالہ سے اس شرمناک تنزل کی تاریخ اُس وقت سے شروع ہوئی جب سے خصوصی مقاصد کے تحت دینی مدارس کے لئے کامیابی کا معیار کثرت رؤس کو سمجھا جانے لگا۔

طلباء کے حوالہ سے کثرت رؤس بھرتی کرنے کی اِس تقابلی روش نے اہل مدارس کو اصل مقصد بھلادیا جس کے نتیجہ میں معکوس العملی کا عالَم کچھ ایسا ہو چکا ہے کہ اگر کچھ بامقصد مدارس میں اکائیوں یا سینکڑوں کی تعداد کو بڑھا کر بامقصد بنایا جارہا ہے۔ان کے مقابلہ میں اُن اداروں کو کامیاب تصور کیا جاتا ہے جن میں غیر معیاری معلمین ہزاروں کی تعداد کو لئے بیٹھے ہوئے ہیں، جن سے فارغ تحصیل ہونے والے مخصوص مسلکی مفادات کے پرچارک ہونے، فرقہ واریت ومذہبی تفرقہ بازی کو فضیلت کا معیار تصور کرنے اور ''جو میرے نظریہ پرنہیں وہ مسلمان بھی نہیں'' کی تبلیغ کرنے کے سوااور کوئی وزن نہیں رکھتے ہیں۔ایسے میں واقف حال حضرات افسوس کئے بغیر نہیں رہ سکتے ہیں۔قربان جاؤں اللہ

marfat.com

کے حبیب بانی اسلام رحمت عالم ﷺ کی دور بین نگاہ بصارت و بصیرت پر ساڑھے چودہ سو سال قبل ان ہی حالات کی نشان دہی کرتے ہوئے فرمایا تھا؛

''یَاْتِیْ عَلَی النَّاسِ زَمَانٌ لَا یَبْقٰی مِنَ الْاِسْلَامِ اِلَّا اسْمُہٗ وَلَا یَبْقٰی مِنَ الْقُرْاٰنِ اِلَّا رَسْمُہٗ'' (مشکوٰۃ شریف کتاب العلم، صفحہ 38)

لگتا ہے کہ دینی مدارس کی شرح پیداوار اور ان کے ساتھ مربوط مفیدین و مستفیدین کے تفقہ فی الدین کے حوالہ سے قابل رحم حالت کے متلاطم موجوں میں مستغرق ہو کر اُس موضوع سے کافی دور نکل گیا۔ کلمہ کفر کا لزوم اور التزام کفر کے ساتھ تناسب کی ہماری یہ تحقیق جہاں اسلامی مدارس کے دارالافتاء سے مربوط مفیدین و مستفدین کیلئے رہنما اُصول ہے وہاں پڑھے لکھے اُن عوام کے لئے تنبیہ بھی ہے جو فقہ اسلامی کی مختلف کتابوں میں کچھ باتوں سے متعلق کلمہ کفر لکھا ہوا دیکھ کر مسلمانوں کو کافر کہتے پھرتے ہیں، انہیں سوچنا چاہیے کہ کس قدر خطرناک غلطی کا ارتکاب کر رہے ہیں۔ مجھے یقین ہے کہ اگر ان حضرات کو بے محل کسی مسلمان کو کافر کہنے کے انجام بد کا علم ہو یا کوئی انہیں سمجھانے والا ہو یا کم از کم لزوم کفر و التزام کفر کی حقیقتوں کا ادراک ہو تو ایسی بے محل جسارت کبھی نہ کرتے۔ یہ سب کچھ بے علمی کی وجہ سے ہو رہا ہے۔ (واللہ اعلم)

marfat.com

# ایک سوال کا جواب اور مزید تحقیق

یہاں پر یہ سوال اٹھایا جا سکتا ہے کہ ''الاصول المکفرہ'' کی اس تحریر میں عارضی کفر کی صرف دو قسمیں بتائی گئی ہیں جبکہ حدیث شریف میں گناہ کبیرہ کے مرتکب کی بھی تکفیر کی گئی ہے۔ جیسے مسلم و بخاری کی مرفوع حدیث میں حضرت ابو ہریرہ کی روایت سے آیا ہے؛

''قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ لَا تَرْغَبُوْا عَنْ آبَائِكُمْ فَمَنْ رَغِبَ عَنْ اَبِیْہِ فَقَدْ كَفَرَ'' اپنا نسب مت بدلو اور جس نے اپنا نسب تبدیل کیا بے شک وہ کافر ہو گیا۔ (مشکوۃ شریف)

تو ظاہر ہے کہ لزومی اور التزامی کفر میں سے ایک بھی اس کو شامل نہیں ہے ایسے میں عارضی کفر کو صرف دو قسموں میں منحصر کرنے کا کیا جواز ہے؟

جواب اس کا یہ ہے کہ کفر کے دو مفہوم ہیں ایک شرعی دوسرا لغوی، شریعت کی زبان میں کفر ضرورت دینی کی تکذیب سے عبارت ہے چاہے اصلی ہو یا عارضی۔ اپنے اس مفہوم کے اعتبار سے کفر کا لفظ دنیا بھر میں غیر مسلموں کے جتنے مذاہب پائے جاتے ہیں ان سب کو شامل ہے۔ لیکن ہمارا موضوع بیان چونکہ کسی مدعی اسلام کی تکفیر سے متعلق ہے جس کو عارضی کفر کہا جاتا ہے اس لئے ہم اسی کو پیش نظر رکھ کر گفتگو کر رہے ہیں۔ ہمارے

marfat.com

موضوعِ سخن کا تعلق لغوی کفر کے ساتھ نہیں ہے بلکہ یہ صرف اور صرف شرعی مفہوم میں عارضی کفر کے ساتھ خاص ہے اور ہم نے کسی مدعی اسلام کی تکفیر کے حوالہ سے اس کو مذکورہ دو قسموں میں جو منحصر بتایا ہے وہ عین حقیقت ہے۔ جہاں تک کفر کے لغوی مفہوم کی بات ہے وہ یہ ہے کہ عربی لغت میں کفر کا لفظ کسی چیز کو چھپانے کیلئے وضع کیا گیا ہے اور اس کا مادہ یعنی ک، ف، ر کا مجموعہ اس ترتیب کے ساتھ جس شکل وصورت میں بھی پایا جاتا ہے وہیں پر چھپانے کا مفہوم کسی طریقے سے ضرور پایا جاتا ہے۔

مفردات القرآن امام الراغب الاصفہانی میں ہے؛

"اَلْکُفْرُ فِی اللُّغَۃِ سَتْرُ الشَّیْئِ وصِفَ اللَّیْلُ بِالْکَافِرِ لِسَتْرِہِ الاَشْخَاصَ وَالزَّرَّاعَ لِسَتْرِہِ البَذرَ فِی الاَرْضِ"

جس کا مفہوم یہ ہے کہ لغت میں کفر کسی چیز کے چھپانے کو کہتے ہیں اور رات کو اس لئے کافر کہتے ہیں کہ وہ بھی اشخاص کو چھپاتی ہے اور زمیندار کو کافر اس لئے کہتے ہیں کہ وہ بھی تخم کو زمین کے اندر چھپاتا ہے۔

(مفردات القرآن، امام الراغب الاصفہانی، مادہ ک، ف، ر)

لغت کے حوالہ سے اس حقیقت کو سمجھنے کے بعد اصل سوال آپ ہی حل ہو جاتا ہے وہ اس طرح کہ قرآن وسنت میں جہاں کہیں گناہ کبیرہ کے مرتکب کو یا ناشکری کرنے والوں کو کافر کہا گیا ہے یا لزوم کفر کا غیر حقیقی فتویٰ صادر کر کے بے گناہوں پر لزوم کفر کے شرعی احکام جاری کئے جاتے ہیں جبکہ حقیقت میں لزوم کفر نہیں ہوتا۔ اس قسم کے تمام مواقع

marfat.com

کا جائزہ لینے کے بعد کسی مدعی اسلام کو کافر قرار دینے یا کافر کہنے کی مندرجہ ذیل شکلیں سامنے آتی ہیں۔

(۱) التزام کفر جس میں صاحب کردار کا کفر اپنے شرعی مفہوم میں متعین ویقینی اور بدیہی ہوتا ہے۔ جس کو کافر جاننے اور کافر کہنے کے وجوب کے ساتھ مرتد کے جملہ احکام کو اس پر جاری کرنا مسلمانوں کی اجتماعی ذمہ داری ہوتا ہے۔

(۲) لزوم کفر جس میں صاحب کردار کا کفر اپنے شرعی مفہوم میں ظنی طور پر ثابت ہوتا ہے جو نظری اور محتاج دلیل ہونے کی بناء پر دلیل کی نوعیت کا تابع اور غیر یقینی ہے۔ جس وجہ سے صاحب کردار کو کافر جاننا اور کافر کہنا ناجائز وظلم ہے۔ جس پر تجدید اسلام، تجدید نکاح اور التوبہ والاستغفار کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔

(۳) لزوم کفر کی وہ ظاہری اور غیر حقیقی شکل ہے جو کسی غیر معیاری مفتی کے غیر حقیقی فتویٰ کی وجہ سے کفر مشہور ہوا ہے۔ جس کی تمیز بعد میں کسی حقیقی مفتی کی تحقیق کی بدولت ہوتی ہے۔ یہاں پر صاحب کردار دوسرے عام مسلمانوں سے مختلف نہ ہونے کی بناء پر اس کیلئے کوئی خاص احکام بھی نہیں ہیں۔

(۴) زجری کفر یعنی کسی گناہ سے لوگوں کو بچانے کی غرض سے اس کے ارتکاب کرنے والوں کو کافر کہنا۔ تکفیر کی اس نوعیت کا حق صرف ان اصحاب محراب ومنبر کو حاصل ہے جن کو علماء حق کہا جاسکتا ہے، جو مذہبی تعصب، فرقہ واریت اور تنگ نظری سے پاک ہونے کے ساتھ باکردار اور مسلمانوں کے خیر خواہ مشہور ہوں۔ جن کو حقیقی معنی میں پیغمبر کریم ﷺ کے

marfat.com

جانشین اور ورثۃ الانبیاء کہا جا سکتا ہو۔ اصحاب محراب و منبر حضرات کی طرف سے زجراً و توبیخاً اور وعظاً و تبلیغاً کسی گناہ پر تکفیر کرنے کے اس کردار کا تعلق حقیقت میں کفر کے شرعی مفہوم کے ساتھ متعلق نہ ہونے کی وجہ سے لزوم کفر کے ساتھ اس کا کوئی تعلق ہے نہ التزام کفر کے ساتھ۔

(۵) تعصبی کفر یعنی مذہبی تعصب کی بناء پر جان بوجھ کر بلا وجہ اپنے مخالف نظریہ والوں کی تکفیر کرنا جس کا حقیقت کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہوتا۔ جس کا اصل منشاء جہل اور خدا ناترسی ہوتا ہے۔ جس میں تکفیر کرنے والے متعصب کا مقصد معاشرہ میں اپنے مذہبی حریف کو بدنام و ذلیل کرنے کے سوا اور کچھ نہیں ہوتا۔ جب کفر کے شرعی مفہوم کے ساتھ اس کا تعلق نہیں ہے تو پھر لزوم کفر یا التزام کفر میں سے کسی ایک زمرہ میں شامل ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

(۶) شتمی کفر یعنی گالی کے طور پر کسی مسلمان کو کافر کہنا جس میں تکفیر کرنے والا مغلوب النفس ہوتا ہے اور اپنے مدمقابل پر غصہ نکالنے کے سوا کوئی اور مقصد اس کا نہیں ہوتا۔ اس کا تعلق بھی کفر کے شرعی مفہوم کے ساتھ نہیں ہے لہٰذا اس کی کسی قسم میں مندرج ہونے کا تصور ہی نہیں ہو سکتا۔

(۷) کفر ضیاع العمل، جس میں ایمان کے کسی مقتضاء کو ضائع کیا جائے، ترک کیا جائے یا تقاضائے کفر کا ارتکاب کیا جائے۔ لُغوی کفر کی اِس آخری قسم کے اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ شریعت کی زبان میں جس چیز کو حقیقت ایمان کہا جاتا ہے یعنی التصدیق والاقرار بجمیع

marfat.com

ضروریات الدین اِس کے کچھ لوازمات ہیں اور کچھ مقتضیات۔

ضروریات سے مراد وہ چیزیں ہیں جن سے حقیقت ایمان کا انفکاک ممکن نہیں ہوتا کہ شریعت نے اُن کے بغیر تصدیق بالقلب اقرار باللسان کو کالعدم قرار دیا ہے جن کو قرآن وسنت کے مطابق تفصیلاً آگے بیان کیا جائے گا۔(انشاء اللہ تعالیٰ) جبکہ مقتضیات ایمان سے مراد وہ اعمال ہیں جو ایمان کے مظاہر و پہچان ہیں، ایمان کیلئے بمنزلہ جناح وپر اور زینت ہیں۔اِس کے باوجود اُن کے بغیر ہی حقیقت ایمان موجود ہو سکتی ہے۔اِس میں نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ اور جملہ اعمال صالحہ شامل ہیں جن کو ایمان تقاضا کر رہا ہوتا ہے۔ قرآن وسنت اور محاورہ ولُغت کی زبان میں ایمان کے اِن فروعات و مقتضیات کے ترک پر بھی کفر کا اطلاق آیا ہے۔جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا؛

''وَمَنْ كَفَرَ فَإِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ''

''یعنی جس نے استطاعت کے باوجود فریضہ حج کو ترک کیا تو اللہ تعالیٰ جملہ خلائق سے بے نیاز ہے۔'' (سورۃ آل عمران، آیت نمبر ۹۷)

دوسری جگہ فرمایا؛ ''فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ''

''یعنی اللہ کی نعمتوں کا شکر ادا کرنے سے انکار کیا''۔ (سورۃ النحل، آیت نمبر ۱۱۲)

اِسی طرح حدیث شریف؛ ''وَمَنْ تَرَكَ الصَّلٰوةَ فَقَدْ كَفَرَ''

''یعنی جس مسلمان نے نماز کو ترک کیا تو وہ کافر ہو گیا''۔

اہل علم کو جاننا چاہیۓ کہ اِس قسم سینکڑوں نصوص میں جن باتوں کو کفر کہا گیا ہے وہ

marfat.com

مقتضیات کفر یا مقتضیات ایمان کا ترک ہونے کے سوا اور کوئی شے نہیں ہے۔ یعنی اِس قسم تمام مواقع میں کفر سے مراد حقیقت کفر نہیں ہے جو حقیقت ایمان کی ضد ہے۔ جس سے ایمان ختم ہو کر آدمی مرتد قرار پاتا ہے بلکہ مقتضیات اور فروع ایمان کا ترک ہے اور یہ بھی جاننا چاہئے کہ کفر جو بالیقین ایمان کی ضد ہے۔ اِس تفصیل کے ساتھ ہے کہ حقیقت ایمان اور حقیقت کفر باہمی مخصوص ضدین ہیں کہ ایک کا وجود آپ ہی دوسرے کے عدم پر دلیل ہے۔ جس کے بعد اُس کے معدوم ہونے پر کوئی اور دلیل تلاش کرنے کی ضرورت نہیں۔ اِسی طرح فروع مقتضیات کفر اور فروع ومقتضیات کفر اور فروع ومقتضیات ایمان بھی اپنے آپس مخصوص ضدین ہیں یعنی ایسا نہیں ہوسکتا کہ ایک کی فرع ومقتضا دوسرے کی اصل و حقیقت کی ضد ہو جائے نہیں ایسا ہرگز نہیں ہے۔

تکفیر کی ان قسموں کو سمجھنے کے بعد مذکورہ سوال کا جواب بھی واضح ہو گیا کہ کسی کبیرہ گناہ کے مرتکب کو قرآن وسنت میں جو کافر کہا گیا ہے اس کا تعلق محراب ومنبر کے ساتھ ہے دارالافتاء کے ساتھ نہیں، زجر وتوبیخ اور تہدید وتحذیر کے ساتھ ہے حقیقت کے ساتھ نہیں اور کفر کے لغوی معنی کے ساتھ ہے شرعی مفہوم کے ساتھ نہیں جبکہ عارضی کفر کو لزومی والتزامی میں منحصر کہنے میں شرعی مفہوم کے اعتبار سے حقیقی کفر کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔

(فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ اَوَّلاً وَّآخِراً ظَاهِراً وَّبَاطِناً)

## ﴿خاص دارالافتاء کی رہنمائی کیلئے حاشیتی افادے﴾

لزوم کفر اور التزام کفر میں سے ہر ایک کے جداگانہ احکام کی تفصیل سے گذشتہ

marfat.com

صفحات میں ہم فارغ ہو کر آئے ہیں لہٰذا یہاں پر صرف باقی چاروں قسموں کے احکام و عواقب کو بیان کرنا مناسب سمجھتے ہیں تاکہ دارالافتاء کی رہنمائی ہونے کے ساتھ عام قاریوں کیلئے بھی ہدایت کا سامان ہو سکے۔

(ا) تکفیر کی تیسری قسم یعنی تکفیر کرنے میں اجتہادی غلطی سے کسی نارمل مسلمان پر لزوم کفر کے احکام جاری کرنے والے اگر معیاری مفتی ہوں۔ جنہوں نے لزوم کفر کی علت کو تلاش کرنے اور وجہ لزوم کو متعین کرنے میں اجتہادی غلطی کرنے کی بناء پر ایسا کیا ہو تو ان پر کوئی وبال نہیں ہے کیونکہ شریعت کے مسلمہ اصول "اَلْمُجْتَهِدُ قَدْ يُخْطِئُ وَقَدْ يُصِيْبُ" کے مطابق وبال وعذاب کا کوئی تصور ہی نہیں کیا جا سکتا جبکہ اخلاص کے ساتھ حق تک پہنچنے کی کوشش کرنے کا اجر ملنا ممکن ہے۔ اور اگر غیر معیاری ہو تو پھر قابل ملامت و مستحق عذاب ہو سکتا ہے کیونکہ نااہل کو منصب افتاء پر بیٹھنے کی اجازت اسلام میں نہیں ہے۔ جس کی بدانجامی سے متعلق اللہ کے حبیب رحمت عالم ﷺ کی حدیث ہے؛

"مَنْ اَفْتَا بِغَيْرِ عِلْمٍ لَعَنَتْهُ مَلَائِكَةُ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ"

جس کا مفہوم یہ ہے کہ جس نے معیاری علم کے بغیر فتویٰ دیا تو اس پر آسمان و زمین کے فرشتے لعنت بھیجتے ہیں۔ (کنز العمال شریف جلد 10، صفحہ 193، حدیث نمبر 29018، مطبوعہ بیروت)

دارالافتاء پر ایسے ہی نااہلوں کے مسلط ہونے کی بدانجامی کی خبر دیتے ہوئے اللہ کے حبیب ﷺ نے فرمایا؛

"فَسُئِلُوْا فَاَفْتَوْا بِغَيْرِ عِلْمٍ فَضَلُّوْا وَاَضَلُّوْا"

marfat.com

جس کا مفہوم یہ ہے کہ حقیقی علماء دین کے فقدان کے وقت لوگ نا اہلوں سے مسئلہ پوچھیں گے تو وہ بغیر علم کے فتویٰ دے کر خود بھی گمراہ ہونگے اور دوسروں کو بھی گمراہ کرینگے۔ (مشکوٰۃ شریف' صفحہ 33' کتاب العلم بحوالہ مسلم و بخاری شریف۔)

فتاویٰ بحرالرائق میں ہے:

''وَاَمَّا مَا ثَبَتَ عَنْ غَیْرِہٖ فَلَا یُفْتیٰ بِہٖ فِیْ مِثْلِ التَّکْفِیْرِ

جس کا مفہوم یہ ہے کہ اگر غیر معیاری مفتی کسی بات کو لزوم کفر قرار دیں تو اس کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔ (بحرالرائق' جلد 5' صفحہ 129)

فتاویٰ فتح القدیر میں بھی ''وَلَا عِبْرَۃَ بِغَیْرِ الْفُقَہَاءِ'' کا لفظ لکھا ہوا ہے۔ اس کا خلاصہ یہ ہے کہ جب غیر معیاری مفتی کا دیا ہوا لزوم کفر کا فتویٰ حسن اتفاق سے درست بھی ہو پھر بھی اپنی حیثیت سے تجاوز کرنے کی بناء پر وہ سزا کا مستحق قرار پاتا ہے اور غلط ہونے کی صورت میں دوہری سزاؤں کا مستحق ہوتا ہے جبکہ معیاری مفتی کا معاملہ اس کے برعکس ہے کہ اسے غلط ہونے کی صورت میں ایک اجر اور درست ہونے کی صورت میں دو چند اجر کا مستحق قرار دیا گیا ہے۔ جیسے منہاج الوصول' جلد 4 صفحہ 556 پر لکھا ہوا ہے کہ اہل سنّت کے تمام مسالک میں ایسا ہی ہے۔

(۲) تکفیر کی چوتھی قسم کا شرعی حکم یہ ہے کہ قرآن وسنت کے خلاف نہ ہونے کی بناء پر جائز عمل ہے اور اس بنیاد پر بھی موجب اجر ہے کہ ان کے اس انداز تبلیغ کے نتیجہ میں جتنے لوگ گناہوں سے بچتے ہیں یا نفرت کرتے ہیں ان سب کے برابر اجر وثواب کا استحقاق ان کو

marfat.com

بھی حاصل ہوتا ہے۔ جیسے مرفوع حدیث شریف میں آیا ہے، اللہ کے حبیب رحمت عالم ﷺ نے فرمایا؛

"لَئِنْ یَّهْدِیَ اللّٰهُ بِكَ رَجُلاً وَّاحِداً خَیْرٌ لَّكَ مِنْ حُمْرِ النَّعَمِ"

جس کا مفہوم یہ ہے کہ تیری تبلیغ کی برکت سے ایک آدمی کا ہدایت پانا بھی تیرے لئے سرخ اونٹوں سے زیادہ بہتر ہے۔ (بخاری شریف، جلد 2، صفحہ 606)

(۳) تکفیر کی پانچویں قسم کا شرعی حکم یہ ہے کہ تعصب کی بناء پر دیدہ دانستہ ایک دوسرے کی بے محل تکفیر کرنا کبیرہ گناہ ہے لہٰذا جو سزائیں اور عذاب دوسرے کبیرہ گناہوں کے مرتکبوں کیلئے مقرر ہیں اُن سب میں یہ بھی ان کے ساتھ برابر شریک ہیں۔ اس کے علاوہ حدیث شریف میں ایسی تکفیر کو قتل کے برابر جرم قرار دیا گیا ہے۔ جیسے فرمایا؛

"مَنْ رَمٰی مُؤْمِناً بِكُفْرٍ فَهُوَ كَقَتْلِهِ"

جس کا مفہوم یہ ہے کہ جس نے کسی مسلمان کی بے محل تکفیر کی تو وہ اس کے قتل کرنے کے برابر جرم ہے۔ (جامع الصغیر مع فیض القدیر، جلد 6، صفحہ 139)

دوسری حدیث میں آیا؛

"وَمَنْ دَعَا رَجُلاً بِالْكُفْرِ اَوْ قَالَ عَدُوَّ اللّٰهِ وَلَیْسَ كَذٰلِكَ اِلَّا حَارَ عَلَیْهِ"

جس کا مفہوم یہ ہے کہ جس نے بھی کسی مسلمان شخص کو کافر کہا یا اللہ کا دشمن کہا جبکہ حقیقت میں وہ ایسا نہیں ہے تو اس کا وبال واپس اسی پر آئے گا۔

(مسلم شریف، جلد 1، صفحہ 57)

marfat.com

تیسری حدیث میں آیا ہے کہ؛

''اَیُّمَا امْرِئٍ قَالَ لِاَخِیْہِ کَافِرٌ فَقَدْ بَاءَ بِھَا اَحَدُھُمَا اِنْ کَانَ کَمَا قَالَ وَاِلَّا رَجَعَتْ عَلَیْہِ''

جس کا مفہوم یہ ہے کہ جس نے بھی اپنے کسی اسلامی بھائی کو کافر کہا تو ان میں سے ایک بالیقین اس کا مستحق قرار پاتا ہے۔ اگر حقیقت میں ایسا ہی ہے جیسے اس نے کہا ہے تو پھر ٹھیک کہا ہے ورنہ اس کا وبال واپس اسی پر آجائے گا۔

(مسلم شریف' جلد 1' صفحہ 57)

چوتھی حدیث میں اس کو زنا کی تہمت لگانے کے کبیرہ گناہ کے ساتھ تشبیہ دینے کے ساتھ قتل کے برابر قرار دیا گیا ہے۔ جیسے فرمایا؛

''وَمَنْ قَذَفَ مُؤْمِنًا بِکُفْرٍ فَھُوَ کَقَتْلِہٖ

جس کا مفہوم یہ ہے کہ جس نے بھی کسی مومن مسلمان پر کفر کی تہمت لگائی تو وہ اس کے قتل کرنے کی طرح ہے۔ (مشکوٰۃ شریف' باب الایمان والنذور)

تعصب کی بناء پر اپنے کسی مخالف نظریہ والے مسلمان کو یا جماعت کو کافر کہنے والے نہ صرف ایک بار گناہ کبیرہ کے مرتکب ہوتے ہیں بلکہ کم از کم تین بار اللہ کے عذاب ولعنت کا استحقاق پا رہے ہیں ایک اس لئے کہ تعصب جیسی حرام کاری میں مبتلا ہیں۔ دوسرا اس لئے کہ تکفیر مسلم کی لعنت میں مبتلا ہیں۔ تیسرا اس لئے کہ مسلم معاشرہ میں نفرت وتعصب پھیلانے کے جرم میں مبتلا ہیں۔ اسکے علاوہ یہ بھی ہے کہ بعض حدیثوں کے مطابق تعصب

marfat.com

کی وجہ سے اپنے مخالف نظریہ والوں کو کافر قرار دیکر مسلم معاشرہ میں فرقہ واریت پھیلانے اور بیضۃ الاسلام کو پراگندہ کرنے والوں کو واجب القتل قرار دیا گیا ہے۔ جیسے فرمایا؛

''سَيَكُوْنُ هُنَاتٌ وَهُنَاتٌ فَمَنْ اَرَادَ اَنْ يُفَرِّقَ اَمْرَ هٰذِهِ الْاُمَّةِ وَهِيَ جَمِيْعٌ فَاضْرِبُوْهُ بِالسَّيْفِ كَائِناً مَنْ كَانَ''

جس کا مفہوم یہ ہے کہ آئندہ تم پر شرو فساد کا دور آئے گا تو جس نے بھی اس امت کی جمعیت کو متفرق کرنے کا ارادہ کیا اسے شمشیر کے ساتھ قتل کرو چاہے کسی باشد۔

(مشکوۃ شریف، صفحہ 320، کتاب الامارۃ بحوالہ مسلم شریف)

(۴) تکفیر کی چھٹی قسم کا شرعی حکم یہ ہے کہ یہ بھی کبیرہ گناہ ہے لہٰذا گناہ کبیرہ کے مرتکب سیاہ کاروں کیلئے جو عذاب مقرر ہے وہ ان کیلئے بھی ہے اس کے علاوہ انفرادی سزاؤں کے سلسلہ میں ان کے خود کافر ہونے کا اندیشہ بھی ہوسکتا ہے۔ جیسے اللہ کے حبیب ﷺ نے فرمایا؛

''مَنْ دَعَا رَجُلًا بِالْكُفْرِ اَوْقَالَ عَدُوَّاللّٰهِ وَلَيْسَ كَذٰلِكَ اِلَّا حَارَ عَلَيْهِ''

جس کا مفہوم یہ ہے کہ جس نے بھی کسی مسلمان شخص کو کافر کہا یا اللہ کا دشمن کہا جبکہ حقیقت میں وہ ایسا نہیں ہے تو اس کا وبال خود اسی پر آئے گا۔

(مسلم شریف، جلد اول، صفحہ 57)

☆☆☆☆☆☆

marfat.com

## لزوم کفر اور التزام کفر کی تمیز شاہ عبدالعزیز کے کلام میں

حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ نے عارضی کفر کی ان دو قسموں کے مابین جو فرق بتایا ہے وہ ان کے اپنے کلام میں اسطرح ہے۔

''فرق درلزوم کفروالتزام آنست کہ نصیکہ در مقدمہ وارد شدہ وآن نص راکسی تاویل دورازکار کہ باعتبار قواعد عربیہ واصول راست نیاید نمودہ مدلول ظاہران را انکار نماید پس لزوم کفر متحقق شد لکن التزام وقتی متحقق می شود کہ مدلول نص را مدلول نص اعتقادکردہ بے تاویل انکارش نماید و گوید کہ ہر چند نص وارد شدہ است اما من ان معنی راقبول نہ دارم پس لزوم کفر نظر بواقع و نفس الامر است والتزام باعتباراعتقادمنکرو معنی لزوم کفر آنست کہ این عقیدہ کہ در حقیقت کفر است وجحود لازم می آید بر قائل کو قائل آن نداند کہ جحود و کفر است ''

جس کا مفہوم یہ ہے کہ لزوم کفر اور التزام کفر میں فرق یہ ہے کہ جس مسئلہ میں

marfat.com

نص وارد ہوا ہے قواعد عربیہ اور مسلمہ اصولوں کے خلاف اس میں تاویل کر کے اس کے ظاہری مدلول و مفہوم سے انکار کیا جائے تو اس میں لزوم کفر ثابت ہوتا ہے جبکہ التزام کفر تب ثابت ہوسکتا ہے کہ نص کے ظاہری مدلول و مفہوم کو اس کا مدلول و مفہوم عقیدہ کرنے کے بعد بغیر کسی تاویل کے انکار کیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ اس پر نص اگرچہ موجود ہے تاہم میں اس کے اس مدلول و مفہوم کو تسلیم نہیں کرتا۔ تو لزوم کفر واقعہ اور نفس الامر۔ کے اعتبار سے ہوتا ہے جبکہ التزام کفر منکر کے عقیدہ کے اعتبار سے ہوتا ہے اور کفر کے لازم ہونے کے معنی یہ ہیں کہ قائل پر انکار و کفر والا جو عقیدہ عائد ہو رہا ہے اسے اس کا علم ہی نہیں ہے۔

(فتاویٰ عزیزی، حصہ اول، صفحہ 122، مطبوعہ کتب خانہ رحیمیہ، یوپی، ہندوستان)

لزوم اور التزام کفر کے مابین تفریق کے سلسلہ میں حضرت شاہ صاحب کا یہ کلام اپنی جگہ حقیقت ہونے کے باوجود بادی النظر میں درج ذیل اشتباہات کا موجب ہے۔

اول یہ کہ اس سے لزوم کفر کا تاویل اور التزام کفر کا عدم تاویل کے ساتھ مخصوص ہونے کا شبہ ہو رہا ہے جو حقیقت کے خلاف ہے کیونکہ لزوم کفر بغیر تاویل کے بھی ہوسکتا ہے جیسے دنیا تاویل سے ناآشنا عوام کے کلام میں ہوتا رہتا ہے۔ اسی طرح التزام کفر تاویل کی صورت میں بھی ہوتا ہے۔ جیسے ختم نبوت زمانی ﷺ کے اجماعی تواتری اور ضرورت دینی والے عقیدہ سے متعلقہ آیت کریمہ کو خاتم النبین بمعنی افضل الانبیاء اور متصف بوصف النبوۃ بالذات کے مفہوم میں تاویل کر کے ختم النبوۃ زمانی والے عقیدہ کو جہلاء کا خیال قرار دینے

marfat.com

میں ہوتا ہے۔

دوسرا یہ کہ اس سے لزوم کفر میں قائل کو کفر کا علم نہ ہونے اور التزام کفر میں قائل کو اس کا علم ہونے کے تقابل کا اشتباہ ہو رہا ہے جو حقیقت کے خلاف ہے کیونکہ التزام کفر میں متکلم کو اپنے کلام کا کفریہ ہونے کا علم ہونا کوئی ضروری نہیں ہے بلکہ انجانے میں بھی شجرہ خبیثہ کے اس زہر کو پیا جا سکتا ہے۔ جس کی عملی اور معروضی صورتوں کی تفصیل گزشتہ صفحات میں بیان ہو چکی ہے۔ ایسے میں قائل کو کفر کا عقیدہ ہونے اور نہ ہونے کی تفریق کا کوئی مقصد ہی نہیں رہتا۔

تیسرا یہ کہ اس میں بظاہر تاویل اور عدم تاویل کی تفریق کے ساتھ کسی منصوص علیہ حکم سے انکار کو دونوں کیلئے معیار قرار دیا گیا ہے۔ جبکہ منصوص علیہ ظنی بھی ہو سکتا ہے قطعی بھی اور ضرورت دینی بھی جو انداز کلام بھی ضرورت دینی کی تکذیب پر منتج ہو کفر ہوتا ہے' لہٰذا یہ بھی کفر ہے۔ حضرت شاہ عبد العزیز نور اللہ مرقدہ کے مذکورہ کلام سے ان اشتباہات کے جنم پانے کو ہم سؤ فہم کے سوا اور کچھ نہیں سمجھتے ہیں ورنہ حضرت موصوف کا یہ کلام بے غبار اسلئے ہے کہ اس میں لزوم کفر اور التزام کفر کی تفریق کے سلسلہ میں ہر ایک کی مخصوص شکلوں کے ذکر پر اکتفا کیا گیا ہے۔ ان اشتباہات کی کچھ حقیقت تب ہوتی اگر حضرت موصوف کا یہ کلام لزوم کفر اور التزام کفر کی جامع و مانع تعریف کے طور پر کیا گیا ہوتا ایسا ہر گز نہیں ہے بلکہ اس میں تفریق کی تفہیم کی غرض سے ہر ایک کی ایک ایک وضاحتی مثال کو ذکر کیا گیا ہے۔ نیز یہ کہ لزوم کفر کے مفہوم میں جو فرمایا ہے؛

marfat.com

"کہ نصیکہ کہ در مقدمہ وارد شدہ و آں نص راکسی تاویل دوراذکارکہ باعتبار قواعد عربیہ واصول راست نیاید نمودہ مدلول ظاھر آں را انکار نماید پس لزوم کفر متحقق شد"

اس میں نص کا مصرف و محمل وہ ہے جو متواتر الثبوت ہو یعنی قرآن شریف کی کوئی آیت اور مقدمہ سے مراد اس کا ہر وہ مدلول و مفہوم یا شرعی حکم ہے جو ضرورت دینی کی حد تک مشہور و متواتر نہیں ہے تو ظاہر ہے کہ کسی نامعقول تاویل کے سہارے ایسے حکم کا انکار کرنا التزام کفر ہرگز نہیں ہے کیونکہ اس میں ضرورت دینی سے انکار نہ ہونے کے ساتھ تاویل کا اشتباہ بھی ہے جبکہ التزام کفر کیلئے ضرورت دینی سے انکار کے ساتھ کسی قسم کے اشتباہ کا نہ ہونا بھی ضروری ہے جو یہاں پر مفقود ہیں جبکہ لزوم کفر اس میں پایا جاتا ہے کیونکہ ایسے متواتر الثبوت نص قرآنی کے ظاہری مدلول و حکم سے محض بے بنیاد تاویل کے سہارا انکار کرنا اس نص کے بے مقصد ہونے پر منتج ہے اور جو کردار بھی کسی متواتر الثبوت نص کے بے مقصد ہونے پر منتج ہو وہ لزوم کفر ہوتا ہے' لہٰذا یہ بھی لزوم کفر ہے۔ جہاں تک اس دلیل کے دوسرے حصہ یعنی کبریٰ کا تعلق ہے یعنی "جو کردار بھی کسی متواتر الثبوت نص کے بے مقصد ہونے پر منتج ہو وہ لزوم کفر ہوتا ہے" اس کی وضاحت یہ ہے کہ قرآن شریف کی ہر ایک آیت متواتر الثبوت ہے اور اس کا با مقصد ہونے کا جو اسلامی عقیدہ ہے وہ ضروریات دین کے قبیلہ سے ہے یعنی بلا نکیر جملہ مکاتب اہل اسلام اول سے آخر تک اس کے با مقصد ہونے کا

marfat.com

عقیدہ رکھتے آئے ہیں اور مسلمانوں کا یہ عقیدہ اسلامی ماحول میں اتنا مشہور ہے کہ اس کو ثابت کرنے کیلئے کسی دلیل کو طلب کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کی جاتی جبکہ باطل تاویل کے سہارے ظاہری اور معمول بہ مدلول و مفہوم سے انکار کر کے اس کے مدمقابل باطل عقیدہ رکھنے والے کا یہ عقیدہ اس آیت کو بے مقصد کرنے کے سوا اور کچھ محمل نہیں رکھتا۔

گویا حضرت شاہ عبدالعزیز نور اللہ مرقدہ نے مذکورہ کلام کے اس حصہ میں لزوم کفر کی اس قسم کو ذکر کیا ہے جو ہماری تحقیق کے مطابق لزوم کفر کی مذکورہ فہرست کے مطابق دوسرے نمبر پر ہے یعنی کسی ضرورت دینی کے انکار پر منتج ہو۔ ایسے میں اشتباہ اول، دوم اور چہارم کی راہ بند ہو جاتی ہے کیونکہ ان کے پیدا ہونے کا امکان اس کلام کا لزوم کفر اور التزام کفر کی جامع مانع تعریف پر محمول ہونے کی صورت میں ہو سکتا تھا جب یہ نہیں تو وہ بھی نہیں۔

یہی حال حضرت موصوف کے اس کلام کے دوسرے حصہ کا ہے جس میں التزام کفر کی صورت بتاتے ہوئے فرمایا ہے؛

**"التزام وقتی متحقق می شود کہ مدلول نص را مدلول نص اعتقاد کردہ بے تاویل انکارش نماید و گوید کہ ہر چند نص وارد شدہ است اما من ان معنی را قبول نہ دارم"**

کہ یہ بھی التزام کفر کی جامع و مانع تعریف اور اس کی حقیقت بتانے کیلئے نہیں بلکہ لزوم کفر اور التزام کفر کی تمیز بتانے میں سہولت فہم اور فہمائش کی وضاحت کی غرض سے بطور مثال ایک قسم کے بیان پر اکتفا کیا ہے جو ہماری تحقیق کے مطابق التزام کفر کی مذکورہ

marfat.com

بارہ (۱۲) اقسام میں سے تیسری قسم ہے۔ ایسے میں دیگر اشتباہات کے دفع ہونے کی طرح چوتھے اشتباہ کی راہ بھی بند ہوگئی جس کے نتیجہ میں حضرت موصوف کا یہ کلام جو لزوم کفر اور التزام کفر کی تمیز بتانے کے سلسلہ میں کہا گیا ہے۔ اس کا اول حصہ لزوم کفر کی جامع و مانع تعریف و مفہوم کے مصادیق و افراد میں سے خاص قسم پر محمول ہے اسی طرح دوسرا حصہ التزام کفر کی جامع و مانع تعریف و مفہوم کے مصادیق و افراد میں سے خاص قسم پر محمول ہے جبکہ لزوم کفر کی حقیقی تعریف و مفہوم اس کے سوا اور کچھ نہیں ہے کہ "کسی ضرورت دینی کا اس انداز سے انکار کیا جائے جو بلا واسطہ نہ ہو، صراحتاً نہ ہو، بداہۃً اور بلا احتمال غیر نہ ہو بلکہ اس پر منتج ہو اور اسے مستلزم ہو اور واسطہ فی الاثبات کی بنیاد پر تفصیلی دلیل کی صورت میں اس تک پہنچائے۔ اور التزام کفر کی حقیقی تعریف یہ ہے کہ کسی ضرورت دینی کا بلا واسطہ انکار کیا جائے' جو مفضیٔ الی الکفر نہیں بلکہ خود کفر ہو، صریح ہو، بلا احتمال غیر ہو اور اسے کفر ثابت کرنے کیلئے کسی واسطہ فی الاثبات کے ذریعہ تفصیلی دلیل تلاش کرنے کی ضرورت نہ ہو۔ ہر ایک کی جامع و مانع تعریف اور حقیقت شناسی کا یہ انداز عام انسانوں کی رسائی فہم سے دور ہونے کی وجہ سے خواص علماء کے سامنے ہی بیان کیا جا سکتا ہے جبکہ عوام کو سمجھانے کیلئے بطور فتویٰ جو مسائل لکھے جاتے ہیں ان میں چونکہ ہر خاص و عام کی فہمائش مقصود ہوتی ہے جس کیلئے مفہومات کلیہ کے ماتحت جزئیات و افراد کو ذکر کرنا مفید مقصد ہوتا ہے۔ حضرت شاہ عبد العزیز کا مذکورہ کلام بھی اُصول فطرت کے اسی انداز پر محمول ہے کیونکہ لزوم کفر اور التزام کفر میں سے ہر ایک کی حقیقی تعریف و مفہوم بجائے خود کلیات کے قبیلہ سے ہیں جس کو اگر جنس کہا

marfat.com

جائے تو زیادہ مناسب ہوگا جس کے ماتحت متبائن انواع ہیں اور ہر نوع کے تحت متبائن جزئیات وافراد ہیں۔ مثال کے طور پر لزوم کفر کا جو حقیقی مفہوم ہم نے بیان کیا ہے بجائے خود ایک جنس ہے جس کے ماتحت لزوم کفر کی فہرست میں شامل مذکورہ بارہ انواع ہیں جن کے افراد کا مختلف اوقات اور مختلف انسانوں سے ظہور ہوتا رہتا ہے۔ اسی طرح التزام کفر کا جو مفہوم بیان ہوا ہے وہ بھی ایک جنس ہے جس کے تحت التزام کفر کی فہرست میں شامل بارہ قسمیں بطور انواع مندرج ہیں۔ انسانوں کا عام ذہن چونکہ اپنے گردوپیش سے مانوس ہوتا ہے جس کے مطابق اجناس سے زیادہ مانوسیت ان کے انواع سے ہوتی ہے اور انواع سے زیادہ ان کے خارج میں پائے جانیوالے افراد سے ہوتی ہے۔ مفتی کے پیش نظر چونکہ خواص وعوام سب کو سمجھانا ہوتا ہے جس کیلئے جنس کی بجائے نوع کو ذکر کرنا زیادہ مناسب ہے جس کو پیش نظر رکھتے ہوئے لزوم کفر اور التزام کفر کا فرق سمجھانے والے حضرات نے جامع و مانع تعریف بتانے کی بجائے مخصوص انواع کو سامعین کی سہولت فہم کیلئے ذکر کرنے پر اکتفا کیا ہے۔ جیسے فتاویٰ درالمختار نے التزام کفر کر کے مرتد قرار پانے والے کیلئے اجراء کلمۃ الکفر علی اللسان کو رکن بتاتے ہوئے لکھا ہے؛ "وَرُكْنُهَا اِجْرَآءُ كَلِمَةِ الْكُفْرِ عَلَى اللِّسَانِ بَعْدَ الْإِيْمَانِ" جبکہ التزام کفر وارتداد اس کے بغیر بھی پایا جاتا ہے حالانکہ رکن کے بغیر کوئی چیز نہیں پائی جاسکتی۔ عدم جامعیت کے اس اعتراض سے بچنے کیلئے جملہ شارحین نے درالمختار کی اس عبارت کو التزام کفر کی خاص قسم پر محمول قرار دیا ہے۔ جیسے فتاویٰ شامیہ میں اس کی توجیہ کرتے ہوا لکھا ہے؛

marfat.com

''هٰذَا بِالنِّسْبَةِ اِلَى الظَّاهِرِ الَّذِىْ يَحْكُمُ بِهِ الْحَاكِمُ وَاِلَّا فَقَدْ تَكُوْنُ بِدُوْنِهٖ كَمَا لَوْ عَرَضَ لَهٗ اِعْتِقَادُ بَاطِلٍ اَوْ نَوٰى اَنْ يَّكْفُرَ بَعْدَ حِيْنٍ ''

حضرت شاہ عبدالعزیز نور اللہ مرقدہ نے بھی فتاویٰ عزیزیہ کی مذکورہ عبارت میں اسی انداز کو اختیار کیا ہے۔ (فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ اَوَّلاً وَآخِراً ظَاهِراً وَبَاطِناً)

## ﴿لزوم کفر کا کفر وارتداد نہ ہونے کیلئے قائل کو اُس کا مستلزمِ کفر نہ ہونے کا شرط ہونا﴾

حضرت شاہ عبدالعزیز کی مذکورہ عبارت میں لزوم کفر کا امر واقعی ہونے اور التزام کفر کا امر اعتقادی ہونے کی وضاحت اس طرح ہے کہ لزوم کفر کے دو لفظوں میں سے اول لزوم ہے جو کفر کی طرف مضاف ہے اور دوسرا لفظ کفر ہے جو مضاف الیہ ہے اور یہی مضاف الیہ ''کفر'' اپنے مضاف یعنی لزوم کے لئے فاعل بھی ہے جسکے معنی ہیں (کفر کا لازم ہونا) حقیت بھی یہی ہے کہ لزوم کفر میں کفر آپ ہی کلام کو لازم ہو جاتا ہے۔ جس کا اس کے قائل کو علم بھی نہیں ہوتا۔ جس کے نتیجہ میں کہا جاسکتا ہے کہ لزوم کفر میں قائل کو اس کا مستلزم کفر ہونے کا علم نہ ہونا شرط ہے۔ ورنہ لزوم کفر نہیں رہے گا بلکہ التزام کفر کی صورت بنے گی۔ کیونکہ کلام کے لازمہ ونتیجہ اور انجام کار کو جانتے ہوئے جیتے جاگتے' سلامتی عقل وحواس کی صورت میں بلا جبر واکراہ ایسے کلام کو اختیار کرنا التزام کفر کی مذکورہ فہرست کے مطابق التزام کفر کی چھٹی قسم سے مختلف نہیں ہے لہٰذا التزام کفر سے بچا کر لزوم کفر کے دائرہ میں

marfat.com

رکھنے کیلئے شرط قرار پاتا ہے کہ قائل کو اس کا علم نہ ہو۔ قربان جاؤں حضرت شاہ عبدالعزیز کی نگاہ بصیرت پر کہ انہوں نے مذکورہ عبارت میں ”**پس لزوم کفر نظر بواقع ونفس الامر است والتزام باعتبار اعتقاد منکر**“ کہہ کر لزوم کفر اور التزام کفر کے مابین ایک مستقل مابہ الامتیاز کی فہمائش کی ہے۔ فَجَزَاهُ اللّٰهُ خَيْرَ الْجَزَاءِ

امام عبدالوہاب الشعرانی نے الیواقیت والجواہر فی بیان عقائد الاکابر میں فرمایا؛

”لَا يَكْفُرُ إِذَا لَمْ يَعْلَمْ بِأَنَّ الْأَزِمَ كُفْرٌ“

یعنی جب متکلم اپنے کلام کے لازمہ وانجام کو نہ جانتا ہو تو کافر بھی نہیں ہوگا۔

(الیواقیت والجواہر فی بیان عقائد الاکابر، جلد 2، صفحہ 123، مطبوعہ مصر)

المواقف میں ہے؛

”مَنْ يَلْزَمُهُ الْكُفْرُ وَلَا يَعْلَمُ بِهِ لَيْسَ بِكَافِرٍ“

یعنی جس کے کلام سے کفر لازم آتا ہو اور وہ اسے نہ جانتا ہو تو کافر نہیں ہوگا۔

(المواقف، صفحہ 556)

یہ اس لئے ہے کہ کسی کے کلام سے کفر کا لازم ہونا اور بات ہے جبکہ اس کا غیر مسلم و کافر ہونا اور چیز ہے۔ جبکہ التزام کفر میں ایسا نہیں ہے کیونکہ اس کی بعض اقسام میں متکلم کو نہ صرف علم ہوتا ہے بلکہ دیدہ و دانستہ کفر کو اختیار کر رہا ہوتا ہے۔ جیسے التزام کفر کی عنادی صورتوں میں ہے اور کبھی نہیں بھی ہوتا ہے۔ لزوم کفر اور التزام کفر کی اس تمیز کو علی وجہ البصیرت سمجھنے کیلئے ان میں سے ہر ایک کی گذشتہ صفحات میں بیان شدہ تفصیلی فہرست کو پیش نظر رکھنا ضروری

marfat.com

ہے۔ جس کو سمجھے بغیر دارالافتاء کا تکفیر مسلم کے حوالہ سے غلطی سے بچنا ممکن نہیں ہے کیونکہ لزوم کفر میں متکلم کو کافر قرار دینے کا جواز نہیں ہے جبکہ التزام کفر میں قائل کو کافر قرار دینا واجب ہے۔ ایسے میں فقہاء کرام کی ان عبارات کو سمجھنے کیلئے بھی کفر لزومی والتزامی کے احکام کو جدا جدا سمجھنا دارالافتاء کے فرائض میں سے ہے۔

## ﴿کسی غیر اللہ کو مسجود الخلائق کہنے کا حکم﴾

لزوم کفر اور التزام کفر کے حوالہ سے باعث اشتباہ الفاظ میں کسی غیر اللہ کو مسجود الخلائق کہنا بھی شامل ہے۔ حضرت شاہ عبدالعزیز نوراللہ مرقدہ نے حضرت پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانی اور حضرت نظام الدین محبوب اولیاء کے لئے اسے استعمال فرمایا ہے جبکہ ہمارے معاصر علماء کرام میں بعض حضرات اس کو التزام کفر کے قبیلہ سے قرار دیتے ہیں۔

حضرت شاہ عبدالعزیز نوراللہ مرقدہ کے الفاظ یہ ہیں؛

"برخی از اولیائے امت راشمہ محبوبیت آن نصیب شدہ ومسجود خلائق ومحبوب دلہا کشتہ اند مثل حضرت غوث الاعظم و سلطان المشائخ نظام الدین اولیاء"

جس کا مفہوم یہ ہے کہ امت کے کچھ اولیاء اللہ کو رسول اللہ ﷺ کی محبوبیت کا حصہ نصیب ہوا ہے تو خلائق کے مسجود اور دلوں میں محبوب بن گئے' جیسے حضرت غوث الاعظم اور سلطان المشائخ نظام الدین اولیاء۔

(تفسیر عزیزی "فتح العزیز"، صفحہ 322، زیر تفسیر سورۃ الم نشرح)

marfat.com

جبکہ معاصر علماء اس لفظ کو التزام کفر میں شامل کرنے کا فلسفہ یہ بتاتے ہیں کہ یہ جملہ خلائق کے مسجود ہونے کے مفہوم میں صریح ہے اور تمام خلائق کی طرف سے مسجود ہونا صرف اللہ وحدہ لاشریک کا خاصہ ہے۔ جیسے:

"وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ"

جس کا مفہوم یہ ہے کہ خاص اللہ کو سجدہ کرتے ہیں وہ تمام خلائق جو زمین وآسمانوں میں ہیں۔ (سورۃ النحل، آیت نمبر 49)

اس قسم کی جتنی آیات ہیں ان سب سے یہی معلوم ہو رہا ہے کہ مسجود الخلائق ہونا صرف اللہ کا خاصہ ہے جس کو غیر اللہ کیلئے ثابت کرنا صریح شرک ہونے کی بناء پر التزام کفر ہے۔ انصاف یہ ہے کہ معاصر حضرات کا یہ کردار بے محل جرات ہے۔ حقیقت کی نگاہ سے دیکھا جائے تو اس میں لزوم کفر بھی نہیں ہے چہ جائیکہ التزام کفر ہو سکے۔ اس کا فلسفہ یہ ہے کہ لفظ سجدہ اپنے شرعی مفہوم کے اعتبار سے عبادت ہے جو صرف اللہ وحدہ لاشریک کیلئے خاص ہے یعنی اس معنی کے اعتبار سے نہ کبھی کسی غیر اللہ کیلئے جائز ہوا ہے نہ ہوگا اور نہ ہی کوئی مومن مسلمان اس کا تصور کر سکتا ہے۔ جبکہ لغت میں کسی کیلئے تعظیم، اطاعت وتذلل اور اس کے ارادہ کی تکمیل میں موافقت کرنے کے مفہوم میں استعمال ہوتا ہے۔

جیسے مفردات القرآن امام راغب الاصفہانی میں ہے:

"وَسُجُوْدُ تَسْخِيْرٍ وَهُوَ عَامٌّ فِي الْإِنْسَانِ وَالْحَيَوَانَاتِ وَالنَّبَاتَاتِ"

جس کا مفہوم یہ ہے کہ سجدہ عبادت کے مقابلہ میں سجدہ تسخیر ہے جو انسانوں اور

marfat.com

حیوانات سے لے کر نباتات تک جملہ خلائق کو شامل ہے۔

اس مفہوم پر چند قرآنی آیات کو منطبق کرنے کے بعد امام راغب الاصفہانی نے ملائکہ کو حضرت آدم علیہ السلام کیلئے سجدہ کرنے سے متعلق امر الٰہی کی توجیہ کرتے ہوئے لکھا ہے؛

''وَقِيْلَ اُمِرُوْا بِالتَّذَلُّلِ لَهٗ وَالْقِيَامِ بِمَصَالِحِهٖ وَمَصَالِحِ اَوْلَادِهٖ فَأْتَمَرُوْا اِلَّا اِبْلِيْسُ''

اس کے بعد بنی اسرائیل کو باب خطہ میں سجدہ کی حالت میں داخل ہونے سے متعلق امر الٰہی کا مفہوم بتاتے ہوئے فرمایا؛

''اَیْ مُتَذَلِّلِيْنَ مُنْقَادِيْنَ''

(مفردات القرآن، امام راغب الاصفہانی، صفحہ 222، مادہ س۔ج۔د)

لسان العرب مادہ 'س۔ج۔د میں ہے؛

''سَجَدَ سُجُوْدًا وَضَعَ جَبْهَتَهٗ بِالْاَرْضِ''

اس کے بعد لکھا ہے؛

''سَجَدَ اِذَا انْحَنٰى وَتَطَامَنَ اِلَى الْاَرْضِ''

اس کے بعد لکھا ہے؛

''وَكُلُّ مَنْ ذَلَّ وَخَضَعَ لِمَا اُمِرَ بِهٖ فَقَدْ سَجَدَ'' اور اسی تذلل واطاعت والے مفہوم کی تمثیل کیلئے ''تَرَى الْاُكْمَ فِيْهَا سُجَّدًا لِلْحَوَافِرِ'' کے مشہور قول کو ذکر کیا ہے۔ جس

marfat.com

کی پوری تفصیل اور پس منظر بتاتے ہوئے محی الدین شیخ زادہ علی البیضاوی نے لکھا ہے:

''يَجْعَلُ الْجِبَالَ الصِّفَارَ مُذَلَّلَةً لِلْحَوَافِ وَمَقْهُوْرَةً تَحْتَهَا حَتّٰى كَاَنَّهَا اِذَا رَئَتِ الْحَوَافِرُ يَسْجُدَنَ لَهَا وَ يَدْخُلْنَ تَحْتَهَا''

جس کا مفہوم یہ ہے کہ حملہ آور لشکر کی تیز رفتاری کا عالم یہ ہے کہ وہ ٹبوں کو اپنے سموں کے تابع اور ان کے نیچے مسخر بنا لیتے ہیں گویا جب وہ ان کے گھوڑوں کے سموں کو دیکھتے ہیں تو ان کے ارادہ کی تکمیل کرتے ہیں اور ان کے ماتحت مسخر ہو کر داخل ہو جاتے ہیں۔ (شیخ زادہ علی البیضاوی، جلد ا، صفحہ ۲۵۷)

خلاصہ کلام یہ کہ سجدہ عبادت جو وضع الجبۃ علی الارض بنیت غایۃ التعظیم والتذلل جو انسانوں کا خاصہ ہے اور عبادت ہے صرف اللہ وحدہ لاشریک کا خاصہ ہونے کی وجہ سے کسی غیر اللہ کیلئے کسی بھی جہت سے کسی بھی وقت نا قابل تصور جرم اور شرک ہونے کی بناء پر نہ کبھی جائز ہوا ہے نہ ہوگا بلکہ محض تعظیم لاعلی وجہ العبادت کے طور پر وضع الجبۃ علی الارض کے مفہوم میں تاریخ کے مختلف ادوار میں مختلف انداز کیساتھ غیر اللہ کیلئے جائز ہونے پر ''سورۃ یوسف اور سورۃ بقرۃ'' میں نا قابل انکار ثبوت موجود ہے جو کسی بھی اہل علم سے مخفی نہیں ہے۔ اسی طرح سجدہ بمعنی اطاعت وتذلل علی سبیل العبادۃ بدون وضع الجبۃ علی الارض چاہے جس انداز سے بھی ہو جو انسانوں کے سوا باقی جملہ خلائق میں بھی پایا جاتا ہے جس کو غیر اختیاری عبادت بھی کہا جا سکتا ہے یہ بھی عبادت ہونے کی بناء پر اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہے لہٰذا اس مفہوم کے اعتبار سے بھی کسی غیر اللہ کو مسجود الخلائق کہنے کا تصور اسلام میں نہیں ہے۔ بالفرض و

marfat.com

التقدیر اگر کوئی مدعی اسلام چاہے مرشد الناس اور عظیم روحانی بزرگ کہلانے والا ہی کیوں نہ ہو کسی غیر اللہ کو سجدہ کرے یا اسے مسجود الخلائق کہے یا کم از کم سجدہ عبادت کا مستحق سمجھے تو مشرک ہونے کی بناء پر ملتزم کفر ہوگا۔ جس میں اہل علم، غیر اہل علم اور چھوٹے بڑے کی قطعاً کوئی تمیز نہیں ہوسکتی کیونکہ التزام اسلام اور التزام کفر کے احکام میں خواص وعوام اور اہل علم غیر اہل علم کی تفریق ممکن نہیں ہے۔ جبکہ سجدہ عبادت کی ان شکلوں کے مقابلہ میں سجدہ تسخیر بمعنی اطاعت، تواضع وتذلل کے مفہوم میں نہ صرف جائز بلکہ جملہ خلائق میں بالفعل جاری وساری ہے، خالق کائنات جل جلالہ وعم نوالہ کی طرف سے مقرر کردہ خودکار نظام تکوین کا حصہ ہے اور خلائق میں کوئی چیز ساجد و مسجود ہونے سے خالی نہیں ہے۔ جس پر آیت کریمہ؛

"وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ" (سورۃ الرعد آیت نمبر 15)

نیز؛

"اَوَلَمْ يَرَوْا اِلٰى مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَىْءٍ يَّتَفَيَّؤُا ظِلٰلُهٗ عَنِ الْيَمِيْنِ وَ الشَّمَآئِلِ سُجَّدًا لِّلّٰهِ وَهُمْ دٰخِرُوْنَ"

نیز اس کے بعد متصل آیت نمبر 49 جیسی آیات دلالت کررہی ہیں۔ ایسے میں ہم عصر حضرات کا کسی غیر اللہ سے متعلق مسجود الخلائق کہنے پر فتویٰ کفر صادر کرنا لزوم کفر اور التزام کفر کے مابین تفریق کرنے سے قاصر ہونے کے ساتھ قرآن شریف کی زبان سے بھی غفلت کا نتیجہ ہے۔ جب لغت کی زبان میں خلائق کی ہر شے اللہ تعالیٰ کی طرف سے

marfat.com

مقرر کردہ نظام تکوین کے تحت سجدہ تسخیری کے مفہوم میں ساجد و مسجود ہے تو پھر کسی غیر اللہ کو مسجود الخلائق کہنے میں کفر کا کیا سوال پیدا ہو سکتا ہے؟ لفظ سجدہ، ساجد و مسجود کے حوالہ سے لغت کی عمومی اور شریعت کی خصوصی زبان میں اس عمومی گفتگو کے بعد اب حضرت شاہ عبد العزیز کے مذکورہ کلام کا ہم جائزہ لیتے ہیں تو سجدہ کے لغوی مفہوم ''اطاعت و تذلل اور تکمیل ارادہ میں موافقت کرنے'' کے مفہوم میں حضرت موصوف کا یہ کلام عین حقیقت نظر آ رہا ہے کیونکہ اس سے پہلے حضرت موصوف نے سرور کائنات رحمت عالم ﷺ کی بابت مسجود الخلائق کہا جس کی وجہ سرور کائنات ﷺ کا محبوب اللہ ہونا بتائی جس کے بعد سرور کائنات محبوب رب العلمین ﷺ کی کامل اتباع کی بنیاد پر حضرت پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانی اور سلطان المشائخ محبوب اولیاء کو بھی بالواسطہ مقام محبوبیت سے حصہ ملنے کا ذکر فرمایا۔ اس کے بعد اسی محبوبیت کی بنیاد پر ان دونوں بزرگوں کو بھی مسجود الخلائق ہونے کا لقب دیا ہے۔

اہل علم جانتے ہیں کہ خلائق میں ایک مشخص شیطان اور اس کے اذناب و اتباع کے ماسوا وہ کون سی چیز ہے جو سرور کائنات محبوب رب العلمین کو سجدہ بمعنی اطاعت نہ کرتی ہو، ان کی بارگاہ میں سجدہ بمعنی تواضع نہ کرتی ہو یا آپ ﷺ کے ارادہ کی تکمیل کرنے میں موافقت نہ کرتی ہو۔ بخاری شریف کی مرفوع حدیث میں آیا ہے کہ ایک موقع پر جب اللہ کے حبیب ﷺ نے فرمایا کہ:

''ہر بنی آدم کے ساتھ پیدائشی طور پر ایک شیطان ہوتا ہے، ''ہمزاد''

صحابہ کرام رضی اللہ عنہ نے پوچھا کہ: ''کیا آپ ﷺ کے ساتھ بھی ہے''

marfat.com

تو فرمایا کہ؛ ''میرے ساتھ بھی ہے لیکن مسلمان ہو کر رہتا ہے اور مجھے ہمیشہ اچھائی کا ہی کہتا ہے''۔

جب ہمزاد جیسے شیطان کی بارگاہ نبوت میں اطاعت گذاری کا یہ عالم ہے تو پھر اشجار و احجار اور جانوروں کے سجدہ بمعنی اطاعت و تواضع سے متعلقہ بے شمار روایات سے انکار کی گنجائش کس کو ہو سکتی ہے۔ شق القمر سے لے کر درختوں کا اطاعت گزاری کیلئے حاضر خدمت ہونے تک، بکریوں کے خشک تھانوں میں دودھ پیدا ہونے سے لے کر پتھروں کے کلمہ پڑھنے تک اور انگلیوں سے پنج آبوں کا جاری ہونے سے لے کر جام بھر دودھ سے ستر اصحاب کا پیٹ بھرنے تک، یہ سب کچھ محبوب رب العلمین ﷺ کے مسجود الخلائق بمعنی تکمیل ارادہ میں موافقت کرنے کے ناقابل انکار شواہد ہیں۔ اس عظیم رتبے کی اصل وجہ اللہ کا محبوب ہونا ہے جبکہ اللہ کا محبوب ہونے کا حقیقی فلسفہ خود کو منشاء مولیٰ جل و علیٰ پر قربان کرنا ہے، فنا کرنا ہے اور قوت فکری و عملی کی امانتوں کو اس کی منشاء کے مطابق صرف کرنا ہے جس میں سرور کائنات رحمت عالم ﷺ فرد کامل' بے مثل اطاعت گزار اور بے مثل فنا فی اللہ ہیں جبکہ امتیوں میں سے جن خوش قسمتوں نے آپ ﷺ کی اتباع میں اس فلسفہ کو جس شرح تناسب سے اپنایا اسی تناسب سے محبوبیت کے رتبے پر فائز ہوئے۔ جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا؛ ''قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ''

محبت کلی مشکک ہونے کی طرح ولایت بھی کلی مشکک ہے۔ جیسے سرور کائنات رحمت عالم ﷺ کی ولایت باقی تمام اولیاء اللہ کی ولایت سے اقدم و اقویٰ ہے ویسے ہی

marfat.com

محبوبیت نبوی ﷺ بھی سب سے اقدم واقویٰ اور بے مثل و بے نظیر ہے۔ جیسے دوسرے انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کی ولایت ومحبوبیت ''بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ'' ہے اسی طرح اولیاء امت کی ولایت ومحبوبیت بھی حرکت صعودی کی شکل میں ''بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ'' کے سلسلہ کے ساتھ منسلک ہے۔ الغرض مسجود الخلائق بمعنی خلائق کی طرف سے اطاعت گزاری اور ارادہ کی تکمیل میں موافقت کرنے کا فی الجملہ استحقاق تو سب کو حاصل ہوتا ہے۔ جس کے مطابق حضرت شاہ عبدالعزیز نوراللہ مرقدہ نے اولاً اصل الخلائق' سرور کائنات رحمت عالم ﷺ کے مسجود الخلائق ہونے کو بیان فرمایا اور آپ ﷺ کی بارگاہ اقدس کا سجدہ گاہ خلائق ہونے کی حقیقت کا بمع فلسفہ ذکر فرمایا۔ اس کے بعد اپنے مشاہدہ وتجربہ کے مطابق اولیاء امت میں سے ان دو بزرگوں کا اس رتبے پر فائز ہونے کو بمع فلسفہ بیان فرمایا۔ جو اُصول اسلام کے عین مطابق ہے، جس میں کفر کا شائبہ تک موجود نہیں ہے۔

یہاں پر اگر یہ کہہ دوں تو بے جا نہ ہوگا کہ اس لفظ پر تکفیر کرنے والے ہم عصروں کو اگر معلوم ہوتا کہ حضرت شاہ عبدالعزیز کے کلام میں بھی یہ موجود ہے تو ان حضرات کو تکفیر کرنے کی قطعاً جرات نہ ہوتی۔ تکفیر کے حوالہ سے دوہرے معیار کا یہ مضحکہ خیز انداز مسلم معاشرہ کیلئے المیہ سے کم نہیں ہے۔ ہم عصر مفتیوں کی اس قسم بے محل جرات ناواقف حال حضرات کیلئے تو باعث تعجب ہوسکتی ہے جبکہ ہماری نگاہ میں عام مشاہدات سے مختلف نہیں ہے کیونکہ ہم سمجھتے ہیں کہ دارالافتاء جیسے اہم منصب پر جب ایسے حضرات کا راج ہو جو لزوم کفر اور التزام کفر کی تفریق نہ کرسکیں، قرآن وحدیث کی زبان اور اس کے مواقع استعمال

marfat.com

کی تمیز نہ کر سکیں اور فتویٰ صادر کرنے میں دوہرے معیار سے اجتناب نہ کر سکیں تو اس کا منطقی نتیجہ ایسا ہی ہوتا ہے۔(فَلِلّٰہِ الْحَمْدُ اَوَّلاً وَّآخِراً ظَاھِراً وَّبَاطِناً)

## ﴿ایک اشتباہ کا ازالہ﴾

یہاں پر کسی قاری کو یہ اشتباہ نہیں ہونا چاہئے کہ جب کسی غیر اللہ کو مسجود الخلائق کہنا لزوم کفر ہے نہ التزام کفر تو پھر اس حوالہ سے اس کو قابل توجہ الفاظ میں شمار نے کا کیا جواز ہے۔

یہ اشتباہ اسلئے غلط ہے کہ اپنی جگہ کوئی مسئلہ بھی مشکل نہیں ہوتا بلکہ اشکال و مغالطہ یا التباس سامعین وقارئین کی سوٴفہم کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے یہاں پر بھی ایسا ہی ہے کچھ دار الافتاء کے نا تجربہ کار ہم عصروں نے اس آسان مسئلہ کو اپنی کج فہمی کی بناء پر اسلام سے نکال کر کفر کے زمرہ میں شامل کر کے التباس الحق بالباطل کر دیا تو آسان و بے غبار ہونے کے باوجود اُس معاشرہ کے لوگوں کیلئے مسئلہ مشکل ہو گیا' یہاں تک کہ جس جس کے کانوں تک یہ پہنچے گا مغالطہ کا دائرہ وسیع سے وسیع تر ہوتا جائے گا۔ خلافِ حقیقت باتوں کو چونکہ دوام نصیب نہیں ہوتا انجام کار کسی حقیقت شناس کی طرف سے مسئلہ کا اصل رُخ سامنے لائے جانے کے بعد یہ مسئلہ حقیقت میں آسان و بے غبار ہونے کے باوجود وجہ نزاع بن سکتا ہے ایسے میں مشکل اور قابل توجہ نہ ہوگا تو اور کیا ہوگا۔ یہ سب کچھ علماء کرام کیلئے، بالخصوص دار الافتاء کے ذمہ داروں کیلئے امتحان سے کم نہیں ہے۔

☆☆☆☆☆☆

marfat.com

# ایک اہم اسلامی اصول

کسی غیر اللہ سے متعلق قیوم زمان کہنے یا مسجود الخلائق کہنے جیسے الفاظ کا کفر نہ ہونے سے متعلق اس تحقیق کو پڑھنے والے قارئین کو اس بات کا اشتباہ نہ ہونا چاہیئے کہ ہم اس قسم الفاظ غیر اللہ کیلئے استعمال کرنے والوں کی حوصلہ افزائی کرر ہے ہیں۔ (حاشا وکلا) ایسا ہر گز نہیں ہے بلکہ اس قسم الفاظ کو یہاں پر بیان کرنے سے ہمارا مقصد صرف یہ ہے کہ بعض الفاظ کچھ ایسے ہوتے ہیں کہ حقیقت نا آشنا حضرات انہیں کفریہ کلمات کہہ کر ان کے قائل کو کافر کہتے ہیں جو حقیقت کے خلاف ہے، ''اُصولِ تکفیر'' کے برعکس ہے اور ثواب کی بجائے گناہ و موجب عذاب ہے ہمارا مقصد قرآن وسنت اور قابل ذکر اسلاف کی روشنی میں کسی مدعی اسلام پر فتویٰ کفر صادر کرنے کیلئے شرعی معیار بتانے کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ جہاں تک کسی غیر اللہ کے لئے قیوم زمان یا مسجود الخلائق جیسے القاب استعمال کرنے کا مسئلہ ہے تو اس کے لئے ایک اہم اسلامی اُصول موجود ہے وہ یہ ہے کہ جو لفظ سامعین وقارئین کی فہم سے بالا ہو یا اس سے غلط مطلب اخذ کر کے گمراہ ہونے اور دوسروں کو گمراہ کرنے کا اندیشہ ہو۔ ایسے ماحول میں اس قسم کے الفاظ کو تقریر یا تحریر میں لانا کسی مبلغ کو مناسب ہے نہ کسی مصنف کو، ایسے مواقع کیلئے حدیث شریف میں آیا ہے؛

marfat.com

''مَا اَنْتَ بِمُحَدِّثٍ حَدِیْثًا لَا تَبْلُغُہُ عُقُوْلُھُمْ اِلَّاکَانَ لِبَعْضِھِمْ فِتْنَۃً''

جس کا مفہوم یہ ہے کہ تو کسی قوم کے سامنے ایسا مسئلہ نہیں بتائے گا جس کی حقیقت تک ان کی عقل کی رسائی نہ ہو مگر ان میں سے بعض کیلئے فتنہ کا سبب ہوگا۔

(مسلم شریف' جلد 1' صفحہ 9)

مولیٰ علی نور اللہ وجہہ الانور سے منقول ہے، انہوں نے فرمایا؛

''حَدِّثُوا النَّاسَ بِمَا یَعْرِفُوْنَ اَتُحِبُّوْنَ اَنْ یُّکَذَّبَ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ''

جس کا مفہوم یہ ہے کہ لوگوں کو ان کی فہم کے مطابق مسئلہ بتایا کرو ورنہ کیا تم پسند کرو گے کہ اللہ اور اس کے رسول کو جھوٹا کہا جائے۔

(بخاری شریف' جلد 1' صفحہ 24' کتاب العلم)

اس اُصول سے متعلق حضرت مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ سے ایک اور قول بھی منقول ہے، فرمایا؛

''اِیَّاکَ وَمَا سَبَقَ اِلَی الْقُلُوْبِ اِنْکَارُہٗ وَاِنْ کَانَ عِنْدَکَ اِعْتِذَارُہٗ''

جس کا مفہوم یہ ہے کہ ایسے مسئلہ بتانے سے اجتناب کریں جس سے ناسمجھوں کے دل ناآشنا ہوں اگرچہ تیرے پاس اس کا جواز موجود ہے۔

(مرقات شرح مشکوٰۃ' جلد 3' صفحہ 527)

فقہاء کرام نے بھی بالاتفاق اسلام کے اِس اُصول کو ذکر کیا ہے۔ فتاویٰ شامیہ میں ہے؛

''مُجَرَّدُ اِیْھَامِ الْمَعْنَی الْمُحَالِ کَافٍ فِی الْمَنْعِ''

جس کا مفہوم یہ ہے کہ کسی لفظ میں ناجائز معنی کی موجودگی کا وہمہ ہی اس کے استعمال

marfat.com

کے ممنوع ہونے کیلئے کافی ہے۔ (فتاویٰ شامیہ' جلد 5' صفحہ 253)

اسلام کے اِس اُصول کی موجودگی میں غیر اللہ کیلئے قیوم زمان یا مسجود الخلائق جیسے الفاظ کو عام سامعین کے سامنے استعمال کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ ورنہ ایسا ہی اشتباہ پیدا ہوسکتا ہے جیسے ہمارے ہم عصر کچھ علماء کو ہوا ہے۔ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی اور شاہ عبدالعزیز جیسے بزرگان دین کا اِس قسم الفاظ کو بعض کامل اور مقدس اولیاء اللہ کیلئے استعمال کرنے کو سند بنا کر عوامی اسٹیجوں پر اپنی من پسند شخصیات کیلئے استعمال کرنے کا جو رواج ہم دیکھ رہے ہیں اس کو کفر کہنا اگرچہ غلط ہے تاہم اسلامی طریقہ بھی اسے نہیں کہا جاسکتا جس کو جہل محض کے سوا کچھ اور کہنا مناسب نہیں ہے۔ پھر یہ بھی ہے کہ اس حوالہ سے جن پاکیزہ ہستیوں کا حوالہ دیا جارہا ہے اُنہوں نے ایسے الفاظ کا استعمال نکتہ شناس اور اہل فہم خواص کیلئے اُن کی وفات کے بعد یا اُن کی زندگی میں بصیغہ خط و کتابت کیا ہے جس کا عوام کے ساتھ یا نیم خواندہ حضرات کے ساتھ کوئی واسطہ نہیں ہے یعنی اُنہوں نے ''لِكُلِّ مَقَالٍ مَقَامٌ وَلِكُلِّ مَقَامٍ رِجَالٌ'' کے فرق مراتب کو ملحوظ خاطر رکھ کر ایسا کیا ہے۔ جس میں کوئی قباحت ہے نہ گناہ اور حضرت شاہ عبدالعزیز کے کلام میں اگرچہ خواص کے ساتھ خاص ہونے کا کوئی قرینہ و شاہد موجود نہیں ہے تاہم اصاغر و خلف کیلئے اس طرح کی ناقابل تقلید باتوں سے اسلام کی شاید کوئی کتاب خالی ہو۔ بخاری خالی ہے نہ مسلم' ذخیرہ تفسیر خالی ہے نہ ذخیرہ حدیث' ذخیرہ تصوف خالی ہے نہ ذخیرہ فقہ۔ جیسے ان سب سے چشم پوشی کرکے مذکورہ اسلامی اُصول کو قابل عمل اور اصل الاصول تصور کرنے پر اکتفا کیا جاتا ہے تو یہاں پر

marfat.com

بھی ایسا کیا جا سکتا ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ حضرت شاہ عبدالعزیز سمیت ہمارے یہ اسلاف کرام قدس اللہ اسرارہم القدسیہ کوئی معصوم نہیں تھے کہ ان سے کوئی خلاف اولیٰ سرزد نہ ہو یا پیغمبر خدا رحمت عالم ﷺ کی طرح سب کے لئے آنکھیں بند کر کے واجب التقلید نہیں تھے، شاید اسی نکتہ کے پیش نظر برصغیر پاک و ہند کے سب سے عظیم فقہیہ امام احمد رضا خان نور اللہ مرقدہ نے لکھا ہے کہ؛

"لَیْسَ کُلُّ مَا یُذْکَرُ فِی اَکْثَرِ التَّفَاسِیْرِ الْمُتَدَاوِلَۃِ وَاجِبَ الْقَبُوْلِ وَاِنْ لَمْ یُسَاعِدْہُ مَعْقُوْلٌ وَ یُؤَیِّدْہُ مَنْقُوْلٌ"

جس کا مفہوم یہ ہے کہ مشہور اور متداولہ تفسیروں میں پائے جانے والی سب باتیں قابل قبول نہیں ہیں کہ عقل و نقل کے ناموافق ہونے کے باوجود انہیں قبول کیا جائے۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد 28، صفحہ 532)

اور حضرت امام مالک رحمتہ اللہ علیہ نے بھی اسی نکتہ کو پیش نظر رکھتے ہوئے سرور کائنات رحمت عالم ﷺ کے مرقد انور کی طرف اشارہ کر کے فرمایا تھا؛

"کُلٌّ یُّؤْخَذُ بِقَوْلِہٖ وَیُرَدُّ عَلَیْہِ اِلَّا صَاحِبَ ھٰذَا الْقَبْرِ"

یعنی اس قبر انور کے مکین ﷺ کے سوا باقی ہر کسی کی بات کو مسترد کیا جا سکتا ہے۔

(تفسیر روح المعانی، جلد 15، صفحہ 329)

تو پھر اسلاف کی تحریروں میں دیکھ کر ایسے الفاظ کے پیش منظر و پس منظر اور حال و مقام کی مناسبت کا لحاظ کئے بغیر عوامی اسٹیجوں میں ان کو استعمال کرنا کہاں کا انصاف ہے

marfat.com

جس سے نہ صرف نیم خواندہ حضرات کو اشتباہ ہوتا ہے، عوام کے دلوں میں شکوک وشبہات پیدا ہوتے ہیں بلکہ جن حضرات کے منہ پر انہیں یہ القاب سنائے جاتے ہیں ان کا نفس امارہ اور بھی موٹا ہوجاتا ہے، خود کو سچ مچ قیوم زمان سمجھنے کے گھمنڈ میں مبتلا ہوکر تکبر میں مزید ترقی کر جاتے ہیں۔ قرآن وسنت کے مطابق اللہ کے معصوم پیغمبر ﷺ کے سوا باقی کسی ہستی کے واقعی کمالات واوصاف اس کے منہ پر بیان کرنے سے بھی اس لئے منع کیا گیا ہے تا کہ اس کا نفس موٹا نہ ہو، تکبر میں مبتلا نہ ہو اور خود کو دوسروں سے مافوق ہونے کے گھمنڈ کا اسیر نہ ہو چہ جائیکہ جھوٹے القاب سنانے کی گنجائش اسلام میں ہو سکے۔ اللہ کے حبیب رحمت عالم ﷺ نے منہ پر تعریف کرنیوالوں کے منہ میں مٹی ڈالنے کا حکم دیا ہے۔ بخاری شریف کی حدیث کے مطابق ایک موقع پر منہ پر تعریف کرتے ہوئے کسی کو سنا تو ناراضگی کا اظہار فرمایا۔ حدیث کے الفاظ یہ ہیں؛

"اُثْنِی رَجُلٌ عَلٰی رَجُلٍ عِنْدَ النَّبِیِّ ﷺ فَقَالَ وَیْلَکَ قَطَعْتَ عُنُقَ صَاحِبِکَ، قَطَعْتَ عُنُقَ صَاحِبِکَ مِرَارًا ثُمَّ قَالَ مَنْ کَانَ مِنْکُمْ مَادِحًا اَخَاہُ لَا مَحَالَۃَ فَلْیَقُلْ اَحْسَبُ فُلَانًا وَاللّٰہُ حَسِیْبُہٗ"

(بخاری شریف، جلد 1، صفحہ 366)

حقیقت یہ ہے کہ بزرگانِ دین کے مقالات وتحریروں میں اپنی من پسند باتوں کا انتخاب کر کے عوامی اسٹیجوں پر انہیں بیان کرنا اور اہل کے کمالات والقاب کو نا اہلوں پر چسپاں کرنے کے ساتھ منہ پر تعریف کرنے کی جو روش موجودہ دور میں ہم دیکھ رہے ہیں یہ

marfat.com

اگر چہ کفر نہیں ہے تاہم اسلامی انداز عمل بھی نہیں ہے، اور نہ سہی کم از کم حقیقی اہل سنت کا کردار ہرگز نہیں ہوسکتا۔ واقعی اہل سنت تو وہی ہوسکتے ہیں جن کا کردار اور عقیدہ وعمل فرمان نبوی ﷺ "مَا اَنَا عَلَيْهِ وَ اَصْحَابِیْ" کے مطابق ہو۔

خلاصۃ الکلام یہ کہ قیوم زمان اور مسجود الملائکہ جیسے الفاظ موجودہ دور میں اپنی من پسند شخصیات کیلئے استعمال کرنے والے اور ان پر التزام کفر وارتداد کا فتویٰ صادر کرنے والے دونوں طبقے علم کی روشنی سے متضاد "ظُلُمَاتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ" کے گھٹاٹوپ اندھیروں میں مبتلا ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان دونوں کو راہِ اعتدال وصراطِ مستقیم کی توفیق نصیب فرمائے۔ آمین

☆☆☆☆☆☆

marfat.com

# لزوم کفر اور التزام کفر کا ایک اور زاویہ

عارضی کفر کی ان دونوں قسموں کی جدا جدا تعریفوں، قسموں اور شرعی احکام کی جو تفصیل اب تک بیان ہو چکی اس سے واضح ہو چکا ہے کہ التزام کفر کے ساتھ لزوم کفر کا تعلق بھی ضروریات دینیہ کے سوا اور کسی چیز کیساتھ نہیں ہے۔ یعنی دونوں کا مابہ التعلق ضروریات دینیہ ہیں جس سے ہر بیدار مغز قاری کے ذہن میں ضرورت بمعنی حاجت اور ضرورت بمعنی بداہت کے مابین فرق کو سمجھنے کی جستجو پیدا ہوتی ہے۔

اس لئے ہم مناسب سمجھتے ہیں کہ اس کی بھی وضاحت کریں تاکہ اس زاویہ نگاہ کے حوالہ سے بھی اصل موضوع بے غبار ہو سکے۔ وہ یہ ہے کہ ضرورت بمعنی حاجت خالص لغوی مفہوم ہے جبکہ ضرورت بمعنی بداہت صرف اور صرف فلسفہ کے حصہ منطق کی اصطلاح ہے جس کو مناطقہ نے لغوی مفہوم سے نقل کر کے بداہت والے مفہوم کیلئے وضع کیا ہے اور منطق چونکہ علم الکلام عند المتاخرین میں ممزوج اور اس کیلئے بمنزلہ جزو کے طور پر استعمال ہوتا ہے جس وجہ سے منطق کے اس اصطلاحی لفظ کو متکلمین اسلام بھی عام طور پر استعمال کرتے ہیں اسی پس منظر کی بنیاد پر جملہ متکلمین اسلام نے کفر کے شرعی مفہوم متعین کرنے میں بلا اختلاف اس کو استعمال کیا ہے انجام کار سب نے ضرورت دینی کی تکذیب کو کفر کے

marfat.com

شرعی مفہوم سے عبارت قرار دیا، لہٰذا منطقی مفہوم کے اعتبار سے یہ لفظ منقول کہلاتا ہے۔ جس کی ایک طرف منقول عنہ ہے یعنی حاجت والا مفہوم اور دوسری طرف منقول الیہ ہے یعنی بداہت والا مفہوم۔ لفظ جہاں پر منقول ہو وہیں پر منقول الیہ کی منقول عنہ کے ساتھ مناسبت کا ہونا لازم ہوتا ہے ورنہ لفظ منقول کہلانے کی بجائے مرتجل کہلائے گا اور اس مناسبت وما بہ الاشتراک کو سمجھنا ہر جگہ آسان اور واضح نہیں ہوتا۔ یہاں پر بھی ایسا ہی ہے کہ ضرورت بمعنی بداہت کی ضرورت بمعنی حاجت کے ساتھ مناسبت واشتراک کو عمیق نظر سے کام لئے بغیر پہچاننا ممکن نہیں ہے۔

وہ یہ ہے کہ جیسے ضرورت بمعنی حاجت وحاجیات کا نظام حصول انسان کے اختیار میں نہیں ہے ویسے ہی ضروریات بمعنی بدیہیات پر حصول علم کا نظام بھی انسان کے اختیار میں نہیں ہے۔ مثال کے طور پر بھوک، پیاس، خوشی، غمی اور انکے پائے جانے کی صورت میں ان کے ساتھ حصول علم بھی امر یقینی ہوتا ہے جس میں انسان کو ان چیزوں کو روکنے یا ان کے لاحق ہوتے وقت ان کی موجودگی کا جو علم حاصل ہوتا ہے اس کو روکنے کا اختیار وقدرت نہیں ہے، اسی طرح ضروریات بمعنی بدیہیات کی ہر شکل میں علم کو روکنے کا اختیار وقدرت بھی نہیں ہے۔ مثال کے طور پر دن کے اُجالے کو دیکھنے کے ساتھ دن کی موجودگی کا جو علم آپ ہی حاصل ہوتا ہے اسے روکنا دیکھنے والے کے اختیار وقدرت میں نہیں ہے، خوشی کی کوئی بات سنتے ہی اس کے ساتھ مسرت کے حصول اور اس حاصل ہونے والی مسرت کا جو علم آپ ہی حاصل ہو جاتا ہے اس کو روکنے کا اختیار وقدرت نہیں ہے۔ علی ہٰذا القیاس ضروری

marfat.com

بمعنی بدیہی جہاں پر بھی ہو یہ اس علم کی صفت ہوتا ہے جسکا حصول یا اسے روکنے پر انسانوں کو قدرت واختیار نہیں ہوتا بلکہ صرف اور صرف نظام قدرت کی تسخیر اور اس کے تابع و حصہ ہے۔ جیسے فطری ضروریات بمعنی حاجیات کے حوالہ سے انسان بے اختیار و بے قدرت ہے ویسے ہی ضروریات بمعنی بدیہیات کے حوالہ سے بھی انسان کا بے اختیار و بے قدرت ہونا ان دونوں مفہوموں کے مابین مابہ الاشتراک ومناسبت ہے جسکی بنیاد پر مناطقہ نے ضرورت کے لفظ کو اس کے لغوی مفہوم بمعنی حاجت سے نقل کر کے بداہت کے مفہوم کیلئے وضع کیا۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ان میں سے کس کو حقیقت کہا جائے اور کس کو مجاز، تو اس کا جواب واضح ہے کہ اپنے اپنے ماحول میں ہر ایک حقیقت ہے کیونکہ حقیقت ہر اس لفظ کو کہا جاتا ہے جس کو اسکے اپنے موضوع لہ میں استعمال کیا جائے لہٰذا اہل لغت کے ماحول ومعاشرہ اور زبان کے مطابق ضرورت کا لفظ حاجت کے مفہوم میں حقیقت ہے اور مناطقہ کے ماحول ومعاشرہ اور زبان کے مطابق بداہت کے مفہوم میں حقیقت ہے تاہم مناطقہ حاجت والے مفہوم میں اس کے استعمال کو خلاف حقیقت بھی نہیں کہہ سکتے ہیں کیونکہ یہ منقول ہے اور منقولیت کیلئے حقیقت لغویہ کی موجودگی ناگزیر ہے جبکہ اہل لغت بداہت والے مفہوم میں اس کے استعمال کو خلاف حقیقت کہہ سکتے ہیں ان کیلئے کوئی مانع موجود نہیں ہے۔ (فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ اَوَّلاً وَّآخِراً ظَاهِراً وَّبَاطِناً)

## ایک سوال کا جواب اور مزید تحقیق

یہاں پر اگر کسی کے دل میں یہ سوال پیدا ہو جائے کہ بداہت والے مفہوم میں اس

marfat.com

کا منقول ہونا کہیں لکھا ہوا موجود نہیں ہے۔ منطق میں نہ لغت میں، اُصول میں نہ کلام میں، تو پھر بغیر ثبوت کے بداہت والے مفہوم میں منقول قرار دینے کا کیا جواز ہے جبکہ حاجت اور بداہت دونوں کیلئے جدا جدا اوضاع کے ساتھ موضوع ہونا بھی ممکن ہے۔ ایسے میں اسے مشترک لفظی قرار کیوں نہیں دیا جاتا؟

اس کا جواب یہ ہے کہ کسی بھی لفظ سے متعلق حقیقت ہونے یا مجاز ہونے اور منقول یا مشترک یا کسی بھی وصف کے ساتھ متصف کہنے کے لئے اس کے مواقع استعمال کو دیکھنا ضروری ہوتا ہے نہ صرف مفردات میں بلکہ ترکیب کے اعتبار سے بھی ہر زبان کے مواقع استعمال اور اہل لسان کے اندازِ کلام کو پیش نظر رکھ کر ہی الفاظ کو کسی اُصول کے زمرہ میں شمار کیا جاتا ہے۔ لسانیات کے اس عمومی اُصول کی روشنی میں جب ضرورت کے لفظ کو دیکھا جاتا ہے تو لغت کے کسی گوشہ میں بھی بداہت والے مفہوم کیلئے اس کا استعمال نہیں ملتا کوئی مثال اور کوئی محاورہ موجود نہیں ہے۔ ایسے میں اسے مشترک کہنے کا کوئی جواز نہیں رہتا کیونکہ مشترک ایک سے زیادہ معانی میں استعمال ہوتا ہے جن میں سے ہر ایک کیلئے مستقل اوضاع کے ساتھ موضوع ہوتا ہے اور ہر ایک کے اعتبار سے حقیقت ہی حقیقت ہوتا ہے۔
جب ضرورت کا لفظ لغت کے مواقع استعمال کے حوالہ سے دور بین میں بھی کہیں نظر نہیں آتا تو پھر اسے مشترک کہنے کی کیا تک ہے۔ جبکہ ضرورت بمعنی بداہت یعنی منطقی معنی میں منقول قرار دینا اس لئے درست ہے کہ منقول کی تعریف اس پر صادق آتی ہے اور اس کی پہچان و علامت بھی پائی جاتی ہے کہ منطق والوں کی زبان و معاشرہ میں جب بھی اس کو استعمال کیا

marfat.com

جاتا ہے۔ سامعین کا ذہن بداہت والے مفہوم کی طرف ہی جاتا ہے یہاں تک کہ مناسبت کی موجودگی کے باوجود لغوی مفہوم ایسا متروک الاستعمال و بعید الفہم ہے کہ کسی کا ذہن اس کی طرف متوجہ نہیں ہوتا۔ منقولیت کی اس پہچان و علامت کی موجودگی کیساتھ اس کی تعریف کا اس پر صادق آنا ایسے عوامل ہیں جو اس کے منقول منطقی ہونے کیلئے کافی ہیں۔

باقی رہا یہ سوال کہ اس کا منقول ہونے کی تصریح کہیں نہیں ہے تو یہ اس لئے غیر معقول و نا قابل توجہ ہے کہ کسی لفظ کا حقیقت و مجاز، صریح و کنایہ، منقول و مرتجل وغیرہ صفات کے ساتھ متصف ہونے کیلئے کہیں لکھا ہوا پایا جانا ضروری نہیں ہے بلکہ اس کا حقیقی معیار تعریف کا اس پر صادق آنے کیساتھ پہچان و علامت کا پایا جانا ہے ورنہ جملہ منقولات شرعیہ مثل صوم، صلوٰۃ، حج، زکوٰۃ وغیرہ کو بھی منقول شرعی کہنا غلط ہونا چاہئے کیونکہ لکھا ہوا کہیں موجود نہیں ہے۔ الغرض ضروری بمعنی بدیہی منقول منطقی ہونے کے سوا اور کچھ نہیں ہے جس کا استعمال منطق کے ارباب عقول سے شروع ہو کر علم کلام، تفسیر، تصوف، فقہ اور اُصول فقہ تک شائع و مشہور ہوا۔ کلام میں اس لئے کہ متوسط ذہن والوں کے لئے اس کے بنیادی مسائل کو جاننا منطق پر موقوف ہے جس وجہ سے کلام عند المتاخرین کے ساتھ ممزوج ہو کر بمنزلہ جزو قرار پایا ہے۔ جیسے شرح عقائد میں کہا گیا ہے:

"حَتّٰی کَادَ لَا یَتَمَیَّزُ عَنِ الْفَلْسَفَةِ لَوْلَا اشْتِمَالُهٗ عَلَی السَّمْعِیَّاتِ

جس کا مفہوم یہ ہے کہ اگر علم کلام سمعیات و نصوص پر مشتمل نہ ہوتو دوسرے فلسفی علوم سے اس کی تمیز ہی مشکل ہو۔ (شرح عقائد، صفحہ 22 مع جامع التقاریر)

marfat.com

جبکہ تفسیر، فقہ، اصول فقہ، شروح حدیث اور تصوف کی کتابوں میں اس کا استعمال ہونا جزویت کے طور پر نہیں ہے بلکہ علم کلام کی اتباع وتقلید کی بنیاد پر ہے کیونکہ ان تمام علوم میں اسلامی عقائد کی پہچان کیلئے ناگزیر معیار علم کلام ہی ہے جس کی تقلید کئے بغیر عقائد سے متعلقہ گفتگو فقہ میں ممکن ہے نہ اُصول فقہ وغیرہ میں۔ اسی نکتہ کی بنیاد پر ضروریات دینیہ یا ضروریات مذہبیہ جیسے الفاظ منطق وکلام کے ماسوا ان دوسرے علوم میں بھی استعمال ہوئے ہیں بالخصوص فقہ کے ذخیرہ فتاویٰ کی فہرست میں شاید کوئی کتاب ضرورت دینیہ اور ضرورت مذہبیہ کے الفاظ سے خالی ہو۔

☆☆☆☆☆☆

marfat.com

# لزوم کفر اور التزام کفر کا ضروریات دینیہ کے ساتھ خاص ہونے کا فلسفہ

ان حقائق کو جاننے کے بعد دارالافتاء کے ذمہ داروں کو لزوم کفر اور التزام کفر کا ضروریات دینیہ کے ساتھ مختص ہونے کے فلسفہ کو سمجھنا بھی آسان ہو گیا کیونکہ اسلام و کفر باہمی ضدین ہیں جن کے مابین کوئی اور واسطہ نہیں ہے لہٰذا ان میں سے ایک کی موجودگی آپ ہی دوسرے کی نفی ہے۔ جس کے بعد اسکی نفی پر کوئی اور دلیل تلاش کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ نیز یہ کہ ان میں سے ہر ایک کا محل و مصرف اور متعلق ضروریات دینیہ کے سوا اور کوئی شے نہیں ہے اور تعصب و نا مساعد ماحولیاتی اثرات، تقلید جامد اور بے غفلتی جیسے کسی رکاوٹ سے آزاد سامعین کے لئے ضروریات دینیہ کے ساتھ تصدیق کا حصول ایسا بدیہی و ضروری اور یقینی ہوتا ہے کہ توجہ کے ساتھ سننے کے علاوہ اور کسی چیز کا محتاج نہیں ہے۔ اسی نکتہ فطرت کی بنیاد پر اللہ تعالیٰ نے انسانوں سے ضروریات دینیہ کو توجہ اور آزاد ذہن کے ساتھ سننے کا مطالبہ فرمایا؛

''قُلْ اِنَّمَا اَعِظُکُمْ بِوَاحِدَۃٍ اَنْ تَقُوْمُوْا لِلّٰہِ مَثْنٰی وَفُرَادٰی ثُمَّ تَتَفَکَّرُوْا مَا بِصَاحِبِکُمْ مِنْ جِنَّۃٍ (سورۃ السباء آیت نمبر 46)

marfat.com

اور ضروریات دینیہ کی بداہت سے متعلق فرمایا؛

''لَآ اِکْرَاهَ فِی الدِّیْنِ قَدْ تَّبَیَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَیِّ''

جبکہ اس پر حصول تصدیق کو آزاد ذہن سے سننے پر موقوف قرار دیتے ہوئے فرمایا؛

''لَا یَمَسُّهٗۤ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ''

یعنی آزاد ذہن کے ساتھ سننے اور غور کرنے والوں کے سوا کوئی شخص اس کے معارف کو مس نہیں کرسکتا۔ (سورۃ الواقعہ' آیت نمبر 79)

گویا ضروریات دینیہ کے ساتھ تصدیق وایمان کا حصول آزاد ذہن کے ساتھ انہیں سننے اور متوجہ ہونے کے سوا کسی اور چیز پر موقوف نہیں ہے۔ یہی حال کفر کا بھی ہے چاہے لزوم کفر ہو یا التزام کفر بہرحال ایمان کی ضد ہونے کا فطری تقاضا یہی ہے کہ اس کا حصول بھی خارجی عوامل سے خالی ہو کر کلمہ کفر بولنے والے کے اختیاری عمل کے سوا اور کچھ نہ ہو جو ضرورت دینی کی تکذیب کی شکل میں پایا جارہا ہے۔ اس کی سمجھ مومن وغیر مومن اور موحد و مشرک کیلئے برابر ہے۔ ''اس تفصیل کے مطابق جو ہم نے قرآنی آیات کی روشنی میں بیان کی'' جیسے ضروریات دینیہ کے زمرہ میں اسلام کے بنیادی احکام کو جاننا مسلم وغیر مسلم اور موحد و مشرک کیلئے یکساں ہے ''اس تفصیل کے مطابق جو قرآنی آیات کی روشنی میں ابھی ہم بیان کرچکے ہیں'' ویسے ہی ضرورت دینیہ کی تکذیب و کفر کا جاننا بھی سب پر یکساں عیاں ہے جس میں مسلم وغیر مسلم کا کوئی فرق نہیں ہے۔ خلاصہ کلام یہ کہ ایمان و کفر کا متعلق بھی ایک ہے یعنی صرف اور صرف ضروریات دینیہ اور ان کے وجود کیلئے فاعلی قوت بھی ایک

marfat.com

ہے یعنی صرف اور صرف فاعل مختار کا اختیاری عمل یہی وجہ ہے کہ کفر کی ان دونوں قسموں میں ایمان کے منافی کردار کو اپنے اختیار کے ساتھ وجود میں لانے کے بعد اس پر کفر کے احکام جاری کرنے کیلئے متکلم کو اس کا علم اور اس کے ساتھ عقیدہ کا ہونا شرط نہیں ہے یعنی لزوم کفر میں کلمہ کفر بولنے والے پر اس کو کافر کہے بغیر مخصوص احکام جاری کرنے کیلئے اس کو اپنے کلام کے انجام ونتیجہ کا علم ہونا شرط نہیں ہے۔ اسی طرح التزام کفر میں کلمہ کفر بولنے والے کو کافر قرار دے کر مرتد کے احکام اس پر جاری کرنے کیلئے اس کو اپنے کلام کا کفر ہونے کا علم اور اس کے مطابق عقیدہ ہونا شرط نہیں ہے بلکہ اس کے بغیر بھی ہوتا ہے، جس کی مکمل تفصیل گذشتہ صفحات میں بیان ہو چکی ہے۔ ایسے میں لزوم کفر اور التزام کفر کا تعلق ضروریات دینیہ کے ساتھ مختص ہونا عین مقتضائے فطرت نہیں تو اور کیا ہے۔

## ﴿ایک مغالطہ یا نکتہ شناسی﴾

کفر لزومی ہو یا التزامی بہر تقدیر اس کا خاص کر ضروریات دینیہ کے ساتھ متعلق ہونے سے شاید کسی کو یہ مغالطہ ہو جائے کہ جس ضرورت دینی کی تکذیب کی وجہ سے کفر لزومی یا التزامی کا ارتکاب ہو رہا ہے وہ خود ضروری ہے جبکہ حقیقت میں شریعت مقدسہ کے تمام احکام نظری ہوتے ہیں کیونکہ انہیں شریعت اور احکام اللہ ثابت کرنے کیلئے خبر رسول، ثابت کرنا لازم ہے، جب تک کسی اسلامی حکم کو کسی طرح خبر رسول کے طور پر ثابت نہ کیا جائے تب تک اسے اسلام کا حکم، شریعت کا حصہ اور مفید علم قرار نہیں دیا جا سکتا۔ مثال کے

marfat.com

طور نماز کی فرضیت کا جو حکم ہے اس کو اسلامی حکم، شریعت کا حصہ اور مفید علم اس وقت تک قرار نہیں دیا جاسکتا جب تک یہ نہ سمجھا جائے کہ اس کا الٰہی حکم ہونا رسول اللہ ﷺ کی بتائی ہوئی خبر ہے۔

اور رسول اللہ ﷺ چونکہ موید بالمعجزات اور معصوم ہیں۔ (صغریٰ)
اور جو خبر بھی ایسی ہستی کی بتائی ہوئی ہو وہ ہمیشہ اسلامی حکم، شریعت کا حصہ اور مفید علم ہوتی ہے۔ (کبریٰ)

لٰہذا یہ بھی اسلامی حکم، شریعت کا حصہ اور مفید علم ہے۔ (نتیجہ)

اسی طرح شریعت مقدسہ کے ایک ایک حکم کا یہی حال ہے کہ وہ اپنے ثبوت میں کسی طریقے سے بھی خبر رسول ثابت ہونے پر موقوف ہے۔ ایسے میں شرعی احکام کے ان مخصوص حصوں کو ضروری و بدیہی کہنے کا کیا جواز ہوسکتا ہے۔ اس حقیقت سے نا آشنا حضرات اگر چہ مذکورہ مغالطہ پر کان بھی نہیں دھریں گے جبکہ حقیقت آشنا حضرات اس کو مغالطہ کہنے کے بجائے نکتہ شناسی سے تعبیر کرسکتے ہیں۔ بہر تقدیر حقیقت یہ ہے کہ شریعت مقدسہ کے جن مخصوص احکام کو ضرورت دینی کہہ کر ان کی تکذیب کرنے والوں پر لزوم کفر یا التزام کفر کے احکام جاری کئے جاتے ہیں ان کو ضرورت دینی کہنے کا مطلب ان کے ساتھ حاصل ہونے والے علم کا ضروری و بدیہی ہونے کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ کیونکہ ضروری و نظری معلوم کی نہیں بلکہ علم کی صفت ہے گویا یہ سب کچھ از قبیلہ تسمیۃ الشئی باسم متعلقہ اور تسمیۃ المعلوم باسم علمہ ہونے کی بناء پر محض مجاز ہے حقیقت نہیں۔

marfat.com

## ﴿دارالافتاء کی خاص توجہ کیلئے﴾

کتب فتاویٰ اور کلام میں تکفیر سے متعلق موجبات کفراورکلمہ کفر کے الفاظ لکھے ہوئے ہوتے ہیں۔کیایہ لزوم کفر میں شامل ہیں یاالتزام کفر میں یاان دونوں سے جدا کوئی اور چیز ہے؟

جواب اس کا یہ ہے کہ سلف صالحین کی کتابوں میں پائے جانے والے کلمہ کفراور موجبات کفردوالگ مفہوم رکھتے ہیں۔ جہاں تک موجبات کفر ہے،تو یہ مجاز بالحذف پر مشتمل ہے دراصل موجبات حکم الکفر ہے یعنی کسی مدعی اسلام کاایسا کردار جو کفر کا حکم ثابت کرے اوراس کفر سے مراد عام ہے جو کفرلزومی اور التزامی دونوں کوشامل ہوسکتا ہے یعنی ایسا قول وعمل جس سے لزومی کفر کے احکام مثل تجدید ایمان،تجدید نکاح اورتوبہ واستغفار کا وجوب ثابت ہویاالتزامی کفر کے احکام مثل محواعمال،وجوب قتل اوروجوب تکفیر جیسے شرعی احکام ثابت ہورہے ہوں یہ توجیہ اس لئے ضروری ہے کہ موجب الکفر کا لفظ اضافت لفظی ہے جس میں موجب کا لفظ صیغہ صفتی اوراسم فاعل ہونے کی وجہ سے اپنے مضاف الیہ یعنی کفرمیں نصب کا عمل کررہا ہے۔جس کے مطابق لفظ کفر،دواعرابوں کا حامل ہے جن میں سے ایک جر ہے جومحل قریب کی بناء پہ ہے۔دوسرانصب ہے جومحل بعید کی بناء پرلفظ موجب کیلئے مفعول بہ ہے۔

اہل علم جانتے ہیں کہ جیسے مضاف ومضاف الیہ جداجداچیزیں ہوتی ہیں اسی طرح

marfat.com

عامل ناصب اور اس کا مفعول بہ بھی ایک دوسرے سے جدا جدا چیزیں ہوتی ہیں ایسے میں موجبات کفر کو عین کفر یعنی التزام کفر پر محمول سمجھنا نحوی قواعد کے خلاف ہونے کی بنیاد پر نا قابل التفات ہے۔ جبکہ لزوم کفر پر محمول کرنا مواقع کلام اور سیاق وسباق کے خلاف ہے کیونکہ جہاں پر بھی یہ لفظ مذکور ہوا ہے وہیں پر حضرات نے اس کو التزام کفر کے احکام میں بیان کیا ہے۔ جیسے ملا علی القاری نے شرح فقہ اکبر میں لکھا ہے:

"وَاَنَّ الْمُرَادَ بِعَدَمِ تَكْفِيْرِ اَحَدٍ مِّنْ اَهْلِ الْقِبْلَةِ عِنْدَ اَهْلِ السُّنَّةِ اَنَّهٗ لَا يُكَفَّرُ اَحَدٌ مَا لَمْ يُوْجَدْ شَيْئٌ مِّنْ اَمَارَاتِ الْكُفْرِ وَعَلَامَاتِهٖ وَلَمْ يَصْدُرْ عَنْهُ شَيْئٌ مِنْ مُوْجِبَاتِهٖ

جس کا مفہوم یہ ہے کہ اہل سنت کے نزدیک اہل قبلہ کی تکفیر نا جائز ہونے سے مراد یہ ہے کہ جب تک کفر کی یقینی علامت نہ پائی جائے اور موجب کفر کوئی چیز جب تک صادر نہ ہو جائے اس وقت تک تکفیر نہیں کی جا سکتی۔ (شرح فقہ اکبر، صفحہ 94)

اسی طرح شرح مقاصد میں ہے:

"فَلَا نِزَاعَ فِي كُفْرِ اَهْلِ الْقِبْلَةِ الْمُوَاظِبِ طُوْلَ الْعُمْرِ فِي الطَّاعَاتِ بِاِعْتِقَادِ قِدَمِ الْعَالَمِ وَنَفْيِ الْحَشْرِ وَنَفْيِ الْعِلْمِ بِالْجُزْئِيَّاتِ وَنَحْوِ ذٰلِكَ وَ كَذٰلِكَ بِصُدُوْرِ شَيْئٍ مِّنْ مُوْجِبَاتِ الْكُفْرِ عَنْهُ "

اس کا مفہوم یہ ہے کہ اُس اہل قبلہ کہلانے والے کے کفر میں قطعاً اختلاف نہیں ہے۔ جو پوری عمر عبادات میں صرف کرنے کے باوجود عالَم کے قدیم ہونے

marfat.com

کا عقیدہ رکھتا ہے۔ اور حشر کی نفی کا عقیدہ رکھتا ہے یا جزئیات کے ساتھ اللہ کے علم کی نفی جیسا کوئی عقیدہ رکھتا ہے۔ اسی طرح موجبات کفر میں سے کسی چیز کا اس سے صادر ہونے کی صورت میں بھی اس کے کفر میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔

(شرح مقاصد، جلد 2، صفحہ 269)

تو ظاہر ہے کہ اسلاف کے کلام میں موجبات کفر کے الفاظ پر مشتمل اس پوری گفتگو کا محل و موضوع التزام کفر ہی ہے۔ ایسے میں ان مقامات کو لزوم کفر پر محمول کرنا ہرگز انصاف نہیں ہے۔ محل وقوع سے قطع نظر کسی لفظ کا ایک سے زیادہ معانی کو شامل ہونا اور بات ہے جبکہ موضوع گفتگو اور محل کلام کا مقتضاء و مدلول ہونا اور بات ہے۔ یہاں پر بھی ایسا ہی ہے کہ موجبات کفر بمعنی موجبات حکم کفر کے مفہوم میں لزوم کفر اور التزام کفر میں سے ہر ایک کے احکام کو شامل ہونے کی صورت کے باوجود اسلاف کی کتابوں میں محض التزام کفر کے احکام کے ساتھ اس لئے خاص ہے کہ ان کتابوں میں موضوع سخن صرف التزام کفر ہے ورنہ دونوں کے احکام کو شامل ہوتا۔

خلاصہ کلام یہ ہے کہ موجبات کفر کے لفظ پر ہر جگہ میں ایک جیسا حکم نہیں لگایا جا سکتا بلکہ کلام کے سیاق و سباق کے مطابق ہی فتویٰ صادر کیا جا سکتا ہے۔ جس کے مطابق لزوم کفر کی جگہ التزام کفر کے احکام صادر کرنا غلط ہوگا اور التزام کفر کے محل پر لزوم کفر کے احکام کا فتویٰ دینا غلط ہوگا۔ جہاں تک کلمہ کفر کے لفظ کا تعلق ہے تو اس میں اضافت لفظی تو ہے نہیں کہ مضاف الیہ کا مضاف کے لئے بیان ہونا ممکن نہ ہو۔ جیسے موجبات کفر کے لفظ

marfat.com

میں تھا لہٰذا کتب فتاویٰ میں پائے جانے والے اس لفظ سے مراد عین کفر ہو سکتا ہے۔ جس کے مطابق کلمہ سے مراد کلام ہے اور کلام سے مراد اس کا مضاف الیہ یعنی کفر ہے اور کفر کے دو مفہوموں میں سے ایک کو متعین سمجھنے کیلئے سیاق وسباق اور موضوع کلام کو پیش نظر رکھنا ناگزیر ہے تا کہ لزوم کفر اور التزام کفر میں سے کسی ایک کا بالیقین تعین ہو سکے۔

گویا کلمہ کفر کا لفظ موجب کفر کے لفظ سے از روئے مفہوم مغائر ہونے کے باوجود انجام ونتیجہ کے اعتبار سے یگانگت رکھتا ہے جبکہ لزوم کفر اور التزام کفر کے الفاظ ہر اعتبار سے مختلف ہیں۔ دارالافتاء کی ذمہ داری التزام کفر اور لزوم کفر کی تمیز کے حوالہ سے اہم ہونے کی طرح کلمہ کفر اور موجبات کفر کے مفہوم ومصادیق اور مواقع استعمال کی تمیز کے حوالہ سے بھی کوئی کم نہیں ہے۔

☆☆☆☆☆☆

marfat.com

# غیر اللہ کیلئے علم غیب کا مسئلہ

لزوم کفر اور التزام کفر کے حوالہ سے دار الافتاء پر مشتبہ ہونے والے مسائل کے زمرہ میں ایک مسئلہ غیر اللہ کے لئے علم غیب نسبت کرنے کا بھی ہے۔ جس کے مطابق کچھ حضرات نے اسے کفر و شرک یعنی التزام کفر قرار دے کر اس کے قائل کو کافر کہا ہے جبکہ بعض نے لزوم کفر کہا ہے اور بعض نے ذوات قدسیہ انبیاء و مرسلین صلوات اللہ وتسلیماتہ علیہم اجمعین کیلئے جائز سمجھا ہے۔ اس لئے مناسب سمجھتا ہوں کہ بزرگانِ دین کی تعبیر وتشریح کی روشنی میں قرآن وسنت سے اس کی بھی وضاحت کر دوں۔ وہ اس طرح ہے کہ علم مشاہدات ومعقولات کا ہو یا ماوراء العقل والحواس چیزوں کا یعنی غیب کا بہر تقدیر دوسرے اوصاف و کمالات کی طرح اسکی بھی دو قسمیں ہیں۔ جن میں سے ایک ذاتی ہے دوسری عطائی، ذاتی کا مطلب یہ ہے کہ عالم کی ذات کے سوا کسی اور چیز کا اس میں دخل نہ ہو، کسی اور سے مستفاد اور اس کا عطیہ نہ ہو جبکہ عطائی سے مراد اللہ کی عطاء اور اس کی توفیق ہے۔ ان میں سے اول یعنی ذاتی علم خالق جل جلالہ کا خاصہ ہونے کی وجہ سے مخلوق کیلئے ناممکن ومحال ہے جبکہ دوسرا یعنی عطائی علم مخلوق کا خاصہ ہونے کی بناء پر خالق کائنات جل جلالہ کیلئے ناممکن ومحال ہے۔ اس کی ایسی مثال ہے، جیسے موجود ہونا کہ اللہ جل جلالہ کی موجودیت ذاتی ہے یعنی اس کی ذات وحدہ لاشریک کے سوا کسی اور سے مستفاد وعطیہ نہیں ہے جبکہ اس کے ماسوا جملہ خلائق

marfat.com

کی موجودیت عطائی ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ جب تک کسی کو وجود میں نہیں لاتا تب تک اپنے آپ موجود ہونے کا امکان نہیں ہے۔ یہی حال اوصاف کمالیہ کا بھی ہے کہ سمیع وبصیر، قادر و متکلم جیسے تمام اوصاف کے ساتھ متصف ہونا اللہ تعالیٰ کیلئے ذاتی ہے کہ کسی اور نے اُسے ان کمالات کیساتھ متصف و لائق نہیں بنایا جبکہ یہی اوصاف انسان کے لئے عطائی ہیں کہ اللہ کی توفیق وعطاء سے ہیں اگر اللہ تعالیٰ اسے توفیق نہ دے تو سمیع ہوسکتا ہے نہ بصیر، نہ کسی کام پر قادر ہوسکتا ہے نہ کسی بات کے ساتھ متکلم، ان کمالات میں اپنی خدائی و کبریائی اور استقلال و بےمحتاجی بتانے کے ساتھ انسان کے لئے ان سب کا اپنی عطاء وتوفیق کے ساتھ ہونے کا اشارہ دیتے ہوئے فرمایا؛

"فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًاۢ بَصِيْرًا"

یعنی ہم نے انسان کو سمیع وبصیر بنایا ہے۔ (سورۃ الدہر آیت نمبر 2)

پھر یہ بھی ہے کہ ہر صاحب کمال و موصوف کے کمالات واوصاف اس کی ذات کے مطابق ہوتے ہیں یعنی ذات و موصوف اگر قدیم ہے، ازلی وابدی اور بےمحتاج ہے تو اس کے جملہ کمالات واوصاف کا بھی ایسا ہی ہونا ضروری ہے۔ اگر وہ حادث ومتغیر ہے تو اس کے ان اوصاف کا بھی حادث و متغیر ہونا ضروری ہے، فطرت کے اسی اصول کے مطابق خالق کائنات جل جلالہ کے جملہ کمالات وصفات کو بھی ذات باری تعالیٰ کی طرح قدیم اور ازلی وابدی ہونے کا عقیدہ ضروریات دین کے زمرہ میں ہونے کی طرح انسان کو اس کے جملہ کمالات واوصاف کے ساتھ حادث ومتغیر سمجھنے کا عقیدہ بھی ضروریات دین کی فہرست میں شامل ہے، جس کے مطابق اللہ تعالیٰ کو یا اس کی کسی بھی صفت کو حادث ومتغیر

marfat.com

کہنے والا مرتد قرار پاتا ہے۔ اسی طرح انسان کو یا اُس کی کسی صفت کو حادث و متغیر نہ سمجھنے والا بھی التزامی کفر میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

اہل فہم جانتے ہیں کہ علم چاہے محسوسات کا ہو یا معقولات کا، ظاہری چیزوں کا ہو یا باطنی چیزوں کا، ماتحت الحواس والعقل چیزوں کا ہو یا ماوراء الحواس والعقل غیوب کا' بہر تقدیر اپنے موصوف و عالم کیلئے صفت کمال ہے، جس کی بنیاد پر حضرت آدم علیہ السلام کو ملائکہ پر فضیلت اور مسجود الملائکہ ہونے کا شرف ملا۔ علمی صفت کے اس کمال میں عطیہ الٰہی ہونے کے حوالہ سے شہادت وغیب کی قطعاً کوئی تفریق نہیں ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ نہ چاہے تو انسانوں کو اپنے سامنے موجود چیزوں کا بھی علم نہیں ہوسکتا ہے۔ جیسے فرشتوں سے فرمان الٰہی؛ "اَنۡۢبِـُٔوۡنِىۡ بِاَسۡمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ ﴿۳۱﴾ قَالُوۡا سُبۡحٰنَكَ لَا عِلۡمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمۡتَنَا ؕ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡعَلِيۡمُ الۡحَكِيۡمُ" (سورۃ البقرہ آیت نمبر ۳۱،۳۲) کے مضمون سے سب کو معلوم ہے ان حقائق کی روشنی میں اللہ تعالیٰ کے ہر علم کو ذاتی اور مخلوق کے ہر علم کو عطائی کہے بغیر نہیں رہا جاسکتا، جس میں شہادت وغیب کی ذرہ برابر تفریق نہیں ہے۔ نیز یہ کہ اللہ تعالیٰ کیلئے ہر علم کو ذاتی تسلیم کرنے کا عقیدہ ضروریات دین کے قبیلہ سے ہے جس کی تکذیب کرنے والا لزوم کفر یا التزام کفر سے خالی نہیں ہوسکتا۔ نیز یہ کہ انسان کیلئے ہر علم کو اللہ کی عطاء و توفیق سمجھنے کا عقیدہ بھی ضروریات دین کے قبیلہ سے ہونے کی بناء پر اس کی تکذیب کرنے والا بھی احد المحذورین سے خالی نہیں ہوسکتا۔

ایسے میں فرق مراتب کا لحاظ رکھے بغیر مطلق علم غیب کو اللہ تعالیٰ کیلئے صفت مختصہ قرار دیکر غیر اللہ کیلئے شایان ثبوت کو بھی کفر قرار دینا حقائق سے منہ چھپانے کے مترادف

marfat.com

ہے۔اس حوالہ سے انصاف یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی جملہ صفات وکمالات کا اس کی شان کے لائق اور ذاتی ہونے کی طرح اس کے علم غیب کو بھی ذاتی، ازلی، ابدی اور حدوث وتغیر سے پاک ماننا ضروری ہے، یہی اس کی صفت خاصہ ہے جس کا ثبوت کسی غیر اللہ کیلئے نہ کبھی ہوا ہے نہ کبھی ہوسکتا ہے جبکہ ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کے لئے اللہ کی عطاء وتوفیق سے فی الجملہ یعنی بلا تحدید وتفصیل تسلیم کرنا بھی ضروریات دین کے زمرہ میں شامل ہے جس کے بغیر کوئی شخص مسلمان ہوسکتا ہے نہ بعد الایمان اس کی نفی وتکذیب کرنے کے بعد مسلمان رہ سکتا ہے۔جیسے مفردات القرآن امام الراغب الاصفہانی میں ہے؛

''وَبِدَفْعِهٖ يَقَعُ عَلَى الْاِنْسَانِ اِسْمُ الْاِلْحَادِ''

جس کا مفہوم یہ ہے کہ انبیاء ومرسلین علیہم السلام کے بتائے ہوئے علم غیب کو تسلیم نہ کرنے والے انسان پر ملحد کا نام فٹ ہوجاتا ہے۔

(مفردات القرآن الاصفہانی، صفحہ 373، تحت مادۃ الغیب)

## منشاء غلطی اور اس کا ازالہ

ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کی طرف علم غیب نسبت کرنے پر کفر لزومی یا التزامی لاگو کرنے والے حضرات کو لگنے والے اس مغالطے کا اصل منشاء یہی ہے کہ انہوں نے ذاتی وعطائی کی اس فطری تفریق سے بے التفاتی کی ورنہ اس مغالطہ میں کبھی نہ پڑتے۔علم غیب کے حوالہ سے ذاتی وعطائی کی اس حقیقی تفریق سے بے غوری، و بے توجہی کا انجام بد صرف اس حد تک محدود نہیں ہے کہ تکفیر مسلم کا گناہ سر پر لیا جارہا ہے،

marfat.com

التباس الحق بالباطل کیا جارہا ہے اور فطرت کے اصولوں سے انحراف کیا جارہا ہے بلکہ انجانے میں؛ ''اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتَابِ وَ تَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ'' کے وعید شدید کا بھی ارتکاب کیا جارہا ہے اور قرآن وسنت کے نصوص کو بھی باہم متعارض قرار دیا جارہا ہے۔ مثال کے طور پر؛

''لَا يَعْلَمُ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ''

(سورۃ النمل' آیت نمبر 65)

جیسے درجنوں نصوص میں غیر اللہ کیلئے علم غیب کی نفی کی گئی ہے۔ جبکہ؛

''اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ'' (سورۃ الجن' آیت نمبر 27)

جیسے بے شمار نصوص میں ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کیلئے ثابت کیا گیا ہے۔ یہی حال حدیث کے حوالہ سے بھی ہے۔ جیسے حضرت اُم المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا؛

''مَنْ زَعَمَ اَنَّهٗ ﷺ يَعْلَمُ مَا فِىْ غَدٍ فَقَدْ اَعْظَمَ عَلَى اللّٰهِ الْفِرْيَةَ وَاللّٰهُ تَعَالٰى يَقُوْلُ قُلْ لَا يَعْلَمُ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ''

(تفسیر مدارک' جلد ۴' صفحہ ۲۷)

جبکہ جنگ بدر کے معرکہ سے ایک دن قبل رسول اللہ ﷺ کا مخصوص مشرکین مکہ کے قتل ہونے اور ان کی موت کی جگہ کو جاننے اور اس کی خبر دینے سے متعلق بھی آیا ہے۔ ''هٰذَا مَصْرَعُ فُلَانٍ وَهٰذَا مَصْرَعُ فُلَانٍ'' جس کے بعد حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے کہا؛

marfat.com

''وَالَّذِیْ بَعَثَہٗ بِالْحَقِّ مَا اَخْطَؤُا الْحُدُوْدَ الَّتِیْ حَدَّھَا رَسُوْلُ اللّٰہِ ''

اور دوسری روایت میں ہے؛

''وَمَا تَجَاوَزَ اَحَدُھُمْ عَنْ مَوْضِعِ یَدِ رَسُوْلِ اللّٰہِ ﷺ ''

(مسلم شریف، جلد۲، صفحہ۶۲، کتاب الجہاد)

ذاتی وعطائی کی اس تفریق کو پیش نظر رکھے بغیر ان نصوص میں تطبیق کا کوئی تصور ہی ممکن نہیں ہے جبکہ فطری اُصول کی اس تفریق کو پیش نظر رکھنے میں تعارض کا کوئی تصور ہی پیدا نہیں ہوتا کیونکہ اسکی روشنی میں علم غیب کی غیر اللہ سے قطعی نفی کیلئے وارد شدہ تمام آیات و احادیث کا محمل ومصداق صرف اور صرف ذاتی ہے جو اللہ وحدہ لاشریک کی صفت مختصہ ہونے کی بناء پر ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم سمیت کسی بھی غیر اللہ کیلئے ناممکن ومحال ہے، اس کی ایسی مثال ہے۔ جیسے؛

''لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ '' (سورۃ انعام آیت نمبر۱۰۶)

یعنی اللہ کے سوا کوئی اور نفع نقصان علی الاطلاق کا مالک نہیں ہے۔

یا مذہب صوفیا کے مطابق ''لَا مَوْجُوْدَ اِلَّا ھُوَ ''ذاتی موجودیت کے ساتھ موجود اس کے بغیر کوئی اور نہیں ہے۔ جبکہ ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کے لئے ثبوت پر مشتمل تمام آیات واحادیث کا محمل ومصداق وہی ہے جو ان کا خاصہ وشایان ہیں جس کو عطائی اور توفیق الٰہی بھی کہا جا سکتا ہے۔ ذاتی وعطائی کی حقیقتوں کا ایک دوسرے سے جدا ہونے کی طرح قرآن وسنت اور اسلاف کی روشنی میں ان کی تعبیرات بھی ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ اللہ کا جو خاصہ ہے، اس کے متعلق عالم الغیب اور استاثر اللہ بعلمہ جیسے

marfat.com

الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔ جیسے فرمایا؛

''عَالِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلَىٰ غَيْبِهِ أَحَدًا'' (سورۃ الجن' آیت نمبر 26)

دوسری جگہ فرمایا؛

''عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ'' (سورۃ الحشر' آیت نمبر 22)

حدیث میں بھی استاثر اللہ بعلمہ جیسے الفاظ استعمال ہوئے ہیں اور مفسرین کرام نے بھی قرآنی تعبیرات کے مطابق ہی الفاظ استعمال کئے ہیں۔ جیسے تفسیر قرطبی میں ہے؛

''قَالَ الْعُلَمَاءُ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ لَمَّا تَمَدَّحَ سُبْحَانَهُ بِعِلْمِ الْغَيْبِ وَاسْتَأْثَرَ بِهِ دُوْنَ خَلْقِهِ كَانَ فِيْهِ دَلِيْلٌ عَلَىٰ أَنَّهُ لَا يَعْلَمُ الْغَيْبَ أَحَدٌ سِوَاهُ'' (التفسیر القرطبی' جلد 19' صفحہ 28' زیر آیت نمبر 26' سورۃ الجن)

جس کا مفہوم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا عالم الغیب ہونے کی صفت کے ساتھ اپنی شان بیان کرنا اس بات پر دلیل ہے کہ اس کے سوا کوئی اور غیب کو نہیں جانتا''۔

جبکہ انبیاء مرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم سے متعلق اظہار' اطلاع' تعلیم اور وحی جیسے الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔ جیسے فرمایا؛

''فَلَا يُظْهِرُ عَلَىٰ غَيْبِهِ أَحَدًا ﴿٢٦﴾ إِلَّا مَنِ ارْتَضَىٰ مِن رَّسُولٍ ''

(سورۃ الجن' آیت نمبر 26,27)

نیز فرمایا؛

''وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِي مِن رُّسُلِهِ مَن يَشَاءُ'' (سورۃ آل عمران' آیت نمبر 179)

marfat.com

نیز فرمایا؛

''وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيمًا''

(سورۃ النساء آیت نمبر 113)

نیز فرمایا؛

''تِلْكَ مِنْ اَنْبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهَا اِلَيْكَ'' (سورۃ ہود آیت نمبر 49)

جس کے مطابق اللہ وحدہ لاشریک کے کسی علم سے متعلق ان ذرائع کو استعمال کر کے کسی اور کی توفیق وعطاء کہنا جائز ہوسکتا ہے نہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم میں سے کسی کو عالم الغیب کہنا ممکن ہوسکتا ہے۔ جیسے ''عَلَّامُ الْغُيُوْبِ، عَالِمُ الْغَيْبِ' اور عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ' جیسے مختص باللہ الفاظ کو غیر اللہ کیلئے استعمال کرنا ممنوع فی الاسلام و ناروا ہے ویسے ہی اللہ تعالیٰ کو مطلع علی الغیب' مظہر علی الغیب' معلم الغیب اور علم غیب عطائی کے ساتھ متصف جاننے اور متصف کہنے کی اجازت بھی اسلام میں نہیں ہے۔ تعجب ہے کہ قرآن وسنت میں یہ مسئلہ اتنا واضح اور بے غبار ہونے کے باوجود اسے متنازعہ بنانا اور فتویٰ تکفیر تک غلو کرنے کا کیا جواز تھا۔

## ایک مغالطہ کا ازالہ

غیر اللہ کی طرف علم غیب نسبت کرنے پر تکفیر کرنے والے حضرات کو یہ اشتباہ ہو سکتا ہے کہ جہاں تک مذکورہ ذرائع سے یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے وحی' تعلیم اور اظہار و اطلاع کے بعد انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کا غیب کی باتوں کو جاننے کا مسئلہ ہے۔ یہ

marfat.com

ضروریات دین کے قبیلہ سے ہونے کی بناء پر کسی سے مخفی یا قابل انکار نہیں ہے جبکہ ان ذرائع کے بغیر علم غیب کو کسی مخلوق کی طرف منسوب کر کے یہ کہنا کہ ''فلاں غیب کی باتوں کو جانتا ہے''، محل تکفیر ہے ہم اسی قسم عقیدہ والفاظ کو کفریہ قرار دے رہے ہیں کہ قرآن وسنت سے بھی اس قسم عقیدہ کے ناجائز ہونے کا اشارہ مل رہا ہے۔ جیسے جنات سے علم غیب کی نفی کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا؛

''ان لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ الْغَيْبَ مَا لَبِثُوْا فِي الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ

یعنی اگر وہ غیب کو جانتے ہوتے تو خواری کی اس تکلیف میں نہ رہتے۔

حدیث میں اُم المومنین نے یہی فرمایا ہے؛

''مَنْ زَعَمَ اَنَّهُ ﷺ يَعْلَمُ مَا فِي غَدٍ فَقَدْ اَعْظَمَ عَلَى اللّٰهِ الْفِرْيَةَ وَاللّٰهُ تَعَالٰى يَقُوْلُ قُلْ لَا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ'

(تفسیر مدارک جلد۴، صفحہ ۲۷)

جس کا حقیقی فلسفہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ غیب کی باتوں کو جاننے میں مستقل ہے، کسی اور کا محتاج نہیں ہے جبکہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم اللہ کے محتاج ہیں۔ جب اللہ نے ان کو وحی کے ذریعہ بتادیا تو پھر غیب نہیں رہا۔ ایسے میں بلا واسطہ علم غیب اللہ کے کسی مقدس رسول کی طرف منسوب کرنے کی بجائے مطلع علی الغیب، مظہر علی الغیب یا علم غیب عطائی کو جاننے والا کہنا چاہیے۔

جواب اس کا یہ ہے کہ یہ مغالطہ کے سوا اور کوئی حقیقت نہیں رکھتا ورنہ لازم آتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ماسوا کسی اور کی طرف موجودیت منسوب کر کے فلاں موجود کہنے کی

marfat.com

بجائے فلاں معطی الوجود کہا جائے' اللہ کے سوا کسی اور کی طرف سمیع و بصیر حیات و قدرت اور کلام منسوب کر کے فلاں سمیع، بصیر، حی، قادر متکلم کہنا بھی ناجائز ہو کیونکہ ان تمام اوصاف و کمالات کے ساتھ اللہ تعالیٰ مستقل و بے محتاج ہے جبکہ انسان کے پاس یہ سب کچھ اللہ کا عطیہ ہیں۔

نیز یہ کہ یہ بات تب قابل غور ہو سکتی تھی کہ اگر اس کا متنازعہ ہونے سے پہلے پیش روانِ اسلام میں سے کسی مسلمہ ہستی نے اسے کفریہ قرار دیا ہوا ہوتا جبکہ حقیقت اس کے برعکس ہے کیونکہ اسلاف اسلام میں اس طرح کا عقیدہ اور ایسے الفاظ کا استعمال بکثرت پایا جاتا ہے۔ جیسے تفسیر ابن جریر طبری میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا خضر علیہ السلام کے ساتھ ملاقات سے متعلقہ آیات کی تفسیر کے سلسلہ میں لکھا ہوا موجود ہے۔ جس کے الفاظ یہ ہیں؛

"وَكَانَ رَجُلاً يَعْلَمُ عِلْمَ الْغَيْبِ" (تفسیر ابن جریر' جلد ۱۵' صفحہ ۲۸۰)

فتاویٰ تاتارخانیہ میں ہے؛

"وَاِنَّ الرُّسُلَ يَعْرِفُوْنَ بَعْضَ الْغَيْبِ"

(فتاویٰ تارتارخانیہ' جلد ۲' صفحہ ۶۱۰' کتاب النکاح)

تفسیر بیضاوی میں حضرت موسیٰ و خضر علیہما السلام کے واقعہ کے تحت "وَعَلَّمْنَاهُ مِنْ لَدُنَّا عِلْماً" کا مفہوم بتاتے ہوئے لکھا ہے؛

"اَیْ مِمَّا يَخْتَصُّ بِنَا وَلَا يَعْلَمُ اِلَّا بِتَوْفِيْقِنَا وَهُوَ عِلْمُ الْغُيُوْبِ"

جس کا مفہوم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا جو علم ہمارے ساتھ خاص ہے جس کو ہماری توفیق کے بغیر نہیں جانا جا سکتا وہ غیوب کا علم ہے، جن میں سے کچھ ہم نے خضر کو

marfat.com

سکھایا تو وہ ہماری توفیق سے اس غیب کو جانتے ہیں۔ (تفسیر بیضاوی' جلد۲' صفحہ ۱۱۶)

تفسیر ابن جریر میں حضرت خضر علیہ السلام سے متعلق یہ بھی لکھا ہوا موجود ہے:

''اِیْ اِنَّمَا تَعْرِفُ ظَاہِرَ مَا تَرَیٰ مِنَ الْعَدْلِ وَلَمْ تُحِطْ مِنْ عِلْمِ الْغَیْبِ مَا اَعْلَمُ'' (تفسیر طبری' جلد۱۵' صفحہ ۲۸۰' مطبوعہ مصر' زیر بحث آیت نمبر ۶۸ سورۃ الکہف)

جس کا مفہوم یہ ہے کہ تو صرف ظاہری عدل سے متعلق جانتا ہے اور جس علم غیب کو میں جانتا ہوں اسے تو نہیں جانتا۔

اپنے وقت میں عالم اسلام کے عظیم مفتی حضرت ابن عابدین نے رسائل ابن عابدین میں لکھا ہے:

''اَلْخَوَاصُ یَجُوْزُاَنْ یَعْلَمُوْا الْغَیْبَ فِیْ قَضِیَّۃٍ اَوْ قَضَایَا''

جس کا مفہوم یہ ہے کہ ذوات قدسیہ کو کسی واقعہ یا وقائع سے متعلق علم غیب جاننا ممکن ہے۔ (رسائل ابن عابدین' جلد۲' صفحہ ۳۱۱)

امام المتکلمین فخر الدین رازی نے تفسیر کبیر میں لکھا ہے:

''لَا یَمْتَنِعُ اَنْ نَقُوْلَ نَعْلَمُ مِنَ الْغَیْبِ مَا لَنَا عَلَیْہِ دَلِیْلٌ''

جس کا مفہوم یہ ہے کہ اگر ہم یہ کہہ دیں کہ ہم اس غیب کو جانتے ہیں جس پر ہمارے پاس دلیل ہے تو یہ ناجائز نہ ہوگا۔ (تفسیر کبیر' جلد۱' صفحہ ۲۸)

تفسیر قرطبی میں ہے:

''اِنَّ الْاَنْبِیَاءَ یَعْلَمُوْنَ کَثِیْرًا مِنَ الْغَیْبِ بِتَعْرِیْفِ اللّٰہِ تَعَالٰی اِیَّاھُمْ''

(تفسیر قرطبی' جلد۱۳' صفحہ ۸۲)

marfat.com

محدث ابن جوزی نے تفسیر زاد المسیر میں حضرت خضر علیہ السلام کے ساتھ موسیٰ علیہ السلام کے قرآنی واقعہ کی تفسیر کرتے ہوئے حضرت عبد اللہ ابن عباس کا عقیدہ وقول نقل کرکے لکھا ہے؛

''قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَعْطَاهُ عِلْمًا مِنْ عِلْمِ الْغَيْبِ''

جس کا مفہوم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت خضر علیہ السلام کو علم غیب عطاء کیا تھا۔

(تفسیر زاد المسیر، جلد ۵، صفحہ ۱۱۸)

ذوات قدسیہ کی طرف علم غیب نسبت کرنے کے سلسلہ میں اسلاف کی ان تصریحات وعقیدہ کی موجودگی میں ''فُلَانٌ يَعْلَمُ الْغَيْبَ'' جیسے جزئیات کو کفریہ قرار دینے کا کوئی جواز باقی رہتا ہے نہ متنازعہ بنانے کا۔

اہل علم جانتے ہیں کہ یہ ان فروعی اور اجتہادی مسائل کے قبیلہ سے تو ہے نہیں جو حالات کے بدلنے سے بدل جاتے ہیں بلکہ اُصول دین اور عقائد کے زمرہ میں ہونے کی بنیاد پر ناقابل تبدیل ہیں۔ جس میں سلف صالحین کی تعبیر وتشریح اور ان کے عقیدہ وعمل سے جو ثابت ہیں انہیں بلا کم وکاست تسلیم کرنا ضروری ہوتا ہے۔ ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم اور ان کے نقش قدم کو اپنانے کی بدولت اولیاء امت کیلئے اس عطیہ الٰہی کو ان مقدس حضرات کی طرف منسوب کرنے کا عقیدہ جب پہلے سے چلا آرہا ہے۔ طبقہ مفسرین سے لے کر طبقہ مجتہدین اور طبقہ محدثین سے لے کر صوفیاء کرام اور فقہاء اسلام تک سب نے ایسا عقیدہ رکھا ہے اور اپنی کتابوں میں لکھ کر آئندہ نسلوں کو بھی اس کے مطابق عقیدہ رکھنے کی تعلیم دی ہے تو پھر ان سب کے خلاف جدید انداز کلام کی کیا ضرورت ہے۔

marfat.com

اگر اس اشتباہ کی ذرہ برابر گنجائش ہوتی یا اس جدید انداز کلام میں کوئی وزن ہوتا تو سلسلہ اسلاف کے مختلف طبقات میں کسی نے تو اس کو اپنایا ہوا ہوتا' کسی کے کلام میں تو لکھا ہوا پایا جاتا یا کم از کم کسی نے تو اس پر کچھ گفتگو ہی کی ہوئی ہوتی۔ جبکہ اس سے کم درجہ کے مسائل کو بھی محل اختلاف ہونے کی وجہ سے تشنہ تکمیل نہیں چھوڑا ہے۔ مثال کے طور پر صاحب کرامت اولیاء اللہ کا اللہ تعالیٰ کی طرف سے علم غیب کا عطیہ وتوفیق پانا جو اہل سنت عقیدہ کے مطابق ضروریات مذہبیہ کے قبیلہ سے ہے جبکہ معتزلہ اسے ناجائز کہتے ہیں۔ پیش روانِ اسلام اس پر گفتگو کئے بغیر نہ رہ سکے چہ جائیکہ ضروریات دینی والے اس عقیدہ میں اختلاف دیکھ کر خاموشی اختیار کرتے۔

## ایں خیال است ومحال است وجنوں

الغرض علم غیب ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کی طرف نسبت کر کے اللہ کی توفیق وعطاء کے عقیدہ کیساتھ یہ کہنا کہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم مطلق غیب کی باتوں کو جانتے ہیں، ضروریات دین کے قبیلہ سے ہے۔ جس میں اہل قبلہ میں سے کسی کو بھی اختلاف نہیں ہے، اہل سنت کو نہ شیعہ کو، اہل اعتزال کو نہ اہل حدیث کو، اہل ظاہر کو نہ اہل باطن کو۔ علم غیب کے حوالے سے اگر اختلاف ہے تو وہ صرف اور صرف اولیاء اللہ کے بارے میں فقط اہل اعتزال کی طرف سے ہے۔ ایسے میں اس اشتباہ کو مغالطہ کہے بغیر نہیں رہا جا سکتا جس کا اصل منشاء اسلاف کے عقیدہ وکتب سے بے خبری کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔

marfat.com

## ﴿خلاصۃ الکلام بعد التحقیق﴾

(۱) یہ کہ علم غیب ذاتی اللہ وحدہ لاشریک کا خاصہ ہونے کی بناء پر ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم سمیت کسی اور کیلئے تسلیم کرنا محض شرک اور التزام کفر ہے۔

(۲) یہ کہ علم غیب عطائی ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین کیلئے تسلیم کرنا ضرورت دینی ہے جس کی تکذیب وانکار التزام کفروارتداد ہے۔

(۳) یہ کہ قرآن وحدیث میں جس علم غیب کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ مختص قرار دے کر غیر اللہ سے نفی کی گئی ہے اس سے مراد صرف اور صرف علم غیب ذاتی ہے۔

(۴) یہ کہ قرآن وحدیث کے جن نصوص میں غیر اللہ کیلئے علم غیب ثابت کیا گیا ہے اس سے مراد صرف اور صرف علم غیب عطائی ہے۔

(۵) یہ کہ قرآن وسنت میں علم غیب کے حوالہ سے قطعاً کوئی تعارض وتضاد نہیں ہے بلکہ ہر ایک کا محل ومصداق ایک دوسرے سے جدا جدا ہے۔

(۶) یہ کہ ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کے لئے مطلق علم غیب ضرورت دینی ہے جبکہ اللہ تعالیٰ کیلئے علم الغیب المطلق کا عقیدہ رکھنا ضرورت دینی ہے اوران دونوں کے مفہوم ایک دوسرے سے جدا ہیں۔

(۷) یہ کہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کے نقش قدم پر چلنے کی بدولت اولیاء امت کیلئے علم غیب کی توفیق وعطیہ پر عقیدہ رکھنا بشمول اہل تشیع، اہل سنت کے چاروں مذاہب کے مطابق ضروریات مذہبیہ کے قبیلہ سے ہے جس کے منکر یا تکذیب کرنے والوں کی تکفیر جائز

marfat.com

نہیں ہوسکتی جبکہ معتزلہ کے نزدیک معاملہ برعکس ہے کیونکہ ان کے مطابق اولیاء اللہ کیلئے اللہ تعالیٰ کی جانب سے علم غیب کی توفیق وعطیہ کا عقیدہ نہ ہونا ضروریات مذہبیہ کے زمرہ میں شامل ہے۔ مندرجہ ذیل حوالہ جات سے ان سب کا نمونہ واضح ہورہا ہے۔ جیسے تفسیر کشاف کے مصنف معتزلی المذہب زمخشری نے لکھا ہے؛

''لَا يَطَّلِعُ عَلَى الْغَيْبِ اِلَّا الْمُرْتَضَى الَّذِيْ هُوَ مُصْطَفَى لِلنُّبُوَّةِ خَاصَّةً لَا كُلَّ مُرْتَضَى وَفِيْ هٰذَا اِبْطَالٌ لِلْكَرَامَاتِ لِاَنَّ الَّذِيْنَ تُضَافُ اِلَيْهِمْ وَ اِنْ كَانُوْا اَوْلِيَاءَ مُرْتَضِيْنَ فَلَيْسُوْا بِرُسُلٍ وَ قَدْ خَصَّ اللّٰهُ الرُّسُلَ مِنْ بَيْنِ الْمُرْتَضِيْنَ بِالْاِطِّلَاعِ عَلَى الْغَيْبِ'' (تفسیر کشاف، جلد۴، صفحہ۱۷۲)

جس کا مفہوم یہ ہے کہ نبوت کیلئے منتخب کئے ہوئے بندوں کے سوا کسی اور کو علم غیب پر مطلع نہیں کیا جاتا کیونکہ یہ نبوت کیلئے منتخب کئے ہوئے بندوں کا خاصہ ہے۔ ہر منتخب ومرتضیٰ کیلئے نہیں ہے اور اس آیت میں اولیاء اللہ کیلئے مشہور کی جانے والی ان کرامات کا ابطال ہے جو اطلاع علی الغیب کے قبیلہ سے ہیں کیونکہ اس قسم کرامات جن حضرات کی طرف منسوب کی جاتی ہیں وہ اگرچہ اللہ کے پسندیدہ ومنتخب کردہ اولیاء ہیں لیکن رسول نہیں ہیں جبکہ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنے پسندیدہ ومنتخب بندوں میں سے صرف رسولوں کو اطلاع علی الغیب کیلئے خاص فرمایا ہے۔

(تفسیر کشاف، جلد۴، صفحہ۱۷۲، زیر بحث آیت نمبر 26، سورۃ الجن)

امام ناصر الدین احمد المالکی نے کشاف پر اپنی لکھی ہوئی تعلیقات بنام الانتصاف فیما تضمنہ الکشاف الاعتزال میں معتزلہ کے اس عقیدہ سے متعلق لکھا ہے؛

marfat.com

''فَلَا جَرَمَ اِنَّھُمْ یَسْتَمِرُّوْنَ عَلٰی الْاِنْکَارِ''

جس کا مفہوم یہ ہے کہ معتزلہ بالیقین اپنے اس انکاری عقیدہ پر قائم دائم رہتے ہیں۔ (الانتصاف علی ہامش الکشاف، جلد۴، صفحہ۱۷۲)

سلیمان الشافعی نے الفتوحات الالٰہیہ میں لکھا ہے؛

''اِطْلَاعَ اللّٰہِ الْاَنْبِیَاءِ عَلَی الْغَیْبِ اَقْوٰی مِنْ اِطْلَاعِ الْاَوْلِیَاءِ''

جس کا مفہوم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کو غیب پر مطلع کرنا اولیاء اللہ کو مطلع کرنے سے زیادہ قوی ہے۔

(تفسیر الفتوحات الالٰہیہ، جلد۴، صفحہ۴۲۵، زیر بحث آیت نمبر۲۶، سورۃ الجن)

شیخ احمد المالکی المذہب نے لکھا ہے؛

''اِطْلَاعَ الْاَنْبِیَاءِ عَلَی الْغَیْبِ اَقْوٰی مِنْ اِطْلَاعِ الْاَوْلِیَاءِ لِاَنَّ اِطْلَاعَ الْاَنْبِیَاءِ یَکُوْنُ بِالْوَحْیِ وَھُوَ مَعْصُوْمٌ مِنْ کُلِّ نَقْصٍ بِخِلَافِ اِطْلَاعِ الْاَوْلِیَاءِ فَعَصَمَۃُ الْاَنْبِیَاءِ وَاجِبَۃٌ وَعَصْمَۃُ الْاَوْلِیَاءِ جَائِزَۃٌ''

جس کا مفہوم یہ ہے کہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کا غیب پر مطلع ہونا چونکہ وحی کے ذریعہ سے ہوتا ہے اور وحی غلطی سے محفوظ ہوتی ہے لہٰذا انبیاء ومرسلین کی عصمت بھی لازم وضروری ہے اور اولیاء اللہ کا غیب پر مطلع ہونا بغیر وحی کے ہوتا ہے جسکا محفوظ ہونا ضروری نہیں ہے لہٰذا اولیاء اللہ کا معصوم ہونا بھی ضروری نہیں ہے۔

(التفسیر الصاوی علی الجلالین، جلد۴، صفحہ۲۵۷)

حنفی المذہب امام ابن عابدین نے لکھا ہے؛

marfat.com

''اِنَّ بَعْضَ الْاَوْلِیَاءِ قَدْ یُعَلِّمُہُ اللّٰہُ بِبَعْضِ الْمُغِیْبَاتِ

جس کا مفہوم یہ ہے کہ بے شک بعض اولیاء اللہ کو اللہ تعالیٰ کچھ غیوب کا علم دیتا ہے۔

(۸) یہ کہ اہل قبلہ کے ان تمام فریقوں کے برعکس فرقہ معتزلہ کے مطابق اولیاء امت کیلئے علم غیب کی توفیق وعطیہ نہ ہونے کا عقیدہ ان کے ماحول میں ضرورت مذہبی کے قبیلہ سے ہے۔ جن کے اصاغر وخلف کو اپنے ماحول میں اس کو بطور اسلامی عقیدہ ثابت کرنے کیلئے دلیل تلاش کرنے کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی کیونکہ ان کے اکابر نے اپنے اپنے وقتوں میں اس حوالہ سے جو کچھ کہا ہے وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ وہ اتنا مشہور ومتواتر ہوا کہ اس کے خلاف یہ بے چارے کچھ سننے کیلئے بھی تیار نہیں ہیں۔

ان حقائق کے پیش نظر ہم افسوس کئے بغیر نہیں رہ سکتے کہ موجودہ دور کے اکثر علماء اہل حدیث اور کچھ حنفی کہلانے والے حضرات اہل اعتزال کے نام سے ہی نفرت کرتے ہیں اور جب ان کا ذکر زبان پر لاتے ہیں تو تعصب کی آگ بجھاتے ہوئے ''خَذَلَھُمُ اللّٰہُ'' کے بددعائیہ کلمات کے بغیر آگے جانا گوارہ ہی نہیں کرتے جبکہ اس مسئلہ میں نادانستہ طور پر ان سے بھی ایک قدم آگے ہیں کیونکہ وہ ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کیلئے علم غیب عطائی کو تسلیم کرنے میں اہل سنت سمیت جملہ اہل قبلہ کے ساتھ متفق ہیں جبکہ یہ حضرات اولیاء اللہ کی ذوات قدسیہ سے نفی کرنے میں ان کے ساتھ ہم خیال وہم عقیدہ ہونے کے بعد انکار میں ترقی کرتے ہوئے انبیاء ومرسلین کی ذوات قدسیہ سے بھی نفی کر رہے ہیں۔ ایسے میں بے ساختہ زبان پر آجاتا ہے کہ:

ببین از کے بریدی وبا کے پیوستی

marfat.com

اگر ان حضرات کو پیش روانِ اسلام کے عقائد کو سمجھنے کی توفیق ہوتی یا قرآن و حدیث کو ماحولیاتی اثرات وترجیحات سے بالاتر ہو کر آزاد ذہن سے دیکھنے کی توفیق ہوتی تو بے محل تکفیر کی اس افتاد میں کبھی نہ پڑتے۔

## ﴿ایک اور اشتباہ کا ازالہ﴾

یہاں پر شاید کچھ قارئین کو یہ خیال آ جائے کہ اولیاء امت کیلئے علم غیب عطائی سے انکار کرنے پر اہل اعتزال کی تکفیر ناجائز ہونیکا فلسفہ تو سمجھ میں آ رہا ہے کہ یہ مسئلہ ضروریات دینیہ کے قبیلہ سے نہیں ہے۔ لیکن ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین کیلئے مطلق علم غیب عطائی کا عقیدہ ضروریات دینیہ کے قبیلہ سے ہے کیونکہ اہل قبلہ کی اس میں دو رائے نہیں ہیں بلکہ سب کا عقیدہ اور سب کے نزدیک مسلم ہونے کی وجہ سے اللہ کے کسی بھی رسول و نبی کا تصور ذہن میں آنے کے ساتھ ہی اس عقیدہ کا تصور بھی آ جاتا ہے۔ کیوں نہ ہو جبکہ ہر رسول نبی ہوتا ہے اور نَبِی کا یہ لفظ نَبَاء سے بنا ہوا ہے جس کے معنی ہیں خبریں بتانے والے۔

اہل علم جانتے ہیں کہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم امتیوں کو جو خبریں بتاتے یا جن خبروں کی طرف دعوت دے کر عمل کیلئے بلاتے ہیں وہ غیب ہی ہوتی ہیں مثلاً اللہ کی ذات اور اس کی وحدانیت، قضاء وقدر کی حقانیت اور قوت فکری وعملی کی امانتوں کو اللہ کی رضا کے مطابق صرف کرنے میں ثواب و جنت کا ملنا اور اس کی نافرمانی میں صرف کرنے پر عذاب و دوزخ مقدر ہونا اور فلاں عمل کا فلاں ثواب ملنا، اتنا ملنا اور ایسا ملنا اور فلاں گناہ پر فلاں عذاب ملنا، کب ملنا کتنا ملنا اور کیسے ملنا یہ سب کچھ ماورائے العقل والحواس باتیں ہیں

marfat.com

نہ کوئی شخص حواس کے ذریعہ ان کا ادراک کر سکتا ہے نہ عقل کی طاقت سے، غیب کی حقیقت بھی اس کے سوا اور کچھ نہیں ہے کہ ماورائے العقل والحواس ہو۔ اسی فلسفہ کی بنیاد پر اللہ تعالیٰ نے پیغمبر اکرم رحمت عالم ﷺ کے بتائے ہوئے ایمانیات پر یقین کرنیوالے خوش نصیبوں کا تعارف "یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ" کے الفاظ میں کیا۔ جب ذوات قدسیہ انبیاء و مرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کیلئے مطلق علم غیب عطائی کا عقیدہ رکھنا ضروریات دینیہ کے قبیلہ سے ہے تو پھر اس سے انکار کرنے والوں کی تکفیر کیوں جائز نہیں ہے؟

اس کا جواب یہ ہے کہ پیش نظر مسئلہ میں ضرورت دینی اور متنازع فیہ جدا جدا چیزیں ہیں۔ یہاں پر جو چیز ضروریات دینیہ کے قبیلہ سے ہے وہ اللہ کے ہر نبی ورسول کا منجانب اللہ علم غیب عطائی کے منصب پر فائز ہونا ہے اس سے انکار و تکذیب کرنے والا کوئی نہیں ہے ورنہ بالیقین مرتد وملحد قرار پاتا۔ جیسے مفردات القرآن امام الراغب اصفہانی میں ہے: "وَبِدَفْعِهٖ یَقَعُ عَلَی الْاِنْسَانِ اِسْمُ الْاِلْحَادِ"

یعنی انبیاء و مرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کیلئے علم غیب عطائی سے انکار و تکذیب کرنے والے پر ملحد کا نام فٹ ہو جاتا ہے۔

(مفردات القرآن امام راغب الاصفہانی مادہ غ۔ی۔ب)

اور جس بات کو متنازعہ بنایا گیا ہے وہ اسی علم کو عطاء، اظہار اور وحی جیسی کسی قید کے ساتھ مقید کئے بغیر انبیاء و مرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کی طرف منسوب کرنا ہے۔ مثلاً "نَبِیُّنَا ﷺ یَعْلَمُ الْغَیْبَ" یا "کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ یَعْلَمُ الْغَیْبَ" جیسے الفاظ اور اس کے مفہوم کے مطابق عقیدہ رکھنا ہے تو ظاہر ہے کہ اس قسم کے الفاظ و عقیدہ ضروریات دینیہ کے قبیلہ

marfat.com

سے نہ ہونے کی وجہ سے محل نزاع ہو سکتے ہیں' جب اس کا محل نزاع ہونا ممکن ہے تو پھر اس کے منکر پر لزوم کفر بھی نہیں ہے چہ جائیکہ التزام کفر لاگو کرنا جائز ہو سکے۔ایسے میں مذکورہ اشتباہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کے لئے علم غیب کے حوالہ سے ضرورت دینی اور غیر ضرورت دینی کے مابین عدم تمیز کا نتیجہ ہے جس کو بِنَاءُ الْغَلَطِ عَلَی الْغَلَطِ کے سوا اور کچھ نہیں کہا جا سکتا۔

(فَلِلّٰہِ الْحَمْدُ اَوَّلاً وَآخِراً ظَاہِراً وَبَاطِناً)

marfat.com

# مفسرین کی نظر میں علم غیب کی قسمیں اور تحقیق

خصوصیت مذہب سے قطع نظر عام اہل اسلام کی نظر میں علم غیب کی اس تحقیق کے بعد مناسب سمجھتا ہوں کہ طبقہ مفسرین نے قرآن شریف میں علم غیب سے متعلقہ آیات کی تفسیر کرتے ہوئے جو منہج اختیار کیا ہے اسے بھی دارالافتاء کے ذمہ داروں کے سامنے پیش کروں۔اس اُمید کے ساتھ کہ شاید اس سے سبق لے کر بے محل فتویٰ کفر صادر کرنے کی غلطی سے گریز کریں۔

علم غیب کے حوالہ سے مفسرین کرام کا اندازِ بیان اس طرح ہے کہ وہ سب سے پہلے علم غیب کو حقیقی اور اضافی کی طرف تقسیم کرتے ہیں۔علم غیب حقیقی وہ ہے جس میں معلوم اپنے عالم کی نگاہ سے غائب و پوشیدہ ہو۔جیسے اللہ وحدہ لاشریک کی ذات ہم سے غائب ہے جبکہ ہمیں اس کی موجودگی اور یکتائی کا علم ہے'اسی طرح جنت و دوزخ اور ان کے حال و احوال ہم سے پوشیدہ و غائب ہیں جبکہ ہمیں ان کی موجودگی و حقانیت کا بغیر مشاہدہ کئے علم و یقین ہے۔الغرض اللہ کے فرمان "یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ"کا ایک ایک مظہر اس کی مثالوں میں شامل ہیں۔علم غیب اضافی سے مراد وہ ہے جس میں معلوم اپنے عالم سے نہیں بلکہ اوروں کے مشاہدہ و نگاہ سے غائب ہو۔جیسے جمیع مافی السمٰوٰت ومافی الارض ہم سے غائب ہیں جبکہ اللہ کے مشاہدہ میں ہیں۔جیسے فرمایا؛

marfat.com

"وَمَا يَعْزُبُ عَنْ رَّبِّكَ مِنْ مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ"

یعنی تیرے رب سے ذرہ برابر کوئی چیز غائب نہیں زمین میں نہ آسمان میں۔

(سورۃ یونس، آیت نمبر ۶۱)

اس کے باوجود عالم الغیب ہے۔ جیسے فرمایا؛

"إِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ"

یعنی بالیقین اللہ تعالیٰ آسمانوں اور زمین کے غیب کو جانتا ہے۔

(سورۃ الحجرات، آیت نمبر ۱۸)

اس کے بعد دوسری تقسیم ماعلیہ الدلیل اور مالیس علیہ الدلیل کی طرف کی ہیں یعنی ان میں سے ہر ایک کی دو دو قسمیں ہیں جس کے مطابق تقسیم رباعی کا نقشہ اس طرح قرار پاتا ہے۔

علم غیب:۔ حقیقی اور اضافی۔

حقیقی علم غیب:۔ ماعلیہ الدلیل ...... مالیس علیہ الدلیل

اضافی علم غیب:۔ ماعلیہ الدلیل ...... مالیس علیہ الدلیل

اس دلیل کو یہ حضرات دلیل عقلی ونقلی دونوں کو شامل سمجھتے ہیں۔ جن کی مثالی وضاحت اس طرح ہے کہ؛

(۱) علم غیب حقیقی ماعلیہ الدلیل کی مثال جیسے ہر ایک مومن مسلمان کو اللہ کی ذات وحدہ لا شریک کی بمع افعال واوصاف واسماء واحکام موجودگی کا علم ویقین ہے جس پر دلیل یہ ہے کہ مخبر صادق ومعصوم نے اس کے متعلق ہم کو ایسا ہی بتایا ہے۔ اس کے علاوہ عقلی دلیل یہ

marfat.com

ہے کہ ہم اور ہمارے اردگرد یہ سب کچھ ممکن الوجود ہیں یعنی ان کا ہونا بھی ضروری نہیں ہے اور نہ ہونا بھی ضروری نہیں ہے جو چیز بھی ایسی ہو اس کا خارجی علت کے بغیر موجود ہونا محال ہے یعنی "یَسْتَحِیْلُ وُجُوْدُ الْمُمْکِنِ بِدُوْنِ عِلَّۃٍ"۔ جب اس ناقابل انکار برہان سے ان کی ذات کی موجودگی کا علم حاصل ہوا تو اس کے افعال، اوصاف، اسماء واحکام کا آپ ہی ثابت ہوجاتا ہے کیونکہ یہ سب اس کے لوازمات ہیں جو "کُلَّمَا ثَبَتَ الشَّیْئُ ثَبَتَ بِجَمِیْعِ لَوَازِمِہٖ" کے فطری اصول کا مقتضاء ہے۔

(۲) علم غیب حقیقی مالیس علیہ الدلیل کی مثال، جیسے خلیفہ اول حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ مرض الموت اور زندگی کے آخری لمحات میں اپنی بیوی کے پیٹ میں موجود حمل کو یعنی مافی الارحام کو جان گئے کہ وہ لڑکی ہے اور اپنے اس علم پر انہیں اتنا یقین تھا کہ اس مافی الارحام لڑکی کو حضرت اسماء اور حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے ساتھ شمار کر کے تین لڑکیوں کو وارث قرار دے کر تقسیم میراث سے متعلق خصوصی ہدایت دیں۔ جس کے متعلق موطا امام مالک کی روایت اس طرح ہے:

"مَالِكٌ عَنْ اِبْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ ابْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِیِّ ﷺ اَنَّهَا قَالَتْ اِنَّ اَبَابَكْرِ نِ الصِّدِّيْقَ كَانَ نَحَلَهَا جَادَّ عِشْرِيْنَ وَسْقًا مِنْ مَالِهٖ بِالْغَابَةِ فَلَمَّا حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ قَالَ وَاللّٰهِ يَا بُنَيَّةُ مَا مِنَ النَّاسِ اَحَدٌ اَحَبَّ اِلَیَّ غِنًی بَعْدِیْ مِنْكِ وَلَا اَعَزَّ عَلَیَّ فَقْرًا بَعْدِیْ مِنْكِ وَاِنِّیْ كُنْتُ نَحَلْتُكِ جَادَّ عِشْرِيْنَ وَسْقًا فَلَوْ كُنْتِ جَدَدْتِيْهِ وَاحْتَزْتِيْهِ كَانَ ذٰلِكَ وَاِنَّمَا هُوَ الْيَوْمَ مَالُ وَارِثٍ وَاِنَّمَا هُمَا اَخَوَاكَ

وَ اُخْتَاكَ فَاقْتَسِمُوْهُ عَلٰى كِتَابِ اللّٰهِ قَالَتْ عَائِشَةُ فَقُلْتُ يَا اَبَتِىْ وَاللّٰهِ لَوْ كَانَ كَذَا وَكَذَا لَتَرَكْتُهٗ اِنَّمَا هِىَ اَسْمَآءُ فَمَنِ الْاُخْرٰى قَالَ ذُوْبَطْنِ اِبْنَةِ خَارِجَةِ اُرَاهَا جَارِيَةً''

اس کا مفہوم یہ ہے کہ ام المومنین عائشہ نے کہا کہ جب ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو مرض الموت لاحق ہوئی تو انہوں نے مجھ سے کہا کہ اے میری پیاری بیٹی! اللہ کی قسم میرے بعد کسی اور کی غنا تجھ سے زیادہ مجھے پسند نہیں ہے اور تجھ سے زیادہ کسی اور کی بے استطاعتی بھی مجھ پر شاق نہیں ہے۔ میں نے مقام غابہ میں اپنے باغ سے بیس وسق کھجور اتارنے کا تجھے عطیہ کیا تھا اگر تو نے اسے اتار کر جدا کر دیا ہے تو ٹھیک ورنہ تو وہ مال میراث ہے جس کے وارثوں میں تیرے دو بھائی ہیں اور دو بہنیں ہیں تو اس کو کتاب اللہ کے مطابق تقسیم کرو۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ میں نے پوچھا کہ اے ابا جان! اللہ کی قسم اگر وہ بڑے سے بڑا مال ہوتا تب بھی میں اسے چھوڑ دیتی لیکن یہ بتاؤ کہ دوسری بہن میری کہاں ہے جبکہ میری ایک ہی بہن (حضرت اسماء) ہی تو ہے؟ تو ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کہا کہ وہ تیری ماں بنت خارجہ کے پیٹ میں جو حمل ہے وہی ہے جس کو میں سمجھتا ہوں کہ لڑکی ہے۔ (موطا امام مالک، صفحہ ۶۴۵، کتاب القضاء)

اسی طرح فتح خیبر سے ایک دن قبل اللہ کے حبیب رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان کہ:

''کل میں یہ جھنڈا بالیقین ایسے آدمی کو دوں گا جس کے ہاتھ سے خیبر فتح ہوگا وہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا محبّ ہے اور اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اس کے محبّ

marfat.com

ہیں''۔

حدیث شریف کے الفاظ یہ ہیں؛

''لَاُعْطِيَنَّ هٰذِهِ الرَّايَةَ غَداً رَجُلًا يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلٰى يَدَيْهِ يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ فَاَعْطَا مَا عَلِيًّا كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ

(بخاری شریف' کتاب مناقب علی)

اس حدیث کے الفاظ ''لَاُعْطِيَنَّ'' لام تاکید، نون تاکید اور جزم ویقین کے اظہار کے ساتھ کل کے ہونے والے کام کا بتانا سرور عالم ﷺ کو اس غیب کے علم ہونے پر دلالت کررہے ہیں تو ظاہر ہے کہ جس غیب کے علم کا اس جزم ویقین کیساتھ اظہار کیا گیا ہے۔ وہ سرور کائنات ﷺ کے مشاہدہ سے غائب ہونے کی بناء پر غیب حقیقی کے زمرہ میں آتا ہے اور سرور عالم ﷺ کے سامنے اس علم پر کوئی عقلی ونقلی دلیل بھی بظاہر موجود نہیں تھی۔ واضح رہے کہ حدیث کے حوالہ سے ان دونوں مثالوں کو علم غیب حقیقی مالیس علیہ الدلیل کے زمرہ میں شمار نا صرف ظاہری حالات پر مبنی ہے ورنہ ان دونوں میں اللہ کی توفیق اس پر دلیل ہے۔

(۳) علم غیب اضافی ما علیہ الدلیل کی مثال' جیسے بعض روایات کے مطابق حضرت نجاشی رضی اللہ عنہ کے جنازہ کو از روئے معجزہ اپنے حضور مشاہدہ میں دیکھ کر سرور عالم ﷺ کا اس پر نماز جنازہ پڑھنے سے معلوم ہورہا ہے کہ رحمت عالم ﷺ کے سامنے حاضر اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی نگاہ سے غائب ہونے کے ساتھ خرق عادت اور معجزہ کے طور پر ایسا ہونا اس علم پر عقلی دلیل ہے۔ اس کے ساتھ اللہ کی خصوصی توفیق بھی اس پر دلیل ہے۔

marfat.com

(۴) علم غیب اضافی ما لیس علیہ الدلیل کی مثال، جیسے اللہ تعالیٰ کو جملہ خلائق کا ازل سے ابد تک یکساں علم ہے اور سب کے سب بالتفصیل اس کے حضور حاضر و مشاہدہ میں ہیں جبکہ ہم سے غائب ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی ذات خود اس علم کی علت و منشاء اور دلیل ہے لہٰذا کسی اور دلیل کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

تقسیم رباعی کی اس حقیقت کو مفسرین کرام نے اپنے مخصوص انداز کیساتھ ''مَا لَا يُدْرَكُ بِبَدَاهَةِ الْعَقْلِ، مَا يُمْكِنُ دَرْكُهُ بِاسْتِدْلَالِ الْعَقْلِ وَمَا لَا يُمْكِنُ دَرْكُهُ بِاسْتِدْلَالِ الْعَقْلِ'' اور ''مَا عَلَيْهِ الدَّلِيْلُ وَمَا لَيْسَ عَلَيْهِ الدَّلِيْلُ'' جیسے الفاظ میں بیان کیا ہے۔ جو درج ذیل حوالہ جات سے واضح ہو رہا ہے۔

(۱) تفسیر روح المعانی میں ہے:

''حَاصِلُ الْمَعْنٰى لَيْسَ لَكُمْ رُتْبَةُ الْاِطِّلَاعِ عَلَى الْغَيْبِ وَاِنَّمَا لَكُمْ رُتْبَةُ الْعِلْمِ الْاِسْتِدْلَالِيِّ الْحَاصِلِ مِنْ نَصْبِ الْعَلَامَاتِ وَالْاَدِلَّةِ وَاللّٰهُ تَعَالٰى سَيَمْنَحُكُمْ بِذٰلِكَ فَلَا تَطْمَعُوْا فِيْ غَيْرِهٖ فَاِنَّ رُتْبَةَ الْاِطِّلَاعِ عَلَى الْغَيْبِ لِمَنْ شَاءَ مِنْ رُسُلِهٖ

(روح المعانی، جلد۴، صفحہ۱۳۷، زیر بحث آیت نمبر۱۷۹، سورۃ آل عمران)

(۲) تفسیر بیضاوی میں ہے:

''لِاَنَّ مَجْمُوْعَهُمَا يَدُلُّ عَلٰى تَفَرُّدِهٖ بِالْعِلْمِ الذَّاتِيِّ التَّامِّ الدَّالِّ عَلٰى وَحْدَانِيَّتِهٖ'' جس کا مفہوم یہ ہے کہ ''وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖ اِلَّا بِمَا شَآءَ'' اور اس کا معطوف علیہ یعنی ''يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ

marfat.com

مجموعہ اللہ تعالیٰ کے علم ذاتی تام پر دلالت کر رہا ہے جو اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کی دلیل ہے۔ (التفسیر البیضاوی، جلد ا، صفحہ ۵۶۹، مع شیخ زادہ علی البیضاوی)

اسی بیضاوی میں سورۃ بقرۃ کی آیت کی تفسیر کرتے ہوئے لکھا ہے:

''وَهُوَ قِسْمَانِ قِسْمٌ لَا دَلِيْلَ عَلَيْهِ وَهُوَ الْمَعْنِيُّ بِقَوْلِهِ تَعَالٰى وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا اِلَّا هُوَ وَقِسْمٌ ،نُصِبَ عَلَيْهِ دَلِيْلٌ كَالصَّانِعِ وَصِفَاتِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَحْوَالِهٖ وَهُوَ الْمُرَادُ بِهٖ فِيْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ''

(بیضاوی مع شیخ زادہ)

اس کا مفہوم یہ ہے کہ علم غیب کی دو قسمیں ہیں ایک وہ جس پر کوئی دلیل نہیں ہے۔ اللہ کے فرمان ''وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا اِلَّا هُوَ سے یہی مراد ہے اور دوسری قسم وہ ہے جس پر دلیل مقرر کی گئی ہے۔ جیسے صانع عالم جل جلالہ اور اس کی صفات قدیمہ کا علم جس کو عقلی دلائل سے پہچانا جاتا ہے اور قیامت کا دن اور اس کے احوال کا علم جس کو قرآن وسنت کی دلیلوں سے پہچانا جاتا ہے اور آیت کریمہ ''يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ'' سے اسی قسم کا علم غیب مراد ہے۔

(التفسیر البیضاوی، جلد ا، صفحہ ۸۸)

امام فخر الدین الرازی نے تفسیر کبیر میں لکھا ہے:

''ثُمَّ هٰذَا الْغَيْبُ يَنْقَسِمُ اِلٰى مَا عَلَيْهِ دَلِيْلٌ وَاِلٰى مَا لَيْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلٌ''

(التفسیر الکبیر، جلد ۲، صفحہ ۲۸)

مفسرین کرام کے اس انداز تربیع سے مندرجہ ذیل باتیں ظاہر ہو رہی ہیں۔

marfat.com

(۱) یہ کہ علم غیب ذاتی کا خاصہ خالق ہونا اور علم غیب عطائی کا خاصہ مخلوق ہونا مفسرین کرام کے مطابق نا قابل انکار حقیقت ہے جو علم غیب کی مخلوق سے نفی اور اثبات کے نصوص کے مابین تطبیق کی بنیاد ہے۔

(۲) یہ کہ علم غیب حقیقی کا معنون و مفہوم اللہ تعالیٰ کیلئے ناممکن اور مخلوق کیلئے حسب مراتب ممکن ہے۔

(۳) یہ کہ علم غیب ذاتی اضافی مالیس علیہ الدلیل خاصہ خالق ہونے کی بناء پر مخلوق کیلئے ناممکن ہے جبکہ علم غیب عطائی، حقیقی ماعلیہ الدلیل خاصہ مخلوق ہونے کی بنیاد پر خالق کائنات جل جلالہ کیلئے ناممکن ہے۔

(۴) یہ کہ علم غیب اضافی لابشرط شئی کے درجہ میں خالق کائنات جل جلالہ کیلئے واجب و ضروری ہے اور مخلوق کیلئے ناممکن ہے اس کے علاوہ اللہ تعالیٰ کیلئے ذاتی اور مقتضاء ذات ہونا اور مخلوق کیلئے غیر ذاتی اور غیر مستقل ہونا۔ نیز یہ کہ اللہ تعالیٰ کیلئے مالیس علیہ الدلیل اور مخلوق کیلئے ماعلیہ الدلیل ہونا بھی نکتہ ہائے تفریق کے درخشاں ستارے ہیں جن کو مفسرین کرام نے اپنے انداز تعبیر میں ذکر کیا ہے۔

(۵) یہ کہ علم غیب کا مصداق بداہت عقل وحواس سے ماوراء ہونے کی بنیاد پر خبر صادق، الہام، وحی فراست المومن، تجربہ سمیت نظری علوم کی ان تمام قسموں کو شامل ہے جس میں واقعہ کی مطابقت ہوتی ہے۔

مفسرین کرام کی غالب اکثریت کا منہج بیان علم غیب کے اس عمومی مفہوم پر مبنی ہونے کی وجہ سے علم غیب کی غیر اللہ سے نفی اور اثبات کے نصوص میں تطبیق کے سلسلہ میں

marfat.com

غیر ضروری طوالت کے ساتھ ان کے کلام میں کچھ ایسی باتیں بھی پائی جاتی ہیں جن کو مزاجِ اسلام اور رُوحِ قرآن کے مطابق نہیں کہا جاسکتا۔

مشتی نمونہ از خرواری امام المتکلمین فخر الدین رازی نے سورۃ الجن' آیت نمبر ۲۶' ۲۷ ''عَالِمُ الْغَیْبِ فَلَا یُظْهِرُ عَلٰی غَیْبِهٖۤ اَحَدًا ﴿۲۶﴾ اِلَّا مَنِ ارْتَضٰی مِنْ رَّسُوْلٍ فَاِنَّهٗ یَسْلُكُ مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ رَصَدًا ﴿۲۷﴾'' کی تفسیر میں علم غیب کو اس کے جملہ مصادیق کو شامل و عام قرار دینے والوں پر رد کرتے ہوئے لکھا ہے؛

''وَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَابُدَّ مِنَ الْقَطْعِ بِاَنَّهٗ لَیْسَ مُرَادُ اللّٰهِ مِنْ هٰذِهِ الْاٰیَةِ اَنْ لَّا یُطَّلِعَ اَحَدًا عَلٰی شَیْئٍ مِّنَ الْمُغَیَّبَاتِ اِلَّا الرُّسُلَ، وَ الَّذِیْ یَدُلُّ عَلَیْهِ وُجُوْهٌ (اَحَدُهَا) اَنَّهٗ ثَبَتَ بِالْاَخْبَارِ الْقَرِیْبَةِ مِنَ التَّوَاتُرِ اَنَّ شِقًّا وَسَطِیْحًا كَانَا كَاهِنَیْنِ یُخْبِرَانِ بِظُهُوْرِ نَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ ﷺ قَبْلَ زَمَانِ ظُهُوْرِهٖ، وَ كَانَا فِی الْعَرَبِ مَشْهُوْرَیْنِ بِهٰذَا النَّوْعِ مِنَ الْعِلْمِ، حَتّٰی رَجَعَ اِلَیْهِمَا كِسْرٰی فِی تَعَرُّفِ اَخْبَارِ رَسُوْلِنَا مُحَمَّدٍ ﷺ، فَثَبَتَ اَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی قَدْ یُطَّلِعُ غَیْرَ الرُّسُلِ عَلٰی شَیْءٍ مِّنَ الْغَیْبِ (وَثَانِیْهَا) اَنَّ جَمِیْعَ اَرْبَابِ الْمِلَلِ وَالْاَدْیَانِ مُتَّفِقُوْنَ عَلٰی صِحَّةِ عِلْمِ التَّعْبِیْرِ، وَاَنَّ الْمُعَبِّرَ قَدْ یُخْبِرُ عَنْ وُقُوْعِ الْوَقَائِعِ الْاٰتِیَةِ فِی الْمُسْتَقْبَلِ، وَ یَكُوْنُ صَادِقًا فِیْهِ (وَثَالِثُهَا) اَنَّ الْكَاهِنَةَ الْبَغْدَادِیَّةَ الَّتِیْ نَقَلَهَا السُّلْطَانُ سَنْجَرُ بْنِ مَلِكْ شَاهِ مِنْ بَغْدَادَ اِلٰی خُرَاسَانَ، وَسَئَلَهَا عَنِ الْاَحْوَالِ الْاٰتِیَةِ فِی الْمُسْتَقْبَلِ فَذَكَرَتْ اَشْیَآءَ، ثُمَّ اِنَّهَا وَقَعَتْ عَلٰی وَفْقِ كَلَامِهَا۔

marfat.com

(قَالَ مُصَنِّفُ الْکِتَابِ) خَتَمَ اللّٰہُ لَہٗ بِالْحُسْنٰی: وَاَنَا قَدْ رَاَیْتُ اُنَاساً مُحَقِّقِیْنَ فِیْ عُلُوْمِ الْکَلَامِ وَالْحِکْمَۃِ، حَکَوْا عَنْہَا اَنَّہَا اَخْبَرَتْ عَنِ الْاَشْیَاءِ الْغَائِبَۃِ اِخْبَاراً عَلٰی سَبِیْلِ التَّفْصِیْلِ، وَجَاءَتْ تِلْکَ الْوَقَائِعُ عَلٰی وَفْقِ خَبَرِہَا، وَبَالَغَ اَبُوْ الْبَرَکَاتِ فِیْ کِتَابِ الْمُعْتَبَرِ فِیْ شَرْحِ حَالِہَا، وَقَالَ لَقَدْ تَفَحَّصْتُ عَنْ حَالِہَا مُدَّۃَ ثَلَاثِیْنَ سَنَۃً حَتّٰی تَیَقَّنْتُ اَنَّہَا کَانَتْ تُخْبِرُ عَنِ الْمُغَیَّبَاتِ اِخْبَاراً مُطَابِقاً۔

(وَرَابِعُہَا) اَنَّا نُشَاہِدُ (ذٰلِکَ) فِیْ اَصْحَابِ الْاِلْہَامَاتِ الصَّادِقَۃِ، وَلَیْسَ ہٰذَا مُخْتَصّاً بِالْاَوْلِیَاءِ بَلْ قَدْ یُوْجَدُ فِی السَّحَرَۃِ اَیْضاً مَنْ یَکُوْنُ کَذٰلِکَ، وَنَرَی الْاِنْسَانَ الَّذِیْ یَکُوْنُ سَہْمُ الْغَیْبِ عَلٰی دَرَجَۃِ طَالِعِہٖ یَکُوْنُ کَذٰلِکَ فِیْ کَثِیْرٍ مِنْ اِخْبَارِہٖ وَاِنْ کَانَ قَدْ یَکْذِبُ اَیْضاً فِیْ اَکْثَرِ تِلْکَ الْاَخْبَارِ، وَنَرَی الْاَحْکَامَ النُّجُوْمِیَّۃَ قَدْ تَکُوْنُ مُطَابِقَۃً وَمُوَافِقَۃً لِلْاُمُوْرِ، وَاِنْ کَانُوْا قَدْ یَکْذِبُوْنَ فِیْ کَثِیْرٍ مِنْہَا، وَاِذَا کَانَ ذٰلِکَ مُشَاہَداً مَحْسُوْساً، فَالْقَوْلُ بِاَنَّ الْقُرْاٰنَ یَدُلُّ عَلٰی خِلَافِہٖ مِمَّا یَجُرُّ الطَّعْنَ اِلَی الْقُرْاٰنِ، وَ ذٰلِکَ بَاطِلٌ فَعَلِمْنَا اَنَّ التَّاوِیْلَ الصَّحِیْحَ مَا ذَکَرْنَاہُ۔ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ۔

اس کا مفہوم یہ ہے کہ جان لے کہ اس آیت کریمہ میں غیر اللہ سے علم غیب کی نفی کرنے سے اللہ تعالیٰ کی مراد قطعاً یہ نہیں ہے کہ اپنے رسولوں کے سوا کسی اور کو غیب پر مطلع نہیں کرتا' اس پر چار وجوہ دلالت کرتی ہیں۔

marfat.com

ایک یہ کہ قریب التواتر روایات سے ثابت ہے کہ شق و سطیح دو کاہن تھے جو ہمارے نبی ﷺ کے ظاہر ہونے کی خبر ان کے ظہور سے پہلے دیا کرتے تھے اور عرب میں وہ اس غیب دانی کے ساتھ مشہور تھے یہاں تک کہ کسریٰ نے ہمارے رسول ﷺ کے حالات جاننے کے سلسلہ میں ان کی طرف رجوع کیا تو ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ اپنے رسولوں کے سوا لوگوں کو بھی کچھ غیب پر مطلع فرماتا ہے۔

دوسرا یہ کہ تمام ملل وادیان والے خوابوں کی تعبیر کے علم کافی الجملہ درست ہونے پر متفق ہیں جبکہ تعبیر کرنے والا ابسا اوقات آئندہ کے ہونیوالے واقعات کی خبر دیتا ہے تو وہ اس میں سچا بھی ہوتا ہے۔

تیسرا یہ کہ بغداد کی وہ مشہور کاہنہ عورت جس کو سلطان سنجر بن مالک شاہ نے بغداد سے خراسان کی طرف منتقل کیا تھا۔ اس سے آئندہ کے حالات پوچھنے پر جو بتایا تھا اپنے وقت پر وہ اس کے بتانے کے مطابق واقع ہوئے۔ (کتاب کے مصنف) اللہ اس کا بہتر خاتمہ فرمائے کہتا ہے کہ میں نے خود علم کلام وحکمت کے کچھ ماہر علماء کو دیکھا ہے جنہوں نے اس کے متعلق کہا کہ اس نے غیب کی کچھ چیزوں کے متعلق تفصیل سے خبر دی تھی پس وہ ویسے ہی واقع ہوئے جیسے اس نے کہا تھا اور ابو البرکات نے کتاب المعتبر میں اس کا حال بتانے میں مبالغہ کیا ہے اور کہا ہے کہ میں نے تیس سالوں تک اس کے حالات کی جستجو کی یہاں تک کہ مجھے یقین ہو گیا کہ وہ مغیبات کی درست خبر دیا کرتی تھی۔

چوتھا یہ ہے کہ ہم سچے الہامات والے اولیاء میں اس کا مشاہدہ کرتے ہیں اور

marfat.com

یہ صرف اولیاء اللہ کے ساتھ ہی خاص نہیں ہے بلکہ کبھی جادوگروں میں بھی ایسے لوگ پائے جاتے ہیں جو غیب پر مطلع ہوتے رہے اور ہم ایسے انسان بھی دیکھتے ہیں، جس کے ستارے پر غیب کا حصہ ہوتا ہے، وہ بہت سی غیبی چیزوں کی خبر دینے میں سچا ہوتا ہے اگرچہ ان میں بہت سی باتوں میں جھوٹا بھی ہوتا ہے اور نجومیوں کی کچھ باتوں کو بھی ہم واقعہ کے مطابق پاتے ہیں اگرچہ وہ زیادہ جھوٹ بولتے ہیں۔ جب مخلوق کا غیب پر مطلع ہونا مشاہدات ومحسوسات کے قبیلہ سے ہوا تو پھر یہ کہنا کہ قرآن اس کے خلاف پر دلالت کرتا ہے۔ ان چیزوں میں سے ہے، جو قرآن میں طعن کے موجب ہونے کی وجہ سے باطل ہیں تو ہم نے یقین جانا کہ مذکورہ آیت کریمہ کی درست تاویل وہی ہے جس کو ہم نے ذکر کیا ہے۔

(التفسیر الکبیر' جلد ۳۰' صفحہ ۱۶۹)

اس قسم کی لاطائل تطویل اور نجومی وکاہن اور ساحر جیسے اعداء اللہ کیلئے علم غیب ثابت کرنے کی ناگفتہ بہ باتوں کو دیکھ کر ہماری حیرت کی انتہا ہوتی ہے۔ پھر یہ بھی ہے کہ علم غیب جیسے ایک واضح مسئلہ کو مشکوک ومتنازعہ بنانے کے موجب بننے والی یہ لایعنی باتیں صرف تفسیر کبیر تک محدود نہیں ہیں' بطور شاذ ونادر دو' چار کتابوں میں نہیں ہیں اور نہ ہی گنتی کی چند شخصیات نے یہ کہا ہے بلکہ درجنوں سے زیادہ شخصیات کی سینکڑوں کتابوں میں پائی جاتی ہیں۔ تفسیروں سے لیکر کلام اور فقہ کی بے شمار کتابوں میں اندازِ بیان کے اختلاف کے ساتھ پائے جانے والی ان باتوں کا سب سے بڑا نقصان یہ ہے کہ اس سے نیم خواندہ علماء کو مغالطہ لگ جاتا ہے، نوخیز وناپختہ مفتیوں کو اشتباہ ہوتا ہے اور اسلام کے قطعی اُصولوں کے

marfat.com

خلاف شکوک وشبہات پیدا ہو جاتے ہیں کہ امام المتکلمین فخر الدین رازی جیسی ہستیوں کی مذکورہ تحقیق کہ "علم غیب علی الاطلاق اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ نہیں ہے بلکہ انبیاء واولیاء اور صاحب الہام حضرات کیلئے اس کا ثبوت مسلمہ حقیقت ہونے کے ساتھ نجومیوں، ساحروں اور کاہنوں جیسے اعداء اللہ کیلئے بھی نا قابل انکار حقیقت ہے" اس کو دیکھنے اور سننے کے بعد وہ کونسا نیم خواندہ عالم دین ہوگا جو اس مسئلہ کو متنازعہ نہ سمجھے گا؟ اسلاف کو خطاؤں، کوتاہیوں اور نسیان وغفلت سے معصوم تصور کرنے والے وہ کون سے اندھے مقلدین ہوں گے؟ جو نجومیوں اور کاہنوں جیسے اعداء اللہ کو علم غیب کی صفت میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک تصور نہیں کریں گے۔ (اَلْعَیَاذُ بِاللّٰہِ ثُمَّ الْعَیَاذُ بِاللّٰہ) اور دار الافتاء کے ان ناپختہ مفتیوں سے کوئی شخص کیا اس موضوع سے متعلق درست فتویٰ صادر کرنے کی توقع کر سکتا ہے؟ جس کے سامنے اس قسم کا ذخیرہ کتب موجود ہو۔ حقیقت یہ ہے کہ کچھ مسائل سے متعلق غلط فتویٰ مشہور ہونے کے دیگر عوامل کے ساتھ اسلاف کی ان کوتاہیوں کو بھی بڑا دخل ہے۔ شاید ایسی کوتاہیوں کو دیکھ کر امام احمد رضا خان فاضل بریلوی نور اللہ مرقدہ نے فرمایا تھا کہ؛

"تفسیروں میں لکھی ہوئی سب باتیں قابل عمل نہیں ہوتیں"۔

☆☆☆☆☆☆

marfat.com

# علم غیب اور اس کے مصادر کی وضاحت

اس طرح ہے کہ؛

(۱) علم غیب ذاتی، حضوری علی الاطلاق اللہ وحدہ لاشریک کی صفت خاصہ ہونا ضروریات دین کے قبیلہ سے ہے۔ جس کے منکر یا اس میں شک کرنے والے کی اسلام میں جگہ نہیں ہے اگر مدعی اسلام ہوتے ہوئے ایسا کرتا ہے تو ملتزم شرک ہونے کی بناء پر مرتد قرار پاتا ہے کیونکہ آغاز اسلام سے لے کر اب تک جملہ اہل اسلام کے مابین تاریخ کے ہر دور میں اس پر جو مشترکہ عقیدہ چلا آ رہا ہے وہ اتنا مشہور ہے کہ مسلم معاشرہ میں اس پہ دلیل تلاش کرنے کی ضرورت ہی محسوس نہیں کی جاتی۔ اگر چہ ثبوت اس کا قطعی نصوص سے ہے۔

(۲) علم غیب عطائی حصولی کے معنون ومفہوم کا اللہ تعالیٰ کی طرف سے ذواتِ قدسیہ انبیاء و مرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کو بطور لازمہ نبوت حاصل ہونے کا عقیدہ بھی ضروریات دین کے قبیلہ سے ہے۔ جس کا منکر یا شک کرنے والا التزام کفر کا مرتکب ہوتا ہے اس لئے کہ یہ بھی آغاز اسلام سے لیکر اب تک تاریخ کے ہر دور میں جملہ اہل اسلام کا اتنا مشہور عقیدہ چلا آ رہا ہے کہ مسلم معاشرہ میں اس پہ دلیل تلاش کرنے کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔ اسی بنیاد پر مفردات القرآن میں امام الراغب الاصفہانی نے لکھا ہے؛

''وَبِدَفْعِهِ يَقَعُ عَلَى الْاِنْسَانِ اِسْمُ الْاِلْحَادِ''

marfat.com

یعنی اس قسم علم غیب کے انکار کرنے والے انسان پر ملحد کا اسم فٹ ہوتا ہے۔

(مفردات القرآن امام الراغب الاصفہانی' مادہ غ۔ی۔ب)

(۳) کاہن، ساحر، سرکش جنات اور نجومی جیسے کسی بھی اعداء اللہ سے علم غیب کی نفی کا عقیدہ بھی ضروریات دینی کے قبیلہ سے ہے کیونکہ اس قسم گمراہوں سے علم غیب کی نفی سے متعلقہ آیات واحادیث جتنی بھی ہیں ان سب کو اسی عقیدہ پر محمول سمجھنے میں جملہ اہل اسلام طبقہ مفسرین سے لیکر طبقہ فقہاء اور محدثین سے لے کر صوفیاء کرام کے طبقہ تک سب متفق ہیں۔ جس کے نتیجہ میں الٰہیات کے جملہ اہل علم اور ان کے حلقہ اثر کے تمام عوام میں اس کو اتنی شہرت حاصل ہے کہ مسلم معاشرہ میں اس پر دلیل تلاش کرنے کی ضرورت ہی محسوس نہیں کی جاتی۔ اگر چہ شرعی دلائل اس پر قطعی اور اجماعی ہیں۔ مثال کے طور پر فرمان الٰہی؛

''اَعِنْدَهٗ عِلْمُ الْغَيْبِ فَهُوَ يَرٰى'' (سورۃ النجم' آیت نمبر ۳۵)

''لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ الْغَيْبَ مَا لَبِثُوْا فِي الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ''

(سورۃ سباء' آیت نمبر ۱۴)

اس قسم کی تمام آیات کو اہل قبلہ کے جملہ مکاتب فکر مفسرین نے اعداء اللہ سے علم غیب کی نفی پر محمول سمجھا ہے۔ جس میں تاریخ کے کسی بھی دور میں کوئی اختلاف نہیں پایا جاتا۔ اس عقیدہ پر اتفاق رائے اتنا مشہور ہے کہ مسلم معاشرہ میں اس پر دلیل پوچھنے کی ضرورت محسوس نہیں کی جاتی۔ اسی طرح فرمان نبوی ﷺ؛

''مَنْ اَتٰى كَاهِنًا فَصَدَّقَهٗ بِمَا يَقُوْلُ فَقَدْ بَرِئَ مِمَّا اُنْزِلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ'' (مشکوٰۃ شریف' صفحہ ۳۹۳' کتاب الکہانۃ) کی تشریح کرتے ہوئے کل مکاتب فکر اہل اسلام محدثین نے

marfat.com

تاریخ کے ہر دور میں اسی عقیدہ کا اظہار کیا ہے جو خبر واحد اور ظنی ہونے کے باوجود اپنی شہرت کی بناء پر متواتر المفہوم اور ضرورت دینی قرار پایا ہے۔

(۴) یہ کہ پیغمبر اسلام رحمت عالم ﷺ کی کامل اتباع کی بدولت اولیاء اللہ کو ان کی شان کے لائق غیوب کا علم عطیہ ہونے کا عقیدہ اہل سنت کے مطابق ضروریات مذہبیہ کے قبیلہ سے ہے جس سے انکار کرنے والے کی تکفیر جائز نہیں ہے۔ مصادر کے اعتبار سے علم غیب کی ان معروضی اقسام اور نا قابل انکار حقائق کے ہوتے ہوئے امام فخر الدین رازی جیسے اکابرین کا نجومی وکاہن جیسے اعداء اللہ کیلئے علم غیب پر اطلاع کے جواز کا قول ہرگز قابل قبول نہیں ہے۔ اندھی تقلید کے حصار میں محصور حضرات اسلاف کے ان بے محل حوالہ جات کا سہارا لے کر اعداء اللہ کیلئے اطلاع علی الغیب کے جواز پر ہزاروں صفحات سیاہ کریں پھر بھی رات کو دن ثابت کرنے کی ناکام کوشش سے مختلف نہیں ہوگا۔ کیونکہ حق اور صراط مستقیم کی پہچان کا حقیقی معیار یہ اقوال، یہ عبارات اور یہ اسلاف ہرگز نہیں ہیں بلکہ اس کیلئے حقیقی پیمانہ قرآن وسنت کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔

## ایک اشتباہ اور اس کا ازالہ

لزوم کفر اور التزام کفر کی جدا جدا حقیقتیں، مختلف اقسام واحکام کی مذکورہ تحقیق کے ساتھ علم غیب کے ان مصادر واقسام میں سے نجومی وکاہنوں جیسے اعداء اللہ کیلئے علم غیب کی نفی کے ساتھ عقیدہ کا ضروریات دین کے قبیلہ سے ہونے کو ملا کر پڑھنے والے حضرات کو شاید یہ اشتباہ ہو جائے کہ حضرت امام فخر الدین رازی اور اُن جیسے، جن اکابرین نے ان

marfat.com

اعداء اللہ کیلئے اطلاع علی الغیب کو جائز قرار دیا ہے ان کی ان عبارات سے التزام کفر معلوم ہو رہا ہے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ اس قسم کی عبارات سو فیصد غلط ہونے کے باوجود لزوم کفر بھی نہیں ہیں چہ جائیکہ کہ التزام کفر ہو کیونکہ ضرورت دینی کا ہر انکار یا اس کے نقیض یا ضد کا ہر ارتکاب کفر نہیں ہوتا بلکہ اس کیلئے نا قابل تاویل اور صریح ہونا بھی ضروری ہے جو یہاں پر مفقود ہے تاہم حضرت امام فخر الدین رازی جیسے مشاہیر اسلام کو ایسی خلاف حقیقت اور غلط باتیں ہرگز مناسب نہیں تھیں۔ اس پر مستزاد قابل افسوس یہ کہ اسلاف کے کلام میں پائی جانے والی اس قسم بے اعتدالیوں پر ان کی تقلید کرتے ہوئے کچھ حقیقت ناشناس حضرات اور کچھ نیم خواندہ علماء من پسند کے جاہل پیروں اور غیر معیاری مشائخ سے لیکر جنات تک کیلئے اطلاع علی الغیب کے جواز کا چرچا کرتے پھرتے ہیں جس کے نتیجے میں توہم پرست عوام میں ضعیف الاعتقادی کا مرض بڑھنے کے ساتھ علم غیب جیسے وسیع المرتبت مسئلہ کی بھی بے وقعتی ہو رہی ہے۔ اللہ وحدہ لاشریک کی اس صفت خاصہ کی جس طرح جاہل پیروں اور غیر معیاری مشائخ اور ان کے ہاتھ کے ٹشو پیپر بننے والے علماء سوء کے حلقہ اثر میں تضحیک ہو رہی ہے وہ المیہ سے کم نہیں ہے۔ جس کی اصل وجہ قرآن وسنت کی حقیقی تعلیم سے غفلت اور علماء حق کی صحبت سے دوری کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔

## علم غیب کی ایک اور تقسیم

مذکورہ تقسیمات کے علاوہ بعض مفسرین کرام کے منہج بیان سے علم غیب کی ایک اور

marfat.com

تقسیم کا بھی پتہ چلتا ہے۔ یعنی ''عِلْمُ الْغَیْبِ الْمُطْلَقْ، عِلْمُ الْغَیْبِ الْمُقَیَّدْ'' سے مراد یہ ہے کہ بلا تخصیص جملہ خلائق کی دسترس سے ماوراء ہوتے ہوئے صرف اللہ وحدہ لاشریک کو عیاناً ومشاہدۃً معلوم ہے اور مقید سے مراد یہ ہے کہ بعض خلائق کو معلوم ہے جبکہ بعض سے پوشیدہ ونا معلوم ہے۔ ان میں سے اول اللہ وحدہ لاشریک کی صفت خاصہ ہونے کی وجہ سے کسی بھی مخلوق کیلئے ناممکن ہے اور یہی قسم غیر اللہ سے علم غیب کی نفی سے متعلق جملہ نصوص کی مورد ومراد ہے جبکہ دوسری قسم یعنی علم الغیب المقید ہر مخلوق کو اس کی شان کے لائق حاصل ہوسکتا ہے۔ اسی سلسلہ میں حافظ ابن تیمیہ نے فتاویٰ کبریٰ کے حصہ تفسیر میں اللہ کے فرمان: ''قُلْ لَّا یَعْلَمُ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَیْبَ اِلَّا اللّٰہُ'' (سورۃ النمل، آیت نمبر ۶۵) کی تفسیر میں لکھا ہے:

''وَهٰذَا هُوَ الْغَیْبُ الْمُطْلَقُ عَنْ جَمِیْعِ الْمَخْلُوْقِیْنَ الَّذِیْ قَالَ فِیْهِ (فَلَا یُظْهِرُ عَلٰی غَیْبِهٖ اَحَداً) وَالْغَیْبُ الْمُقَیَّدُ مَا عَلِمَهٗ بَعْضُ الْمَخْلُوْقَاتِ مِنَ الْمَلَائِکَةِ اَوِالْجِنِّ اَوِالْاِنْسِ وَشَهِدُوْهُ فَاِنَّمَا هُوَ غَیْبٌ عَمَّنْ غَابَ عَنْهُ لَیْسَ هُوَ غَیْبًا عَمَّنْ شَهِدَهٗ وَالنَّاسُ کُلُّهُمْ قَدْ یَغِیْبُ عَنْ هٰذَا مَا یَشْهَدُ هٰذَا فَیَکُوْنُ غَیْباً مُقَیَّداً اَیْ غَیْباً عَمَّنْ غَابَ عَنْهُ مِنَ الْمَخْلُوْقِیْنَ لَا عَمَّنْ شَهِدَهٗ لَیْسَ غَیْباً مُطْلَقاً غَابَ عَنِ الْمَخْلُوْقِیْنَ قَاطِبَةً

(فتاویٰ ابن تیمیہ، جلد 16، صفحہ ۱۱۰)

حصہ تفسیر:۔ حافظ ابن تیمیہ کی یہ تحقیق اور یہ الفاظ حقیقت کے زیادہ قریب ہونے کے باوجود جنات، نجومی وکاہن جیسی خلائق کی طرف علم غیب کی نسبت جائز ہونے کا پتہ دے

marfat.com

رہے ہیں جو اعداء اللہ کیلئے علم غیب نہ ہونے کے اسلامی عقیدہ کے ساتھ بظاہر متصادم ہونے کی بناء پر نامناسب ہے کیونکہ مردۃ الجن سے لیکر ساحر و نجومی اور کاہن تک جملہ اعداء اللہ و اعداء الرسول سے علم غیب کی نفی کا جو عقیدہ ہے یہ بجائے خود ضروریات دینی کے قبیلہ سے ہے۔ ایسے میں حافظ ابن تیمیہ کے مذکورہ کلام کا اولین حصہ جس میں علم غیب کو مطلق و مقید کی طرف تقسیم کیا گیا ہے سو فیصد درست اور بعض مفسرین کرام کے مطابق ہونے کے باوجود اس کا دوسرا حصہ (جس میں علم غیب مقید کی مثالیں بیان کی ہیں) حقیقت شناس حضرات اس کو محل نظر قرار دیئے بغیر نہیں رہ سکتے۔ جب ہم آگے چل کر آخری تحقیق پیش کریں گے، تو اس میں حافظ ابن تیمیہ کی اس غفلت سمیت امام فخر الدین رازی کی مذکورہ بے توجہی کا پس منظر بھی منکشف ہو جائے گا۔ (انشاء اللہ تعالیٰ) کوتاہیوں اور غلطیوں سے تو صرف اور صرف معصوم ذوات قدسیہ کا قلم و قرطاس اور فکر و عمل ہی محفوظ ہو سکتا ہے۔ جیسے حضرت امام مالک نے فرمایا؛

''مَا مِنْ اَحَدٍ اِلَّا مَاخُوْذٌ مِنْ قَوْلِهٖ وَمَرْدُوْدٌ عَلَيْهِ اِلَّا صَاحِبَ هٰذَا الْقَبْرِ''

حضرت علی نور اللہ وجہہ الانور نے فرمایا؛

''لَا تَنْظُرْ اِلٰى مَنْ قَالَ وَانْظُرْ اِلٰى مَا قَالَ''

جس کا مفہوم بالترتیب یہ ہے کہ کوئی شخص ایسا نہیں ہے جس کی کچھ باتیں قابل عمل اور کچھ ناقابل عمل نہ ہو مگر اس روضہ انور کے مکین ﷺ کا معاملہ ایسا نہیں ہے کیونکہ معصوم ہونے کی بناء پر ان کا ہر قول قابل عمل اور ہر فرمان ضابطہ حیات و شریعت ہے۔

marfat.com

اس کو مت دیکھ جس نے کہا ہے بلکہ اس نے جو کچھ کہا ہے اس کو دیکھ کر پرکھ لے کہ قرآن وسنت کے مطابق بھی ہے یا نہیں۔ (تفسیر روح المعانی، جلد ۱۱، صفحہ ۱۸۸)

اس سے قطع نظر کہ حافظ ابن تیمیہ کا علم غیب کی مطلق ومقید کی طرف تقسیم پھر علم الغیب المطلق کو اللہ تعالیٰ کی صفت خاصہ قرار دیکر مخلوق سے علم غیب کی نفی سے متعلقہ جملہ نصوص کو اس کا مورد قرار دینا حقیقت کے زیادہ قریب ہونے کے ساتھ بعض مفسرین کرام کے بھی مطابق ہے، تعبیر کا فرق اور اجمال وتفصیل کی دوئی کے سوا عنوان ومقصود میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ مثلاً اسی چیز کو محمود بغدادی الوسی الحنفی المتوفی ۱۲۷۰ھ نے کل غیب سے تعبیر کیا ہے۔ جس کے الفاظ یہ ہیں

''بِاَنَّ الْغَيْبَ الْمُخْتَصَّ بِهِ تَعَالٰى بِمَعْنَى الْمُخْتَصّ عِلْمُهُ سُبْحَانَهُ بِهِ هُوَ كُلُّ غَيْبٍ'' (روح المعانی، جلد ۲۹، صفحہ ۹۶)

تو ظاہر ہے کہ کل غیب کا علم اللہ تعالیٰ کی صفت خاصہ ہونے کا مطلب علم الغیب المطلق کے سوا اور کچھ نہیں ہے کل غیب بھی غیر متناہی ہے اور الغیب المطلق بھی، جس کے مقابلے میں مطلق الغیب ہے جو الغیب المقید کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔

ابو البرکات محمود النسفی الحنفی المتوفی ۷۰۱ھ نے (تفسیر مدارک، جلد ۴، صفحہ ۲۷) میں اس کی تعبیر ''مَا لَمْ يَقُمْ عَلَيْهِ دَلِيْلٌ وَلَا اِطَّلَعَ عَلَيْهِ مَخْلُوْقٌ'' کے الفاظ میں کی ہے۔

اہل علم جانتے ہیں کہ اس میں مخلوق کا لفظ نکرہ حیز نفی میں ہونیکی بناء پر جمیع خلائق سے غیب ہونے کے سوا اور کچھ نہیں ہے، جو الغیب المطلق کے مترادف ہے۔ جس کو اللہ تعالیٰ کا خاصہ اور ''قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ'' کے

marfat.com

مورد کے طور پر بیان کرنے سے اس کی دوسری قسم یعنی بعض مخلوق کو معلوم اور بعض سے غیب ونا معلوم کا مخلوق کیلئے علم غیب کی نفی کے زمرہ سے نکل کر معلوم المخلوق ہونا، اس تفسیر کا ماسیق لہ الکلام اور عبارت النص ہونے میں کس کو شک ہوسکتا ہے۔ جسکے مطابق حافظ ابن تیمیہ کے مذکورہ کلام اوراس کے مابین اجمال وتفصیل کے سوا کوئی اور فرق قابل فہم ہی نہیں ہے۔

## ﴿ایک اہم اشتباہ کا ازالہ﴾

بعض تفسیروں میں لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی ذات کے ساتھ مختص علم غیب پر رسولوں کو مطلع فرماتا ہے جب رسولوں کو اطلاع کردی تو وہ خاص کہاں رہا۔ کیونکہ خاصہ کی حقیقت اس کے سوا اور کچھ نہیں ہے کہ وہ جس کا خاصہ ہوتا ہے اس کے سوا کسی اور میں نہیں پایا جاتا کیونکہ: ''خَاصَّةُ الشَّيْءِ مَا يُوْجَدُ فِيْهِ وَلَا يُوْجَدُ فِي غَيْرِهٖ اور شان الوہیت کا مسئلہ دوسرے مسائل سے اور بھی زیادہ اہم ہے۔ جس میں کسی قسم کی تخصیص یا استثنٰی کی بھی گنجائش نہیں ہے ورنہ لازم آئے گا کہ الوہیت بھی کسی کو عطا کریں اس لئے کہ ذات باری تعالیٰ کے ساتھ مختص ہونے میں وصف الوہیت اور وصف علم میں کوئی فرق نہیں ہے۔

## ﴿جواب اس کے دو ہیں﴾

اول یہ کہ خاصہ کی دو قسمیں ہیں ایک حقیقی دوسرا عرفی۔ حقیقی سے مراد یہ ہے کہ جس کے ساتھ خاص ہے اس کے سوا کسی اور میں قطعاً نہیں پایا جاتا جس میں کسی اور کا کوئی اعتبار نہیں ہوتا جبکہ خاصہ عرفی میں عرف کا اعتبار ہوتا ہے یعنی لوگوں کے عرف میں ایسا ہو

marfat.com

اس کی ایسی مثال ہے جیسے کسی نامعلوم چیز کو معلوم کرنے کیلئے اس کے متعلقہ چند معلومات کو مرتب کر کے نظر عقلی واستدلال کے ذریعہ اسے حاصل کیا جاتا ہے جو انسان کیلئے حقیقی خاصہ ہے کہ اس کے علاوہ کسی اور مخلوق میں قطعاً نہیں پایا جاتا کیونکہ انسان کے ماسوا ہر نوع مخلوق جن چیزوں کا علم وادراک رکھتا ہے وہ فکری نہیں بلکہ فطری انداز عمل ہے جس کو استدلال کہا جاسکتا ہے نہ نظر عقلی، نہ فکر، اس کے مقابلہ میں کتابت بھی انسان کا خاصہ ہے کیونکہ دوسرے جانوروں میں نہیں پائی جاتی۔ لیکن یہ فکر ونظر کی طرح نہیں ہے کہ کسی اور میں قطعاً نہ پایا جائے بلکہ فرشتوں میں بھی پایا جاتا ہے۔ جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا؛

"اِنَّ رُسُلَنَا یَکْتُبُوْنَ مَا تَمْکُرُوْنَ" (سورۃ یونس، آیت نمبر ۲۱)

ہمارے فرشتے ان تمام باتوں کو لکھتے ہیں جن کی تم سازش کرتے ہو۔

دوسری جگہ فرمایا؛

"کِرَامًا کَاتِبِیْنَ" (سورۃ انفطار، آیت نمبر ۱۱)

یعنی فرشتوں میں ایک معزز طبقہ لکھنے والوں کا بھی ہے۔

پیش نظر مسئلہ بھی اسی طرح ہے کہ جن مفسرین کرام نے اللہ تعالیٰ کا اپنی ذات کے ساتھ مختص علم غیب پر رسولوں کو مطلع فرمانے کا کہا ہے۔ اس سے مراد عرفی خاصہ ہے حقیقی نہیں اور اس کا مصداق علم غیب اضافی مالیس علیہ الدلیل ہے تو ظاہر ہے کہ علم غیب کی مالیس علیہ الدلیل والی قسم انسانوں کے عرف کے مطابق اللہ ہی کا خاصہ ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کے ماسوا جس کسی کے اندر بھی علم غیب کی کچھ جھلک پائی جاتی ہے اس پر کوئی دلیل ضرور ہوتی ہے چاہے نقل ہو یا عقل یا اللہ تعالیٰ کی طرف سے اطلاع ہو، جیسے ذوات قدسیہ انبیاء و

marfat.com

مرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کو ہوتا ہے یا اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کے بتانے سے ہو جیسے عام اہل ایمان کو جنت ودوزخ جیسے غیوب پر علم و یقین ہے، ہر اطاعت کا موجب اجر وثواب ہونے اور ہر معصیت کا موجب سزا ونقصان ہونے جیسے غیوب کے ساتھ جو ایمان ویقین ہے یہ صرف پیغمبر اکرم رحمت عالم ﷺ کے بتانے سے ہے۔ ہمارے لئے اس پر دلیل رسول اللہ ﷺ کا بتانا ہے جبکہ رسول اللہ ﷺ کیلئے دلیل اللہ کا بتانا ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ جب تک رسول اللہ ﷺ کو نہ بتائے تو انہیں پتہ نہیں چل سکتا اور رسول اللہ ﷺ جب تک ہمیں نہ بتائیں تو ہمیں کچھ پتہ نہیں چل سکتا۔ الغرض اللہ کا فرمان "یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ" جن ضروریات دینیہ کو شامل ہے وہ سب امور غیبیہ ہیں جن کا علم رسول اللہ ﷺ کو حاصل ہونے پر اللہ کا بتانا دلیل ہے اور ہمیں حاصل ہونے پر رسول اللہ ﷺ کا بتانا دلیل ہے۔ دوسرے الفاظ میں یوں بھی کہا جاسکتا ہے کہ آیت کریمہ "یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ" میں اللہ تعالیٰ کی ذات سے لیکر اس کے اسماء واوصاف تک اور اس کے افعال سے لیکر جملہ کمالات تک، جنت اور اس کے احوال سے لیکر دوزخ اور اس کے احوال تک، قبر کے حالات سے لیکر احوال آخرت تک، اطاعت کا موجب اجر و ثواب ہونے سے لیکر معصیت کا سزا ونقصان کے موجب ہونے تک اور کس اطاعت پر کتنا ثواب، کب اور کیسا اور کہاں پر ملتا ہے اور کس معصیت پر کتنا عذاب، کب، کیسا اور کدھر ملتا ہے؟ اِس قسم "کُلُّ مَا جَآءَ بِهِ النَّبِیُّ ﷺ مِنْ رَّبِّهٖ وَاَخْبَرَ بِهٖ وَ رَغَّبَ فِیْهِ اَوْ رَهَّبَ عَنْهُ" کا ایک ایک مظہر ومصداق امور غیبیہ کے قبیلہ سے ہیں جن پر ایمان لانا اور انہیں حق جاننا صرف مومن مسلمان کا ہی طرہ امتیاز ہے۔ اہل ایمان کو یہ سعادت رسول اللہ ﷺ کی

marfat.com

تعلیم کے بغیر ممکن ہی نہیں تھی اور رسول اللہ ﷺ کو ان توفیقات وسعادتوں کا مجسمہ ہونا اللہ تعالیٰ کی توفیق و تعلیم کے بغیر ناممکن تھا۔ ایسے میں اللہ کے فرمان "یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ" کے مفہوم میں پائے جانے والے ان تمام امور غیبیہ کو جاننا انبیاء و مرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کیلئے بھی اور امت اجابت کیلئے بھی علم غیب کی اس قسم میں شامل ہیں۔ جس کو جملہ مفسرین کرام نے ما علیہ الدلیل سے تعبیر کیا ہے یہاں پر دلیل کی نوعیت اگرچہ مختلف ہے کہ انبیاء و مرسلین کیلئے اللہ تعالیٰ کی تعلیم ہے اور امت اجابت کیلئے دلیل رسول اللہ ﷺ کی تعلیم ہے جبکہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ جو علم غیب مختص ہے وہ مالیس علیہ الدلیل ہے کیونکہ ہر چیز پر واقعی دلیل اللہ تعالیٰ کی طرف سے آتی ہے جبکہ اللہ تعالیٰ کیلئے صفت علم بھی اس کے دوسرے تمام اوصاف کمالیہ کی طرح ہر قسم دلیل سے ماوراء و بے نیاز ہے اس کا کسی اور کو منتقل ہونے یا عطیہ ہونے کا قطعاً کوئی امکان نہیں ہے۔ اس کا ذات باری تعالیٰ سے قابل انفکاک ہونا اور اس کے ماسوا میں پایا جانا ایسا ہی محال ہے جیسا وصف الوہیت کا کسی غیر اللہ میں پایا جانا محال ہے۔ لہٰذا سورۃ الجن کی آیت نمبر 26 کی تفسیر کرتے ہوئے جن مفسرین کرام نے "لَا یَطَّلِعُ عَلٰی غَیْبِهِ الْمُخْتَصِّ بِهٖ اَحَدًا اِلَّا الرُّسُلُ" کہا ہے۔ ان سب کا مقصد اس کے سوا اور کچھ نہیں ہے کہ جو علم غیب اللہ تعالیٰ کی ذات کے ساتھ مختص ہے یعنی علم غیب اضافی مالیس علیہ الدلیل اس پر اطلاع و آگاہی نہیں فرماتا مگر ذوات قدسیہ انبیاء و مرسلین کو تو اس میں اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ میں پیغمبر کے شریک ہونے یا جو علم غیب اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ ہے اس کا غیر اللہ کو عطیہ ہونے کا تصور کرنا سوءِ فہم کا نتیجہ ہونے کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ ورنہ اصل مسئلہ واضح ہے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کی جو صفت مختصہ ہے وہ علم غیب ذاتی

marfat.com

ہے جو مالیس علیہ الدلیل ہے، جو نا قابل انتقال، ممتنع الانفکاک اور انسان کی فہم وادراک سے ماوراء ہے جب تک اللہ تعالیٰ اس کی کچھ جھلک وعکس کسی کو عطاء نہیں فرماتا از خود اس پر اطلاع وآ گاہی نہ کسی ملک مقرب کیلئے ممکن ہے نہ کسی نبی مرسل کیلئے۔ پھر یہ بھی ہے کہ ما لیس علیہ الدلیل اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ اور ما علیہ الدلیل پیغمبر کے لئے ثابت ہونا ایک دوسرے سے جدا حقیقت ہونے کی طرح جو خاصۃ اللہ ہے وہ قدیم اور واجب ہے، ازلی و ابدی ہے، غیر متناہی اور محیط ہے جبکہ خاصۃ الرسول حادث وممکن ہے اور متناہی وغیر محیط لجمیع معلومات اللہ ہے۔ ایسے میں مفسرین کرام کا یہ کہنا کہ ''اللہ تعالیٰ اپنی ذات کے ساتھ مختص علم غیب پر رسولوں کو مطلع فرماتا ہے'' اس کے سوا اور کوئی مفہوم نہیں رکھتا کہ علم غیب ما علیہ الدلیل سے آ گاہی واطلاع فرماتا ہے جو انہی کا خاصہ ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی توفیق وعطیہ کے بغیر ان حضرات کے لئے علم کا یہ انداز ممکن ہی نہیں تھا اور انہیں آ گاہی واطلاع کی توفیق عطاء کرنے کے بعد بھی ان چیزوں کے ساتھ اس وحدہ لاشریک کا علم پہلے کی طرح ہی مستمر و غیر متغیر ہے۔ نیز یہ کہ پہلے کی طرح اب بھی مالیس علیہ الدلیل ہے۔

نیز یہ کہ ان چیزوں میں سے ایک ایک شے سے متعلق پہلے کی طرح اب بھی اس کا علم غیر متناہی ومحیط ہے۔ جیسے فرمایا:

''وَاَحْصٰی كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا''

جس کے نتیجہ میں ان ذوات قدسیہ کو توفیق وعطیہ ہونے والا یہ علم مذکورہ تمام ما بہ الامتیاز کے ساتھ ساتھ ان چیزوں سے متعلق علم الٰہی کے مقابلہ میں اتنی نسبت بھی نہیں رکھتا جتنی قطرہ کو دریا کے ساتھ ہے۔ نہیں رکھتا واللہ نہیں رکھتا کیونکہ یہاں پر قطرہ بھی متناہی ہے دریا بھی

marfat.com

متناہی ہے جبکہ ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کا ان چیزوں سے متعلق جو علم ہے وہ متناہی ہے اور اللہ تعالیٰ کا جو علم ان کے ساتھ وابستہ ہے وہ غیر متناہی ہے۔ نیز یہ کہ ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین کو ان چیزوں کا علم عطاء کرنے سے قبل اللہ تعالیٰ کو ان چیزوں کے ساتھ علم غیب اضافی مالیس علیہ الدلیل ہونے کی طرح ہی بعد العطاء والتوفیق بھی مالیس علیہ الدلیل ہے نیز یہ کہ قبل العطاء والتوفیق جیسے کوئی ملک مقرب ونبی مرسل تک ان چیزوں کے علم میں اس کے ساتھ شریک نہیں تھا بعد التوفیق والعطاء بھی نہیں ہے۔ یہ تمام امتیازات صرف ان چیزوں کے علم سے متعلق ہیں جنکی اطلاع وآ گاہی اس وحدہ لاشریک نے ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کو دی ہے، جو فرمان الٰہی؛

''وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيماً''

(سورۃ النساء' آیت نمبر۱۱۳)

''وَكَذٰلِكَ نُرِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ''

(سورۃ الانعام' آیت نمبر۷۵)

''وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِيْ مِنْ رُّسُلِهٖ مَنْ يَّشَآءُ''

(سورۃ آل عمران' آیت نمبر۱۷۹)

''عَالِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖٓ اَحَداً ﴿۲۶﴾ اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ فَاِنَّهٗ يَسْلُكُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ رَصَداً ﴿۲۷﴾ لِّيَعْلَمَ اَنْ قَدْ اَبْلَغُوْا رِسٰلٰتِ رَبِّهِمْ وَاَحَاطَ بِمَا لَدَيْهِمْ وَاَحْصٰى كُلَّ شَيْءٍ عَدَداً''

(سورۃ الجن' آیت نمبر 26'27,28)

marfat.com

"یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ" (سورۃ البقرۃ، آیت نمبر۳)

فرمان نبوی ﷺ؛

"اِنِّیْ اَرٰی مَالَا تَرَوْنَ اِنِّیْ اَسْمَعُ مَالَا تَسْمَعُوْنَ"

(جامع الترمذی، جلد۲، صفحہ۶۶، ابواب الزہد)

جیسے نصوص سے ثابت ہو رہا ہے جبکہ ان کے علاوہ وہ چیزیں جن کے علم کی توفیق وعطیہ ابھی نہیں ہوا، جو فرمان خداوندی؛

"وَمَا یَعْلَمُ جُنُوْدَ رَبِّکَ اِلَّا ھُوَ" (سورۃ المدثر، آیت نمبر۳۱)

"قُلْ لَّوْ کَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّکَلِمَاتِ رَبِّیْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ کَلِمَاتُ رَبِّیْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا (سورۃ الکہف، آیت نمبر۱۰۹)

"وَلَوْ اَنَّ مَا فِی الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ یَمُدُّهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ کَلِمَاتُ اللّٰهِ" (سورۃ لقمان، آیت نمبر۲۷)

اور فرمان نبوی ﷺ؛

"فَاَحْمَدُ رَبِّیْ بِمَحَامِدَ لَا اَقْدِرُ عَلَیْهِ اِلَّا نْ یُّلْهِمُنِیْهِ اللّٰهُ تَعَالٰی

(مسلم شریف، جلد۱، صفحہ۱۱۰، باب الشفاعۃ)

جیسے نصوص کے مقتضاء ابھی صیغہ خفا اور ماوراء عطاء ہیں وہ ماوراء العد والحد ہونے کی بناء پر ان چیزوں کی ان کے ساتھ کوئی نسبت ہی نہیں ہے۔ جس کی وضاحت بخاری شریف کی اس حدیث سے ہوتی ہے۔ جس کے مطابق چڑیا کا دریا سے اپنی چونچ میں قطرہ پانی لینے کو دیکھ کر خضر علیہ السلام نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا؛

marfat.com

"جس کا مفہوم یہ ہے کہ ہم دونوں کا علم مل کر بھی اللہ تعالیٰ کے علم سے اتنی نسبت بھی نہیں رکھتا جتنا اس چڑیا نے دریا سے اٹھایا ہے"۔

## ﴿خلاصۃ الجواب بعد التحقیق﴾

یہ کہ مفسرین کا یہ کہنا کہ "اللہ تعالیٰ اپنی ذات کے ساتھ مختص علم غیب پر انبیاء و مرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کو مطلع فرماتا ہے" اس سے ان کی مراد یہ ہے کہ انسانوں کے عرف میں جس قسم علم غیب کو اللہ تعالیٰ کا خاصہ سمجھا جاتا ہے وہ وہی ہے جو ذات الٰہی کا مقتضاء اور انسانوں کی فہم وادراک سے ماوراء اور مالیس علیہ الدلیل ہے اس کے کچھ عکس و جھلکیوں سے ذوات قدسیہ انبیاء و مرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کو مطلع فرماتا ہے تاکہ ان کی عزت افزائی یا ان کی نبوت پر دلیل و معجزہ ہو جائے یا اُمت کے لئے رہنمائی اور اصلاح احوال کی سامان رسانی ہونے کیساتھ عاقبت نااندیشوں پر اِتمام حجت ہو جائے کیونکہ ذوات قدسیہ انبیاء و مرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم اللہ تعالیٰ اور اس کے عام بندوں کے مابین ایسے وسائط و روابط ہیں جو بیک وقت اللہ تعالیٰ کے ساتھ اس کی شان کے لائق واصل و مربوط ہونے کے ساتھ انسانوں کے ساتھ ان کی شان کے لائق مربوط ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے امور تشریعیہ سے متعلقہ پردہ غیب کا عکس پانے کیساتھ مجازاۃ اعمال کے غیبی نظام قدرت سے لوگوں کو آگاہ فرماتے ہیں اور منصب نبوت سے متعلقہ امور غیبیہ کا عطیہ و توفیق پانے کے باوجود علم غیب علی الاطلاق کو خاصہ الٰہی سمجھ کر "لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا" کہتے ہیں اور امور غیبیہ سے متعلقہ اپنے اس منصب کو اللہ تعالیٰ کے علم الغیب المطلق المحیط الغیر المتناہی ما

marfat.com

لیس علیہ الدلیل کے مقابلہ میں ہیچ تصور کرتے ہوئے ''لَوْ كُنْتُ أَعْلَمُ الْغَيْبَ لَا سْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْءُ'' بندگی کرتے ہیں۔اس میں خاصۃ اللہ کا غیر اللہ میں پائے جانے کا تصور ہی خلاف حقیقت ہے۔اس کو وصف الوہیت پر قیاس کرنا اس لئے غلط ہے کہ وصف الوہیت کو خاصۃ اللہ سمجھنے میں لوگوں کے عرف کو دخل نہیں ہے بلکہ خاصہ حقیقی ہونے کی بناء پر کوئی مسلمان ایسا نہیں ہے جو کسی بھی طریقے سے غیر اللہ میں اس کی موجودگی کا تصور کر سکے۔ایسے میں مطلق علم الغیب ما علیہ الدلیل کی کچھ جھلکیوں کی توفیق وعطیہ کو ذوات قدسیہ انبیاء و مرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم میں دیکھ کر وصف الوہیت کو اس پر قیاس کرنے کی کوئی تک ہی نہیں ہے۔

دوسرا جواب یہ ہے کہ جن مفسرین کرام نے علم غیب کے حوالہ سے خاصۃ اللہ پر انبیاء و مرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کے منجانب اللہ مطلع ہونے کا قول کیا ہے اس میں خاصۃ اللہ کے اندر انبیاء و مرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کے شریک ہونے کا تصور ہی نہیں ہے چہ جائیکہ وصف الوہیت کو اس پر قیاس کر کے مذکورہ معارضہ کی گنجائش ہو سکے۔اس کا تصور تب ممکن ہوتا اگر اللہ تعالیٰ کا خاصہ یعنی علم غیب ذاتی،اضافی،المطلق المحیط الغیر المتناہی،ما لیس علیہ الدلیل کے جزئیات و مندرجات میں سے کسی فرد کے اندر ان حضرات کی شرکت ممکن ہوتی یا اس کا ان حضرات کو عطیہ ہونا ممکن ہوتا جب ایسا ہونا عقلاً و نقلاً ناممکن ہے تو پھر اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ میں ان حضرات کے شریک ہونے یا اللہ تعالیٰ کی اس صفت مختصہ کی ان حضرات کو منتقل ہونے اور وصف الوہیت کو اس پر قیاس کر کے مذکورہ اشتباہ پیدا کرنے کا کیا جواز باقی رہتا ہے۔درحقیقت مفسرین کرام نے یہ جو کہا ہوا ہے اس میں تین چیزیں ان کے پیش نظر

marfat.com

ہیں۔ جن میں ؛

(۱) علم الغیب الذاتی، الاضافی المطلق، المحیط الغیر المتناہی مالیس علیہ الدلیل ہے جو اللہ تعالیٰ کی صفت خاصہ ہونے کی وجہ سے کسی اور کا اس کے ساتھ متصف ہونا محال ہے چاہے ملک مقرب یا نبی مرسل ہی کیوں نہ ہو۔

(۲) مطلق علم غیب العطائی الحقیقی اوالاضافی، المحدود المتناہی، ما علیہ الدلیل ہے جو ذوات قدسیہ انبیاء مرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کا خاصہ ہونے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کی شان اقدس کے مناسب نہیں ہے۔

(۳) خاصۃ اللہ کے کچھ مظاہر کے عکوس و جھلکیوں پر ان حضرات کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اطلاع ہے جو بعد عطاء اللہ انفعال کے درجہ میں مطلق علم الغیب العطائی الحقیقی اوالاضافی، المحدود، المتناہی، ما علیہ الدلیل کہلانے کے ساتھ خاصۃ الانبیاء والمرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کہلاتا ہے، مفسرین کرام کی مذکورہ عبارات ان تینوں مفہومات پر واضح دلالت کر رہی ہیں۔

مفسرین کرام کی نگاہ بصیرت کو آفرین کہ اس مختصر عبارت میں خاصۃ اللہ اور خاصۃ الرسول کو جدا جدا ظاہر کرنے کے ساتھ خاصۃ الرسول کے حصول کا جو ذریعہ ہے اسے بھی واضح کر دیا کہ اللہ کی عطاء کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ جو قرآن شریف کے اندازِ بیان کے مطابق اطلاع اللہ، اظہار اللہ، وحی اللہ، ارائۃ اللہ جیسی تعبیرات میں بیان ہو رہے ہیں۔ جن کی بالترتیب مثالیں مندرجہ ذیل آیات کریمہ میں موجود ہیں ؛

"وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِىْ مِنْ رُّسُلِهٖ مَنْ يَّشَآءُ" (سورۃ آل عمران' آیت نمبر ۱۷۹)

marfat.com

"عَالِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلَى غَيْبِهِ أَحَدًا ﴿٢٦﴾ إِلَّا مَنِ ارْتَضَى مِنْ رَسُولٍ فَإِنَّهُ يَسْلُكُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ رَصَدًا ﴿٢٧﴾ لِيَعْلَمَ أَنْ قَدْ أَبْلَغُوا رِسَالَاتِ رَبِّهِمْ وَأَحَاطَ بِمَا لَدَيْهِمْ وَأَحْصَى كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا"

(سورۃ الجن' آیت نمبر 26'27,28)

"تِلْكَ مِنْ أَنْبَاءِ الْغَيْبِ نُوحِيهَا إِلَيْكَ" (سورۃ ہود' آیت نمبر 49)

"وَكَذَلِكَ نُرِي إِبْرَاهِيمَ مَلَكُوتَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ"

(سورۃ الانعام' آیت نمبر ۷۵)

ان حقائق کی موجودگی میں مفسرین کرام کی مذکورہ عبارات کو مشکوک قرار دینا ہرگز قرین انصاف نہیں ہے کیونکہ ان عبارات میں کوئی لفظ ایسا نہیں ہے جو خاصۃ اللہ کو انبیاء و مرسلین کو منتقل کرنے یا خاصۃ اللہ میں ان کے شریک ہونے پر دلالت کرتا ہو۔ بلکہ مذکورہ اشتباہ صفت اللہ کا کسی کو منتقل و عطاء ہونے اور صفت اللہ پر مطلع ہونے کے مابین فرق کو نہ سمجھنے پر مبنی ہے جو بناء الغلط علی الغلط کے سوا اور کچھ نہیں ہے کیونکہ صفت اللہ کا کسی کو عطیہ ہونا اور منتقل ہونا ناممکن ومحال ہے جبکہ منجانب اللہ اس پر مطلع کیا جانا ممکن ہے مفسرین کرام نے اسی امکانی صورت کو ذکر کیا ہے، یہی منطوق القرآن اور جملہ اہل اسلام کا مشترکہ عقیدہ ہے۔

## علم غیب کے حوالہ سے انصاف کا تقاضا:۔

یہ ہے کہ اس لفظ کے دو مفہوم ہیں ایک لغوی اور دوسرا شرعی ۔لغوی مفہوم سے مراد

marfat.com

اس کا مفہوم اضافی ہے جس کے مطابق علم کا مفہوم جاننا ہے اور غیب کا مفہوم بداہت عقل و حواس سے ماوراء چیز کے ہیں لغت کی کتابوں میں بالعموم اور بعض تفسیروں میں بھی اس کا اظہار کیا گیا ہے۔

اس کے شرعی مفہوم سے مراد مفہوم لقبی ہے جس کے مطابق علم غیب کے لفظ میں مضاف و مضاف الیہ سے قطع نظر اس مجموعی لفظ کو عرف شرع میں ان چیزوں کے علم کیلئے مختص کیا گیا ہے جو اللہ تعالیٰ کی خصوصی عطاء کے بغیر کسی اور کو قطعاً حاصل نہیں ہو سکتا۔ چاہے ملک مقرب و نبی مرسل ہی کیوں نہ ہو یعنی نہ کبھی کسی قوت حاسہ کے ذریعہ حاصل کیا جا سکتا ہے نہ قوت فکری کے ذریعہ سے، نہ زمین کے کسی حصہ میں نہ آسمانوں کے کسی گوشہ میں، نہ کسی قسم کی فراست و قیافہ کی راہ سے اس تک رسائی ممکن ہے، نہ کسی تجربہ و حدس کی سبیل سے، نہ خواب، نہ تعبیر خواب، نہ نجوم کے حساب سے، نہ طبع شناسی، نہ ریاضت و چلہ کشی یا کسی بھی سبب سے الغرض جب تک اللہ تعالیٰ نہ بتائے اس وقت تک انسانوں کیلئے ممکنہ ذرائع علم کی کسی بھی راہ سے اس کا حصول ممکن نہیں ہے عام اس سے کہ اس کا تعلق امور تشریعیہ کے رموز و اسرار کے ساتھ ہو یا امور تکونیہ کے فلسفہ کے ساتھ یا ان دونوں سے بھی ماوراء محض شؤن الٰہیہ کے مخفی خزائن کے ساتھ۔

علم غیب کے ان دونوں مفہوموں کی ایسی مثال ہے جیسے اُصول فقہ کے لغوی اور عرفی مفہوم کہ لغت کی زبان میں اس کا مفہوم اضافی معتبر ہوتا ہے یعنی اُصول جمع اصل کی ہے اور اصل بمعنی ماتبنیٰ علیہ غیرہ ہے۔ فقہ بمعنی دانستن ہے جبکہ شریعت کے عرف میں اُصول فقہ کے مجموعہ لفظ کو مختص کیا گیا ہے۔ اس خاص فن کیلئے جس میں ان چیزوں سے

marfat.com

بحث کی جاتی ہے جن کو سمجھنے سے فقہی احکام کو ان کی تفصیلی دلائل کے ساتھ سمجھنا ممکن ہوتا ہے یعنی ''ھُوَ الْعِلْمُ بِالْمَسَائِلِ الَّتِیْ بِھَا یَتَوَصَّلُ اِلٰی مَعْرِفَۃِ الْاَحْکَامِ الشَّرْعِیَّۃِ عَنْ اَدِلَّتِھَا التَّفْصِیْلِیَّۃِ'' یہی حال علم فقہ، علم کلام اور علم تفسیر جیسے ان تمام اسماء الفنون کا ہے جن کو کسی خاص مناسبت کی بناء پر ان کے لغوی مفہومات سے منقول کر کے خاص فن کی اصطلاح میں مخصوص مفہوم کیلئے وضع کیا گیا ہے، چنانچہ لفظ صلوٰۃ، زکوٰۃ، صیام وحج وغیرہ جیسے تمام منقولات شرعیہ کا یہی حال ہے کہ کبھی لغت کی زبان میں استعمال ہو کر اس کے احکام کے حامل ہوتے ہیں اور کبھی شریعت کی زبان میں استعمال ہو کر اس کے احکام کے حامل ہوتے ہیں۔

علم غیب کا لفظ بھی دوسرے منقولات سے مختلف نہیں کہ اس کا استعمال قرآن و سنت میں ہوا ہے یا سلف صالحین کے مختلف طبقہائے معرفت کی زبان میں بہرحال استعمال اس کا جہاں پر بھی ہوا ہے یا ہوتا رہے گا وہیں پر یا لغوی مفہوم میں ہوگا یا شرعی مفہوم میں قرآن شریف میں ان کی بالترتیب مثالیں مندرجہ ذیل ہیں؛

''وَعَلَّمَکَ مَا لَمْ تَکُنْ تَعْلَمُ وَکَانَ فَضْلُ اللّٰہِ عَلَیْکَ عَظِیْماً''

(سورۃ النساء آیت نمبر ۱۱۳)

اہل علم جانتے ہیں کہ اس آیت کریمہ میں ''مَا لَمْ تَکُنْ تَعْلَمُ'' کا مصداق ''مَا لَا یُدْرَکُ بِالْحَوَاسِ وَلَا بِبَدَاھَتِ الْعَقْلِ '' کے سوا اور کیا ہو سکتا ہے جو علم غیب کا لغوی مفہوم ہے جس کو ''عِلْمُ مَا غَابَ عَنِ الْحَوَاسِ وَبَدَاھَتِ الْعَقْلِ'' بھی کہا جا سکتا ہے۔

marfat.com

"عَالِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلَىٰ غَيْبِهِ أَحَدًا ﴿٢٦﴾ إِلَّا مَنِ ارْتَضَىٰ مِن رَّسُولٍ فَإِنَّهُ يَسْلُكُ مِن بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ رَصَدًا ﴿٢٧﴾ لِّيَعْلَمَ أَن قَدْ أَبْلَغُوا رِسَالَاتِ رَبِّهِمْ وَأَحَاطَ بِمَا لَدَيْهِمْ وَأَحْصَىٰ كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا"

(سورۃ الجن، آیت نمبر 26'27,28)

کون سا اہل علم ہوسکتا ہے جو اس آیت کریمہ کے مطابق مقام مدح میں اللہ تعالیٰ کی مراد اس عالم الغیب سے شرعی مفہوم کے سوا کچھ اور کہہ سکے یا علم غیب کے لغوی مفہوم کی طرف اس کا ذہن جاسکے۔ یہی حال حدیث کے حوالہ سے بھی ہے کہ جہاں جہاں ذوات قدسیہ انبیاء و مرسلین اور ان کے متبعین کیلئے علم غیب کا ثبوت آیا ہے وہ علم غیب کے لغوی مفہوم پر محمول ہیں اور جہاں پر غیر اللہ سے علم غیب کی نفی مذکور ہوئی ہے وہیں پر علم غیب کے منقول شرعی والا مفہوم معتبر ہے۔ سلف صالحین کے طبقہ مفسرین سے لیکر طبقہ محدثین تک اور طبقہ فقہاء سے لیکر طبقہ عرفاء تک، جس نے بھی اس حوالہ سے کوئی کلام کیا ہے ان سب کا یہی حال ہے کہ جس نے غیر اللہ کیلئے ثابت کیا ہے اس کے لغوی مفہوم کو پیش نظر رکھ کر ایسا کیا ہے اور جنہوں نے اسے ممنوع و ناجائز ہونے کا قول کیا ہے ان کے پیش نظر اس کے شرعی مفہوم کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔

☆☆☆☆☆☆

marfat.com

# بعض عظماء اسلام کے کلام کا محمل

یہاں سے حافظ ابن تیمیہ اور امام المتکلمین فخر الدین الرازی جیسے جن عظماء اسلام نے کاہن، ساحر، منجم اور جنات جیسی خلائق کی طرف علم غیب منسوب کرنے کے جواز کا جو قول کیا ہے اس کا محمل بھی واضح ہوگیا کہ اس سے ان کی مراد علم غیب کا لغوی مفہوم ہے شرعی نہیں۔ نیز واضح ہوگیا کہ جن حضرات نے حواس اور بداہت عقل سے ماوراء چیزوں کے قوت مفکرہ کے ذریعہ حاصل ہونے والے علوم کو علوم غیبیہ میں شمار کیا ہے ان کی مراد بھی علم غیب کے لغوی مفہوم کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ نیز واضح ہوا کہ جن حضرات نے علم غیب کو مذکورہ تقسیمات میں منقسم کر کے حقیقی، اضافی اور ما علیہ الدلیل وما لیس علیہ الدلیل کی تفصیلات بتائی ہیں۔

انہوں نے بھی اس کے صرف لغوی مفہوم کو پیش نظر رکھ کر ایسا کیا ہے ورنہ اہل علم جانتے ہیں کہ اس کے شرعی مفہوم میں ان تقسیمات کی گنجائش ہوسکتی ہے نہ اس تفصیل کی۔ یہ بھی واضح ہوگیا کہ سلف صالحین کے کلام میں اس حوالہ سے جو اضطراب وتطویل پائی جاتی ہے کہ ایک طرف قرآن وسنت کے واضح نصوص میں علم غیب کو اللہ تعالیٰ کی صفت خاصہ قرار دینے کے احکام کو دیکھتے ہیں، اس عقیدہ کا ضروریات دین کے قبیلہ سے ہونے کو پیش نظر رکھتے ہیں جبکہ دوسری طرف دنیا کے معروضی حالات کو نجومیوں، کاہنوں، اور خوابوں کی سچی

marfat.com

تعبیر بتانے والوں جیسے متضاد واقعات کے تناظر میں دیکھتے ہیں تو قلبی اضطراب اور لسانی و قلمی تطویل میں پڑنا ان کی مجبوری بن جاتا ہے یہ جو کچھ ہوا ہے، ہو رہا ہے یا آئندہ بھی ہوتا رہے گا اس کے اصل منشاء علم غیب کے لغوی مفہوم کو پیش نظر رکھنے کے سوا اور کچھ نہیں ہے کیونکہ اس کے شرعی مفہوم کو ملحوظ خاطر رکھنے اور مراد الٰہی یا اللہ تعالیٰ کی صفت خاصہ سمجھنے کی صورت میں نہ کسی کاہن کے واقعات سے کوئی تردد پیدا ہوسکتا ہے نہ نجومی کے اندازہ تخمین کا واقعہ کے مطابق ہونے سے نہ کسی شیطان کی ابلیسی حرکت موجب تردد ہوسکتی ہے نہ جنات کی چالاکی و عیاری۔

لہٰذا حضرت امام فخر الدین رازی اور حافظ ابن تیمیہ جیسے عظماء اسلام کے محولہ ماضیہ کلام میں جو بے اعتدالیاں مذکور ہوئی ہیں یا بلا طائل جو تطویلات دیکھنے کو ملتی ہیں۔ یہ سب کچھ ان حضرات کی نگاہ میں علم غیب کے صرف لغوی مفہوم ملحوظ خاطر ہونے کی بناء پر ہے۔ جس کو ہم انصاف نہیں کہہ سکتے ہیں، قرآن و سنت کے شایان شان توجیہ قرار نہیں دے سکتے ہیں اور علم غیب کا اللہ تعالیٰ کی صفت خاصہ ہونے سے متعلقہ اسلامی عقیدہ جو ضرورت دینی کے قبیلہ سے ہے اس کے مطابق نہیں سمجھتے ہیں۔

## ﴿علم غیب کو اس کے لغوی مفہوم میں منحصر سمجھنے کے مفاسد﴾

علم غیب کو اس کے لغوی مفہوم میں منحصر سمجھنے سے لازم آنے والے مفاسد و بے اعتدالیاں اس حد تک محدود نہیں ہیں کہ اس بناء پر نجومیوں، کاہنوں اور جنات کی طرف علم غیب منسوب کر کے انہیں بھی غیب دان کہنا لازم آتا ہے جو کسی بھی صورت جائز نہیں ہے۔

marfat.com

جیسے امام فخر الدین الرازی اور حافظ ابن تیمیہ کی محولہ ماضیہ عبارات سے معلوم ہو رہا ہے بلکہ اس کے مفاسد کا دائرہ اس سے زیادہ وسیع ہے۔ حفظ الایمان کی وہ خطرناک اور رسوائے زمانہ عبارت بھی اسی کا نتیجہ ہے جس نے برصغیر پاک و ہند کے حنفی المذہب کہلانے والوں کو باہم مشت وگریبان کیا ہوا ہے، جس کو دیوبندی و بریلوی کے نام سے مشہور ہونے والے فرقوں کو جنم دینے میں بڑا دخل ہے۔ جس کو التزام کفر کی فہرست میں نمایاں کئے بغیر کسی حقیقی مفتی سے نہیں رہا جاتا۔ اس کے علاوہ کتب تفاسیر و فتاویٰ میں مخلوق کی طرف علم غیب منسوب کرنیکے حوالہ سے جو موجب تشویش و متضاد آراء، اقوال و تاویلات پائی جاتی ہیں اس کی بنیاد بھی علم غیب کو اس کے لغوی مفہوم پر محمول سمجھنے کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ مثال کے طور پر فقہاء کرام کے ایک فریق کا اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کو گواہ کر کے عقد نکاح کرنے والے کو ملتزم کفر قرار دینا اور اس کے مقابلہ میں دوسرے فریق کا اس پر رد کر کے بعض واقعات کا رسول اللہ ﷺ کو علم غیب ہونے کے جواز کا قول کرنا۔ جیسے رسائل ابن عابدین، جلد ۲، صفحہ ۳۱۱ میں ہے۔

اسی طرح بعض مفسرین کرام کا حواس اور بداہت عقل سے ماوراء مجہولات کو اللہ کی دی ہوئی قوت مفکرہ کے ذریعہ حاصل کرنے کے بعد ان پر علم غیب کے اطلاق کو درست قرار دینا اور بعض کا اسے نادرست کہنا اسی بنیاد پر ہے ورنہ علم غیب کے لفظ کو اس کے شرعی مفہوم پر محمول کرنے کی صورت میں اس قسم اختلاف آراء کے پیدا ہونے کا تصور ہی نہیں ہو سکتا۔ لغوی مفہوم کے اعتبار سے علم غیب کو اللہ تعالیٰ کی صفت خاصہ قرار دینے کا سب سے بڑا نقصان یہ ہے کہ یہ کئی وجوہ سے موہم شرک ہے۔ مثال کے طور پر جنات کچھ ایسی باتوں

marfat.com

کو بالیقین جانتے ہیں جو انسانوں کے حواس اور ان کی بداہت عقل سے ماوراء ہونے کی بناء پر وہ انہیں نہیں جانتے ہیں۔ اس صورت حال سے ناواقف ضعیف العقیدہ لوگوں کو یہ کہنے کا موقع مل سکتا ہے کہ جنات علم غیب جانتے ہیں۔ جب علم غیب کا یہ مفہوم یعنی ماوراء العقل والحواس چیزوں کو جاننا جنات کو حاصل ہوا تو پھر اللہ تعالیٰ کی صفت خاصہ کہاں رہا۔ شرک بھی اس کے سوا کسی اور چیز کا نام نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ کی کسی صفت خاصہ میں کسی اور کو حصہ دار سمجھا جائے، غیر اللہ کو اس کے ساتھ متصف اور اس منصب کا منصب دار کہا جائے۔ اللہ تعالیٰ کے علاوہ من پسند چیزوں کو مستحق عبادت سمجھنے والے مشرکوں کا جرم بھی اس کے سوا اور کچھ نہیں ہے کہ وہ استحقاق عبادت والی صفت جو صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ ہے کو اصنام و انداد کیلئے ثابت سمجھ کر اس انفرادی منصب میں اللہ تعالیٰ کیساتھ حصہ دار قرار دینے کے جرم میں مبتلا ہیں۔ واضح رہے کہ یہاں پر لزوم شرک یا التزام شرک کے اس "مَانِعَةُ الْخُلُوْ" کی دلدل سے نکلنے کیلئے علم غیب ذاتی و عطائی کا سہارا لینا کام نہیں آئے گا کیونکہ جب علم غیب کے لغوی مفہوم کو اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ قرار دیا گیا تو تسلیم کیا گیا ہے کہ وہ کسی اور کو عطا ہونے، ہبہ ہونے اور منتقل ہونے کی چیز ہی نہیں ہے ورنہ صفت مختصہ کہلانے کا کوئی مطلب ہی نہیں رہتا۔ جبکہ اللہ تعالیٰ کی ہر صفت مختصہ استحقاق عبادت، خالقیت اور الوہیت کیطرح ممتنع الانتقال والعطاء ہے ورنہ جنات کو غیب دان جاننے والے ضعیف العقیدہ مسلمانوں میں اور "ءَ اٰلِهَتُنَا خَيْرٌ اَمْ هُوَ" (سورۃ الزخرف' آیت نمبر ۵۷) کہنے والے صریح مشرکوں کے عقیدہ میں کیا فرق ہوگا جو اللہ تعالیٰ کی الوہیت جیسی صفات مختصہ کو معبودان باطلہ کیلئے ممکن الانتقال والعطاء تصور کیا کرتے تھے۔

marfat.com

ثانیاً:۔اس لئے کہ جنات کوغیب دان جاننے کی ضعیف الاعتقادی پر قرآن وسنت نے شدو مد کے ساتھ رد کر کے ان کی طرف علم غیب منسوب کرنے سے، انہیں غیب دان جاننے سے منع کرنے کے ساتھ انہیں غیب جاننے کے منصب پر فائز سمجھنے کو بداعتقادی قرار دیا ہے۔ جیسے سورۃ الجن، آیت نمبر ۲۷ سے ظاہر ہورہا ہے اگر ان کو علم غیب عطاء ہونے کی ذرہ برابر گنجائش ہوتی تو ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کو جملہ خلائق سے مستثنیٰ کر کے ''اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ فَاِنَّهٗ يَسْلُكُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ رَصَدًا'' جیسی کسی استثنائی صورت کا اتا پتا ضرور بتایا گیا ہوتا۔جبکہ اس کے برعکس قرآن وسنت میں جنات وکاہن جیسی خلائق کوغیب دان جاننے کو اسلام کے ساتھ متصادم قرار دیا گیا ہے۔ جیسے آیت کریمہ؛

''لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ الْغَيْبَ مَا لَبِثُوْا فِى الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ

(سورۃ سباء، آیت نمبر ۱۴)

اور'' مَنْ اَتٰى عَرَّافًا اَوْ كَاهِنًا فَصَدَّقَهٗ بِمَا يَقُوْلُ فَقَدْ بَرِئَ مِمَّا اُنْزِلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ'' (الحدیث)۔جیسے نصوص سے ظاہر ہورہا ہے۔

ثالثاً:۔اس لئے کہ علم غیب عطائی کا مطلب اس کے سوا اور کچھ نہیں ہے کہ علم غیب کا جو شرعی مفہوم ہے یعنی ''جملہ خلائق کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقررہ ذرائع علم کی رسائی سے ماوراء جو معلومات اللہ علی الاطلاق ہیں انہیں ازخود جاننا جو بدیہی ونظری سے ماوراء ہے، جو مشاہداتی وحضوری ہونے کے ساتھ ماضی ومضارع، حال واستقبال کے قیودات سے مطلق ومعریٰ ہے، جو مقتضاء ذات ہونے کی بناء پر واجب وقدیم' ازلی وابدی ہوتے ہوئے غیر

marfat.com

متناہی علی الاطلاق ہے اور اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ ہے جس میں کسی بھی غیر اللہ کی شرکت ناممکن ومحال ہے۔ چاہے ملک مقرب ونبی مرسل ہی کیوں نہ ہو"۔ اس کے غیر متناہی متعلقات میں سے کچھ چیزوں پر اللہ تعالیٰ اپنے ایسے بندوں کو مطلع کرے جو اس کی اہلیت رکھتے ہیں، ماضی مضارع، حال واستقبال کے قیودات میں مقید یہ بندے اللہ کی اس صفت خاصہ کے مظاہر وعکس ہوتے ہیں اور خزائن اللہ کے اس وصف خاص پر خصوصی حکمت کے مطابق مطلع کئے جانے کے بعد ایسے امین ہوتے ہیں کہ ماضی ومستقبل کے کسی بھی حصہ میں حسب اطلاع ان کی بتائی ہوئی خبر میں خلاف حقیقت ہونے کا امکان نہیں ہوتا اور ظاہر ہے کہ علم غیب عطائی کا یہ مفہوم قرآن شریف کی واضح آیات کے مطابق ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کا ہی خاصہ ہے۔ جس پر سورۃ جن کی آیات 26'27 اور سورۃ آل عمران کی آیت 179 جیسے نصوص شاہد عدل ہیں۔ اِن آیات کریمہ کی تفسیر کرتے ہوئے کل مکاتب فکر اہل اسلام کے مفسرین کرام نے جن باتوں پر اتفاق ظاہر کیا ہے۔ ان میں نہ کبھی دورائے پائی گئی ہیں نہ آئندہ پائے جانے کی گنجائش ہے۔ وہ مندرجہ ذیل ہیں؛

(۱) یہ کہ علم غیب کے حوالہ سے اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ پر مطلع ومظہر کئے جانے کی توفیق وعطیہ کی اہلیت صرف ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کے ساتھ خاص ہے۔

(۲) یہ کہ مردۃ الجن، ساحر وکاہن ومنجم جیسے مدعیان باطلہ کا اس منصب کے ساتھ دور کا بھی واسطہ نہیں ہے۔

## وضاحتی حاشیہ

یہاں پر امام فخر الدین رازی اور حافظ ابن تیمیہ کی مذکورہ عبارات پر نظر رکھنے

marfat.com

والے حضرات یہ نہ سوچیں کہ ان حضرات نے منجم وکاہن کیلئے منجانب اللہ مطلع علی الغیب ہونے کی اہلیت تسلیم کی ہیں۔ یہ سوچ اس لئے غلط ہے کہ ان حضرات نے کاہن ومنجم جیسی خلائق کیلئے منجانب اللہ مطلع علی الغیب کئے جانے کی اہلیت نہ کبھی تسلیم کی ہیں اور نہ ہی ان کا مذکورہ کلام اس پر دلالت کرر ہا ہے کیونکہ منجانب اللہ غیب پر مطلع کئے جانے کی اہلیت کا ہونا اور اس سے قطع نظر محض لغوی مفہوم کے اعتبار سے کسی کا غیب پر مطلع ہونا دو الگ چیزیں ہیں۔ ان حضرات کے مذکورہ کلام سے اول نہیں بلکہ دوسرا مفہوم ہو رہا ہے جو بجائے خود غلط ہونے کے ساتھ غیب کو اس کے لغوی مفہوم پر محمول سمجھنے کے مفاسد میں سے ایک مفسدہ ہے جس کو سوٗ تعبیر کے سوا اور کچھ نہیں کہا جا سکتا ورنہ ان عظماء اسلام کو نصوص قطعیہ کے برخلاف عقیدہ کا مرتکب قرار دینا لازم آئے گا کہ نجومی وکاہن جیسے بعید عن الحق خلائق کو منجانب اللہ مطلع علی الغیب کئے جانے کا اہل قرار دے رہے ہیں یا ان گمراہوں کو ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کے ساتھ ان کی مخصوص صفت میں شریک قرار دے رہے ہیں۔ (العیاذ باللہ)

جبکہ خصوصیت پیغمبری کو جو ضروریات دینیہ کے قبیلہ سے ہو کسی غیر کے لئے صراحتاً ثابت کرنیوالا ایسا ہی ملتزم کفر قرار پاتا ہے جیسے ضرورت دینی والی خصوصیت الٰہی کو غیر اللہ کیلئے صراحتاً ثابت کرنے والا اور اہل علم سے مخفی نہیں ہے کہ علم غیب کے شرعی مفہوم کا صفت مختصہ باری تعالیٰ ہونے کا اسلامی عقیدہ ضرورت دینی ہونے کی طرح منجانب اللہ مطلع علی الغیب کئے جانے کی اہلیت کا ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کی صفت خاصہ ہونے کا اسلامی عقیدہ بھی ضروریات دینیہ کے قبیلہ سے ہے۔ الغرض علم غیب کا اللہ

marfat.com

تعالیٰ کی صفت خاصہ ہونے اور ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کا منجانب اللہ مطلع علی الغیب ہونے سے متعلقہ آیات کریمہ کی تفسیر میں کل مکاتب فکر اہل اسلام کے مفسرین کرام کا ان دو باتوں پر اتفاق ہونے کے ساتھ اس بات میں اختلاف بھی مذکور ہے کہ آیا انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کے کامل متبعین پر شرعی مفہوم کے مطابق علم غیب کا کچھ انکشاف ہوسکتا ہے یا نہیں۔ اختلاف کے اس دوراہے میں اہل سنت نے اثبات کی راہ اختیار کی ہے جبکہ اہل اعتزال نفی کی راہ پر چلے ہیں۔

خلاصہ کلام یہ کہ جنات کا انسانوں کی بداہت عقل وحواس سے ماوراء کچھ چیزوں کو جاننا بجائے خود نا قابل انکار حقیقت ہونے کے باوجود اہل اسلام کے کسی بھی مکتبہ فکر نے ان کی طرف علم غیب منسوب کرنے کو اور انہیں غیب دان کہنے کو جائز نہیں سمجھا ہے اس کے باوجود جن ضعیف العقیدہ مسلمانوں کو اس حقیقت کا علم نہیں ہے کہ جنات کو غیب دان جاننا اسلامی عقیدہ کے خلاف ہے، نصوص قطعیہ سے متصادم ہے اور کل مکاتب فکر اہل اسلام کے اجماعی عقیدہ سے انحراف ہے تو وہ کچھ ماوراء العقل والحواس چیزوں سے متعلق ان کے علم کو دیکھ کر انہیں غیب دان جانتے ہیں جو ان کی ذہنی مجبوری ہے، عطاء الٰہی کے محل ومصرف کو نہ جاننے کا نتیجہ ہے۔ مسلم معاشرہ میں اس قسم ضعیف العقیدہ افراد کی کوئی کمی نہیں ہے۔ جنات کی طرف علم غیب منسوب کر کے انہیں غیب دان کہنے سے بڑھ کر ہم نے اس حد تک ضعف اعتقاد میں مبتلا حضرات بھی دیکھے ہیں جو انہیں عالم الغیب بھی کہہ دیتے ہیں۔ جبکہ عالم الغیب کا لفظ اللہ تعالیٰ کی ایسی صفت خاصہ ہے، جیسے رحمت للعالمین کا اطلاق رسول اللہ ﷺ کے سوا کسی اور کے لئے نا جائز ہے یہ تمام تر مفاسد صرف اس وجہ سے لازم آرہے ہیں کہ علم

marfat.com

غیب کے صرف لغوی مفہوم کو پیش نظر رکھا جارہا ہے اور اسی کو اللہ تعالیٰ کی صفت خاصہ مشہور کیا جارہا ہے جس کا حقیقت کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔

گویا علم غیب کے لغوی مفہوم کو اللہ تعالیٰ کی صفت خاصہ سمجھنے کے بعد اس کمال کو جنات جیسی دوسری خلائق میں موجود پا کر خود بھی تردد کا شکار ہونا اور دوسروں کیلئے بھی عدم اطمینان کے اسباب پیدا کرنا اور اللہ تعالیٰ کی صفت خاصہ ہونے کے اسلامی عقیدہ کو بچاتے ہوئے جنات جیسی خلائق کو بھی علم غیب کی صفت سے متصف ہونے کو معقول بنانے کیلئے نا گفتہ بہ تاویلات کا سہارا لینا بناء الغلط علی الغلط کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ ایسے ہی مفاسد ساحر، کاہن اور منجم کے حوالہ سے بھی لازم آتے ہیں کیونکہ کائنات کے حالات ماضیہ و مستقبلہ کی بابت ان کی بتائی ہوئی ہر بات خلاف حقیقت نہیں ہوتی۔ حدیث شریف کے مطابق ایک فی صد تو درست ہوتی ہی ہے جبکہ فی لاکھ ایک درست ہونے پر بھی شرک ثابت ہو جاتا ہے یا صفت خاصہ اپنی حقیقت پر محمول نہیں رہتی۔ علم غیب کے لغوی مفہوم کو ہر جگہ پیش نظر رکھنے اور اسی کو اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ قرار دینے کے مفاسد اس حد تک محدود نہیں ہیں بلکہ صاحب حدس اور صاحب فراست و نور بصیرت اور خوابوں کے تعبیر شناس حضرات کے حوالہ سے جنم پانے والے شکوک و شبہات کا دائرہ اس سے بھی زیادہ وسیع ہے جبکہ علم غیب کا اللہ وحدہ لاشریک کے لئے صفت خاصہ ہونے کا عقیدہ ضروریات دین کے قبیلہ سے ہے جس میں شک کرنے والا بھی ملتزم کفر قرار پاتا ہے چہ جائیکہ کہ کسی اور کو اس میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک سمجھنے والے کے مسلمان رہنے کی گنجائش ہو سکے یہ وہ حقائق ہیں جن پر مذہبی فرقہ بندی سے پاک اور کھلے ذہن سے نظر رکھنے والا ہر سنجیدہ انسان یقین کئے بغیر

marfat.com

نہیں رہ سکتا کہ علم غیب کی جو حقیقت اللہ تعالیٰ کی صفت خاصہ ہے وہ یہ ہرگز نہیں ہے جس کا غیر اللہ کے ان انواع واصناف کیلئے ثبوت امر یقینی ہے، نا قابل انکار حقیقت ہے اوران کے مقتضائے فطرت ہے۔ایسے میں علم غیب کا مفہوم اللہ تعالیٰ کے لئے صفت مختصہ ہونے کا جو اسلامی عقیدہ ضروریات دین کے قبیلہ سے ہے جب تک اس کو مشخص ومتعین نہیں کیا جاتا تب تک حقیقت تک رسائی ممکن نہیں ہوسکتی۔

## علم غیب لغت ومحاورہ میں

انصاف کی نظر سے قرآن وسنت، لغت اور سلف صالحین کی تعلیمات پر غور کرنے سے جو کچھ معلوم ہورہا ہے وہ کچھ اس طرح ہے کہ علم غیب کے دو مفہوم ہیں۔اول لغت کے استعمال ومحاورہ میں جس کے مطابق علم غیب، علم شہادت کے مقابلہ میں سمجھا جاتا ہے۔جیسے علم شہادت ''مَا يُدْرَكُ بَبَدَاهَتِ الْعَقْلِ وَالْحَوَاسِ'' سے عبارت ہے اسی طرح علم غیب ''مَالَا يُدْرَكُ بِبَدَاهَتِ الْعَقْلِ وَالْحَوَاسِ'' کے سوااور کچھ نہیں ہے۔جیسے شہادت وغیب کے مابین تقابل تضاد ہے ویسے ہی علم الشہادت وعلم الغیب کے مابین بھی تقابل تضاد ہے۔علم کی ان دو متضاد قسموں کے مقابلہ میں تیسری قسم کا وجود بھی نا قابل انکار حقیقت ہے جس کو علم استدلالی کہا جاتا ہے۔لغت ومحاورہ کے علاوہ بھی فلسفہ کے حصہ منطق میں اسی کو علم نظری کہا جاتا ہے۔ جو علم بدیہی کے مقابلہ میں استعمال ہوتا ہے۔جیسے انسانوں کے محاورہ واستعمال میں علم شہادت کے اندر حواس خمسہ کے تمام مدرکات سمیت بداہت عقل کے جملہ مدرکات یعنی جمع بین الضدین سے لیکر اجتماع یا ارتفاع النقیضین کے محال

marfat.com

ہونے کے علم تک سب شامل ہیں۔اسی طرح علم استدلالی کے اندروہ تمام علوم شامل ہیں جو ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کے ساتھ مختص اسباب علم یعنی اطلاع واظہار جیسے خصوصی اسباب کے ماسوانیز حواس خمسہ اور بداہت عقل کے ماسواکسی بھی سبب سے حاصل ہوسکتے ہوں، عام اس سے کہ سبب ومسبب کے اس ارتباط کی حقیقت کا انسانوں کو علم ہویا نہ ہو۔علم الارتباط حاصل ہونے کی مثال، جیسے خوابوں کے تعبیر شناس حضرات جو بتاتے ہیں وہ دیکھی ہوئی خواب کو بطور سبب تعبیر پر منطبق ہونے کے ارتباط کو سمجھ کر ہی بتاتے ہیں۔ مثال کے طور پر حضرت یوسف علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے سات خوار بقرات کا سات موٹی تازی گائیں کو کھانے اور سات خشک خوشوں کا سات سبز خوشوں کو کھانے پر مشتمل خواب کی جوواقعی تعبیر بتائی تھی وہ سات لاغر گائے اور سات خشک خوشوں کا متواتر سات سالوں تک خشک سالی کے ساتھ مربوط سبب ومسبب کے مابین لازمی ارتباط کو جاننے پر ہی مبنی تھا کہ خشک سالی کے یہ سات سال اپنے ان تمام تر لوازمات کے ساتھ "تَزْرَعُوْنَ سَبْعَ سِنِيْنَ دَاَبًا" یعنی اس کی آمد سے قبل سات سالوں تک پوری محنت وصلاحیتوں کو استعمال کر کے انسانوں سے لیکر جانوروں تک سب کی خوراک کا انتظام کرنے کا سبب ہے گویا سبب ومسبب اور علت ومعلول کے مابین اس ارتباطی علم کی بدولت خوابوں کی واقعی تعبیر بتانے والے پاکیزہ نفوس کی بتائی ہوئی تعبیر استدلالی علم کی خاص قسم کا نتیجہ ہے۔اگر ان حضرات کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقرر کردہ خودکار نظام قدرت کے اسباب ومسبب اور علت ومعلول کے ارتباط کا علم نہ ہوتو استدلال کس چیز سے کریں گے؟ اور تعبیر کا علم کہاں سے حاصل ہوگا؟ اسباب ومسبب اور علت ومعلول کے مابین واقعی ارتباط کو سمجھے بغیر

marfat.com

استدلالی علم حاصل ہونے کی مثال، جیسے جنات کا کسی چیز کو دیکھنے کے بعد جوان کے لئے ازقبیلہ علم شہادۃ ہے اپنے کسی ہم خیال انسان کو بتانے پر وہ آگے اپنے حلقہ اثر کے ضعیف العقیدہ لوگوں میں بطور علم غیب اس کا چرچا کرتا پھرتا ہے جبکہ حقیقت میں اس کیلئے یہ نہ علم غیب ہے نہ علم مشاہدہ بلکہ علم استدلالی کی خاص قسم ہے۔ جو اپنے مونس یا تابع و مسخر جنی کے بتانے پر اعتماد اور اسی سے استدلال کر کے دوسروں کو دھوکہ دے رہا ہے۔

اسی طرح جو ساحر و کاہن یا خصوصی عمل والے حضرات چاہے کردار کے جیسے بھی ہوں کسی خاص عمل کے ذریعہ کسی کے مافی الضمیر اور دل کی باتوں کو معلوم کر کے عام لوگوں کو جو حیرت میں ڈالتے ہیں وہ بھی درحقیقت علم استدلالی کی خاص قسم سے خالی نہیں ہے۔ ہم نے خود ایسے عاملوں سے پوچھ کر معلوم کیا ہے کہ یہ اپنے مخصوص عمل کی سَبَبِیَت سے استدلال کرنے کے سوا اور کچھ نہیں جانتے ہیں اور اس سبب کا حصول علم والے مسبب کے ساتھ مخصوص ارتباط کی حقیقت کو جاننے سے مکمل کورے ہوتے ہیں۔ استدلالی علم کے اس عموم میں حدس، فراست، نور بصیرت و حکمت، خواب، تعبیر خواب، طبائع شناسی، کہانت، قیافہ، نجوم شناسی اور قوت مفکرہ جیسے ذرائع علم و اسباب سے حاصل ہونے والے تمام اقسام علوم شامل ہیں۔ گویا عقل و نقل کی زبان میں اور لغت و محاورہ کے استعمال میں خلائق کے حوالہ سے مطلق علم بمنزلہ جنس ہے جس کے ماتحت علم غیب، علم شہادت اور علم استدلالی کے یہ تینوں متبائن انواع ہیں اور ہر نوع کے ماتحت مذکورہ اقسام اس کے مختلف اصناف ہیں اور ہر صنف کے ماتحت حقیقی جزئیات و افراد جو پائے جاتے ہیں وہ نا قابل انکار حقیقت ہونے کے ساتھ مختلف احکام کے بھی حامل ہیں۔ اس کے ساتھ یہ بھی ہے کہ ان سب کے نام و کام

marfat.com

ایک دوسرے سے مختلف ہونے کی طرح لغت ومحاورہ میں ان کے مواقع استعمال بھی مختلف ہیں۔مثال کے طور پر علم شہادت کی جگہ علم استدلال نہیں کہا جا سکتا، علم استدلالی کی جگہ علم غیب نہیں کہا جا سکتا اور علم حدسی کیلئے فراست کا لفظ استعمال کرنا خلاف لغت ومحاورہ ہے اور کہانت کے موقع پر قیافہ کہنا غلط ہے، ستارا شناسی کی جگہ تجربہ کا لفظ استعمال کرنا خلاف فصاحت اور تقاضائے لغت کے منافی ہے۔الغرض قدرت الٰہی کی طرف سے مختلف حقائق کے اظہار اور افہام وتفہیم کیلئے نظام تکوین کے مطابق جو طریقے مقرر ہیں ان ہی کے مطابق الفاظ کا استعمال کرنا لغت ومحاورہ کہلاتا ہے جو عین مقتضائے فطرت ہے۔

اہل علم جانتے ہیں کہ لغت ومحاورہ کے برخلاف الفاظ استعمال کر کے افہام وتفہیم میں خلل ڈالنے کی اجازت شریعت میں ہے نہ تقاضاء عقل میں جس وجہ سے علم شہادت کی جگہ علم استدلالی یا علم استدلالی کی جگہ علم شہادت یا ان دونوں میں سے کسی ایک کی جگہ علم غیب یا علم غیب کی جگہ ان دونوں میں سے کسی لفظ کو استعمال کرنا لغت ومحاورہ کے منافی ہونے کے ساتھ تقاضاء فطرت وعقل کے بھی خلاف ہے۔

☆☆☆☆☆☆

marfat.com

## علم غیب کا وہ مفہوم جو اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ ہے

انسانوں میں پائے جانیوالے علوم کے ان مفاہیم ثلاثہ یعنی علم غیب، علم شہادت اور علم استدلالی جو لغت ومحاورہ میں ایک دوسرے کے مقابلہ میں استعمال ہوتے ہیں۔ ان تینوں کے مقابلہ میں ایک اور علم بھی ہے جس کی حقیقت تک رسائی انسان کیلئے ممکن نہیں ہے، جس کے وجود وحقیقت پر اجمالی شعور ویقین مدار ایمان ہونے کے ساتھ اس کی کیفیت کا انسانی ادراک سے ماوراء ہونے کے ساتھ عقیدہ رکھنا بھی ایمان کے لئے ضروری ہے جو قطعی الثبوت والدلالت ہونے کے ساتھ منطوق فی القرآن بھی ہے وہ ہے علم غیب کا شرعی مفہوم جو اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ ہے، جس کے مطابق اس اجمالی علم وآگاہی کے سوا اور کچھ نہیں کہا جاسکتا کہ وہ لغت ومحاورہ کی مذکورہ تینوں قسموں سے جدا حقیقت ہے۔ جو انسانوں کیلئے حصول علم کے مذکورہ تمام ذرائع واسباب سے ماوراء ہے۔ جو عالم شہادت کے لامتناہی سربستہ رازوں پر مشتمل ہونے کے ساتھ عالَم غیب کو بھی محیط ہے۔ جس کی وسعت کا اسلامی تصور یہ ہے کہ لغت ومحاورہ میں استعمال ہونے والے علم کے مفاہیم ثلاثہ مذکورہ کے جملہ مصادیق ومظاہر اور جزئیات وافراد دنیائے انسانیت کے شروع سے لیکر اب تک مل کر بھی اس کے مقابلہ میں ہیچ ہیں، اپنی جگہ یہ وسیع تعداد "لَا يَعْلَمُهَا إِلَّا اللّٰهُ" کا مظہر ہونے کے باوجود اس کے ساتھ اتنی نسبت بھی نہیں رکھتی جتنی قطرہ کو سمندر کے ساتھ

marfat.com

ہوتی ہے کیونکہ قطرہ بھی متناہی ہے سمندر بھی اور متناہی کی نسبت دوسرے متناہی کے ساتھ متناہی والی ہوتی ہے جبکہ علم غیب کا یہ مفہوم اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ ہونے کی بناء پر لا متناہی ہے۔ جس کی نہ بدایت ہے نہ نہایت اور دنیائے انسانیت کی زبان میں لغت ومحاورہ کے مطابق استعمال ہونے والے جملہ علوم کے مفاہیم ثلاثہ مذکورہ کے جزئیات باوصف کثرت اور "لَا یَعْلَمُهَا اِلَّا اللّٰهُ" کے رتبہ وسعت پر فائز ہونے کے باوجود متناہی ہیں جبکہ متناہی کی غیر متناہی کے ساتھ کوئی نسبت ہی نہیں ہے۔ شریعت مقدسہ کی مخصوص زبان میں استعمال ہونے والے علم غیب کا یہ مفہوم اپنی ازلیت وابدیت اور قدم ووُجوب جیسی امتیازی صفات کی بناء پر اللہ تعالیٰ کی ذات وحدہ لاشریک کے سوا کسی اور کیلئے ممکن ہی نہیں ہے چاہے ملک مقرب یا نبی ومرسل ہی کیوں نہ ہو۔ جیسے اللہ تعالیٰ کی ذات وحدہ لاشریک کی پہچان کیلئے اس کے آثار اور صفت تکوین کے مظاہر وعجائبات قدرت سے استدلال کرنے کے سوا کوئی اور سبیل نہیں ہے۔ اسی طرح علم غیب کی اس صفت کمال کی پہچان کیلئے بھی انسان کے پاس صفت تکوین کے تقاضوں کے سوا کوئی اور ذریعہ نہیں ہے۔ جہاں تک اس کی حقیقت اور کیفیت تک انسان کی رسائی کا سوال ہے تو یہ نہ صرف ناممکن بلکہ ابعد الابعد عن الامکان ہے۔ انسان کو اپنی محدودیت کی بناء پر زیر مشاہدہ چیزوں کے پس منظر وپیش منظر کے حوالہ سے جو لا متناہی جہات وحیثیات لاحق ہیں ان پر بھی احاطہ ممکن نہیں ہے چہ جائیکہ کہ عالم غیب کے مندرجات از قبیلہ عالم ارواح، عالم اجسام، عالم برزخ، عالم مثال، عالم معنویات، عالم محسوسات، عالم ازل، عالم ابد، عالم تکوینیات وعالم تشریعیات جیسے بے شمار عوالم غیبیہ کے فلسفہ اور ہر ایک کے جزئیات میں موجود لا متناہی در لا متناہی جہات و

marfat.com

حیثیات پر احاطہ ممکن ہو سکے۔ جس کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا؛

''وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِنْ عِلْمِهِ إِلَّا بِمَا شَاءَ''

یعنی اس وحدہ لاشریک کی مشیت کے بغیر جملہ خلائق سماوی وارضی مل کر بھی اس کے کسی معلوم پر علمی احاطہ نہیں کر سکتے ہیں۔ (سورۃ البقرہ، آیت نمبر ۲۵۵)

کیونکہ اس کی مشیت یہی ہے کہ ماضی ومضارع اور حال واستقبال جیسی بے شمار قیودات کے حصار میں محصور ان خلائق کا علم بھی محصور ومتناہی ہو۔ تاکہ تقاضائے فطرت کی تکمیل ہوتی رہے۔

## ﴿ذات الٰہی کے ساتھ مختص علم غیب کو سمجھنے کے دو طریقے﴾

علم غیب کے اس شرعی مفہوم کے قابل فہم ہونے کے دو طریقے ہیں۔ ایک یہ کہ لغت میں ہی اس مفہوم کیلئے علم غیب کا لفظ وضع کیا گیا ہو۔ جس کے مطابق یہ لفظ مشترک لفظی کے قبیلہ سے ہوگا کیونکہ مشترک لفظی اس کے سوا اور کچھ نہیں ہے کہ ایک لفظ کو لغت میں ایک سے زیادہ معانی کے لئے الگ الگ اوضاع کے ساتھ وضع کیا گیا ہو یہاں پر بھی ایسا ہونا ممکن ہے کہ واضع لغت جل جلالہ نے اپنے امر تکوینی کے مطابق اس لفظ کو بطور وضع ان دونوں معنوں کیلئے استعمال کرنے کی توفیق جاری فرمائی ہو جس کے مطابق اہل لغت و محاورہ والے تاریخ کے ہر دور میں اسے پہلے مفہوم میں اور اہل شرع وادیان والے تاریخ کے ہر دور میں اسے دوسرے مفہوم میں استعمال کرتے آئے ہیں۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ علم غیب کا یہ لفظ منقول شرعی کے قبیلہ سے ہو یعنی اہل شرع وادیان نے اسے اس کے لغوی

marfat.com

مفہوم سے نقل کر کے اس کے شرعی مفہوم کے لئے وضع کیا ہو جس میں منقول عنہ اور منقول الیہ کے مابین مناسبت دونوں کا ماوراء العقل والحواس ہونا ہے۔ کیونکہ علم غیب کا لفظ اپنے شرعی مفہوم یعنی منقول الیہ کے اعتبار سے خاص مطلقاً ہے جبکہ لغوی مفہوم یعنی منقول عنہ کے اعتبار سے عام مطلقا ہے۔ الغرض علم غیب کا یہی شرعی مفہوم ان دو طریقوں میں سے چاہے جس انداز کا بھی ہو۔ بہر تقدیر ان تمام نصوص کا واحد مورد و مصداق ہے جن میں علم غیب کو اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ قرار دیکر غیر اللہ سے نفی کی گئی ہے اور یہی مفہوم اس اسلامی عقیدہ کی بھی بنیاد ہے جس میں علم غیب کا اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ ہونے پر تمام اہل اسلام کا ایسا اجماع ہے جو ضرورت دینی کی حد تک مشہور و معروف ہے جس کی تکذیب کرنے والا لزوم کفر یا التزام کفر کی بدانجامی سے محفوظ نہیں رہ سکتا۔

## ﴿ایک ممکنہ اشتباہ کا ازالہ﴾

ہماری اس تحقیق کے قارئین کو ممکن ہے کہ یہ اشتباہ لاحق ہو جائے کہ علم غیب کا جو شرعی مفہوم بتایا گیا ہے۔ پیش روانِ اسلام کے ذخیرہ دستاویزات میں اس کا کوئی ثبوت موجود نہیں ہے اور جس کا ماخذ سلف وصالحین میں نہ ہو وہ قابل قبول نہیں ہوتا۔

اس کا جواب یہ ہے کہ اولاً یہ تصور ہی غلط ہے کہ جس بات کا ثبوت اسلاف کے ذخیرہ کتب میں نہ ہو وہ قابل تسلیم نہیں ہوتی کیونکہ حق کی پہچان کے لئے یقینی معیار کتب اسلاف نہیں ہیں بلکہ اس کیلئے واقعی معیار قرآن وسنت ہیں۔ اسلاف کے ذخیرہ کتب سے استدلال محض اس وجہ سے درست ہے کہ وہ قرآن وسنت کے مطابق ہیں لیکن یہ ضروری

marfat.com

نہیں ہے کہ ان میں لکھی ہوئی ہر بات قرآن وسنت کے مطابق ہو اور حق بھی ہو انکی درست باتوں سے متعلق بھی اسلاف کرام نے کبھی یہ نہیں فرمایا کہ شریعت مقدسہ کیلئے حقیقی ماخذ کو چھوڑ کر ان کو معیار بناؤ۔ (حاشا وکلا)

ان پاکیزہ نفوس سے ایسا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا' ان بزرگوں کی تعلیم یہ ہے کہ حضرت امام ابوحنیفہ سے لے کر امام احمد بن حنبل تک سب نے بیک آواز یہی کہا ہے کہ: ''اِذَا وَجَدْتُمْ قَوْلِیْ خِلَافَ کِتَابِ اللّٰہِ فَاضْرِبُوْہُ بِالْجِدَارِ'' لہٰذا اسلاف کرام نے اگر کسی بات کی طرف توجہ نہ فرمائی ہو یا اسے واضح اور بدیہی تصور کر کے قابل تشریح نہ سمجھا ہو بعد والے اپنے وقت اور ماحول کے مطابق قابل تشریح تصور کر کے اگر اس کی تشخیص کر دیں تو اس کے قابل قبول یا نا قابل قبول ہونے کیلئے واحد معیار کتاب وسنت کے سوا اور کچھ نہیں ہے جبکہ پیش نظر مسئلہ میں ہماری تحقیق کے مطابق علم غیب کا مذکورہ شرعی مفہوم قرآن وسنت کے مطابق ہونے کیساتھ سلف صالحین کے خلاف بھی نہیں ہے۔ جیسے آگے آنے والے حوالہ جات سے واضح ہو رہا ہے۔

ثانیاً:۔ یہ کہ علم غیب کے اس مفہوم کو اسلاف کے ذخیرہ دستاویزات میں ناپید کہنا بجائے خود غلط اور خلاف حقیقت ہے، ہم تسلیم کرتے ہیں کہ اس تشریح، اس ترتیب اور ان الفاظ میں تو نہیں ہے لیکن اس کی اصل روح تمام مکاتب فکر اہل اسلام کے مسلمہ اسلاف کے ذخیرہ کتب میں پائی جاتی ہے۔ جس کو سمجھنے کیلئے مذہبی تعصب کی آلودگی میں ملوث نہیں بلکہ آزاد ذہن، لاشرقی لاغربی بلکہ اسلامی فقط اسلامی دل ودماغ کی ضرورت ہے۔

اب مندرجہ ذیل سطور میں ہم مختلف مکاتب فکر اہل اسلام کے ذخیرہ کتب سے مشتی نمونہ از

marfat.com

خرواری پیش کریں گے۔ جن میں انہوں نے اپنے اپنے انداز اور اپنی پسند کی ترتیب و الفاظ میں علم غیب کے ہمارے بیان کردہ شرعی مفہوم کی روح کو ذکر کیا ہے۔

(۱) حنفی المذہب مفسر محمود بغدادی اٰلوسی (المتوفی ۱۲۷۰ھ) نے سورۃ جن کی آیات ۲۶، ۲۷ کی تفسیر کرتے ہوئے لکھا ہے؛

''وَتَعْرِيْفُ الْغَيْبِ لِلْاِسْتِغْرَاقِ''

جس کا مفہوم یہ ہے کہ آیت کریمہ میں ''عَالِمُ الْغَيْبِ'' لفظ کا جو مضاف الیہ غیب ہے اس پر الف لام لانے سے مقصد غیب کا استغراق بتانا ہے۔

(تفسیر روح المعانی، جلد ۲۹، صفحہ ۹۵، مطبوعہ دار الاحیاء التراث العربی بیروت)

اہل علم جانتے ہیں کہ مقام مدح میں اللہ تعالیٰ نے جس علم غیب کو اپنی صفت مختصہ قرار دیا ہے اس سے مراد استغراق غیب بتانے کا مصداق اس غیب کے سوا اور کیا ہوسکتا ہے۔ جو انسانوں کی فہم وادراک کیلئے مقررہ دلائل واسباب سے ماوراء ہو اور وحی یا اطلاع منجانب اللہ کے ماسوا اس کو جاننے کی کوئی سبیل نہ ہو، جس کو ازلیت وابدیت اور عدم تناہی لازم ہو کر حقیقی استغراق کا مصداق ہو۔ علم غیب کا جو شرعی مفہوم ہم نے بیان کیا ہے وہ بھی اس سے مختلف نہیں ہے۔ صاحب روح المعانی نے مذکورہ عبارت سے چند سطر بعد اسی مفہوم کو دوبارہ مراد الٰہی قرار دیتے ہوئے لکھا ہے؛

''وَكَذَا الْمُرَادُ بِغَيْبِهٖ جَمِيْعُ غَيْبِهٖ''

جس کا مفہوم یہ ہے کہ آیت کریمہ؛ ''فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖ اَحَدًا'' میں جو غیب ضمیر جلالت کی طرف مضاف ہے اس سے مراد بھی جمیع غیوب ہیں۔

marfat.com

اہل علم جانتے ہیں کہ اسکا جمیع غیوب کا مصداق ہونا تب درست ہوسکتا ہے جب عوالم غیبیہ کے ایک ایک فرد، ایک ایک جہت وایک ایک حیثیت کو تفصیلاً شامل ہو جن پر علمی احاطہ رکھنا اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ ہے۔ جس کو ازلیت وابدیت لازم ہے، ہم نے بھی علم غیب کا جو شرعی مفہوم اپنے اندازِ بیان کے مطابق ذکر کیا ہے وہ اس سے مختلف کوئی چیز نہیں ہے۔

صاحب روح المعانی نے ثانیاً مذکورالذکر عبارت کے بعد یہ بھی لکھا ہے؛

''وَاَنَّ الْغَيْبَ الْمُخْتَصّ بِهٖ تَعَالٰى بِمَعْنَى الْمُخْتَصّ عِلْمُهٗ سُبْحَانَهٗ بِهٖ مُوَكُلُ غَيْبِ'' انصاف کی نظر سے دیکھنے والا اس عبارت کو علم غیب کے لئے ہمارے بیان کردہ شرعی مفہوم کی روح قرار دیئے بغیر نہیں رہ سکتا۔

(۲) مالکی المذہب مفسر محمد ابن عبداللہ ابن العربی المتوفی نے تفسیر احکام القرآن میں لکھا ہے:

''وَحَقِيْقَتُهٗ مَا غَابَ عَنِ الْحَوَاسِ مِمَّا لَا يُوْصَلُ اِلَيْهِ اِلَّا بِالْخَبْرِ دُوْنَ النَّظَرِ فَافْهَمُوْهُ''

وہ کون سا اہل انصاف ہوسکتا ہے جو علم غیب کے حوالہ سے ہمارے بتائے ہوئے مذکورہ شرعی مفہوم کو حضرت ابن العربی کی اس عبارت کی تفصیل' اس سے مستفاد اور اس کی واضح تشریح قرار نہ دے' قربان جاؤں سلف صالحین کی دور بین نگاہ بصیرت پر لگ رہا ہے کہ انہوں نے موجودہ دور کے الٰہیات کے حوالہ سے علمی کساد بازاری کو دیکھ کر آخری جملہ ''فَافْهَمُوْهُ'' کا اضافہ کیا تھا گویا اس اضافی جملہ میں علم غیب کے اس شرعی مفہوم کی اہمیت

marfat.com

بتا رہے ہیں کہ یہ علم غیب کے لغوی مفہوم کی طرح عام نہیں ہے کہ غیر اللہ کی اس تک رسائی کی گنجائش ہو سکے بلکہ اللہ تعالیٰ کی صفت خاصہ کے جملہ لوازمات کا حامل ہونے کی وجہ سے اس کے بتائے بغیر اس کی کچھ جھلکیوں پر اطلاع ممکن ہی نہیں ہے، جب تک وہ خود کسی کو نہ بتائے اس وقت تک معتاد اسباب کے ذرائع سے کسی کو کچھ معلوم نہیں ہو سکتا اور واضح ہے کہ اللہ تعالیٰ ان ہی کو بتاتا ہے جن میں منجانب اللہ وحی اور مطلع علی الغیب ہونیکی اہلیت موجود ہو جو ذوات قدسیہ انبیاء و مرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کا خاصہ ہے۔

(۳) شافعی المذہب مفسر قاضی بیضاوی المتوفی 685ھ نے سورۃ الجن' آیت نمبر ۲۶، ۲۷ کی تفسیر کرتے ہوئے لکھا ہے؛

"اَیْ عَلَی الْغَیْبِ الْمَخْصُوْصِ بِہٖ عِلْمُہٗ"

جس کا مفہوم یہ ہے کہ آیت کریمہ "عَالِمُ الْغَیْبِ فَلَا یُظْهِرُ عَلٰی غَیْبِهٖۤ اَحَدًاۙ" میں جو غیب ہے اس سے مراد الٰہی وہ علم غیب ہے جو اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ ہے۔

(تفسیر بیضاوی مجموعۃ من التفاسیر' جلد ۶' صفحہ ۳۷۹' مطبوعہ دار احیاء التراث العربی)

اس بات میں کون شک کر سکتا ہے کہ جو علم غیب اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ ہے وہ وہی ہے جو معتاد اسباب حصول سے ماوراء ہو جب تک اللہ تعالیٰ کی طرف سے اطلاع نہ ہو اس وقت تک کسی کیلئے اس تک رسائی ناممکن ہو اور اللہ تعالیٰ کی صفت ہونے کی بناء پر محیط بجمیع عوالم الغیوب والشہادۃ ہو، ازلی، ابدی اور ہر قسم کے تغیر وحدوث و قیودات سے ماوراء اور لامتناہی علی الاطلاق ہو تو ظاہر ہے کہ علم غیب کے شرعی مفہوم جو ہم بتا آئے ہیں قاضی بیضاوی کی اس مختصر سی عبارت کی تشریح ہونے کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ فرق صرف اجمال

marfat.com

وتفصیل کا ہے۔

(۴) حنبلی المذہب مفسر حافظ ابن تیمیہ المتوفی نے آیت کریمہ: ''قُلْ لَا یَعْلَمُ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَیْبَ اِلَّا اللّٰہُ '' کی تفسیر کرتے ہوئے لکھا ہے:

''وَھٰذَا ھُوَ الْغَیْبُ الْمُطْلَقُ عَنْ جَمِیْعِ الْمَخْلُوْقِیْنَ الَّذِیْ قَالَ فِیْہِ فَلَا یُظْھِرُ عَلٰی غَیْبِہٖ اَحَداً وَالْغَیْبُ الْمُقَیَّدُ مَاعَلِمَہُ بَعْضُ الْمَخْلُوْقَاتِ مِنَ الْمَلَائِکَۃِ اَوِالْجِنِّ اَوِ الْاِنْسِ وَشَھِدُوْہُ فَاِنَّمَا ھُوَ غَیْبٌ عَمَّنْ غَابَ عَنْہُ لَیْسَ ھُوَغَیْبًا عَمَّنْ شَھِدَہُ وَالنَّاسُ کُلُّھُمْ قَدْ یَغِیْبُ عَنْ ھٰذَا مَایَشْھَدُہُ ھٰذَا فَیَکُوْنُ غَیْبًا مُقَیَّدًااَیْ غَیْبًاعَمَّنْ غَابَ عَنْہُ مِنَ الْمَخْلُوْقِیْنَ لَاعَمَّنْ شَھِدَہُ لَیْسَ غَیْبًا مُطْلِقًا غَابَ عَنِ الْمَخْلُوْقِیْنَ قَاطِبَۃ

اس کا مفہوم یہ ہے کہ آیت کریمہ ''قُلْ لَا یَعْلَمُ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَیْبَ اِلَّا اللّٰہُ'' میں جس علم غیب کو اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات کیلئے صفت مختصہ قرار دیا ہے۔ اس سے مراد علم غیب المطلق ہے جو تمام خلائق سے پوشیدہ ہے۔ جسکے متعلق ''فَلَا یُظْھِرُ عَلٰی غَیْبِہٖ اَحَداً'' بھی فرمایا ہے اور اسکے مقابلہ میں علم غیب المقید ہے۔ جس کو بعض خلائق جانتے ہیں چاہے ملائکہ ہوں یا جنات یا انسان اور وہ اس کا مشاہدہ بھی کرتے ہیں تو یہ ان خلائق سے غیب ہے جنکے مشاہدہ میں نہیں ہے بخلاف ان کے جو اس کا مشاہدہ کررہے ہیں اور سب انسانوں کا یہی حال ہے کہ اس سے کچھ چیزیں غائب ہوتی ہیں جبکہ دوسرا انہیں مشاہدہ کررہا ہوتا ہے۔ لہٰذا یہ غیب مقید کہلائے گا یعنی انکی نسبت غیب ہے جن سے پوشیدہ ہے نہ ان سے جو اس کا مشاہدہ

marfat.com

کر رہے ہیں اور یہ تمام خلائق سے غیب نہیں ہے کہ اسے الغیب المطلق کہا جا سکے۔
اس کے متصلاً بعد آیت کریمہ ''عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ'' کی تفسیر کرتے ہوئے لکھا ہے:

''أَيْ عَالِمُ مَا غَابَ عَنِ الْعِبَادِ مُطْلَقًا وَمُعَيَّناً وَمَا شَهِدُوْهُ فَهُوَ سُبْحَانَهُ يَعْلَمُ ذَالِكَ كُلَّهُ''

اس کا مفہوم یہ ہے کہ تمام خلائق سے علی الاطلاق جو غائب ہیں انہیں علی سبیل الشیوع والعموم طور پر بھی جانتا ہے اور معین و مشخص طور پر بھی جانتا ہے اور جن چیزوں کا یہ خلائق مشاہدہ کرتے ہیں ان کو بھی جانتا ہے۔ نتیجتاً اللہ سبحانہ وتعالیٰ جملہ خلائق کو علی الاطلاق جانتا ہے۔ (الفتاوی الکبری حصہ تفسیر، جلد ۱۶، صفحہ ۱۱۰، مطبوعہ سعودیہ عربیہ)

مذہبی عصبیت کی آلودگی سے پاک ذہن والے حضرات سے مخفی نہیں ہے کہ اس عبارت میں حافظ ابن تیمیہ نے علم غیب کے حوالہ سے اللہ تعالیٰ کے علم اور غیر اللہ کے علم کے مابین تین چیزوں کو مابہ الامتیاز قرار دیا ہے۔ جن میں سے اول یہ کہ اللہ تعالیٰ کے علم غیب کو الغیب المطلق کہا ہے جبکہ غیر اللہ کے علم غیب کو علم غیب المقید کہا ہے جس میں علم غیب کے ہمارے بیان کردہ مذکورہ لغوی و شرعی مفہومات کے انداز تعبیر یا منہج اظہار یا الفاظ کے بدل ہونے کے سوا اور کوئی فرق نہیں ہے۔ جس کے مطابق علم الغیب المقید لغوی مفہوم ہونے کی بناء پر غیر اللہ کیلئے وہ امکانی صورت ہے جو اللہ تعالیٰ کیلئے ناممکن ہے جبکہ علم الغیب المطلق غیر اللہ کیلئے ناممکن اور اللہ تعالیٰ کیلئے ضروری ہے کیونکہ اس ذات وحدہ لاشریک کی صفت مختصہ ہونے کا تقاضا یہی ہے کہ اس کی یہ صفت بھی ازلی وابدی اور لامتناہی ہونے کیساتھ تمام عوالم غیبیہ کو علی الاطلاق شامل ہو جس میں شیوع ہی شیوع اور عموم ہی عموم ہوتا ہے جس

marfat.com

کا مقتضا قضیہ موجبہ کلیہ یعنی ''اَللّٰہُ یَعۡلَمُ الۡغُیُوۡبَ کُلَّھَا'' کے سوا اور کچھ نہیں ہوتا یعنی قضیہ جزئیہ کا تصور ہی یہاں پرنا جائز ہے۔ اہل علم جانتے ہیں کہ علم غیب کے جس شرعی مفہوم کو ہم نے اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ کہا ہے اس کی حقیقت بھی حافظ ابن تیمیہ کی اس تعبیر سے مختلف نہیں ہے۔ دوسرا یہ کہ اللہ تعالیٰ کے علم غیب کو ماغاب عن العباد کہا ہے۔

اہل علم جانتے ہیں کہ العباد جمع معرف بللام ہے جو استغراق کیلئے ہوتا ہے جو غیر اللہ کے علم غیب میں نہیں ہے۔ یہ تفریق بھی علم غیب کے لغوی اور شرعی مفہومات جو ہم نے ذکر کئے ہیں ان کی خاص تعبیر و انداز اظہار کی خاص شکل ہونے کے علاوہ اور کچھ نہیں ہے۔

تیسرا یہ کہ آخری جملہ میں بطور نتیجہ الکلام ''فَھُوَ سُبۡحَانَہٗ یَعۡلَمُ ذٰلِکَ کُلَّہٗ'' کہا ہے یہ بھی علم غیب کے شرعی مفہوم جو ہم نے بیان کر کے اس کا اللہ تعالیٰ کیلئے صفت مختصہ ہونے پر جزم و یقین ظاہر کیا ہے اسی کی روح اور اس کی بنیاد ہے کیونکہ لغوی مفہوم کے مطابق کسی بھی غیر اللہ کو کل عوالم غیبیہ کے تمام جزئیات کو جاننا محال و ناممکن ہے جبکہ حافظ ابن تیمیہ نے یہ کہہ کر جملہ عوالم شہادت اور تمام عوالم غیبیہ کے مندرجات کو جاننا اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ قرار دیا ہے تو یہ علم غیب کے شرعی مفہوم کے سوا اور کیا ہو سکتا ہے۔

(۵) معتزلی المذہب مفسر جار اللہ الزمخشری المتوفی ۵۳۸ھ نے لکھا ہے:

''وَالۡمُرَادُ بِہِ الۡخَفِیُّ الَّذِیۡ لَایَنۡفُذُ فِیۡہِ اِبۡتِدَاءً اِلَّا عِلۡمُ اللَّطِیۡفِ الۡخَبِیۡرِ وَاِنَّمَا نَعۡلَمُ مِنۡہُ نَحۡنُ مَا اَعۡلَمَنَاہُ اَوۡنَصَبَ لَنَا دَلِیۡلًا عَلَیۡہِ وَلِھٰذَا لَا یَجُوۡزُ اَنۡ یُطۡلَقَ فَیُقَالَ فُلَانٌ یَعۡلَمُ الۡغَیۡبَ''

جس کا یہ مفہوم ہے کہ شریعت کی زبان میں غیب سے مراد وہ پوشیدہ چیز ہے۔ جس

marfat.com

کا علم از خود، بلا دلیل اور بلا احتیاج، الی الغیر اس ذات وحدہ لاشریک کے سوا کسی اور کو نہیں ہو سکتا جو لطیف و خبیر ہے۔ یعنی جملہ خلائق کو دیکھنا اس کا ماوراء العقل ہے اور تمام خلائق کی خبر گیری کرنا اس کا ماوراء الادراک ہے۔ ہم اس میں سے صرف ان چیزوں کو جان سکتے ہیں جن کو جاننے کی اس نے توفیق دی ہے یا ان کو جاننے کیلئے ہمارے لئے دلائل واسباب مقرر کئے ہیں اسی وجہ سے کسی قید کیساتھ مقید کئے بغیر مطلقاً یہ کہنا کہ فلاں علم غیب جانتا ہے ناجائز ہے۔

(التفسیر الکشاف، جلد ا، صفحہ ۱۲۸، مع حاشیہ میر سید السند مطبوعہ دار الفکر بیروت)

اہل انصاف اس پوری عبارت کو علم غیب کے لغوی اور شرعی مفہومات کے حوالہ سے ہماری گزشتہ تحریر کی جان اور اس کی بنیاد قرار دیئے بغیر نہیں رہ سکتے ہیں۔ کیونکہ مفسر نے اس میں ہر دو مفہوموں کو مختصر الفاظ میں اس طرح واضح کر دیا ہے کہ پہلے "اَلْخَفِيُّ الَّذِيْ لَا يَنْفُذُ فِيْهِ اِبْتِدَاءً اِلَّا عِلْمُ اللَّطِيْفِ الْخَبِيْرِ" کہہ کر غیب کا شرعی مفہوم بتانے کے ساتھ ساتھ علم غیب کا شرعی مفہوم بھی متعین کر دیا کہ وہ ابتدائی ہے یعنی بلا دلیل و بلا سبب اور کسی کے عطاء کرنے سے یا کسی دلیل کے مدلول ہونے، کسی علت کے معلول ہونے اور کسی سبب کے مسبب ہونے سے ماوراء ہو کر اللطیف الخبیر وحدہ لاشریک کی بے مثل ذات کا مقتضاء و لازمہ ہونے کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔

اس کے بعد "وَاِنَّمَا نَعْلَمُ مِنْهُ نَحْنُ مَا اَعْلَمَنَاهُ اَوْنَصَبَ لَنَا دَلِيْلًا عَلَيْهِ" کہہ کر علم غیب کے لغوی مفہوم کو بھی متعین کر دیا کہ اللہ کے بتانے سے مخلوق کا کسی پوشیدہ چیز کو جاننا جیسے ذوات قدسیہ انبیاء و مرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کو وحی واطلاع کے طور پر ہزارہا

marfat.com

غیوب کا علم عطاء کیا ہے یا عقلی دلائل کی دلالت وسبب سے جاننے کی توفیق عطاء فرمائی ہے جیسے خواب، تعبیر خواب، مخصوص عملیات وریاضت ستارہ شناسی کے مخصوص طریقے، قیافہ شناسی، حدس، فراست، سحر، کہانت جیسے درجنوں اسباب جو عادیہ عند اربابہا وغیر عادیہ عند الآخرین ہیں کے ساتھ ساتھ عالَم کے احوال سے اس کے صانع وخالق جل جلالہ کی ہستی بمع جمیع صفاتہ پر استدلال کرنا شامل ہے۔ وہ کون سا اہل علم اور صاحب انصاف ایسا ہوسکتا ہے جو امام البلاغتہ واللغہ الزمخشری کی اس تفصیل کو علم غیب کے لغوی اور شرعی مفہوم کے حوالہ سے ہماری اس تحقیق کی بنیادو ماخذ قرار نہ دیں یا اس کو دیکھنے کے بعد ہماری اس تحقیق کو اسلاف کے ذخیرہ کتب میں ناپید ہونے کا تصور کرسکے۔

(فَلِلّٰہِ الْحَمْدُ اَوَّلاً وَآخِراً ظَاہِراً وَبَاطِناً)

## حاشتی اضافہ اور الزمخشری کا کمال:۔

علم غیب کے لغوی اور شرعی مفہوموں کی جدا جدا حقیقتیں بتا کر اس کے شرعی مفہوم کو اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ قرار دینے کے سلسلہ میں اس عبارت کے آخری حصہ میں الزمخشری نے بطور نتیجہ یہ جو کہا ہے؛

''وَلِہٰذَا لَایَجُوْزَاَنْ یُطْلَقَ فَیُقَالَ فُلَانٌ یَعْلَمُ الْغَیْبَ''

اس میں علم غیب کی ان دونوں حقیقتوں کے مختلف احکام بتانے کے ساتھ علم غیب کے شرعی مفہوم کی اہمیت کی طرف بھی اشارہ کیا ہے کہ یہ اس کے لغوی مفہوم کی طرح عام نہیں ہے کہ غیر اللہ کیلئے بھی استعمال کرنے کی گنجائش ہوسکے بلکہ اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ

marfat.com

ہونے کی بناء پر علی الاطلاق یہ کہنا کہ ''فلاں غیب کی باتوں کو جانتا ہے'' ناجائز ہے۔

الزمخشری کی اس نتیجائی عبارت سے علم غیب کے شرعی مفہوم کی اہمیت کا اشارہ اس طرح معلوم ہو رہا ہے کہ جب شریعت کی زبان میں اس لفظ کو بداہت عقل وحواس سے پوشیدہ چیزوں کو ازخود ابتدأ یعنی بلا واسطہ، بلا دلیل اور بلا سبب جاننے والی ذات وحدہ لا شریک کیلئے صفت مختصہ کے طور پر بطور منقول وضع کیا گیا ہے تو پھر خارجی قرائن وشواہد کے بغیر علی الاطلاق کسی اور کیلئے استعمال کرنے کی صورت میں بھی سامعین کا ذہن اسی مفہوم کی طرف جائے گا جس کیلئے اس کو وضع کیا گیا ہے یعنی منقول الیہ، اُصول فطرت کے اسی کلیہ سے متعلق کہا گیا ہے:

''عَلَامَةُ الْحَقِيْقَتِ تَبَادُرُالذِّهْنِ اِلَيْهِ عِنْدَ الْاِطْلَاقِ''

ایسے میں علی الاطلاق کسی بھی غیر اللہ سے متعلق ''فُلَانٌ يَعْلِمُ الْغِيْبَ'' کہنا یا اس کا مفہوم کسی بھی عجمی زبان میں استعمال کرنے کا عدم جواز متفق علیہ فی الاسلام ہونے کا فلسفہ کسی بھی اہل علم سے مخفی نہیں ہوسکتا۔ جس کے عدم جواز پر جملہ فقہاء اسلام متفق ہیں مشتی نمونہ ازخرواری الفتاویٰ الشامیہ ''ردالمحتار'' میں ہے:

''مُجَرَّدُ اِيْهَامِ الْمَعْنَى الْمُحَالِ كَافٍ فِيْ الْمَنْعِ''

(ردالمحتار، جلد ۵، صفحہ ۲۵۳، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت)

اس کے ساتھ کچھ بے باک وغالی اور جاہل پیروں کے پھندے میں پھنسے ہوئے ہم نے ایسے بھی بہت دیکھے ہیں جو اپنے پیروں سے متعلق ایسا کہتے پھرتے ہیں۔ تو ظاہر ہے کہ اسلام کے مدعیوں میں ایسے جاہل تاریخ کے ہر دور میں اور ہر مکتبہ فکر کے مسلمانوں

marfat.com

کی صفوں میں پائے جاتے آئے ہیں۔کوئی بعید نہیں ہے کہ آج سے قبل الزمخشری کا بھی اسلام پر بوجھ بننے والے ایسے بے بہروں کے ساتھ واسطہ پڑا ہو جو اس ننگیجائی کلام کو تفسیر لکھتے وقت یہاں یہ اضافہ کرنے کا سبب بنا ہو۔(واللہ اعلم باسرار عبادہ)بہر تقدیر بے باک جاہلوں کی زبان پر آنے والے ایسے جملے لزوم شرک یا التزام شرک کی حد تک بھی پہنچ سکتے ہیں۔اس کے باوجود ایسے گمراہوں پر کفر و شرک کا فتویٰ جاری کرنا جائز نہیں ہوسکتا۔ جس کا فلسفہ گزشتہ صفحات میں بالتفصیل بیان ہو چکا ہے۔الغرض صاحب کشاف کا یہ ننگیجائی کلام کل مکاتب فکر اہل اسلام کے علم غیب کے حوالہ سے جو مشترکہ عقیدہ ہے اس کے پس منظر پر مشتمل ہونے کی بناء پر کمال جامعیت رکھتا ہے۔

(٦) جعفری المذہب مفسر الفضل ابن الحسن الطبری المتوفی ۳۱۰ھ نے سورۃ النمل' آیت نمبر ۶۵ کی تفسیر کرتے ہوئے لکھا ہے؛

''اَلْغَيْبُ هُوَ مَاغَابَ عِلْمُهُ عَنِ الْخَلْقِ''

جس کا مفہوم یہ ہے کہ اللہ کے فرمان ''لَا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ'' میں جس علم غیب کو اللہ تعالیٰ نے اپنی صفت مختصہ قرار دے کر دوسروں سے نفی کی ہے اس سے مراد وہ علم غیب ہے جو تمام خلائق سے پوشیدہ ہے۔

(مجمع البیان فی تفسیر القرآن' جلد ۷' صفحہ ۳۵۹' مطبوعہ انتشارات ناصر خسرو تہران ایران)

اس کے بعد ''اِلَّا اللّٰهُ'' میں استثنی کا حاصل مفہوم بتاتے ہوئے لکھا ہے؛

''وَحْدَهٗ اَوْمَنْ اَعْلَمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی''

اس کا مفہوم یہ ہے کہ جملہ خلائق سے پوشیدہ غیب کا علم صرف اللہ وحدہ جانتا ہے یا

marfat.com

جس کو وہ خود جاننے کی توفیق دے۔

ان دونوں مقامات کو پیش نظر رکھنے والے کسی بھی اہل علم کو اس بات میں شک کی گنجائش نہیں ہوسکتی کہ صاحب مجمع البیان نے یہ جو کچھ لکھا ہے یہ علم غیب کے لغوی اور شرعی مفہوموں کا خلاصہ ہے۔ جن میں سے اول الذکر یعنی لغوی مفہوم کو "اَوْمَنْ اَعْلَمَهُ اللّٰهُ" کی عبارت شامل ہو رہی ہے جس سے متبادر الی الذہن منجانب اللہ مطلع علی الغیب ہونے اور وحی کے ذرائع ہیں جو ذوات قدسیہ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کا خاصہ ہے۔ جبکہ ثانی الذکر یعنی شرعی مفہوم کو "اَلْغَیْبُ هُوَمَاغَابَ عِلْمُهُ عَنِ الْخَلْقِ" کی عبارت شامل ہو رہی ہے جسکا مصداق ومظہر وہ ہے جو اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ ہے، بدون الاسباب والدلیل ہے، تمام عوالم شہادت وعوالم غیبیہ کو اور ان کے مندرجات وجزئیات اور ان کو لاحق غیر متناہی جہات وحیثیات کو محیط ہے، ازلی وابدی ہے اور کمی وبیشی، حدوث وتغیر سے پاک ہونے کیساتھ ماضی ومضارع، حال واستقبال جیسی کسی بھی قید سے مقید ہونے سے ماوراء و مطلق ہے۔ ان ہی اوصاف لازمہ کی بنیاد پر علم غیب کے شرعی مفہوم کا کوئی ایک جزئیہ، ایک فرد اور ایک ذرہ برابر حصہ بھی غیر اللہ کیلئے ماننے والے کیلئے اسلام میں کوئی جگہ نہیں ہے وہ اگر صراحتاً ایسے عقیدے کا اظہار کریں جس میں کسی قسم کی جائز تاویل کی گنجائش نہ ہو تو التزام کفر کا مرتکب قرار پاتا ہے۔ اس کے خلاف ارتداد کا فتویٰ صادر کرنا دارالافتاء پر فرض ہوجاتا ہے اور اگر تصریح کے بغیر یا کسی قابل تاویل کلام میں ایسے عقیدے کا اظہار کریں تکفیر کا نہیں بلکہ لزوم کفر کا فتویٰ صادر کرکے اس کو مثل توبہ استغفار، تجدید ایمان اور تجدید نکاح جیسے احکام کا پابند کرنا اس معاشرہ کے تمام مسلمانوں کی اجتماعی ذمہ داری ومسئولیت

marfat.com

ہے۔

## ﴿کوتاہ بینی پر مبنی ایک اشتباہ کا ازالہ﴾

سوال یہ پیدا کیا گیا ہے کہ علم غیب کے حوالہ سے اِس تحریر میں خاصۃ اللہ اور خاصۃ الرسول کو تو ذکر کیا گیا ہے۔ جبکہ اولیاء اللہ کے علم غیب کا تذکرہ نہیں کیا گیا ہے۔ جبکہ اہل سنت عقیدہ کے مطابق اولیاء اللہ کو بھی از روئے کرامت کچھ علم غیب منجانب اللہ عطاء کئے جاتے ہیں۔

پنجاب کی طرف سے آئے ہوئے اِس اشتباہ کا جواب یہ ہے کہ یہ ضروریات دینیہ کے قبیلہ سے نہیں ہے بلکہ ضروریات مذہبیہ کے زمرہ میں ہے جبکہ ہم نے یہاں صرف ان مسائل کو ذکر کرنے کا التزام کیا ہوا ہے جو ضروریات دین کے قبیلہ سے ہیں۔

اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ علم غیب کے اس مسئلہ "کو الاصول المکفر ۃ" کے ضمن میں لانے سے مقصد یہ بتانا ہے کہ کسی غیر اللہ کی طرف علی الاطلاق علم غیب منسوب کر کے "فلان یعلم الغیب" جیسے کلام کرنے والوں پر کفر و شرک کا فتویٰ صادر کرنا عام حالات میں غلط ہے ۹۹ فیصد بے حقیقت اور خلاف انصاف ہے کیونکہ تکفیر چاہے لزوم کی صورت میں ہو یا التزام کفر کی شکل میں بہر تقدیر ضرورت دینی سے متعلق ہوتی ہے جبکہ یہ مسئلہ عام حالات میں ضرورت دینی سے متعلق نہیں ہے تو پھر کفر کا فتویٰ صادر کرنے کا کیا جواز باقی رہتا ہے۔ اولیاء اللہ کیلئے لغوی مفہوم کے مطابق جو علم غیب ثابت ہے وہ شروع سے لے کر

marfat.com

اب تک جملہ اہل قبلہ کے مابین مسلمہ، متواترہ اور ضرورت دینی کی حد تک مشہور نہیں ہے کیونکہ اہل اعتزال باوصف حنفیت اس میں اختلاف کرتے آئے ہیں جس وجہ سے اسے ضرورت دین ہرگز نہیں کہا جاسکتا ہاں اس کا ضرورت مذہبی ہونے میں کوئی شک نہیں ہے کیونکہ اہل سنت کے چاروں مذاہب میں شروع سے لیکر آج تک اولیاء اللہ کے لئے بطور کرامت مخصوص اسباب و دلائل کی روشنی میں لغوی مفہوم کے مطابق علم غیب تسلیم کیا گیا ہے اور اہل سنت ماحول میں یہ عقیدہ اتنا مشہور و متواتر ہے کہ اس پر دلیل تلاش کرنیکی ضرورت ہی محسوس نہیں کی جاتی یہ الگ بات ہے کہ اولیاء اللہ کو ماننے کے ٹھیکہ دار کچھ تعصب زدہ حضرات بغیر ضرورت کے بھی اس پر دلائل تلاش کرنے میں عمریں گذار دیتے ہیں جو ان کی ذہنی محدودیت اور تعصب زدگی کا فطری نتیجہ ہے ورنہ اہل سنت کہلانے والوں کے چاروں مذاہب میں کوئی مسلک ایسا نہیں ہے جس میں اولیاء اللہ کی اس کرامت سے کسی نے انکار کیا ہو۔ پھر یہ بھی ہے کہ جن حضرات کا اس کے سواء کوئی اور علمی مشغلہ ہی نہیں ہے ان کی علمی پسماندگی اور ذہنی محدودیت کا یہ عالم ہے کہ انہیں ضرورت دینی اور ضرورت مذہبی کے مابین تفریق کرنے کی بھی تمیز نہیں ہے۔ تعلیم و تبلیغ کے حوالے سے ''اَلْاَهَمُّ فَالْاَهَمُّ'' کی تفریق نہیں ہے اور اسلام کے بنیادی و فروعی مسائل کے مابین فرق مراتب کا احساس نہیں ہے۔ اس ذہن کے حامل لوگوں کے سامنے جب بھی کوئی تحریر و تقریر پیش ہوتی ہے تو وہ اسے اپنے معیار اور اپنی سوچ کے مطابق دیکھنے پر مجبور ہوتے ہیں جس کو اسلامی روش نہیں کہا جاسکتا۔ حقیقت یہ ہے کہ علم غیب کے حوالہ سے برصغیر پاک و ہند میں پائے جانے

marfat.com

والے اس اختلاف کا اصل ذمہ دار بھی یہی طبقہ ہے اگر یہ لوگ علی الاطلاق اولیاء اللہ کی طرف علم غیب نسبت کرنے کی غلطی نہ کرتے تو دارالافتاء کے بے احتیاطوں سے تکفیری فتویٰ صادر کرنے کی غلطی بھی نہ ہوتی اور نہ ہی حفظ الایمان کی وہ رسوائے زمانہ عبارت وجود میں آتی جسکی وجہ سے اہل سنت احناف کہلانے والے باہم دولخت ہو چکے ہیں انجام کار ہر طرف سے تنگ نظری ہی تنگ نظری ہے، تعصب ہی تعصب ہے اور فرمان خداوندی؛

''وَلَا یَجْرِمَنَّکُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ عَلٰٓی اَلَّا تَعْدِلُوْا اِعْدِلُوْا ھُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰی'' کی ہر طرف سے پامالگی وانحراف ہے۔ (اعاذ نا اللہ منہ

(سورۃ مائدہ، آیت نمبر ۸)

سچ فرمایا امام احمد رضا خان نور اللہ مرقدہ الشریف نے؛

''اَلتَّعَصُّبُ اِذَا تَمَلَّكَ اَھْلَكَ '' (فتاویٰ رضویہ، جلد ۲۸، صفحہ ۳۴۰)

اس کوتاہ بین طبقہ کے مفاسد میں سے ایک المیہ یہ بھی ہے کہ اسکا اٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے اولیاء اللہ کی طرف علی الاطلاق علم غیب نسبت کرنے سے غیر معیاری مشائخ اور جعلی پیروں کی حوصلہ افزائی ہو جاتی ہے کیونکہ تاریخ کے ہر دور میں حقیقی اولیاء اللہ کے وجود مسعود کے مقابلہ میں غیر معیاری مشائخ اور جعلی پیروں کی بہتات رہی ہے، معارف کی تاریخ سے شناسائی رکھنے والوں میں کون نہیں جانتا کہ حضرت امام زین العابدین اور جعفر صادق کے دور میں جعل سازوں کا جال بچھا ہوا تھا جن پر ان حضرات نے رد کیا ہے اور پیرانِ پیر شیخ عبد القادر جیلانی کے وقت میں بھی غیر معیاری مشائخ کی بہتات تھی جن پر حضرت نے

marfat.com

''اَیُّھَا الْکَذَّابُ اَنْتَ فِیْ ظَاھِرِکَ زَاھِدٌ وَبَاطِنُکَ خَرَابٌ کَالْبَیَاضِ عَلٰی بَیْتِ الْمَاءِ'' جیسے خطابات میں رد بلیغ فرمایا۔ (الفتح الربانی، صفحہ ۳۲)

یہ ہوا دیار عرب میں پھیلے ہوئے جعلی مشائخ کا قدرے نمونہ جبکہ دیار عجم کا مسئلہ اس سے کئی گنا زیادہ قابل افسوس ہے جس پر رد کرتے ہوئے اور ان کے گیتی نما دام تزویر سے سادہ لوح مسلمانوں کو بچانے کیلئے حضرت علی ہجویری داتا گنج بخش نور اللہ مرقدہ الشریف نے کشف المحجوب کے نام سے مستقل کتاب لکھی۔ جس کے مندرجہ ذیل ابتدائی الفاظ اس وقت کے جعلی مشائخ اور نمبر دو پیروں کی بہتات سے آگاہی کیلئے کافی ہیں۔

حضرت نے لکھا ہے؛

''وخداوند عزوجل ما را اندر زمانہ آفریدہ است کہ اھل آن ھوا را شریعت نام کردہ اند و طلب جاہ و ریاست و تکبر را عز و علم و ریا خلق را خشیت و نہان داشتن کینہ را اندر دل حلم و مجادلہ را مناظرہ و محاربت و سفاھت را عظمت و نفاق را زھد و تمنی را ارادت و ھزیان طبع را معرفت و حرکات دل و حدیث نفس را محبت و الحاد را فقر و جحود را صفوت و زندقہ را فنا و ترک شریعت پیغمبر ﷺ را طریقت و آفت اھل زمانہ را معاملت نام کردہ اند تا ارباب معانی اندر

marfat.com

میان ایشان مهجور گشته اندو ایشان غلبه گرفته
چنانکه اندر فطرت اولیٰ اهل بیت رسول ﷺ باٰل
مروان " (کشف المحجوب، صفحہ ۶)

اسی طرح حضرت مجدد الف ثانی اور امام احمد رضا خان جیسے عظماء اسلام نے بھی اپنے اپنے ادوار کے غیر معیاری مشائخ اور جعلی پیروں کی کارستانیوں سے کافی حد تک پردہ اٹھایا ہے۔ جو بالترتیب ان کے مکتوبات وفتاویٰ سے عیاں ہے لیکن افسوس اس بات پر ہے کہ ان حقائق کو ظاہر کر کے عوام کی اصلاح کرنے والے دوربین میں بھی نظر نہیں آرہے ہیں۔ (الا ماشاء اللہ)

اور واقف حال حضرات جانتے ہیں کہ ضعیف العقیدہ عوام کو بے وقوف بنا کر کام نکالنے کے حربوں میں سب سے بڑا حربہ ان گمراہوں کے پاس غیب دانی کا دعویٰ ہے۔ ان کے گیتی نما دام تزویر میں پھنسے ہوئے نیم خواندہ علماء جب عوامی اجتماعات میں اولیاء اللہ کے لئے علم غیب کے اثبات کا چرچا کرتے ہیں، اس پر دلائل کا انبار لگاتے ہیں اور سچوں کی کرامات جھوٹوں پر چسپاں کرنے کی ابلیسی تلبیس کا منظر پیش کرتے ہیں، تو سننے والے ضعیف العقیدہ عوام ان ہی کو غیب دانِ جاننے پر مجبور ہو جاتے ہیں کیونکہ ان میں سے غالب اکثریت کی وابستگی ان ہی حضرات کے ساتھ ہوتی ہے جن کا حقیقی ولایت کے ساتھ کوئی واسطہ ہے نہ سچے پیرومرشد ہونے میں کوئی حصہ اس کے باوجود ان ہی کو اولیاء اللہ اور حقیقی مشائخ سمجھنا عوامی ذہن کی مجبوری ہوتی ہے۔ جس کے نتیجہ میں جو جس کا مرید ہوتا

marfat.com

ہے اُسی کو ان کرامات کے حامل غیب دان جانتے ہیں۔ جس سے بداعتقادی کے ساتھ انسان پرستی کی اس گمراہی کو بھی ترویج ملتی ہے گویا موجودہ دور کے اصحاب محراب و منبر کی غالب اکثریت کا یہ اندازِ تبلیغ و تحریر مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ الانور کے فرمان؛ ''کَلِمَۃُ الْحَقِّ اُرِیْدَ بِھَا الْبَاطِل'' کا منظر پیش کر رہا ہے۔

خلاصۃ الجواب بعد التفصیل یہ کہ ''الاصول المکفرہ'' کی اس تحریر میں ہمارے پیش نظر لزوم کفر و التزام کفر کی تفریق بتاتا ہے اور اسلامی فقہ سے شناسائی رکھنے والے حضرات سے مخفی نہیں ہے کہ ان دونوں کا تعلق ضرورت دینی کے ساتھ ہوتا ہے جبکہ اولیاء اللہ کیلئے لغوی مفہوم میں علم غیب کا ثبوت بطور کرامت ضرورت مذہبی کے قبیلہ سے ہے ضرورت دینی سے نہیں۔ ایسے میں اس تحریر کے اندر اس کے اثبات سے متعلق گفتگو کرنا موضوع بیان سے نکل کر خلط مبحث میں پڑنے کے مترادف ہے جو تقاضا عقل ہے نہ تقاضا انصاف۔ اس کے علاوہ زمینی حقائق سے سبق لینا بھی ضروری ہے جس کے مطابق اس قسم فروعی مسائل کو عمر بھر مشغلہ بنانے والے حضرات وسعت علم کی روشنی سے ہمیشہ محروم رہتے ہیں۔ جعلی پیروں کی بطور کرامت پھیلائی ہوئی من گھڑت باتوں کو حقیقت سمجھنے کے مغالطہ سے نکل نہیں پاتے ہیں اور حقیقی بزرگان دین و سچے اولیاء اللہ کی صحبت سے محروم رہتے ہیں اور جس اتباع نبوی ﷺ کی بدولت لغوی مفہوم میں علم غیب کا یہ عطیہ سچے اولیاء اللہ کو نصیب ہوتا ہے یا علم و عمل کی جس پختگی و اخلاص کی برکت سے علم غیب کے الہام و القاء اور حدس و فراست و بصیرت پر یہ نفوس قدسیہ فائز ہوتے ہیں۔ اس جوہر کمال کا نام و نشان

marfat.com

بھی ان چالاک وہوشیار فراڈیوں میں نہ ہونے کے باوجود یہ ان کے گن گانے سے نہیں تھکتے ہیں، سچوں کی کرامات ان پر چسپاں کرنے کے جرم سے باز نہیں آتے ہیں اور اصل و نقل کی تفریق کرنے کا احساس نہیں رکھتے ہیں۔ ایسے میں اپنے کوتاہ ذہن سے بالاتر کسی تحریر کو مشکوک نظروں سے دیکھنا اس طبقہ کی مجبوری ہوتی ہے لیکن اہل تحقیق اس کی پرواہ نہیں کرتے ہیں۔

طبقہ مفسرین کے علاوہ فقہاء کرام کی عبارات میں بھی ہماری اِس تحقیق کا ماخذ و بنیاد پائی جاتی ہے۔ مثال کے طور پر حضرت امام الفقہاء ابن عابدین نور اللہ مرقدہ نے اِس مسئلہ کی تحقیق کا حق ادا کرنے کے بعد خلاصۃ الکلام کے طور پر لکھا ہے؛

"وَحَاصِلُہٗ اَنَّ اللّٰہَ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی مُتَفَرِّدٌ بِعِلْمِ الْغَیْبِ الْمُطْلَقِ اَلْمُتَعَلِّقِ بِجَمِیْعِ الْمَعْلُوْمَاتِ وَاَنَّہٗ یُطْلِعُ رُسُلَہٗ عَلٰی بَعْضِ غُیُوْبِہٖ اَلْمُتَعَلِّقَۃِ اِطْلَاعاً جَلِیًّا وَاضِحاً لَا شَکَّ فِیْہِ بِالْوَحْیِ الصَّرِیْحِ"

اِس کا مفہوم یہ ہے کہ علم غیب کے اس مفہوم کے ساتھ تنہا متصف ہے جو علم غیب المطلق ہے و تمام معلومات کے ساتھ متعلق ہے اور یہ بات بھی یقینی امر ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے رسولوں کو بھی اپنے بعض غیوب پر مطلع فرماتا ہے جو اس کی رسالت کے ساتھ متعلق ہیں، یہ اطلاع جو صریح وحی کے ذریعہ سے ہوتی ہے اتنی واضح و جلی ہے کہ اس میں ذرہ برابر شک کی گنجائش نہیں ہوتی۔

(رسائل ابن عابدین جلد ۲، صفحہ ۳۱۴، مطبوعہ سہیل اکیڈیمی لاہور)

حضرت ابن عابدین نور اللہ مرقدہ الشریف کی اس عبارت میں چار باتیں نمایاں ہیں؛

marfat.com

جن میں سے اول یہ کہ جس علم غیب کو انہوں نے اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ کہا ہے اس کے متعلق علم الغیب المطلق کا لفظ استعمال کیا ہے۔ معقولات کے ساتھ شغف رکھنے والے حضرات جانتے ہیں کہ "الشئی المطلق" کے اندر بمقابلہ "مطلق الشئی" کے کس حد تک شیوع وعموم ہوتا ہے کہ اس میں موجبہ کلیہ کے سوا کوئی اور قضیہ جائز ہی نہیں ہوتا جبکہ مطلق الشئی میں موجبہ جزئیہ وسالبہ جزئیہ دونوں جائز ہو سکتے ہیں۔ ایسے میں علم الغیب المطلق کو اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ کہنے کا مطلب اس کے سوا اور کیا ہو سکتا ہے کہ یہ علم غیب کا وہ شرعی مفہوم ہے جس میں ہر اعتبار سے شیوع ہی شیوع اور عموم ہی عموم ہے، جس میں ٹھہراؤ وانقطاع نہیں ہے، جس کی بدایت ونہایت نہیں ہے اور کسی قید وبند میں منحصر ومحدود نہیں ہے۔ اہل انصاف جانتے ہیں کہ ہم نے بھی علم غیب کا جو شرعی مفہوم بتایا ہے وہ بھی اس کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔

## ضروری وضاحت:۔

اسلاف کے کلام میں یہاں پر العلم المطلق یا علم غیب مطلق یا علم الغیب المطلق کے جو الفاظ آئے ہیں۔ اس سے کسی صاحب علم کا ذہن الشئی المطلق کے اس مفہوم کی طرف نہ جانا چاہئے جو میر زاہد ملا جلال یا میر زاہد امور عامہ وغیرہ کتب درسیہ میں حضرت میر زاہد نور اللہ مرقدہ سے منقول ہے۔ جس کا وجود کسی بھی فرد کے وجود سے ہو سکتا ہے اور عدم وجود کیلئے اس کے تمام افراد کا معدوم ہونا ضروری ہے۔ (حَاشَا وَكَلَّا)

یہاں پر ہرگز ایسا نہیں ہے بلکہ اسلاف کی ان عبارات میں اطلاق کا مفہوم عموم

marfat.com

وشیوع کے سوا اور کچھ نہیں ہے جس میں قضیہ جزئیہ ایجاباً ممکن ہے نہ سلباً بلکہ کلیت ہی کلیت ہے۔ یہ وضاحت اسلئے کی جارہی ہے کہ درس نظامی پڑھنے اور پڑھانے میں محدود رہنے والے حضرات کی رسائی فہم درسی کتابوں میں مذکور اقوال سے متجاوز نہیں ہوتی جبکہ الشئی المطلق کا میر زاہد نوراللہ مرقدہ سے منقول حکم ہر مسئلہ اور ہر مقام کیلئے نہیں ہے بلکہ بجائے خود محل نظر ہے۔ جیسے آگے چل کر اس پر روشنی ڈالی جائے گی۔

حضرت ابن عابدین کی اس عبارت میں دوسری بات یہ ہے کہ انہوں نے جس علم غیب کو اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ کہا ہے اس کو کل معلومات کے ساتھ متعلق بھی کہا ہے تو ظاہر ہے کہ جو علم کل معلومات کے ساتھ متعلق ہوتا ہے وہ ہر اعتبار سے غیر متناہی ہوتا ہے جس کو ازلی وابدی کہتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کیلئے ناممکن ومحال ہے چاہے ملک مقرب یا نبی مرسل جیسے ماوراء العقل عظمتوں کی حامل ہستیاں ہی کیوں نہ ہوں۔ یہ بھی وہی چیز ہے جس کو ہم نے علم غیب کا شرعی مفہوم کہا ہے۔ الفاظ اور اندازِ بیان یا اجمال وتفصیل کی تفریق کے علاوہ دونوں کی حقیقت میں کوئی فرق نہیں ہے۔

تیسری بات انہوں نے یہ کی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے بعض غیوب پر ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کے مطلع کئے جانے کو امر یقینی قرار دیا ہے جو علم غیب کے لغوی مفہوم کے سوا اور کوئی شے نہیں ہے اور اہل علم پر یہ بھی عیاں ہے کہ علم غیب کا لغوی مفہوم اس کے شرعی مفہوم سے چونکہ عام مطلقاً ہے جو اس کے بغیر بھی پایا جاسکتا ہے۔ جس کی طویل فہرست ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کا منجانب اللہ بعض غیوب پر مطلع کئے جانے سے لیکر خوابوں کی تعبیر تک گزشتہ صفحات میں ہم بیان کر آئے ہیں جو سب

marfat.com

کے سب مخصوص اسباب کے مسببات اور مختلف دلائل وعلل کے مدلولات ومعلولات ہیں۔ جن میں سے حضرت ابن عابدین نے اس عبارت میں صرف ایک پر اکتفا کیا ہے جو انبیاء و مرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کا منجانب اللہ غیب پر مطلع کیا جانا یا انہیں وحی کیا جانا ہے۔ انصاف کی نظر سے دیکھنے والے یہاں پر بھی سمجھ سکتے ہیں کہ مختلف اسباب کے ساتھ مربوط اس قسم کے جتنے بھی علوم غیبیہ ہیں یہ علم غیب کے لغوی مفہوم کے ماتحت آنے والے مختلف انواع واقسام ہیں جن کو علم غیب کا شرعی مفہوم کہا جا سکتا ہے نہ اللہ تعالیٰ کی صفت کہنا جائز ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی جو صفت علم ہے وہ اس کی دوسری صفات کی طرح ہی اسباب وعلل سے ماوراء ہے، دلیل کی محتاج نہیں ہے اور اللہ تعالیٰ کی صفت تکوین کے ماتحت مجعول و مربوط بالاسباب ہر گز نہیں ہے۔

حضرت ابن عابدین نے اس عبارت میں چوتھی بات یہ کی ہے کہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کو اطلاع اور وحی کے سبب کیساتھ مربوط علم غیب کا بعض چیزوں پر حاصل ہونا اتنا واضح اور صریح ہے کہ کسی قسم کے شک وشبہ کی اس میں گنجائش نہیں ہے۔ یہ بھی ہماری اس تحقیق کے عین مطابق ہے کہ علم غیب کے لغوی مفہوم کی فہرست میں شامل اولین قسم یعنی منجانب اللہ وحی واطلاع کے سبب کے ساتھ مربوط علم غیب پر عقیدہ رکھنا ایسے ہی ضروریات دین کے قبیلہ سے ہے۔ جیسے علم غیب کے شرعی مفہوم کا اللہ تعالیٰ کیلئے صفت مختصہ ہونیکا اسلامی عقیدہ کیونکہ یہ دونوں عقیدے اتنے واضح اور اتنے صریح ہیں کہ اسلام کے آغاز سے لے کر اب تک تاریخ کے ہر دور میں کل مکاتب فکر اہل اسلام ان کو اسلام کا حصہ سمجھتے آئے ہیں۔ اور ان کو اسلامی حکم ثابت کرنے کیلئے دلیل تلاش کرنے کی ضرورت

marfat.com

محسوس نہیں کی جاتی ۔ یہ جدا مسئلہ ہے کہ مخصوص اشتباہ کی بناء پر پہلے کو دوسرے کے مقابلہ میں مشکوک بنادیا گیا ہے۔ جس پر رد کرتے ہوئے حضرت ابن عابدین نے مذکورہ عبارت میں اس کو دوسرے کی طرح ہی واضح اور صریح کہہ کر اس کی تکذیب کرنے والے کے واجب التکفیر ہونے کی طرف اشارہ کر دیا۔ جیسے اللہ تعالیٰ کے علم غیب کی تکذیب کرنے والے کی تکفیر واجب ہوتی ہے کیونکہ ضرورت دینی ہونے میں دونوں یکساں ہیں۔

(۲) ماضی قریب میں برصغیر پاک و ہند کے سب سے زیادہ فقہ شناس اور سب سے بڑے قابل اعتماد مفتی اسلام الشاہ امام احمد رضا خان محدث بریلوی نے لکھا ہے؛

''یہ بے شک حق ہے کہ انبیاء غیب اسی قدر جانتے ہیں جتنا ان کو ان کے رب نے بتایا۔ بلا شبہ بے اس کے بتائے کوئی نہیں جان سکتا اور یہ بھی حق ہے کہ احیاناً بتایا گیا کہ وحی حیناً بعد حینٍ ہی اترتی نہ کہ وقت بعثت سے وقت وفات تک ہر آن علی الاتصال''۔ (فتاویٰ رضویہ' جلد ۲۹' صفحہ ۴۰۹' مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن لاہور)

دوسرے مقام پر لکھا ہے؛

''علم غیب ذاتی کہ اپنی ذات سے بے کسی کے دیئے ہوئے اللہ عزوجل کیلئے خاص ہے''۔

اس کے بعد تیسرے مقام پر فرمایا؛

''اور اللہ کے بتائے سے انبیاء کو معلوم ہونا ضرورت دین سے ہے''

(فتاویٰ رضویہ' جلد ۲۹' صفحہ ۹۲' مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن لاہور)

اپنی ایک اور تصنیف میں لکھا ہے؛

marfat.com

"اللہ عزوجل ہی عالم بالذات ہے بے اس کے بتائے ایک حرف کوئی نہیں جان سکتا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور دیگر انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کو اللہ عزوجل نے اپنے بعض غیوب کا علم دیا ہے"۔ (خالص الاعتقاد، صفحہ ۶، مطبوعہ نوری کتب خانہ لاہور)

ایک اور مقام پر لکھا ہے؛

"علم جبکہ مطلق بولا جائے خصوصاً جب کہ غیب کی طرف مضاف ہو تو اس سے مراد علم ذاتی ہوتا ہے اس کی تشریح حاشیہ کشاف پر میر سید شریفؒ نے کردی ہے۔ اور یہ یقیناً حق ہے کوئی شخص کسی مخلوق کے لئے ایک ذرہ کا بھی علم ذاتی مانے یقیناً کافر ہے۔" (الملفوظات، جلد ۳، صفحہ ۴۶، مطبوعہ نوری کتب خانہ لاہور)

الدولتہ المکیہ بالمادۃ الغیبیہ جو اسی موضوع کے ساتھ مختص تحریر ہے کے اندر علم کلام اور اصول دین کی روشنی میں اس مسئلہ کی وقیع تحقیق پیش کرنے کے بعد خلاصۃ الکلام بعد التفصیل کے طور پر لکھا ہے؛

"فَثَبَتَ اَنَّ الْعِلْمَ الَّذِیْ یَسْتَاهَلُ الْاِخْتِصَاصَ بِهٖ تَعَالٰی لَیْسَ اِلَّا الْعِلْمَ الذَّاتِیَّ، وَالْعِلْمَ الْمُطْلَقَ التَّفْصِیْلِیَّ الْمُحِیْطَ بِجَمِیْعِ الْمَعْلُوْمَاتِ الْاِلٰهِیَّةِ بِالْاِسْتِغْرَاقِ الْحَقِیْقِیِّ"

جس کا مفہوم یہ ہے کہ پس ثابت ہوا کہ جو علم اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہونے کے قابل ہے وہ صرف وہی ہے جو ذاتی ہے یعنی اس کی ذات کے تقاضا سے ہے کسی اور سبب سے نہیں ہے۔ نیز یہ کہ العلم المطلق التفصیلی ہے جو حقیقی استغراق کے طور پر اللہ تعالیٰ کے تمام معلومات کو محیط ہے۔ العلم المطلق ہونے کا مطلب یہ ہے کہ ایسے

marfat.com

عموم وشیوع کا حامل ہے جس میں ایجاب کلی کے سوا کسی اور قضیہ کا امکان ہی نہیں ہے جبکہ ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین کا علم ایسا ہرگز نہیں بلکہ مطلق العلم ہے جس میں موجبہ جزئیہ اور سالبہ جزئیہ دونوں صادق آسکتے ہیں۔ جو اللہ تعالیٰ کے لئے محال و ناممکن اور غیر اللہ کیلئے ممکن ہے۔ تفصیلی کا مطلب یہ کہ اس کا ایک ایک متعلق ومعلوم ہر اعتبار سے جملہ ماعدا سے ایسا ممتاز ونکھرا ہوا ہے کہ جس میں کسی قسم کا خفا ممکن نہیں ہے۔ المحیط بجمیع معلومات اللہ کا مطلب یہ ہے کہ ہر ہر آن ولحظہ میں ایک ایک معلوم اور اس کے متعلقہ جملہ جہات وحیثیات غیر متناہیہ پر مشتمل ہے۔ جو غیر متناہی در غیر متناہی بالفعل فی علم اللہ ہیں۔ اور حقیقی استغراق کا مطلب یہ ہے کہ یہاں پر استغراق عرفی یا اِدّعائی کا امکان نہیں ہے بلکہ واقعیت پر مبنی ہے۔

(الدولۃ المکیہ بالمادۃ الغیبیہ، صفحہ ۴۶)

اس کے چند سطر بعد لکھا ہے:

"وَقَدْ تَبَیَّنَ لَکَ اَنَّ کُلَّ مَاذَکَرْنَا اٰنِفاً ثَابِتٌ مِنَ الدِّیْنِ ضَرُوْرَۃً بِحَیْثُ اَنَّ مَنْ اَنْکَرَ شَیْأً مِنْہُ فَقَدْ اَنْکَرَ الدِّیْنَ وَفَارَقَ جَمَاعَۃَ الْمُسْلِمِیْنَ"

جس کا مفہوم یہ ہے کہ ہمارے سابقہ بیان سے واضح ہوا کہ یہ سب ضرورت دینی کے طور پر ثابت ہے کہ جس نے بھی اس کے کسی حصہ کا انکار کیا تو دین سے منحرف ہوا اور جماعت المسلمین سے جدا ہوا۔ (الدولۃ المکیۃ بالمادۃ الغیبیہ، صفحہ ۴۷)

مذہبی عصبیت سے آزاد ذہن سے ان تصریحات پر غور کرنے والے انسان کو ان میں اور ہماری تحقیق میں انداز کلام کے سوا اور کوئی فرق نظر نہیں آئے گا۔ کیونکہ حضرت ابن

marfat.com

عابدین اور امام احمد رضا خان نور اللہ مرقدہما نے مصدر کے اعتبار سے علم ذاتی کو اور متعلق کے اعتبار سے علم الغیب المطلق المحیط کو اور کل معلومات وغیوب کو استغراق حقیقی کے طور پر شامل جس لا متناہی علم کو اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ قرار دیا ہے اس کا لغت ومحاورہ کی زبان میں کوئی وجود ہی نہیں ہے' مسبب الاسباب وحدہ لاشریک کے کارخانہ قدرت کے اس پورے نظام اسباب میں کہیں نظر ہی نہیں آرہا اور کسی سبب کے ساتھ مربوط مسبب ہونے' کسی علت کے ساتھ مربوط معلول ہونے یا کسی دلیل کے مدلول ہونے کی کوئی پہچان ہی نہیں ہے۔ ایسے میں اس کو علم غیب کا شرعی مفہوم اور شریعت مقدسہ کی مخصوص زبان نہ کہے تو اور کیا کہے؟ لغت ومحاورہ میں استعمال ہونے والے جملہ علوم کے مفاہیم ثلاثہ یعنی علم الشہادۃ' علم الغیب اور علم استدلالی سے ماوراء اس علم کی حقیقت جدا ہونے کا فطری تقاضا بھی یہی ہے کہ اس کا عنوان و پہچان بھی ان تینوں سے جدا ہو' وہ وہی ہے جس کو ہم نے علم غیب کے شرعی مفہوم سے تعبیر کیا ہے۔

☆☆☆☆☆☆

marfat.com

# علم غیب کا شرعی مفہوم اور متکلمین اسلام

مفسرین کرام اور فقہاء کرام کی نظر میں علم غیب کے شرعی مفہوم کا اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ ہونے کی ان تصریحات کے علاوہ متکلمین اسلام کے ذخیرہ کتب سے بھی اس کا ثبوت ملتا ہے۔ شرح عقائد میں ہے؛

''وَبِالْجُمْلَةِ الْعِلْمُ بِالْغَيْبِ اَمْرٌ تَفَرَّدَ بِهِ اللّٰهُ تَعَالٰى لَا سَبِيْلَ لِلْعِبَادِ اِلَيْهِ اِلَّا بِاِعْلَامٍ مِنْهُ تَعَالٰى اَوْاِلْهَامٍ بَطَرِيْقِ الْمُعْجِزَةِ اَوِالْكَرَامَةِ اَوْاِرْشَادٍ اِلَى الْاِسْتِدْلَالِ بِالْاَمَارَاتِ فِيْمَا يُمْكِنُ ذَالِكَ فِيْهِ''

اس کا مفہوم یہ ہے کہ حاصل کلام یہ کہ علم غیب صرف اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ ہے بندوں کیلئے اس کو جاننے کی سوائے اس کے اور کوئی سبیل نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کا اظہار کرے۔ جیسے معجزہ کے طور پر نبی کیلئے ہوتا ہے یا الہام کرے جیسے کرامت کے طور پر اولیاء اللہ کے لئے ہوتا ہے یا اسباب وعلامات سے استدلال کرنے کی توفیق دے۔ جیسے فی الجملہ غیب کو جاننے کیلئے ممکنہ سبھی صورتوں میں ہوتا ہے۔

(شرح عقائد، صفحہ ۲۰۶، مع جامع التقاریر، مطبوعہ مصر)

مذہبی عصبیت کی تقلید جامد سے پاک دل ودماغ سے دیکھا جائے تو ہماری مذکورہ تحقیق کو شرح عقائد کی اس مختصر عبارت کی شرح وتوضیح قرار دیئے بغیر نہیں رہا جا سکتا کیونکہ

marfat.com

اس میں علم غیب کو اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ قرار دینے کے بعد مخلوق کیلئے اس کی کچھ جھلک پانے کی تین صورتیں بیان کی ہیں۔

اول یہ کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اظہار و اعلام ہو۔

دوم یہ کہ الہام ہو۔

سوم یہ کہ فی الجملہ غیب کو جاننے کیلئے منجانب اللہ مقررہ اسباب وعلامات سے استدلال کی توفیق ہو۔

ان میں سے اول کو نبی کیلئے معجزہ کہا' دوم کو اولیاء اللہ کیلئے کرامت کہا جبکہ تیسرے کو ممکنہ سبھی صورتوں کے ساتھ مختص قرار دیا۔

جس کی تفصیل و تجزیہ کر کے دیکھنے سے نجوم شناسی سے لیکر کہانت تک بتائی ہوئی جو خبریں درست واقع ہوتی ہیں۔ اور نہ سہی ایک فیصد درست ہونے کا اتا پتا تو حدیث نبوی ﷺ سے بھی مفہوم ہو رہا ہے۔ شرح عقائد کی اس عبارت پر غور کرنے والے اہل انصاف یہ بھی جانتے ہیں کہ "اِلَّا بِاِعْلَامٍ مِنْهُ تَعَالٰی" سے لیکر "فِیْمَا یُمْکِنُ ذٰلِكَ فِیْهِ" تک یہ تینوں ذرائع علم غیب کے اُس مفہوم کے مقابلہ میں ذکر کئے گئے ہیں جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہے۔

اہل انصاف یہ بھی جانتے ہیں کہ جیسے اللہ تعالیٰ کی ذات ہر سبب وعلت سے ماوراء ہے ویسے ہی اُس کی صفت علم بھی کسی سبب کے ساتھ مربوط یا کسی دلیل کے مدلول اور کسی علت کے معلول ہونے سے ماوراء ہے۔ علم غیب کو اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ کہنے کا مقصد اس کے سوا اور کچھ نہیں ہے کہ یہ تخصیصی مفہوم صرف شریعت کی زبان میں ہے، قرآن وسنت

marfat.com

کے جن نصوص میں علم غیب کو اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ بتایا گیا ہے ان سے مراد یہی شرعی مفہوم ہے جس کے لوازمات میں صدُور کے اعتبار سے ذاتیت یعنی مقتضائے ذات اور غیر مستفاد عن الغیر ہونا ہے، متعلق کے اعتبار سے ازلیت وابدیت یعنی لا بدایت ولا نہایت اور غیر متناہی ہونا شامل ہیں۔ جبکہ اسکے مقابلہ میں مذکورہ تینوں ذرائع اللہ تعالیٰ کی اس خصوصی صفت کے کچھ عکوس وجھلکیوں کے پانے کے مختلف اسباب ہیں۔

جن میں سے اول الذکر یعنی اللہ تعالی کی طرف سے اعلام کی مخصوص صورتیں وحی، اظہار واطلاع اور تعلیم اللہ کی شکل میں ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کے حق میں علم غیب کے اسباب ہیں جس میں ان مقدس ہستیوں کے ساتھ کسی اور کے شریک ہونے کا امکان نہیں ہے۔

ثانی الذکر یعنی اللہ تعالی کی طرف سے الہام اولیاء اللہ کے حق میں علم غیب کو پانے کے لئے مخصوص سبب ہے۔ جس میں غیر اولیاء اللہ کا ان کے ساتھ شریک ہونے کا امکان نہیں ہے۔

ثالث الذکر یعنی علامات واسباب سے استدلال کرنے کے مختلف انداز عام لوگوں کے لئے اسباب علم ہیں۔ چاہے خبر صادق کی شکل میں ہو یا سبب ومسبب کے باہمی ارتباط کی شکل میں بہر تقدیر اس تیسرے سبب کے عموم میں تنجیم، کہانت، سحر، خواب، تعبیر خواب، طبائع شناسی، قیافہ شناسی، حدس، تجربہ، فراست، مخصوص ریاضت وعملیات، مخصوص چلہ کشی یا مخصوص امراض جیسے درجنوں اسباب شامل ہیں جن پر بطور سبب ومسبب مرتب ہونے والے انکشافات غیبیہ کی صداقت سے علی الاطلاق انکار کرنا حقائق سے منہ چھپانے کے

marfat.com

مترادف ہے، زمینی حقائق سے چشم پوشی ہے اور اللہ تعالیٰ کے نظام مشیت کے مطابق مقررہ اسباب تکوین سے انحراف ہے۔ انکشافات غیبیہ کیلئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے نظام تکوین کے مطابق مقررہ اسباب کی یہ فہرست اُن اسباب سے کم ہے جو ابھی تک تقدیر کے راز کے طور پر انسانوں سے پوشیدہ ہیں جو اپنے اپنے اوقات میں ظاہر ہو جائیں گے کیونکہ ''کُلُّ الْاُمُوْرِ مَرْهُوْنٌ بِاَوْقَاتِهَا'' تقدیر کے ہر راز کے ظاہر ہونے کا وقت ہوتا ہے۔ غیبی انکشافات کیلئے خالق کائنات جل جلالہ کی طرف سے مقررہ ان اسباب میں سے جس کے ذریعہ سے بھی کسی غیب کا انکشاف ہو جائے تو اسے لغوی مفہوم کے اعتبار سے علم غیب کہا جا سکتا ہے جبکہ شرعی مفہوم کے اعتبار سے ہرگز نہیں کہا جا سکتا کیونکہ یہ حاصل بالاسباب ہے جبکہ علم غیب کا شرعی مفہوم اسباب سے ماوراء ہے۔ نکتہ تفریق کے اس زاویہ نگاہ کی بنیاد پر ذوات قدسیہ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کو سبب وحی واظہار اور اولیاء اللہ کو سبب الہام جیسے عطیہ الٰہی سے حاصل ہونے والے علوم غیبیہ کو بھی محض لغوی مفہوم کے اعتبار سے علم غیب کہنا ممکن ہے ورنہ شرعی مفہوم میں اس کا امکان ہرگز نہیں ہے۔ کیونکہ علم غیب کا شرعی مفہوم کسی سبب کے مسبب ہونے سے ماوراء، کسی دلیل کے مدلول ہونے سے معرّیٰ اور کسی علت کے معلول ہونے سے برعکس ہے۔ جیسے اللہ کے فرمان؛ ''وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ'' کو نظام شمسی کے اس عجیب کارخانہ قدرت پر بطور برہان لمی بیان کرنے سے ظاہر ہو رہا ہے۔

## شرح عقائد پڑھنے اور پڑھانے والوں کی خصوصی توجہ کے لئے

العقائد کی مذکورہ عبارت یعنی ''وَبِالْجُمْلَةِ الْعِلْمُ بِالْغَيْبِ اَمْرٌ تَفَرَّدَ بِهِ

marfat.com

تَعَالٰی لَا سَبِیْلَ لِلْعِبَادِ اِلَیْہِ اِلَّا بِاِعْلَامٍ مِنْہُ تَعَالٰی اَوْاِلْہَامٍ بِطَرِیْقِ الْمُعْجِزَۃِ اَوِالْکَرَامَۃِ اَوْاِرْشَادٍ اِلَی الْاِسْتِدْلَالِ بِالْاَمَارَاتِ فِیْمَا یُمْکِنُ ذٰلِکَ فِیْہِ ''علم کی خاص قسم یعنی علم غیب سے متعلق ہے جبکہ العقائد کے شروع میں جو کہا ہے؛

''وَاَسْبَابُ الْعِلْمِ لِلْخَلْقِ ثَلَاثَۃٌ اَلْحَوَاسُ السَّلِیْمَۃُ وَالْخَبَرُ الصَّادِقُ وَالْعَقْلُ'' یہ مطلق علم کے اسباب سے متعلق ہے۔

اہل علم جانتے ہیں کہ مقید کا وجود مطلق کے بغیر ناممکن ہے لہٰذا کسی بھی مخلوق کا علم چاہے شہادت کا ہو یا غیب کا اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقررہ اسباب کے بغیر ممکن نہیں ہے۔ یہاں پر العقائد کے ان دو مقامات کو ملا کر پڑھنے یا بیک وقت دونوں کو پیش نظر رکھنے میں شرح عقائد پڑھنے اور پڑھانے والے حضرات کو خصوصی رہنمائی مل سکتی ہے۔جس کا خلاصہ اس طرح ہے کہ علم وفہم کی صلاحیت والی خلائق کے مطلق علم کیلئے ان کے مختلف طبقات کی خصوصیت سے قطع نظر بنیادی اسباب یہی تین چیزیں ہیں۔جن میں سے حواس خمسہ محسوسات کے ظاہری احوال وکیفیات اور آثار وامتیازات کو جاننے کے اسباب ہیں کہ ان کے بغیر کسی بھی محسوس چیز سے متعلق کسی بھی اعتبار سے علم حاصل نہیں ہوسکتا جبکہ خبر صادق اور عقل بواسطہ حواس محسوسات ومشاہدات کے ظاہری احوال کے علم کے لئے سبب ہونے کیساتھ معنویات ومعقولات سے لیکر مشاہدات کے پوشیدہ رموز واسرار اور امور غیبیہ کے علم کیلئے بھی اسباب ہیں جس کے بغیر استدلالی علم کا وجود ممکن نہیں ہے۔ گویا العقائد اور شرح عقائد کے اس پہلے مقام میں جو اسباب علم بیان ہوئے ہیں، اس میں دو طرح کے عموم واطلاق ہے۔

marfat.com

ایک متعلقِ علم کے اعتبار سے کہ ان اسباب کے مسبب علم میں کوئی قید و تخصیص نہیں ہے بلکہ یہ علم شہادۃ و علم غیب دونوں کو شامل ہے اور علم بدیہی و علم استدلالی دونوں اس کے افراد ہیں۔

دوسرا حامل علم کے اعتبار سے کہ اہل علم کے مختلف طبقات کی خصوصیات سے قطع نظر ہے۔ جبکہ دوسرے مقام کی مذکورہ عبارت میں تخصیص ہی تخصیص ہے کہ اس کا تعلق صرف اور صرف علم غیب سے ہے علم شہادت سے نہیں نیز یہ کہ علم غیب کے حاملین کے مختلف طبقات کی بھی تخصیص ہے۔ جس کے مطابق اعلام منجانب اللہ کی وحی، اظہار، اطلاع اور تعلیم اللہ والی یہ تمام صورتیں صرف ذوات قدسیہ انبیاء و مرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کے علم غیب کے اسباب ہیں جن میں کسی اور کا ان کے ساتھ شریک ہونے کا امکان نہیں ہے۔ اسی طرح الہام صرف اولیاء اللہ کی ذوات قدسیہ کے علم غیب کے ساتھ مختص سبب ہے جس میں اولیاء اللہ کے ماسوا کا کوئی حصہ نہیں ہے۔ جبکہ تیسرا سبب یعنی "اَوْاِرْشَادٍ اِلَی الْاِسْتِدْلَالِ بِالْاَمَارَاتِ فِیْمَا یُمْکِنُ ذَالِکَ فِیْہِ" کا جو مدلول ہے یہ خبر صادق اور عقل کے عمومی اسباب سے لے کر ہر صاحب کمال و ہنر کے اندر موجود ان تمام خصوصی اسباب کو شامل ہے جس کی مختصر فہرست گزشتہ صفحات میں ہم بیان کر آئے ہیں۔ ان سب میں چونکہ غیبی انکشافات پر اسباب و علامات اور دلائل و علل سے کسی انداز کا استدلال ضرور ہوتا ہے جس کو پیش نظر رکھ کر اسے علم استدلالی کہا گیا ہے اور اسباب و مسبب کے اس ارتباطی نظام کا خالق چونکہ اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی نہیں ہے۔ جس وجہ سے اس کو "اَوْاِرْشَادٍ اِلَی الْاِسْتِدْلَالِ" کہہ کر اللہ تعالیٰ کی رہنمائی اور اس کی طرف سے مقررہ نظام اسباب کا حصہ قرار دیا گیا ہے۔

marfat.com

جو خلائق کیلئے لغوی مفہوم میں علم غیب کے حوالہ سے دنیا کے معروضی حالات کے مطابق ہونے کے ساتھ عالَم اسباب کے فطری تقاضوں کے بھی مطابق ہے۔ العقائد اور شرح عقائد کے ان دونوں مقامات کو ملا کر پڑھنے میں جہاں شرح عقائد پڑھنے اور پڑھانے والے حضرات کو خصوصی رہنمائی میسر ہوسکتی ہے وہاں علم غیب کا مسئلہ بھی اپنے تمام زاویوں کے ساتھ بے غبار ہو جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کیلئے ہر علم علی الاطلاق جملہ اسباب سے ماوراء ہے لہٰذا اس کا علم غیب بھی جملہ اسباب سے ماوراء ہونے کی بناء پر اسی کی صفت مختصہ ہے جس کا کوئی حصہ کسی بھی وقت اسباب کے حصار میں محصور کسی بھی غیر اللہ کے لئے ممکن نہیں ہوسکتا چاہے ملک مقرب و نبی مرسل ہی کیوں نہ ہو۔ جبکہ مخلوق میں ذوات قدسیہ انبیاء و مرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کو اپنی اس صفت مختصہ کے کچھ عکوس و جھلکیوں سے نوازنے کیلئے وحی، اطلاع، اظہار اور تعلیم جیسے اعلام کا خصوصی سبب مقرر کیا ہے اور اولیاء اللہ کو نوازنے کیلئے الہام کا مخصوص سبب جاری کیا ہوا ہے اور ان کے ماسوا دوسرے اصحاب کمال و ہنر کیلئے ان کے مناسب حال اسباب کا جال بچھایا ہوا ہے جن کا مظہر اتم عقل کے سوا اور کوئی شے نہیں ہے کہ استدلالی علم کی صورت میں سب کی تمیز کرنے کا شرف اسی کو حاصل ہے۔ شرح عقائد کے ان دونوں مقامات کو پیش نظر رکھنے والے کس شخص کو مطلق علم غیب کے لغوی مفہوم کا خاصۃ العباد اور شرعی مفہوم کا خاصۃ اللہ ہونے میں شک ہوسکتا ہے۔ (حاشا وکلا) ایسا ہرگز نہیں ہے۔ (فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ اَوَّلاً وَآخِراً ظَاهِراً وَبَاطِناً)

ہماری اس تحقیق کی بنیاد المواقف اور شرح مواقف میں بھی موجود ہے، مواقف میں اس طرح کہ اس میں عضد الملت والدین نے فلاسفہ کی طرف سے نبوت کیلئے اطلاع

marfat.com

علی المغیبات کی امتیازی شرط کیساتھ اختلاف کرتے ہوئے لکھا ہے کہ:

''اِذِالْاِطْلَاعُ عَلٰی جَمِیْعِ الْمُغَیْبَاتِ لَا یَجِبُ لِلنَّبِیِّ اِتِّفَاقًا وَالْبَعْضِ لَا یَخْتَصُّ بِہٖ''

اس کا مفہوم یہ ہے کہ مغیبات پر اطلاع نبوت کے لئے امتیازی شرط ہونا اس لئے غلط ہے کہ نبی کیلئے جمیع مغیبات پر مطلع ہونے کا عدم وجوب ہمارے اور تمہارے مابین متفقہ مسئلہ ہے اور بعض پر اطلاع نبی کے ساتھ خاص نہیں ہے تو پھر اطلاع علی المغیبات کا نبوت کے لئے امتیازی شرط ہونے کا مطلب ہی کیا رہا۔

(المواقف، صفحہ ۳۴۷، مطبوعہ دار الباز مکہ مکرمہ)

مواقف کی اس عبارت کو نظر انصاف سے دیکھنے والا کوئی شخص بھی اس کا پس منظر علم غیب کے مفہوم لغوی اور مفہوم شرعی کا امتیاز قرار دیئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ علم غیب بمعنی جمیع مغیبات کو جاننا نبی کیلئے واجب نہ ہونے کا فلسفہ اس کے سوا اور کچھ نہیں ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کیلئے واجب اور اس کی صفت مختصہ ہے، جمیع مغیبات کو عدم تناہی اور ازلیت وابدیت اور احاطہ لازم ہونے کی بناء پر نبی کیلئے ممکن ہی نہیں ہے چہ جائیکہ واجب ہو یہی چیز علم غیب کا شرعی مفہوم ہے۔

جس کو امام المتکلمین عضد الملت والدین نے نبی کیلئے غیر ضروری قرار دیا جبکہ اس کے مقابلہ میں بعض مغیبات پر مطلع ہونے کو نبی کے ماسوا اور خلائق کیلئے بھی ممکن تسلیم کر رہے ہیں تو وہ علم غیب کے لغوی مفہوم کے سوا اور کیا ہو سکتا ہے۔ اس کی شرح میں میر السید السند نے بھی ان دونوں حصوں کی ایسی تشریح کی ہے جس سے بعض مغیبات پر مطلع ہونے کا تعلق

marfat.com

لغوی مفہوم کے ساتھ ہو کر نبی کے ماسوا دوسری خلائق کیلئے بھی ثابت ہونے اور جمیع مغیبات کا تعلق شرعی مفہوم کے ساتھ ہو کر اللہ تعالیٰ کے ماسوا کسی اور کیلئے ناممکن ہونے کا اشارہ مل رہا ہے۔ (شرح مواقف، جلد ۸، صفحہ ۲۴۳، مطبوعہ بیروت)

## ﴿ثمرۃ التفصیل بعد التحقیق﴾

یہ کہ قرآن وسنت کی روشنی میں مفسرین کرام، فقہاء عظام اور متکلمین اسلام کی مذکورہ تصریحات سے مندرجہ ذیل ثمرات ظاہر ہو رہے ہیں؛

۱) یہ کہ علم غیب کا شرعی مفہوم الذاتی المحیط لجمیع المغیبات ہے، جو کسی سبب کے مسبب، کسی دلیل کے مدلول اور کسی علت کے معلول ہونے سے ماوراء ہے۔

۲) یہ کہ علم غیب کا شرعی مفہوم اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ ہونے کی بناء پر غیر اللہ کیلئے ناممکن و محال ہے چاہے ملک مقرب یا نبی مرسل ہی کیوں نہ ہو، اسی مفہوم کی تعبیر بعض اسلاف نے علم الغیب المطلق سے کی ہے بعض نے العلم المحیط سے، بعض نے علم تفصیلی سے، بعض نے علم غیب ابتدائی اور مستقل سے جبکہ بعض نے کچھ زیادہ اوصاف اس کے ذکر کئے ہیں اور بعض نے اجمال سے کام لے کر ایک دو پر اکتفا کیا ہے بہر حال اس سے اصل حقیقت نہیں بدلتی۔ جس نے جس وصف کے ساتھ بھی اس کا تعارف کرایا ہے۔ مذکورہ شرعی مفہوم کو پیش نظر رکھ کر ہی کیا ہے اور اسی کو اللہ تعالیٰ کیلئے صفت مختصہ ہونے کا عقیدہ ظاہر کیا ہے۔ (فَجَزَاہُ اللّٰہُ خَیْرَ الْجَزَاءِ) اور اسی کو ازلیت ابدیت اور عدم تناہی لازم ہے، جس میں کسی قسم کی کمی و بیشی اور تغیر ناممکن و محال ہے اور غیر اللہ سے علم غیب کی نفی سے متعلقہ تمام نصوص کا واحد

marfat.com

مصداق ومظہر بھی یہی ہے۔

۳) یہ کہ ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کے لئے ثابت جس علم غیب عطائی پر اسلامی عقیدہ ضروریات دین کے قبیلہ سے ہے اس سے لے کر اولیاء اللہ کیلئے علم غیب کے ثبوت کے ساتھ ضرورت مذہبی والا عقیدہ تک اور کچھ خوابوں کے ذریعہ حاصل ہونے والے انکشافات غیبیہ سے لے کر ان تمام ثبوتی واقعات تک جن میں غیر اللہ کیلئے غیبی انکشافات امر واقع ہیں۔ یہ سب کے سب علم غیب کے لغوی مفہوم کے مطابق ہیں ان میں سے کسی ایک کے اندر بھی علم غیب کے شرعی مفہوم کا تصور نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ یہ سب کے سب کسی سبب کے مسبب، کسی دلیل کے مدلول اور کسی علت کے معلول ہونے سے خالی نہیں ہیں جبکہ علم غیب کا شرعی مفہوم ایسا نہیں ہے۔

۴) یہ کہ ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کو جن مغیبات پر منجانب اللہ مطلع و مظہر کیا جاتا ہے اس میں اعلام اللہ والے سبب کے ماتحت وحی، اظہار، اطلاع اور تعلیم اللہ جیسے جملہ اسباب ان ہی کے ساتھ مختص ہیں جس میں ان نفوس قدسیہ کے ساتھ کسی اور کے شریک ہونے کا امکان نہیں ہے۔ کیونکہ ان اسباب کے مطابق حاصل ہونیوالے علم غیب کا ان پر مرتب ومربوط ہونیکا مدار اہلیت پر ہے۔ جو اللہ کے فرمان ''اَللّٰهُ اَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهٗ'' جیسے نصوص کا واضح مدلول ہے اور اہلیت کا یہ کمال ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کے ماسوا کسی اور میں نہیں ہے لہٰذا علم غیب کے یہ مخصوص اسباب بھی ان کے سوا کسی اور کیلئے نہیں ہیں۔

۵) یہ کہ اولیاء امت کو جن علوم غیبیہ کا انکشاف منجانب اللہ الہام کے سبب سے ہوتا ہے۔

marfat.com

یہ سبب بھی ان ہی کے ساتھ مختص ہے کیونکہ اس کی اہلیت نبی کی کامل تابعداری اور اُسوہ حسنہ سید الانام ﷺ کی عملی پیروی کی مرہون منت ہے کہ جس ولی اللہ نے اپنی عملی زندگی کو جس شرح تناسب سے اسوہ حسنہ سید المرسلین ﷺ کے سانچہ میں ڈھالا، جس تناسب سے اپنی قوت فکری وعملی کی امانتوں میں امانتداری کا مظاہرہ کیا اور جس حد تک علم وعمل میں اخلاص کا کمال اپنے اندر پیدا کیا اسی شرح تناسب سے اس میں اہلیت پیدا ہوتی ہے اور اسی اہلیت کے مطابق عوالم غیبیہ سے متعلقہ الہامات سے نوازے جاتے ہیں۔ اس خصوصی سبب سے متعلق روایت میں آیا ہے؛

''مَنْ عَمِلَ بِمَا عَلِمَ وَرَثَہُ اللّٰہُ عِلْمَ مَا لَمْ یَعْلَمْ''

یعنی جس نیک بخت نے اپنے علم کیمطابق عمل کیا تو اللہ تعالیٰ اسے ان چیزوں کے علم سے بھی نوازتا ہے جن کو یہ نہیں جانتا تھا۔

(خطبات شیخ عبدالقادر جیلانی، الفتح الربانی، صفحہ ۱۸۵)

اسکے مطابق فراست، حدس اور نور بصیرت جیسے اسباب سے بھی ان پر امور غیبیہ کا انکشاف ہو جاتا ہے۔

۶) کسی بھی کمال وہنر کے سبب سے مختلف شعبہ ہائے حیات والوں کو چاہے منجم وکاہن ہی کیوں نہ ہو یا چلہ کشی وریاضت یا بیماری اور خواب ہی کیوں نہ ہو جن مغیبات کا انکشاف ہوتا ہے ان میں سے بعض کے اندر انسانی کسب وعمل کو دخل ہوتا ہے جیسے مخصوص عملیات وریاضت اور کہانت وتنجیم جیسے اسباب میں ہوتا ہے جبکہ بعض انسانی کسب وعمل سے ماوراء ہو کر خالصتاً امور تکوینیہ کے مظاہر ہوتے ہیں جیسے واقعہ کے مطابق ہونے والے خوابوں اور

marfat.com

مخصوص بیماریوں میں ہوتا ہے۔ الغرض کسی بھی سبب کے نتیجہ میں حاصل ہونے والے علم غیب کو صرف اور صرف لغوی مفہوم کے اعتبار سے علم غیب کہا جا سکتا ہے شرعی مفہوم کے اعتبار سے ہرگز نہیں۔

## ﴿دارالافتاء کے ذمہ داروں کیلئے حاصل ہونے والا سبق﴾

مفسرین کرام سے لے کر فقہاء عظام اور متکلمین اسلام کی مذکورہ تحقیقات سے جہاں علم غیب کے مختلف مفہومات ومتعدد اقسام معلوم ہو رہے ہیں۔ وہاں مسلم معاشرہ کے مذہبی مسائل میں رہنمائی کرنے والے دارالافتاء کے ذمہ دار حضرات کو بھی احتیاط کا سبق مل رہا ہے کہ جب بھی کسی غیر اللہ کیلئے علم غیب کا اثبات کر کے ''فلان یعلم الغیب'' کہنے کا مسئلہ درپیش ہو جائے یا کوئی مدعی اسلام کسی مسئلہ سے متعلق علم غیب کا دعویٰ کرے تو مفتیان کرام کو اس پر فتویٰ کفر جاری کرنے کی بجائے تحقیق کرنا ضروری ہے کہ مسئلہ علم غیب کے کس مفہوم سے متعلق ہے۔ بعد التفتیش اگر سو فیصد یقین ہو جائے کہ یہ علم غیب کے شرعی مفہوم سے متعلق ہے اور کسی کنایہ و تاویل سے ماوراء صریح قول وعمل میں اللہ تعالیٰ کی اس صفت مختصہ کو غیر اللہ کیلئے ثابت کیا جا رہا ہے تب التزام کفر کا فتویٰ جاری کرنا ان پر واجب ہو جاتا ہے ورنہ گنہگار ہونگے اور اگر غیر اللہ کے لئے علم غیب کے اس شرعی مفہوم کو ثابت کرنیوالے شخص کے کفر میں شک کی بناء پر فتویٰ جاری کرنے میں تاخیر کر رہے ہوں تو خود ملتزم کفر قرار پائیں گے کیونکہ اس کا ''مَنْ شَكَّ فِيْ كُفْرِهٖ وَعَذَابِهٖ فَقَدْ كَفَرَ'' کے مشہور اسلامی اصول کے تحت آنے میں شک نہیں ہے۔ اور بعد التفتیش اگر معلوم ہو جائے

marfat.com

کہ مسئلہ علم غیب کے لغوی مفہوم سے متعلق ہے تو پھر اس کی اقسام میں سے کسی خاص قسم کی تعیین سے متعلق تفتیش کرنا بھی دارالافتاء کی مسئولیت ہے، خاص قسم معلوم ہو جانے کے بعد اس کے متعلق جوازی فتویٰ کی نوعیت کو ظاہر کرنے کیلئے بھی فقاہت درکار ہے۔ مثال کے طور پر کوئی باعمل عالم دین جس کو علم غیب کے لغوی اور شرعی مفہوم کی پہچان ہے اور باسبب و بے سبب علم کی تفریق ہے اور خاصۃ اللہ و خاصۃ العباد کی تمیز ہے علماء کی محفل میں ''نَبِيُّنَا ﷺ يَعْلَمُ الْغَيْبَ'' کہے جس میں اس کو کسی قسم کے مغالطہ لگنے کا اندیشہ ہے نہ اس کے سامعین کو تو اس کے متعلق فتویٰ کی نوعیت محض جوازی ہوگی جس میں نبی اکرم ﷺ کو حاصل ہونے والے علم غیب کی نوعیت کہ وہ لغوی ہے اور اس کا سبب کہ اللہ تعالیٰ کی عطاء بصورت وحی و اظہار یا بصورت اطلاع و تعلیم ہے کو ظاہر کرنا بھی مفتیان کرام کی مسئولیت میں شامل ہے اس کے سوا اور کچھ نہیں اور اگر اس کے برعکس کوئی کسبی و جاہل نعت خوان اپنے جیسے جہلاء کے مجمع میں ایسا کہے جس کو علم غیب کے لغوی و شرعی مفہوم کی پہچان نہیں۔ خاصۃ اللہ و خاصۃ العباد کی تفریق نہیں، باسبب و بے سبب علم کی تمیز نہیں اور ''لِكُلِّ مَقَالٍ مَقَامٌ'' کے فطری اصول کا خیال نہیں، عوامی اجتماع میں ایسا کہہ دے تو اس کے متعلق محض عدم تکفیر کا فتویٰ جاری کرنا مقتضائے فقاہت ہرگز نہیں ہوگا بلکہ عدم تکفیر کے فتویٰ کے ساتھ اس بے باک و غافل کو تنبیہ کرنا بھی ضروری ہوگا کہ نبی اکرم رحمت عالم ﷺ کیلئے علم غیب کے حصول کیلئے مخصوص اسباب کو ذکر کئے بغیر علی الاطلاق ایسا کہنا نہ جہلاء کیلئے جائز ہے، نہ جہلاء کے ماحول میں کیونکہ کسی بات کا جائز ہونا یا ناجائز ہونا شریعت کے مسائل میں شمار ہیں لغت کے نہیں جبکہ شریعت کی زبان میں علم غیب کا مفہوم اللہ تعالیٰ کی صفت خاصہ ہے۔ ایسے میں

marfat.com

علم غیب کو علی الاطلاق غیر اللہ کی طرف نسبت کرنے سے ناواقف حال لوگوں کا ذہن اس کے شرعی مفہوم کی طرف جائے گا جو ناجائز ہے۔ جبکہ فقہاء کرام نے بیک آواز ایسے استعمالات کو ناجائز قرار دیا ہے۔ جیسے فتاویٰ ردالمحتار میں ہے:

''مُجَرَّدُ اِیْهَامِ الْمَعْنَی الْمُحَالِ کَافٍ فِی الْمَنْعِ

جس کا مفہوم یہ ہے کہ کسی کلام کے ناجائز وممنوع ہونے کیلئے اس کا کسی ناجائز کے موہم ہونا ہی کافی ہے۔ (فتاویٰ ردالمحتار، جلد ۵، صفحہ ۲۵۳، مطبوعہ بیروت)

فقہاء کرام اسلام کے اس اُصول کو سورۃ بقرہ کی آیت کریمہ ''یَااَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوْا انْظُرْنَا'' کے مضمون سے اور کچھ احادیث نبویہ کے مضمون سے اخذ کیا ہے۔ مثال کے طور پر:

اللہ کے حبیب ﷺ ایک دفعہ شادی کے موقع پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہ کے طبقہ انصار کی کچھ بچیوں کو اپنی تعریف میں ''وَفِیْنَا نَبِیٌّ یَعْلَمُ مَا فِیْ غَدٍ'' کہتے ہوئے سنا تو منع فرمایا۔ حالانکہ لغوی مفہوم میں اس کا مضمون درست ہے عدمِ جواز کی کوئی صورت نہیں ہے اس کے باوجود منع فرمانے کا فلسفہ محدثین کرام نے یہ بیان فرمایا ہے کہ نبی کے علم غیب جاننے کے لئے مخصوص اسباب ودلائل کے بغیر مطلقاً ایسا کہنے سے اس کے شرعی مفہوم کا وہمہ ہوسکتا ہے۔

مقام عبرت ہے کہ جب علم غیب کے لغوی اور شرعی مفہوم اور ان کے جداجدا تقاضوں کی تمیز کرنے والے مفتیان کرام کو اس احتیاطی تفتیش وتمیز کے بغیر کوئی فتویٰ صادر کرنا جائز نہیں ہے تو پھر اس حقیقت سے ناآشنا حضرات کا کہیں بھی غیر اللہ کی طرف علم غیب کی نسبت کو دیکھ کر تکفیری فتویٰ صادر کرنا دارالافتاء کے ساتھ ناانصافی کے ساتھ التباس

marfat.com

الحق بالباطل کے ظلم عظیم سے بھی خالی نہیں ہوگا۔ اللہ کے احکام کو کھیل وتماشا بنانے سے مختلف نہیں ہوگا اور فرمان نبوی ﷺ ”فَضَلُّوْا وَاَضَلُّوْا“ کی وعید وتہدید سے بھی محفوظ نہیں ہوگا۔ (اعاذنا اللّٰہُ مِنْہُ)

☆☆☆☆☆☆

marfat.com

# ﴿ایک اہم سوال اور اس کا جواب﴾

علم غیب کے حوالہ سے اس تحقیق کو پڑھنے والے ہر قاری کے ذہن میں یہ سوال پیدا ہوسکتا ہے کہ جب علم غیب کا شرعی مفہوم یعنی علم الغیب المطلق التفصیلی المحیط غیر متناہی، ماوراء الاسباب والدلائل اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ قرار پایا۔ تو پھر اس کے متعلقہ کسی ایک چیز کا بھی اس طرح کا علم غیر اللہ کیلئے ناممکن ومحال قرار پاتا ہے۔ ایسے میں سورۃ لقمان کی آخری آیت میں صرف پانچ چیزوں سے غیر اللہ کے علم غیب کی نفی کرنے کا کیا فلسفہ ہوسکتا ہے جبکہ بظاہر اس تخصیص کی کوئی وجہ معلوم نہیں ہورہی۔

اس کا جواب دو طرح سے دیا جاسکتا ہے ایک اس آیت کریمہ کی مشہور ومتداول تفسیر کے مطابق اور دوسرا حقیقی تفسیر کی روشنی میں۔ مشہور تفسیر کے مطابق یہ ہے کہ شریعت مقدسہ کی زبان میں علم غیب کا مفہوم اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ ہونے کی بناء پر اس کے کسی بھی متعلقہ جزئیہ کا غیر اللہ کیلئے ثبوت ناممکن ومحال ہونے کے باوجود خاص طور پر ان پانچ چیزوں کے علم کی غیر اللہ سے نفی کرنے کا فلسفہ یہ ہے کہ قرآن شریف کے نازل ہونے کے زمانہ میں دیارِ عرب کے اندر نجومی وکاہن اور یہود ونصاریٰ کے غیر معیاری مشائخ جو بنام ربانی و رھبان موجود تھے وہ اپنے اپنے ماحول میں ان چیزوں کے علم کا دعویٰ کرکے ضعیف العقیدہ عوام کو گمراہ کیا کرتے تھے جس کے متعلقہ دورِ جاہلیت کی تاریخ کو دیکھنے سے ایسا ہی نقشہ

marfat.com

معلوم ہو رہا ہے جیسے موجودہ دور کے جعلی پیروں کا ضعیف العقیدہ عوام کے ساتھ ہونے والی چالاکی وہوشیاری۔ لہٰذا ان گمراہوں پر رد کرنے اور عام لوگوں کو ان کی دجل کاریوں سے بچانے کیلئے اللہ تعالیٰ نے ان چیزوں کا علم اپنی ذات کے ساتھ مختص بتایا۔ جس کے نتیجے میں ان پانچ چیزوں سے متعلق علم کا باطل دعویٰ کرنے والے گمراہوں کے پھندے سے بچنے کی عام لوگوں کو ہدایات ملنے کے ساتھ ایک حقیقت کا انکشاف بھی ہو گیا کہ کسی اور غیب کا علم کسی مخلوق کو ہو یا نہ ہو بہر تقدیر ان پانچ چیزوں کا علم اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کیلئے ناممکن ومحال ہے۔ آیت کریمہ کی مشہور تفسیر کے مطابق تخصیص کا یہ فلسفہ تفسیر کی کچھ کتابوں کے علاوہ ماضی قریب میں برصغیر جنوبی ایشاء کے عظیم مفتی اسلام اور سب سے بڑے قرآن شناس امام احمد رضا خان نور اللہ مرقدہ الشریف کی ایک چھوٹی سی تحریر ''الصمصام'' میں بھی مختصراً لکھا ہوا موجود ہے۔

جبکہ حقیقی تفسیر کے مطابق اس آیت کریمہ میں قطعاً کوئی تخصیص ہی نہیں ہے بلکہ اس میں شرعی مفہوم کے ساتھ علم غیب المطلق کو ذات باری تعالیٰ کی صفت مختصہ بتانے کے ساتھ لغوی مفہوم میں انسانوں کیلئے ثابت ہونے کا بھی واضح اشارہ موجود ہے۔ نیز یہ کہ عوالم غیبیہ سے متعلق انسانوں کی رسائی فہم کا جو اجمالی تصور ممکن تھا اس کے مطابق کل مفاتح غیب کا ذکر ہے جس سے اللہ تعالیٰ کے ساتھ مختص علم غیب کا کوئی ایک فرد، ایک حصہ اور ایک ذرہ بھی خارج نہیں ہے۔ ایسے میں آیت کریمہ کے اندر مغیبات خمسہ کی تخصیص کا کوئی تصور ہی نہیں رہتا چہ جائیکہ اس پر سوال وارد ہو سکے۔ اس اجمال کی تفصیل کے لئے سب سے پہلے آیت کریمہ کی قابل فہم تفسیر کو سمجھنے کی ضرورت ہے جس کیلئے مندرجہ تین باتوں کو

marfat.com

پیش نظر رکھنا ضروری ہے۔

(۱) یہ کہ ہر آیت کریمہ کی عبارت النص ضرور ہوتی ہے یعنی ہر وہ مقصد جس کیلئے آیت کریمہ کو نازل کیا گیا اور بیان کیا گیا ہوتا ہے۔ اس عام اُصول کے مطابق سورۃ لقمان کی اس آخری آیت کریمہ کا بھی کوئی بنیادی مقصد ہونا چاہئے جس کی فہمائش کیلئے اس کو نازل کیا گیا ہے۔ اس حوالہ سے اس کے سیاق وسباق سے جو مفہوم معلوم ہو رہا ہے وہ اس کے سوا اور کچھ نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کو اپنی احاطہ علمی کی بے مثلیت بتانے کیساتھ انسانوں کی اپنی ذات کی طرف علی الاطلاق احتیاجی بتانے کیلئے نازل فرمایا ہے۔ پہلے وصف الوہیت میں اپنی بے مثلیت اور محتاج الیہ علی الاطلاق ہونے کو بیان کرنے کے ساتھ انسانوں کو اپنے رحم وکرم کی طرف علی الاطلاق محتاج ہونے کو بیان فرمایا اس کے بعد ہر وعدہ میں اپنی سچائی اور وعدہ کی حقانیت علی الاطلاق بتائی ہے جس کے بعد اس آخری آیت میں صفت علم کو بیان کرنے میں سابقہ روش کیوں ٹوٹے ایسے میں قرآن شریف کی اعلیٰ درجہ بلاغت کا مقتضاء یہی ہونا چاہئے کہ یہاں پر بھی مقصدِ بیان اللہ تعالیٰ کے احاطہ علمی کی بے مثلیت بتانے کے ساتھ اس کی ذات کی طرف انسانوں کی علی الاطلاق محتاجگی بتانا ہو۔

(۲) یہ کہ قرآن شریف کی سب سے مقبول اور اعلیٰ تفسیر وہ ہے جو قرآن ہی سے ہو کیونکہ "اَلْقُرْآنُ یُفَسِّرُ بَعْضُہٗ بَعْضاً" کے اُصول پر اُمت کا اجماع ہے اس کے بعد دوسرے نمبر پر مرفوع حدیث سے۔

(۳) یہ کہ زمینی حقائق کے خلاف یا قرآن شریف کے لسانی قواعد کے برخلاف یا اسلام کے کسی مسلمہ اصول کے برخلاف کسی تاویل کو درست قرار دینے کی گنجائش اسلام میں ہرگز

marfat.com

نہیں ہے چاہے اس کا قائل بڑے سے بڑا عالم دین یا عظیم سے عظیم مجتہد ہی کیوں نہ کہلاتا ہو۔

ان مسلمات کو پیش نظر رکھ کر آیت کریمہ ''اِنَّ اللّٰہَ عِنۡدَہٗ عِلۡمُ السَّاعَۃِ وَ یُنَزِّلُ الۡغَیۡثَ وَ یَعۡلَمُ مَا فِی الۡاَرۡحَامِ وَمَا تَدۡرِیۡ نَفۡسٌ مَّا ذَا تَکۡسِبُ غَدًا وَمَا تَدۡرِیۡ نَفۡسٌ بِاَیِّ اَرۡضٍ تَمُوۡتُ اِنَّ اللّٰہَ عَلِیۡمٌ خَبِیۡرٌ'' (سورۃ لقمان آیت نمبر ۳۴) پر غور کرنے سے اس آیت کریمہ کے جدا جدا تین حصے اور تین مضمون معلوم ہو رہے ہیں۔

جن میں سے اول حصہ ''اِنَّ اللّٰہَ عِنۡدَہٗ عِلۡمُ السَّاعَۃِ وَ یُنَزِّلُ الۡغَیۡثَ وَ یَعۡلَمُ مَا فِی الۡاَرۡحَامِ '' تک ہے۔ جس میں قیامت کو قائم کرنے کیساتھ اس کا علم، بارش نازل کرنے کے ساتھ اس کا علم اور مافی الارحام کا نظام قائم کرنے کے ساتھ اس کا علم شامل ہیں۔

دوسرا حصہ اس کے بعد ''وَمَا تَدۡرِیۡ نَفۡسٌ مَّا ذَا تَکۡسِبُ غَدًا وَمَا تَدۡرِیۡ نَفۡسٌ بِاَیِّ اَرۡضٍ تَمُوۡتُ '' تک ہے۔ جس میں آئندہ کل کے کمائے جانے اور کئے جانے والے عمل سے مخلوق کی قطعی بے علمی بتانے کے ساتھ جائے موت سے بھی اس کی مکمل بے علمی بتائی گئی ہے۔

جبکہ تیسرا حصہ ''اِنَّ اللّٰہَ عَلِیۡمٌ خَبِیۡرٌ'' ہے جس میں بالترتیب پہلے دونوں مضمونوں کی علت بتائی گئی ہے۔

اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ آیت کریمہ کے پہلے حصہ کے اول جزو یعنی ''اِنَّ اللّٰہَ عِنۡدَہٗ عِلۡمُ السَّاعَۃِ'' میں اُس عالم غیب کے مفتاح کا ذکر ہے جس کو عالم آخرت کہا جاتا ہے جس کے مراحل، اقسام، علل واسباب، احوال، کیفیات اتنی وسیع ولا محدود ہیں کہ

marfat.com

اس سے پہلے والے عالَم یعنی عالَم دنیا و عالَم برزخ اپنی تمام تر وسعتوں کے باوجود اس کے کسی ایک زاویہ کے بھی برابر نہیں ہو سکتے کیونکہ یہ متناہی ہیں جبکہ وہ ہر اعتبار سے غیر متناہی ہے تو متناہی کی غیر متناہی کے ساتھ کوئی نسبت ہی نہیں ہے۔ گویا آیت کریمہ کا یہ لفظ "اِنَّ اللّٰہَ عِنْدَہٗ عِلْمُ السَّاعَۃِ" عالَم آخرت کے جملہ مراحل واقسام علل و اسباب، احوال و کیفیات کے غیر متناہی جزئیات کو شامل ہے جن میں سے ہر ایک عالَم غیب اور غیب در غیب کے لامتناہی سلسلہ پر مشتمل ہے جبکہ ان سے متعلق علم الٰہی حسب الاوقات ان کے منکشف ہونے کیلئے انسانی فہم کے مطابق بمنزلہ مفتاح و چابی اور مفتاح الغیب ہے۔ جبکہ آیت کریمہ کے پہلے حصہ کے دوسرے جزو یعنی "وَ یُنَزِّلُ الْغَیْثَ" میں اُس عالَم غیب کے مفتاح کا ذکر ہے جس کو بارش برسانے کا نظام قدرت کہا جاتا ہے۔ جس میں جملہ عالَم اجسام سے لیکر عالَم نباتات، عالَم حیوان کے جملہ اقسام و انواع حشرات الارض سے لیکر چرندے و پرندے تک اور عالَم سفلی کے ذرات سے لے کر عالَم علوی کے ہر صامت و جامد تک سب شامل ہیں کیونکہ زمین کے ہر صامت و جامد اور ذرات و بخارات کو بارش کے اس نظام قدرت میں بڑا دخل ہے۔ جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا؛

"اَخْرَجَ مِنْھَا مَآءَھَا وَمَرْعٰھَا"

اسی طرح فضائی خلائق اور مختلف ہواؤں کو بھی اس میں کافی حد تک دخل ہے۔ جیسے فرمایا؛

"وَالْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا ﴿۱﴾ فَالْعٰصِفٰتِ عَصْفًا ﴿۲﴾ وَالنّٰشِرٰتِ نَشْرًا ﴿۳﴾ فَالْفٰرِقٰتِ فَرْقًا ﴿۴﴾" (سورۃ المرسلات)

نیز فرمایا؛

marfat.com

"وَفِی السَّمَاءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ" بارش کا پانی آسمان سے نازل ہو کر اس کی تقسیم کار سے قبل اس کی علت مادی وخام مال اور محرکات و پس منظر کے ان اُمور کے ساتھ نازل ہو جانے کے بعد اس کی تقسیم کار کیلئے خود کار نظام قدرت کے تحت اس کے کچھ حصوں کا مخصوص پہاڑوں پر گلیشیئر کی شکل میں اور کچھ حصوں کا چشموں اور زیر زمین سٹور کی شکل میں محفوظ ہونے کے مختلف نظامہائے قدرت کا تابع ہونا۔ جس کے متعلق ارشاد فرمایا؛

"وَمَا اَنْتُمْ لَهٗ بِخَازِنِيْنَ" (سورۃ حجر' آیت نمبر ۲۲)

پھر یہ بھی ہے کہ رحمت کے ان خزانوں سے کن اوقات میں، کتنی مقدار، کتنی خلائق کی کن کن ضروریات کو پورا کرتی ہے کتنی مقدار کس حصہ زمین کو سیراب کرتی ہے، نیز یہ کہ ندی نالوں میں اور ہموار زمینوں میں جانیوالا حصہ سے کس قدر زمینوں کی سیرابی ہوتی ہے، اس کے نتیجہ میں زمین سے کتنی پیداوار انسانوں کے لئے اور جانوروں کیلئے حاصل ہوتی ہے، کس کا نتیجہ وانجام کیا ہے اور کس کا کیا ہے، اس کا کون سا حصہ طوفانی سیلاب بن کر کتنی زمینوں، باغوں، فصلوں اور کتنے جانوروں کو بہا کر لے جاتا ہے اور کون کون سے حصے فرمان الٰہی "وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ" کے مظاہر بن جاتے ہیں۔ الغرض بارش برسانے کیلئے اس نظام قدرت کا پس منظر ہو یا پیش منظر اس جہاں کی کوئی چیز ایسی نہیں ہے جو اس کے ساتھ مربوط نہ ہو، جیسے فرمایا؛

"وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَائِنُهٗ وَمَا نُنَزِّلُهٗ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ"

(سورۃ حجر' آیت نمبر ۲۱)

گویا "وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ" کے اس معجز لفظ میں عالم جمادات سے لے کر عالم نباتات و عالم

marfat.com

حیوانات کے عالَم در عالَم اوران کے مندرجات کے جملہ مغیبات در مغیبات شامل ہیں۔ جن سے متعلقہ علم الٰہی جواس لفظ میں التزاماًمدلول ومفہوم ہورہا ہے ان تمام عوالم غیبیہ کیلئے بمنزلہ مفتاح ہے یعنی دوسرا مفتاح الغیب جس کے متعلقات کوسورۃ حجر کی مذکورہ آیت کریمہ میں خزائن اللہ سے تعبیر کیا گیا ہے اور حسب الاوقات ان کے ظہور کوعلم الٰہی کا تابع قرار دیا گیا ہے جو ''وَمَا نُنَزِّلُهٗ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ'' کا صریح مفہوم اور ارتباط بین العلت والمعلول کا نظام قدرت ہے۔

آیت کریمہ کے پہلے حصہ کے آخری جز و یعنی ''وَيَعْلَمُ مَا فِي الْاَرْحَامِ'' میں اُس عالَم غیب کے مفتاح کا ذکر ہے۔ جس کو نظام رَحم کہا جاتا ہے جس میں قرار پانے والے نطفہ کے جملہ پس منظر و پیش منظر سے لیکر اس سے وجود میں آنے والے انسان کے اخلاقی وعملی کردار، انجام کار زندگی کی جملہ حرکات وسکنات ''مِنَ الْمَهْدِ اِلَى اللَّحْدِ'' بلکہ اس سے بھی آگے نہ ختم ہونے والی راہوں میں سے کسی ایک کی تشخیص تک سب شامل ہیں گویا ''وَيَعْلَمُ مَا فِي الْاَرْحَامِ'' کا یہ لفظ پیدا ہونے والے انسان کے جملہ کوائف واعمال سے لے کر اس کو لاحق ہونے والے جہات وحیثیات کے مغیبات غیر متناہیہ کو پیشگی شامل ہونے کی بناء پر تیسرے مفتاح الغیب کا مظہر ہے۔

اہل علم سے مخفی نہ ہونا چاہئے کہ ان تینوں مفاتح الغیب میں اللہ تعالیٰ کیلئے جس علم غیب کا ذکر ہوا ہے وہ وہی ہے جو اسی کی صفت مختصہ ہے یعنی ماوراء العقل والاسباب العلم المطلق المحیط التفصیلی، جس کی حقیقت تک رسائی انسان کیلئے ممکن نہیں ہے۔ جس کو علم غیب کا شرعی مفہوم بھی کہا جاتا ہے۔ اس کے ساتھ ان تینوں مفاتح الغیب کے مابین متعلقات کا

marfat.com

فرق ہونے کے علاوہ مذکورہ الفاظ سے مفہوم ہونے میں بھی فرق ہے۔ کیونکہ ''اِنَّ اللّٰہَ عِنْدَہٗ عِلْمُ السَّاعَۃِ'' اور ''وَیَعْلَمُ مَا فِی الْاَرْحَامِ'' کے الفاظ بلاواسطہ اور صراحتاً اس پر دلالت کر رہے ہیں جبکہ ''وَیُنَزِّلُ الْغَیْثَ'' کی اس پر دلالت بالواسطہ اور التزامی ہے اس لئے کہ اس کا صریح مدلول بارش برسانے والی صفت فعلی کے ثبوت کے سوا اور کچھ نہیں ہے جبکہ اس صفت کو وجود میں لانا صفت علم کے بغیر ممکن نہیں ہے گویا بارش برسانے والی صفت فعلی کی فہم کو صفت علم کی فہم لازم ہو رہی ہے۔ ان دو مابہ الامتیاز کے علاوہ انسانوں کی فہم کے مطابق نفس مفتاح الغیب ہونے میں یہ تینوں علوم غیبیہ یکساں ہیں، تینوں اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ ہیں اور جب تک اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان میں سے کسی کے کچھ عکوس و جھلکیوں پر اطلاع کی کرم نوازی یا اسباب و دلیل کی توفیق نہ ہو اس وقت تک کسی بھی مخلوق پر منکشف نہیں ہو سکتے چاہے ملک مقرب یا نبی مرسل جیسی عظیم المرتبت ہستی ہی کیوں نہ ہو۔

آیت کریمہ کے پہلے حصہ کے مختلف اجزاء میں علم الٰہی کے حوالہ سے ان تین مفاتح الغیب کو اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ اور اس کی توفیق کے بغیر مخلوق کیلئے ناممکن ہونے کو صراحتاً بیان کرنے کے بعد آیت کریمہ کے دوسرے حصہ کے اول جزو یعنی ''وَمَا تَدْرِیْ نَفْسٌ مَّاذَا تَکْسِبُ غَدًا'' میں اُس علم غیب کے مفتاح کا ذکر فرمایا جس کو عالم مستقبل کہتے ہیں۔

اس کے بعد دوسرے جزو یعنی ''وَمَا تَدْرِیْ نَفْسٌ بِاَیِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ'' میں اُس عالم غیب کے مفتاح کا ذکر فرمایا جس کو نظام موت کہتے ہیں جو عالم برزخ کے غیب در غیب کی طرف پہلا قدم ہے لیکن ان دونوں کے اندازِ بیان اور سابقہ تین کے اندازِ بیان میں بڑا فرق ہے کیونکہ سابقہ تینوں میں علم غیب کے شرعی مفہوم کا مذکورہ تینوں مفاتح الغیب کی

marfat.com

صورت میں اللہ تعالیٰ کی صفت خاصہ ہونے کا صراحتاً اور مخلوق سے اس کی نفی کا التزاماً بیان تھا جبکہ ان دونوں میں ایسا نہیں ہے بلکہ ان میں بالترتیب مستقبل میں ہونے والے کاموں کو اور جائے موت کو پیشگی جاننا علم غیب کے شرعی مفہوم میں اللہ تعالیٰ کی صفت خاصہ ہونے کی بنیاد پر مخلوق سے نفی اور جاننے کیلئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقررہ اسباب ودلائل کی موجودگی میں لغوی مفہوم کے اعتبار سے مخلوق کیلئے ان کا علم ثابت ہونے کو کنایۃً بیان کیا گیا ہے گویا لازم وملزوم دونوں مراد ہیں۔ علم بیان کے اُصولوں کو جاننے والے حضرات کا ذہن اس کلام کے کنائی ہونے کے سوا کسی اور طرف جا ہی نہیں سکتا کیونکہ کنایہ نہ ہوگا تو حقیقت ہوگا یا مجاز جبکہ حقیقت ہونے میں صرف ملزوم ہی مراد ہوسکتا ہے جو علم غیب کے شرعی مفہوم کی غیر اللہ سے کلیۃً نفی ہے جو فی نفسہ درست ہونیکے ساتھ کنایہ کے مقابلہ میں کامل الفائدہ نہیں ہے جو اللہ کے کلام کے مناسب نہیں ہوگا۔ نیز یہ کہ حقیقت اور صریح ہونے کی بناء پر بلاغت میں کنایہ سے ایک درجہ کم ہوگا کیونکہ ''اَلْکِنَایَۃُ اَبْلَغُ مِنَ التَّصْرِیْحِ کا مسلمہ اُصول ہے۔ اور مجاز ہونے کا تصور ہی غلط ہے کیونکہ یہاں پر حقیقت کے مراد نہ ہونے پر کوئی قرینہ موجود نہیں ہے جبکہ کلام کا مجاز پر محمول ہونے کے لئے حقیقت مراد نہ ہونے پر قرینہ کی موجودگی شرط ہے۔ یہاں پر ایسا تصور ہی نہیں ہوسکتا کہ مستقبل کے کاموں کو اور جائے موت کو پیشگی جاننے کی مخلوق سے نفی کرنا مراد نہ ہونے پر قرینہ موجود ہو۔

اہل علم جانتے ہیں کہ بلیغ کلام کی موجودگی کیلئے صرف یہی تین طریقے ہیں۔

جب حقیقت ومجاز یہاں پر ناممکن ہیں تو کنایہ کی خاص صورت ہی متعین ہوئی جسکے مطابق مفتاح الغیب کی ان دونوں قسموں کا مرادی مفہوم یوں قرار پایا کہ ''مستقبل کے کاموں کو

marfat.com

اور جائے موت کو پیشگی جاننا علم غیب کے شرعی مفہوم میں اللہ تعالیٰ کی صفت خاصہ ہونے کی بناء پر مخلوق سے کلیۃً نفی ہونے کے ساتھ منجانب اللہ اسباب و دلائل کی موجودگی میں لغوی مفہوم کو جاننا مخلوق کیلئے ممکن ہے"۔

## ﴿حاشیتی وضاحت﴾

یہ کہ منجانب اللہ اسباب و دلائل کی موجودگی میں لغوی مفہوم کے اعتبار سے ان کے علم کو ہم نے حقیقی مفہوم کا لازمہ اس وجہ سے کہا کہ اس کے بغیر تلازم ہی نہیں ہے جب تلازم نہیں تو کنایہ بھی نہیں ہوگا حالانکہ آیت کریمہ میں یہ دونوں جملے کنایہ ہی ہیں۔ اسکے علاوہ یہ بھی ہے کہ یہ دونوں جملے قضیہ مطلقہ ہیں۔ جو واقعہ کی نظر میں اور عند اللہ ممکنہ خاصہ کے سوا اور کچھ ہو نہیں سکتے جس کے مطابق ان کے فلسفی مفہوم بالترتیب یوں ہونگے "مستقبل کے عمل کو نہ جاننا ہر نفس کیلئے ممکن خاص ہے یعنی اسے جاننا بھی ضروری نہیں ہے ورنہ کسی بھی نفس سے مستقبل کا کوئی عمل بھی غائب و نا معلوم نہ رہتا جو خلاف حقیقت ہے، اسی طرح نہ جاننا بھی ضروری نہیں ہے ورنہ کسی فرد بشر کو کبھی بھی مستقبل کے کسی عمل کا بھی پتہ نہ ہوتا یہ بھی خلاف حقیقت ہے"۔ اسی طرح دوسرے جملے کا مفہوم "جائے موت کو قبل از وقت کوئی نفس نہیں جانتا"۔ یعنی اس کی دونوں جانب غیر ضروری ہے۔ نہ جاننا اس لئے غیر ضروری ہے کہ اگر ضروری ہوتا تو نہ کسی کو پیشگی اپنی جائے موت کا کبھی علم ہوتا اور نہ کبھی کسی دوسرے کی جائے موت کی کوئی خبر ہوتی حالانکہ یہ خلاف حقیقت ہے، جیسے بعد میں اس پر روشنی ڈالی جائے گی۔ اور جاننا اس لئے غیر ضروری ہے کہ اگر ضروری ہوتا تو دنیا میں نہ کسی شخص کو اپنی

marfat.com

جائے موت سے پیشگی بے خبری ہوتی نہ دوسروں کی جائے موت سے قبل از وقت لاعلمی، یہ بھی خلاف حقیقت ہے۔

اہل علم سے مخفی نہیں ہے کہ ان دونوں جملوں میں موجود امکان خاص سے مراد امکان ذاتی ہے۔ جو ضرورت وصفی یا کسی بھی خارجی قید وحیثیت کے ساتھ جمع ہوسکتا ہے اسی نکتہ کی بنیاد پر ان مفاتم الغیب کے کچھ جزئیات کے اجمالی علم پر منجانب اللہ دلائل واسباب کی موجودگی میں غیر اللہ کیلئے انہیں جاننا عادتاً ضروری ہوتا ہے۔ جس میں جنگ بدر کے معرکہ سے ایک دن قبل سرور کائنات رحمت عالم ﷺ کا اپنے وقت کے ''ابوجہل اینڈ کو'' کی جائے موت کی نشان دہی کرنا' ایک اور موقع پر آئندہ ہونے والی طوفانی بارش اور باد و باران کی خبر دینا، حضرت یوسف علیہ السلام کا خواب کی تعبیر کی راہ سے معلوم کر کے لگاتار سات سالوں کی خشک سالی وقحط اور اس سے قبل سات سالوں تک پیش بندی کے طور پر پیداوار بڑھا کر ذخیرہ کرنا یعنی چودہ سالوں کے آئندہ پیش آنے والے غیبی حالات کو جاننا اسی طرح معین اُجرت پر کام کرنے والوں کا آئندہ کل کیلئے اپنے مقررہ عمل کو اور اس پر ملنے والی اُجرت کی مقدار کو جاننا جو بعد میں ایسا ہی ہوتا ہے۔ جیسے اس کے علم میں تھا، اسی طرح وہ لوگ جو مخصوص جگہوں میں رہتے ہیں جن سے دوسرے خطہ ارض کو زندہ منتقل ہونے کا عادتاً کوئی امکان نہیں ہے تو وہ ان ہی جگہوں میں مرنے پر بھی یقین رکھتے ہیں جو بعد میں ایسا ہی ہوتا ہے یہ سب اور ان جیسی وہ تمام صورتیں جن میں منجانب اللہ مقررہ اسباب و دلائل کے مطابق ان مفاتح الغیب کے کچھ جزئیات کو محدود انداز میں اجمالاً جاننا مخلوق کیلئے عادتاً ضروری ہے اور ناقابل انکار حقیقت ہے۔ یہ سب کے سب اسی اُصول فطرت کے

marfat.com

تحت آتے ہیں جس کے مطابق امکان ذاتی ضرورت وصفی یا ضرورت بالغیر کے منافی نہیں ہوتا کہ ایک کلام میں جمع نہ ہو سکے اسی طرح ان مفاتم الغیب کے کسی جزئیہ پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے دلیل واسباب موجود نہ ہونے کی صورت میں کسی بھی غیر اللہ کیلئے ان کے کسی بھی جزئیہ کا علم غیر ضروری اور ممتنع ومحال ہونے کا جو اسلامی عقیدہ ہے، جو اس آیت کریمہ سے مفہوم ومنطوق ہے اور آیت کریمہ کی عبارت النص کا حصہ ہے اسی اُصول فطرت کا نتیجہ ہے کہ ان مفاتح الغیب کے کچھ جزئیات کو محدود انداز میں اجمالی علم کے ساتھ جاننا اور نہ جاننا ہر دو غیر ضروری ہونے سے قطع نظر کر کے محض ان کی ذوات کے اعتبار سے محدود انداز میں اجمالی علم کے ساتھ جاننا اور نہ جاننا ہر دو غیر ضروری ہونے کے ممکنہ خاصہ کے ساتھ منجانب اللہ دلائل واسباب کی موجودگی میں مخلوق کا انہیں جاننا اور منجانب اللہ کوئی دلیل و سبب نہ ہونے کی صورت میں نہ جاننا ضروری ہونے کے دونوں مشروط عامہ بیک وقت درست ہو رہے ہیں تینوں بیک وقت آیت کریمہ کے مدلول اور اس سے مفہوم ہو رہے ہیں اور تینوں عقیدے اسلام کے مسلمہ اُصولوں کے مطابق ہونے کے ساتھ اُصول تفسیر کے بھی مطابق ہو رہے ہیں۔ نیز یہ کہ آیت کریمہ میں نکرہ حیز نفی کے عموم استغراق اور تقدیم ما حقہ التاخیر کا افادہ تخصیص جیسے تمام مقتضیات کے مطابق ہونے کیساتھ مختلف مسالک کے اندر اس حوالہ سے جتنے شکوک وشبہات پائے جاتے ہیں ان سب کی راہیں بھی مسدود ہو گئیں۔

نیز یہ کہ آیت کریمہ میں مذکورہ مغیبات خمسہ کے مندرجات وجزئیات کا غیر متناہی ہونا ان سب میں قدر مشترک ہونیکے ساتھ ہر سابق الذکر بعد والے سے زیادہ وسعت کا حامل ہے کیونکہ ان سب میں آخر الذکر ’’وَمَا تَدْرِیْ نَفْسٌ بِاَیِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ‘‘ کی جغرافیائی

marfat.com

حدود، جائے موت کے جملہ متعلقات سمیت عالَم برزخ کے جملہ کوائف مغیبہ کو شامل ہے۔ جس کی نسبت اس کے ماقبل یعنی ''وَمَا تَدْرِیْ نَفْسٌ مَّا ذَا تَکْسِبُ غَدًا'' کی جغرافیائی حدود زیادہ وسیع ہیں کیونکہ انسانوں کے ہاتھوں ہونے والے کسب کا تعلق عالَم دنیا' عالَم مثال اور عالَم برزخ میں سے ہر ایک کے ساتھ ان کے تقاضوں کے مطابق مربوط ہونا ایک مسلمہ حقیقت ہے جو خطہ موت اور عالم برزخ کے جملہ حالات سے دوچند وسیع ہیں۔ اسی طرح اس سے ماقبل والے یعنی ''وَیَعْلَمُ مَا فِی الْاَرْحَامِ'' کی وسعت حدود اس سے بھی زیادہ ہے کیونکہ یہ عوالَم ثلاثہ کو شامل ہونے کے ساتھ نظام رحم کی راہ سے وجود میں آنے والی ہر مخلوق کے ظاہری و باطنی حالات و کوائف سمیت اس کے ضمیر اور نظام رحم میں آنے سے قبل کے جملہ کوائف پر بھی محیط ہے۔ جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا؛

''هَلْ اَتٰی عَلَی الْاِنْسَانِ حِیْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ یَکُنْ شَیْئًا مَّذْکُوْرًا''

بے شک آدمی پر ایک وقت وہ گزرا کہ کہیں اس کا نام بھی نہ تھا۔

(سورۃ الدھر' آیت نمبر ا)

اہل علم جانتے ہیں کہ نظام رحم کی راہ سے وجود میں آ کر انسانی معاشرہ کا حصہ بننے والے اس انسان کا نام و نشان صرف خلائق کی نظر میں اور ان کے معاشرہ و علم میں نہیں تھا جبکہ اللہ تعالیٰ کے علم میں اس کے خمیر سمیت نطفہ کی شکل میں داخل رحم ہونے سے پہلے کے جملہ حالات موجود تھے، معاشرہ میں آنے کے بعد جس نام سے پکارا اور پہچانا جاتا ہے اس کے ساتھ اس کے ظاہری و باطنی حالات کو بھی ازل سے اب تک جانتا ہے۔ جس کے مطابق معاشرہ میں آنے کے بعد جس نام' جس کام اور کردار کے ساتھ مذکور ہوتا ہے، نظام

marfat.com

رحم کی سپردگی سے قبل ویسے ہی اللہ تعالیٰ کے علم میں مذکور و معلوم تھا۔ مفتاح الغیب کے اس دائرہ کار کی ان تمام وسعتوں کے باوجود اس سے ماقبل والا مفتاح الغیب یعنی ''وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ'' کے مغیبات کا دائرہ حدود اس سے بھی زیادہ وسعت رکھتا ہے کیونکہ بارش برسانے سے متعلق یہ نظامِ قدرت اپنے پیش منظر و پس منظر میں عالَم اجسام سے لے کر عالَم نباتات کے غیر متناہی مندرجات و حالات کو اور عالَم حیوانات کے لانہایت انواع و اقسام سے لیکر ان کے لامحدود اصناف و حالات اور ان سے متعلقہ عالَم محسوسات سے لیکر عالَم معقولات و معنویات اور ان کے باہمی روابط کو شامل ہونے کی وجہ سے ''وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا '' کے جملہ رموز و اسرار کو محیط ہے جو مافی الارحام کے مغیبات و رموز سے کئی گنا زیادہ ہے۔ جبکہ اس سے بھی ماقبل والے مفتاح الغیب یعنی ''اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ'' کے متعلقات کا دائرہ وسعت ان سب سے زیادہ ہے کیونکہ ان چاروں مفاتم الغیب کے متعلقات اپنی ظاہری جہت میں متناہی اور باطن میں غیر متناہی ہیں جبکہ اس کے تمام متعلقات ہر اعتبار سے غیر متناہی ہیں جس کی ایک جھلک اس مرفوع حدیث سے معلوم ہو رہی ہے۔ ''جس میں ادنیٰ ترین جنتی کی وسعتِ ملک دنیا و مافیہا سے دس گنا زیادہ بتائی گئی ہے''۔ (مسلم شریف، جلد ۱، صفحہ ۱۰۴)

اہل علم جانتے ہیں کہ آخرت کے مقابلہ میں دنیا کا شرعی مفہوم کَانَ وَمَا يَكُوْن کے مجموعہ کے سوا اور کچھ نہیں ہے جب صرف ایک جنتی وہ بھی سب سے کمزور اور سب سے آخر میں جنت جانے والے کی وسعت ملک کا یہ عالم ہے تو پھر عام اہل جنت سے لیکر صلحاء و شہداء اور عظماء اسلام و انبیاء و مرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کی وسعت ملک بالیقین ''لا

marfat.com

یَعۡلَمُہَآ اِلَّا اللّٰہُ کے سوا اور کچھ نہیں ہوگی۔اسی طرح اہل دوزخ کی مختلف کیفیات و حالات کی وسعت علم التفصیلی المحیط بھی انسانی فہم وادراک سے ماوراء ہے جس کی اجمالی جھلک اس حدیث سے معلوم ہو رہی ہے، جس میں صرف ایک دوزخی کے ایک داڑھ سے متعلق بتایا گیا ہے کہ وہ اُحد پہاڑ جتنا بڑا ہوگا۔ (ترمذی شریف' جلد۲' صفحہ ۹۵)

الغرض باقی مفاتح الغیب کا اپنے اپنے متعلقات کیلئے عنوان و گیٹ وے ہونے کی طرح ''اِنَّ اللّٰہَ عِنۡدَہٗ عِلۡمُ السَّاعَۃِ کا یہ مفتاح الغیب بھی قیامت برپا ہو جانے کے بعد خلائق کو پیش آنے والے ان تمام حالات کو اپنے اندر سمیٹے ہوئے ہے۔ان کا علم التفصیلی المحیط اللہ تعالیٰ کے ماسوا کسی اور کیلئے ممکن ہی نہیں ہے مگر یہ کہ وہ خود ان میں سے کسی کی کوئی جھلک سمجھنے کی، اسباب و دلائل کے مطابق توفیق دے۔عالم آخرت مجازاۃ اعمال' جنت و دوزخ اور ان کے حالات و کیفیات کی جن اجمالی جھلکیوں سے متعلق اسلامی عقیدہ ہے یہ بھی توفیق الٰہی کا عکس ہی ہے۔جس کے مطابق پیغمبر اکرم رحمت عالم ﷺ کو یہ علم و عقیدہ سبب وحی سے حاصل ہوا جبکہ اُمت اجابت کو آپ ﷺ کے بتانے سے۔ایسے میں آیت کریمہ کی حقیقی تفسیر اس کے سوا اور کیا ہوگی کہ اس میں مغیبات خمسہ کے علم کو ان کے جملہ مندرجات کیلئے عنوان قرار دے کر علم غیب کے شرعی مفہوم میں اللہ تعالیٰ کی صفت خاصہ قرار دیا گیا ہے جو لغوی مفہوم میں ان کے مندرجات میں سے کسی کا علم غیر اللہ کیلئے ثابت ہونے کے منافی نہیں ہے۔

marfat.com

## ﴿ایک عامۃ الورود اشتباہ کا ازالہ﴾

اس تفسیر کے مطابق وہ شبہ بھی رفع ہو جاتا ہے جو ان مغیبات خمسہ کے علم کو مفاتح الغیب کہنے پر وارد ہوتا ہے۔ بالخصوص بخاری شریف کی اس حدیث میں جہاں اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا ہے:

"مَفَاتِحُ الْغَیْبِ خَمْسٌ لَا یَعْلَمُھُنَّ اِلَّا اللّٰہُ"

جس کا مفہوم یہ ہے کہ غیب کی کنجیاں پانچ ہیں جن کو اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

(بخاری شریف، جلد۲، صفحہ۷۰۴، کتاب التفسیر)

اس پر شبہ یہ وارد ہوتا ہے کہ اس میں الغیب استغراق کا صیغہ ہے کیونکہ اسم جنس پر الف لام آیا ہے جو مفید استغراق ہوتا ہے، بالخصوص مصدر ہونے کی صورت میں اور مفاتح بھی کثرت کا صیغہ ہے جو دس سے کم پر استعمال نہیں ہوتا اور یہ بھی ظاہر ہے کہ غیب کا مفتاح اس کے علم کے سوا اور کچھ نہیں ہے اور مغیبات چونکہ غیر متناہی ہیں لہٰذا ان کے مفاتح وعلم بھی غیر متناہی ہوگا ورنہ تقسیم الاحاد علی الاحاد کی کوئی صورت نہیں ہوگی ایسے میں مفاتح الغیب کے غیر متناہی پر خمس کے متناہی کا حمل کیونکہ درست ہوسکتا ہے جب کہ اس میں آیت کریمہ کے اندر مذکور پانچ مخصوص چیزوں کو مفاتح الغیب پر محمول کیا گیا ہے جو "اَلْاُمُوْرُ غَیْرُ الْمُتَنَاھِیَۃِ خَمْسٌ یعنی "زید وعمر وخالد وبکر وماجد" کہنے سے مختلف نہیں ہے جو کسی صورت بھی درست نہیں ہے کیونکہ اس میں اتحاد فی المصداق نہیں ہے جبکہ حمل کی حقیقت "اتحاد المتغائرین مفہوما فی المصداق" کے سوا کوئی اور شے نہیں ہے۔ یہ اشتباہ بجائے خود اتنا

marfat.com

قوی اور عامۃ الورود ہے کہ "مَفَاتِحُ الْغَيْبِ خَمْسٌ لَا يَعْلَمُهُنَّ إِلَّا اللّٰهُ" والی مذکورہ حدیث کے بغیر بھی نیم خواندہ حضرات کا ذہن اس سے خالی نہیں رہ سکتا۔ نیز اُن حضرات کو بھی اس حوالہ سے کبھی اطمینان قلبی میسر نہیں آسکتا جو تحقیق دشمن میں اور تقلید جامد کے حصار میں محصور رہنے پر اکتفا کرتے ہیں۔ یہ اس لئے کہ مومن مسلمان ہونے کے ناطے دوسرے عام مسلمانوں کی طرح یہ تمام حضرات بھی علم غیب کا اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ ہونے پر یقین وعقیدہ رکھتے ہیں اور مغیبات کے لامحدود اور غیر متناہی ہونے پر بھی یقین رکھتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے توفیق کے بغیر کسی بھی فرد غیب پر غیر اللہ کیلئے علم غیب نہ ہونے پر بھی عقیدہ رکھتے ہیں۔ یہ تینوں عقائد سب کے لئے اس لئے ناگزیر ہیں کہ ان میں سے ہر ایک اپنی جگہ ضروریات دین کے قبیلہ سے ہے کیونکہ شروع سے لیکر اب تک تاریخ کے ہر دور میں ان کو بلا نکیر اسلامی حکم سمجھا گیا ہے اور ان کا حصہ اسلام ہونا اتنا مشہور رہے کہ ان کو اسلامی حکم ثابت کرنے کے لئے دلیل تلاش کرنے کی ضرورت ہی محسوس نہیں کی جاتی۔ تو ظاہر ہے کہ ان تصورات کے ہوتے ہوئے آیت کریمہ میں صرف مغیبات خمسہ کے علم کو اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ قرار دینے کا کیا جواز ہے اور صرف ان ہی کے علم کو غیر اللہ سے نفی کرنے کی کیا تک ہے؟ نیز یہ کہ صرف ان چیزوں کے علم کو مفاتح الغیب کہنے کا کیا فلسفہ ہو سکتا ہے؟ جبکہ ہر فرد غیب کا علم اُس کے مندرجات و مضمرات کو کھولنے اور ظاہر کرنے کیلئے بمنزلہ مفتاح ہی ہوتا ہے۔

اہل علم سے مخفی نہیں ہے کہ علم غیب کے شرعی اور لغوی مفہوموں کے مابین تفریق کو

marfat.com

بنیاد بنا کر آیت کریمہ کا جو مفہوم ہم نے پیش کیا اس سے اِن تمام شبہات کی راہیں بند ہو جاتی ہیں۔ کیونکہ ''اِنّ اللّٰہ عِنْدَہٗ عِلْمُ السَّاعَۃِ'' سے مراد محض قیامت کے برپا ہونے کی مخصوص تاریخ کا علم ہی نہیں ہے بلکہ اس کے بعد کے جملہ مراحل اور جنت ودوزخ کے حوالہ سے ابدالآباد تک کے غیر متناہی حالات کا علم مراد ہے جس کی فہمائش کیلئے اس لفظ کو عنوان و پہچان بنایا گیا ہے۔ اس کی ایسی مثال ہے، جیسے مرفوع حدیث میں فرمایا گیا ہے ''مِفْتَاحَ الْجَنَّۃِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ'' کیا کوئی شخص یہ تصور کر سکتا ہے کہ اس کے مندرجات کو مکمل طور پر تسلیم کئے بغیر محض ''لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰـہُ'' کہنے والے کیلئے یہ مفتاح جنت ہو سکے ورنہ قادیانی جیسے لاکھوں مرتد جنتی قرار پائیں گے۔ (العیاذ باللہ) جب ایسی تمام حدیثوں میں ''لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ'' پڑھنے کو اس کے اندر پوشیدہ جملہ مضمرات و مندرجات کیلئے عنوان و پہچان بنا کر ان سب کو شامل سمجھا جاتا ہے تو پھر اس آیت کریمہ میں ایسا ہونے سے کیا مانع و رُکاوٹ ہے؟ یہی حال دوسرے مفتاح الغیب یعنی ''وَیُنَزِّلُ الْغَیْثَ'' کا بھی ہے کہ اس کو نظام باران کے پیش منظر و پس منظر کے جملہ مندرجات و مضمرات کو جاننے کے لئے محض عنوان و پہچان بنا کر اس نظام کے پیش و پس تمام گوشوں سے متعلق علم الٰہی کے احاطہ کی طرف انسانوں کو متوجہ کیا گیا ہے اور اس کے بعد باقی تینوں مفاتح الغیب کے لئے جو الفاظ استعمال ہوئے ہیں ان سب کا یہی حال ہے کہ ان سے مراد بالترتیب مافی الارحام کی مخصوص حالت ذکورت وانوثت، آئندہ آنے والے دِن میں کئے جانے والا مخصوص عمل یا مخصوص کمائی اور جائے موت کا مخصوص خطہ ارضی ہی مراد نہیں ہیں بلکہ ان میں سے ہر ایک

marfat.com

کے علم کو اس کے جملہ مندرجات و مضمرات کے غیر متناہی حالات و کیفیات سے متعلق غیر متناہی علم الٰہی کی پہچان و عنوان بنا کر انسانوں کی فہمائش کا سامان کیا گیا ہے۔ جسکے مطابق بخاری شریف کی مذکورہ حدیث ''مَفَاتِحُ الْغَیْبِ خَمْسٌ لَا یَعْلَمُهُنَّ اِلَّا اللّٰہُ'' کی حاصل ترکیب ''اَلْاُمُوْرُ غَیْرُ الْمُتَنَاهِیَّةِ خَمْسٌ یعنی'' زید و عمر و بکر و خالد و ماجد'' جیسے نامعقول ہر گز نہیں بلکہ ''عِلْمُهُ سُبْحَانَهُ وَتَعَالٰی بِالْغَیْبِ الْمُطْلَقِ التَّفْصِیْلُ الْمُحِیْطِ یُفْهَمُ فِیْ مُضْمَرَاتِ هٰذِهِ الْخَمْسِ'' کے مفہوم میں صریح اور قابل فہم ہے ایسے میں علم غیب کے حوالہ سے مذکورہ تینوں اسلامی عقائد ہر قسم شکوک و شبہات سے محفوظ رہ جانے کیساتھ آیت کریمہ کی تفسیر کا حق بھی ادا ہو جاتا ہے۔

(فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ اَوَّلًا وَّ آخِرًا ظَاهِرًا وَّ بَاطِنًا)

☆☆☆☆☆☆

marfat.com

# ایک اور سوال کا جواب اور اضافی فائدہ

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب علم غیب کا شرعی مفہوم اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ ہے اور لغوی مفہوم کے اعتبار سے غیر اللہ کیلئے بھی منجانب اللہ مقررہ اسباب و دلائل کے مطابق علم غیب کا ثبوت ممکن ہے تو پھر بعض اسلاف نے غیر اللہ کی طرف علم غیب نسبت کر کے "فُلَانٌ یَعْلَمُ الْغَیْبَ" کہنے کو ممنوع کیوں قرار دیا ہے؟ نیز یہ کہ جب مسئلہ اتنا واضح ہے کہ جس مفہوم میں علم غیب اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ ہے اس میں غیر اللہ کیلئے ممکن نہیں ہے اور جس مفہوم میں اللہ تعالیٰ کیلئے ناجائز و محال ہے اس میں غیر اللہ کیلئے حسب مراتب ممکن ہے تو پھر اس حوالہ سے تنازعہ کیوں بر پا ہے؟

اس کا جواب یہ ہے کہ علم غیب کے حوالہ سے خاصۃ اللہ اور خاصۃ العباد کی سرحدیں ایک دوسرے سے جدا ہونے کے باوجود جن اسلاف نے "فُلَانٌ یَعْلَمُ الْغَیْبَ" کہہ کر غیر اللہ کی طرف علم غیب منسوب کرنے کو ممنوع قرار دیا ہے یہ ایک مستقل اُصول پر مبنی ہے جو بجائے خود شرعی حکم ہے۔ وہ یہ ہے کہ جو قول و عمل بھی کسی بد اعتقادی، کفر و شرک یا جمہور الناس کے عقیدہ خراب ہونے اور سوء فہم کا موہم بنتا ہو۔ اس سے اجتناب کا حکم دیا گیا ہے، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ نے بجائے خود درست ہونے کے باوجود اسے ممنوع قرار

marfat.com

دیا ہے۔ جس کا فلسفہ یہ ہے کہ اسلام نے ہمیشہ جمہور کی فکری و عملی اصلاح کو پیش نظر رکھا ہے۔ اسلام کے اس مسلمہ فلسفہ کا تقاضا یہی تھا کہ جو قول و عمل عوام و جمہور کے حوالہ سے موہم خرابی ہو اسے ممنوع قرار دیا جائے جس کی وضاحت مندرجہ ذیل حقائق سے ہوتی ہے۔

(۱) صحابہ کرام دربار نبوی ﷺ میں کبھی کبھار تقاضائے کرم کرتے ہوئے ''رَاعِنَا'' کہا کرتے تھے جس سے مقصد ان کا یہ ہوتا تھا کہ ''ہماری طرف نظر رحمت فرمائیں'' صحابہ کرام رضی اللہ عنہ کا یہ کلام ہر اعتبار سے جائز ہی جائز تھا لیکن صحابہ کرام رضی اللہ عنہ کے اس اندازِ کلام سے ناجائز استفادہ کر کے منافقین اس لفظ کو اللہ کے حبیب ﷺ کی بابت استعمال کر کے اس سے مراد رعونت اور کبھی چرواہے والا مفہوم مراد لینے لگے جو اللہ کے حبیب ﷺ کی شان اقدس کے منافی، بے ادبی اور بالیقین ناجائز تھا تو اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہ کو جائز مفہوم میں اسے استعمال کرنے سے بھی منع فرمایا۔ جیسے فرمایا؛

''یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوا انْظُرْنَا''

ترجمہ:۔ اے ایمان والو! راعنا نہ کہو اور یوں عرض کرو کہ حضور ہم پر نظر رکھئے۔

(سورۃ بقرہ' آیت نمبر ۱۰۴)

(۲) اللہ کے حبیب ﷺ نے ایک موقع پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہ کے طبقہ انصار کی کچھ بچیوں کو شان نبوت میں ''وَفِیْنَا نَبِیٌّ یَعْلَمُ مَا فِیْ غَدٍ'' نعتیہ کلام سناتے ہوئے دیکھا تو منع فرمایا۔ جس کی وجہ محدثین کرام نے یہی لکھی ہے کہ وحی و اطلاع جیسے کسی سبب کی طرف منسوب

marfat.com

کئے بغیر مطلق علم غیب کو ذکر کرنے سے انسانی ذہن اس کے شرعی مفہوم کی طرف جاتا ہے جو اللہ تعالیٰ کی صفت خاصہ ہونیکی وجہ سے کسی بھی غیر اللہ کیلئے ناجائز و ناممکن ہے۔ اس سلسلہ میں وارد حدیث شریف کے الفاظ یہ ہیں؛

''فَقَالَ دَعِیْ هٰذِهٖ وَقُوْلِیْ بِالَّذِیْ كُنْتِ تَقُوْلِیْنَ''

یعنی اسے چھوڑ کر وہ پڑھے جو پہلے پڑھ رہی تھی۔

(بخاری شریف، جلد۲، صفحہ۷۷۳، باب اعلان النکاح)

(۳) حدیث شریف میں ہے کہ ایک موقع پر اللہ کے حبیب ﷺ نے کسی خطیب کو؛ ''وَمَنْ يُّطِعَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ رَشَدَ وَمَنْ يَّعْصِهِمَا فَقَدْ غَوٰى'' کہتے ہوئے سنا تو اسے منع کرتے ہوئے فرمایا؛

''بِئْسَ خَطِيْبُ الْقَوْمِ اَنْتَ قُلْ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهُ وَرَسُوْلَهٗ''

اس کا مفہوم درست ہونے کے باوجود محدثین کرام نے اللہ کے رسول ﷺ کا اس انداز کو ناپسند فرما کر منع کرنے کی یہی وجہ بیان کی ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ اس کے رسول ﷺ کو جمع کر کے ایک صیغہ تثنیہ کے ساتھ ذکر کرنے میں دونوں کے واجب الوجود ہونے کا وہمہ ہو سکتا تھا جو ناجائز ہے۔ (ابوداؤد شریف، جلد۲، صفحہ۳۲۴)

(۴) غنیۃ المستملی شرح منیۃ المصلی میں ہے؛

''وَمِنْهَا اَنَّ الْعَامَّةَ يَعْتَقِدُ وَنَهَا سُنَّةً''

یعنی صلوٰۃ غائب کے ناجائز ہونے کے دلائل میں سے ایک دلیل یہ بھی ہے کہ عوام

marfat.com

کو اس کے سنت اور شرعی حکم ہونے کا عقیدہ ہو سکتا ہے اور جو چیز بھی خرابی عقیدہ عوام کا سبب ہو وہ نا جائز و ممنوع ہوتی ہے۔ (غنیۃ المستملی، صفحہ ۴۳۳)

(۵) فتاویٰ ردالمحتار میں ہے:

"مُجَرَّدُ اِیْہَامِ الْمَعْنَی الْمُحَالِ کَافٍ فِی الْمَنْعِ"

یعنی کسی کلام کے نا جائز و ممنوع فی الاسلام ہونے کیلئے اس کا کسی نا جائز مفہوم کا موہم ہونا ہی کافی ہے۔ (فتاویٰ ردالمحتار، جلد ۵، صفحہ ۲۵۳)

اور اہل علم جانتے ہیں کہ شریعت مقدسہ کی زبان میں علم غیب کا لفظ اس کے شرعی مفہوم کیلئے موضوع ہونے کی بناء پر اللہ تعالیٰ کی صفت خاصہ ہے اور کسی سبب و دلیل کی طرف منسوب کے لئے بغیر مذکور ہونے کی صورت میں اس کا یہی مفہوم متبادر الی الذہن ہوتا ہے۔ اس لئے کہ یہ حقیقت شرعیہ ہے اور حقیقت کی سب سے بڑی علامت متبادر الی الذہن ہونا ہے ایسے میں "فُلَانٌ یَعْلَمُ الْغَیْبَ" کہنے والا یا اپنے لئے دعویٰ کرتے ہوئے "اَنَا اَعْلَمُ الْغَیْبَ" کہنے والا اگرچہ لغوی مفہوم کے اعتبار سے کہہ رہا ہو اگرچہ مراد اس کی درست ہو پھر بھی ایسا کہنے سے منع کیا جائے گا کیونکہ یہ علم غیب کے شرعی مفہوم کے موہم ہے، جن اسلاف نے ایسا کہنے سے منع کیا ہے اسی اُصول کو پیش نظر رکھ کر منع کیا ہے صرف منع کرنے کی حد تک یہ ذمہ داری تب ادا ہوگی جب ایسا کہنے والا اہل فہم ہو اور اہل فہم کی محفل میں کہہ رہا ہو ورنہ اگر نا اہل جاہل ایسا کہے یا جہلاء کے ماحول میں کہے تو صرف منع نہیں بلکہ مناسب حال تعزیر دینا بھی لازم ہے۔ جیسے تفسیر روح المعانی میں اس قسم عدم جواز

marfat.com

کے موہم الفاظ استعمال کرنے والے جہلاء کی سزا سے متعلق لکھا ہے؛

"وَیَلْزَمُہُ التَّعْزِیْرُ کَیْلَا یَعُوْدَ اِلٰی قَوْلِہٖ"

یعنی ایسے بے باک جہلا کو تعزیر دینا لازم ہے تاکہ آئندہ ایسی جسارت نہ کرسکے۔

(روح المعانی، جلد ۲۰، صفحہ ۱۲، مطبوعہ بیروت)

بالفرض اگر علم غیب کے شرعی مفہوم میں ایسا کہہ رہا ہو تو بالیقین مرتد قرار پاتا ہے جس کے ارتداد کا فتویٰ صادر کرنا دارالافتاء پر فرض ہوجاتا ہے۔ جیسے روح المعانی میں ہے؛

"فَلَا یُقَالُ اِنَّھُمْ عَلِمُوْا الْغَیْبَ بِذٰلِکَ الْمَعْنٰی وَمَنْ قَالَہُ کَفَرَ قَطْعًا"

یعنی جن کو لغوی مفہوم کے اعتبار سے علم غیب کی کوئی جھلک حاصل ہو تو ان کے متعلق یہ کہنا جائز نہیں ہوسکتا کہ وہ شرعی مفہوم کے مطابق علم غیب جانتے ہیں اگر کوئی ایسا کہے تو وہ بالیقین کافر قرار پاتا ہے۔ (روح المعانی، جلد ۲۰، صفحہ ۱۱)

نبراس میں ہے؛

"فَمَنِ ادَّعٰی اَنَّہُ یَعْلَمُہُ وَمَنْ صَدَّقَ الْمُدَّعِیَ کَفَرَ"

یعنی جس نے بھی شرعی مفہوم میں علم غیب کا دعویٰ کیا کافر ہوا اور جس نے ایسا دعویٰ کرنے والے کی تصدیق کی وہ بھی کافر ہوا۔ (نبراس شرح لشرح العقائد، صفحہ ۵۷۴)

اسلاف کی طرف سے اگر ایسے جزئیات موجود نہ بھی ہوتے پھر بھی ایسے لوگوں کی تکفیر میں ذرہ برابر شک نہ ہوتا کیونکہ شرعی مفہوم میں علم غیب ضروریات دینیہ کے قبیلہ سے ہے جس کا صراحتاً انکار کرنے یا اس کی ضد یا نقیض کا ارتکاب کرنے میں التزام کفر ہوتا ہے،

marfat.com

جو واجب التکفیر ہے۔

اہل علم حضرات سے مخفی نہیں ہے کہ "فُلَانٌ یَعْلَمُ الْغَیْبَ" فلاں کو علم غیب ہے، فلاں غیب جاننے والا ہے اور فلاں غیب جانتا ہے۔ جیسے مطلق استعمال میں علم غیب کے شرعی مفہوم کا ذہن میں آنا اور اللہ تعالیٰ کی اس صفت مختصہ کا متبادر الی الذہن ہونا لفظ رَاعِنَا سے بوئے کفر کے مفہوم ہونے سے کئی گنا زیادہ ہے جس کا تقاضا تو یہی تھا کہ ایسے تمام استعمالات نہ صرف ممنوع و ناجائز بلکہ قطعی حرام و کفر قرار پاتے۔ لیکن ذوات قدسیہ انبیاء و مرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کیلئے لغوی مفہوم کے اعتبار سے مخصوص اندازِ توفیق کے ساتھ علم غیب کا ثبوت چونکہ ضروریات دین کے قبیلہ سے ہے۔ جس کی مکمل تفصیل و تحقیق اسلاف کے حوالہ جات کے ساتھ ہم گزشتہ صفحات کے سپرد کر آئے ہیں یعنی جیسے علم غیب کا اپنے شرعی مفہوم میں اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ ہونا ضروریات دین کے قبیلہ سے ہے ویسے ہی لغوی مفہوم میں مخصوص اسباب کے مطابق ذوات قدسیہ انبیاء و مرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کا خاصہ ہونا بھی ضروریات دین کے قبیلہ سے ہے۔ ان دونوں ضرورتوں اور حقائق کا واجب الاعتبار و الملاحظہ ہونے کی بنیاد پر جب تک ایسے الفاظ استعمال کرنے والے سے متعلق سو فیصد یقین حاصل نہ ہو جائے کہ وہ علم غیب کا شرعی مفہوم مراد لے رہا ہے اس وقت تک ان الفاظ و استعمالات کو قطعی طور پر کفریہ قرار دینا جائز نہیں ہو سکتا نہ اس کے قائل کو ملتزم الکفر قرار دینا ممکن ہے۔

یہی حال ان جہلاء کا بھی ہے جو اس قسم کے الفاظ ذوات قدسیہ انبیاء و مرسلین علیہم

marfat.com

الصلوٰۃ والتسلیم کے علاوہ اور خلائق مثلاً اولیاء اللہ، اصحاب حدس وہنر وغیرہ کیلئے استعمال کرتے ہیں کہ مخصوص سبب کو ذکر کئے بغیر علی الاطلاق ان خلائق کی طرف علم غیب نسبت کرنے کی روش بالیقین ناجائز وممنوع ہونے کے باوجود حرام قطعی اور التزام کفر اس وقت تک ہرگز نہیں ہوسکتا جب تک سو فیصد یقین نہ ہوجائے کہ یہ سب کچھ علم غیب کے شرعی مفہوم میں لیا جارہا ہے لیکن کفر سے بچانے کے لئے اسلام کے اس رحیمانہ اُصول سے اور دارالافتاء کے اس احتیاطی عمل سے ناجائز فائدہ اٹھا کر علی الاطلاق غیر اللہ کی طرف علم غیب منسوب کرکے ایسے الفاظ استعمال کرنے کو جائز سمجھنا' اٹھتے بیٹھتے ایسے الفاظ استعمال کرتے پھرنا یا محراب ومنبر سے اس کی حوصلہ افزائی کرنے کو اسلامی روش ہرگز نہیں کہا جاسکتا۔

## ایک قابل توجہ نکتہ سے بے توجہی پر افسوس

اس حوالہ سے افسوس ناک پہلو یہ ہے کہ قابل اصلاح جہلاء اور توہم پرست عوام تو عوام ہیں ان سے زیادہ قابل اصلاح وہ اصحاب محراب ومنبر ہیں جو اس حوالہ سے معکوس العملی کے شکار ہیں۔ نصف صدی سے زیادہ ہونے کو ہے کہ میں بذات خود طبقہ علماء کو اس قابل توجہ نکتہ سے بے توجہ وغافل دیکھ رہا ہوں جس کی وجہ چاہے ان کی علمی کمزوری ہو یا تعصب زدگی یا مذہبی فرقہ واریت سے پیدا ہونے والے تقابلی حالات کی مجبوری یا عوام کی بے محل مذہبی خواہشات کو شرعی جواز دینے کی غیر اسلامی روش بہر تقدیر یہ نکتہ بجائے خود نہایت قابل توجہ ہے اس حوالہ سے اسلام کے کردار کو دیکھا جائے تو موجودہ دور کے اصحاب

marfat.com

محراب ومنبر کی روش اِس سے قطعاً میل نہیں رکھتی۔امام احمد رضا خان محدث بریلوی نوراللہ مرقدہ نے لکھا ہے؛

"علم جبکہ مطلق بولا جائے خصوصاً جب کہ غیب کی طرف مضاف ہو تو اس سے مراد علم ذاتی ہوتا ہے۔" (الملفوظات، جلد۳، صفحہ ۴۶، مطبوعہ نوری کتب خانہ لاہور)

شرح عقائد میں ہے؛

"وَبِالْجُمْلَةِ الْعِلْمُ بِالْغَيْبِ اَمْرٌ تَفَرَّدَ بِهِ اللّٰهُ تَعَالٰى لَا سَبِيْلَ لِلْعِبَادِ اِلَيْهِ اِلَّا بِاِعْلَامٍ مِنْهُ تَعَالٰى اَوْاِلْهَامٍ بَطَرِيْقِ الْمُعْجِزَةِ اَوِالْكَرَامَةِ اَوْاِرْشَادٍ اِلَى الْاِسْتِدْلَالِ بِالْاَمَارَاتِ فِيْمَا يُمْكِنُ ذَالِكَ فِيْهِ"

(شرح عقائد النسفی مع جامع التقاریر، جلد ۱، صفحہ ۲۰۶)

تفسیر روح المعانی میں ایسے لوگوں پر تفصیلی رد کرنے کے بعد بطور خلاصۃ الکلام لکھا ہے؛

"وَبِالْجُمْلَةِ عِلْمُ الْغَيْبِ بِلَا وَاسِطَةٍ كُلًّا اَوْ بَعْضاً مَخْصُوْصٌ بِاللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا لَا يَعْلَمُهُ اَحَدٌ مِنَ الْخَلْقِ اَصْلًا"

(تفسیر روح المعانی، جلد ۲۰، صفحہ ۱۲، مطبوعہ بیروت)

علم غیب کا اپنے شرعی مفہوم کے اعتبار سے اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ ہونے کی بناء پر اس کی نسبت غیر اللہ کی طرف کر کے مطلقاً "فلان یعلم الغیب" جیسے استعمال کا ناجائز ہونا صرف اہل سنت کی چار دیواری کا مسئلہ نہیں ہے بلکہ کل مکاتب فکر اہل اسلام کے نزدیک مسلمہ ہے۔

اہل اعتزال کے سربرآوردہ مفسر جاراللہ الزمخشری نے بھی اپنی تفسیر میں ایسا ہی لکھا

marfat.com

ہے۔ جیسے اہلسنت کے کل مکاتب فکر سمیت اہل تشیع کے مفسرین نے بھی لکھا ہے۔ تفسیر الکشاف کی عبارت یہ ہے کہ؛

''وَلِهٰذَا لَا يجوزُ اَنْ يُطْلَقَ فَيُقَالَ فُلَانٌ يَعْلَمُ الْغَيْبَ''

جس کا مفہوم یہ ہے کہ علم غیب کے شرعی مفہوم کا اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ ہونے کی بناء پر مطلقاً یہ کہنا جائز نہیں ہے کہ فلاں غیب کو جانتا ہے۔

(تفسیر الکشاف، جلد ا، صفحہ ۱۲۸، مطبوعہ بیروت)

جار اللہ الزمخشری کی اس تفریع کا فلسفہ بتاتے ہوئے اس کے اہل سنت محشی میر السید السند نور اللہ مرقدہ الشریف نے لکھا ہے؛

''وَاِنَّمَا لَمْ يَجُزِ الْاِطْلَاقُ فِيْ غَيْرِهٖ تَعَالٰى لِاَنَّهٗ يَتَبَادَرُ مِنْهُ تَعَلُّقُ عِلْمِهٖ بِهٖ اِبْتِدَاءً فَيَكُوْنُ تَنَاقُضًا''

جس کا مفہوم یہ ہے کہ علم غیب کا سبب و دلیل ذکر کئے بغیر مطلقاً ''فلان یعلم الغیب'' جیسے کلام کے ناجائز ہونے کی وجہ یہ ہے کہ اس سے اس کا شرعی مفہوم متبادر الی الذہن ہو جاتا ہے جو تناقض کو مستلزم ہے کیونکہ علم غیب کا شرعی مفہوم اس کے سوا اور کچھ نہیں ہے کہ سبب و دلیل سے ماوراء و مطلق ہو جو اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ ہے اور کسی سبب و دلیل کو ذکر کئے بغیر ''فلان یعلم الغیب'' کہنے سے اس کا ذہن میں آنے کا مطلب یہ کہ یہ مفہوم اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ نہیں ہے یعنی ایسے الفاظ استعمال کرنیوالے مومن مسلمان کے عقیدہ میں تناقض ہوا کہ علم غیب کا شرعی

marfat.com

مفہوم اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ ہے اور نہیں ہے۔ تناقض چونکہ باطل ہے لہٰذا اسے مستلزم ہونے والا یہ کلام بھی باطل قرار پاتا ہے۔

(حاشیہ الکشاف' میر السید السند' جلد ا' صفحہ ۱۲۸' مطبوعہ بیروت)

حقیقی اہل سنت کے اس قابل تقلید امام کے ساتھ اتفاق رائے کرتے ہوئے اس کا حوالہ امام احمد رضا خان البریلوی نور اللہ مرقدہ الشریف نے بھی دیا ہے۔ جیسے فرمایا؛

''جبکہ علم مطلق بولا جائے خصوصاً جبکہ غیب کی طرف مضاف ہو تو اس سے مراد علم ذاتی ہوتا ہے۔ اس کی تشریح حاشیہ کشاف پر میر سید شریف نے کردی ہے اور یہ یقیناً حق ہے کوئی شخص کسی مخلوق کیلئے ایک ذرہ کا بھی علم ذاتی مانے یقیناً کافر ہے۔''

(الملفوظات جلد ۳' صفحہ ۴۶' مطبوعہ نوری کتب خانہ لاہور)

اسلاف کی ان تصریحات کا لب لباب یہ ہے کہ لغوی مفہوم کے اعتبار سے علم غیب کا ثبوت جو کسی سبب کا مسبب اور کسی دلیل کا مدلول ہوتا ہے غیر اللہ کیلئے نا قابل انکار حقیقت ہونے کے باوجود اس کے لئے منجانب اللہ سبب و دلیل کو ذکر کئے بغیر مطلقاً ''فلان یعلم الغیب'' جیسے الفاظ استعمال کرنا ممنوع و نا جائز اسلئے ہے کہ اس سے اسکے شرعی مفہوم کا وہمہ ہوتا ہے کیونکہ حقیقت شرعیہ ہونے کی وجہ سے وہی متبادر الی الذہن ہے اور اس مفہوم میں ایسا کہنا یا ایسا عقیدہ رکھنا یقیناً وقطعاً کفر اور صریح شرک ہے لہٰذا ایسے الفاظ کا استعمال بھی موہم شرک ہونے کی بناء پر ناجائز و ممنوع ہے۔

marfat.com

## ﴿اصحاب محراب ومنبر کو ملنے والا سبق﴾

قرآن وسنت سے مفہوم اور سلف صالحین کی تصریحات سے ثابت اس مسلمہ اُصول سے ان اصحاب محراب ومنبر حضرات کو سبق حاصل کرنا چاہئے جن کی موجودگی میں جعلی پیر اور غیر معیاری مشائخ علم غیب جاننے کا دعویٰ کرتے ہیں اور یہ خاموش ہوکر سنتے ہیں یا انکی ہاں میں ہاں ملا کر عوام کی گمراہی کا سامان کرتے ہیں۔اسی طرح مذہبی اجتماعات میں اسلام ناشناس اُجرتی نعت خوان ومقررین غیر اللہ کی طرف علی الاطلاق علم غیب نسبت کر کے اس مسلمہ اُصول کا خون کرتے ہیں اور محفل میں موجود حضرات یہ سب کچھ گونگا شیطان بن کر سنتے ہیں، اس حوالہ سے ماحول اتنا اسلام بیگانہ ہو چکا ہے کہ ان بے باکوں کو ٹوکنے کی جرات ہی کسی میں نہیں ہے۔

میرا ذاتی تجربہ ہے کہ مظلوم سنت کو زندہ کرنے کے جذبہ سے سرشار ہوکر اگر کوئی صاحب محراب ومنبر آگے بڑھ کر اس کے خلاف آواز اٹھائے تو میدان اسی کا ہوتا ہے، ضرورت صرف جرات واخلاص کی ہے اہل حق کے مقابلہ میں اس مغلوب الجہل طبقہ میں جرات نہیں ہے کہ مقاومت کر سکے۔اللہ کے حبیب رحمت عالم ﷺ نے فرمایا؛

''جس نے میری کسی متروک شدہ سنت کو زندہ کیا اس کیلئے سو شہیدوں کا اجر ہے''۔

(مشکوٰۃ شریف' باب الاعتصام' بالکتاب والسنۃ' صفحہ ۳۰)

اس چھوٹے سے عمل پر سو شہیدوں جتنا ثواب کے اس اجر عظیم کا فلسفہ یہ ہے کہ ایسے معاشرہ میں جہاں جہلاء کی مذہبی اجارہ داری ہو، مذہبی عصبیت کی کارستانی ہو اور التباس الحق بالباطل کا دوردورہ ہو حق کی تبلیغ نہایت مشکل کام ہے اور تبلیغی مشقت جتنی زیادہ ہوتی ہے،

marfat.com

ثواب بھی اسی شرح تناسب سے ملتا ہے کیونکہ ''اَلعَطَایَا عَلٰی مَتْنِ البَلَایَا''۔

منجانب اللہ مقررہ اسباب ودلائل کو ذکر کئے بغیر بے محل اور مطلقاً علم غیب غیر اللہ کی طرف نسبت کرنے والے ان بے باکوں سے بھی زیادہ قابل افسوس ان اصحاب منبر و محراب حضرات کا کردار ہے جو انکی تکفیر کرتے ہیں حالانکہ تکفیر کا تعلق صرف ان ضروریات دینیہ کی تکذیب کے ساتھ ہے جو سب کو معلوم ہو اور تکذیب بھی سو فیصد یقینی ہو جس میں تاویل کا بعید سے بعید احتمال و گنجائش بھی ممکن نہ ہو، جو یہاں پر مفقود ہے۔

اولاً:۔ اس لئے کہ علم غیب کے شرعی اور لغوی مفہوم کی تفریق کا اکثر اہل علم کو ہی پتہ نہیں ہے چہ جائیکہ مشہور ہو ورنہ علم غیب کے حوالہ سے تفسیروں میں مذکور اتنی تطویل و تضاد بیانی کبھی نہ ہوتی۔

ثانیاً:۔ اسلئے کہ مطلق استعمال سے علم غیب کے شرعی مفہوم کا متبادر الی الذہن ہونا اور بات ہے اور صریح الدلالۃ ہونا اور بات ہے جبکہ تکفیر کا تعلق صرف اور صرف صریح الادلۃ کے ساتھ ہے وہ بھی تب کہ جب اس کا مدلول ضرورت دینی ہو۔ یہاں پر ایسا نہیں ہے تو پھر تکفیر کا کیا جواز۔

ثالثاً:۔ اس لئے کہ یہ حضرات کہہ سکتے ہیں کہ اس سے ہماری مراد علم غیب کا لغوی مفہوم ہے شرعی نہیں چنانچہ معروضی حالات وشواہد بھی یہی بتا رہے ہیں ایسے میں تکفیری فتویٰ صادر کرنا ایک مومن مسلمان کو اسلام سے خارج کرنے کے مترادف ہوگا جس کی گنجائش اسلام میں نہیں ہے۔ الغرض منجانب اللہ مقررہ سبب و دلیل کو ذکر کئے بغیر مطلقاً غیر اللہ کی طرف علم غیب منسوب کرنے کی غلطی کرنے والوں کی تکفیر کا جرم قابل افسوس ہے اور ایسے الفاظ

marfat.com

استعمال کرنے کے گناہ سے کئی گنا زیادہ ہے' دارالافتاء کے تقاضوں کے خلاف ہے اور التباس الحق بالباطل کرنے کی بے محل جسارت ہے۔

## ﴿ایک اور سوال کا جواب﴾

مذکورہ حقائق سے آگاہی کے بعد قارئین کے ذہنوں میں یہ سوال بھی پیدا ہوسکتا ہے کہ جب منجانب اللہ مقررہ سبب ودلیل کو ذکر کئے بغیر مطلقاً غیر اللہ کی طرف علم غیب نسبت کرنا ممنوع وناجائز ہوا تو پھر جن قابل ذکر اسلاف نے ایسا کیا ہے اس کو کس کھاتہ میں ڈالا جائے گا پھر یہ بھی ہے کہ ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین کی طرف مطلق علم غیب منسوب کرکے ''اَلنَّبِیُّ یَعْلَمُ الْغَیْبَ'' کہنا اسی طرح حقیقی اولیاء اللہ کیطرف نسبت کرکے ''وَلِیُّ اللّٰہِ یَعْلَمُ الْغَیْبَ'' کہنا کسی ایک دو سے نہیں بلکہ اہلسنت کے چاروں مذاہب کے قابل ذکر اسلاف سے کثیر تعداد میں ثابت ہے، جیسے گزشتہ صفحات میں انکے حوالہ جات کا تذکرہ ہوچکا ہے۔ ایسے میں اس اندازِ استعمال کو ناجائز وممنوع فی الاسلام قرار دینے کا کیا فلسفہ ہے اور ان حضرات کے اس اندازِ استعمال کا کیا محل ومصرف ہوسکتا ہے؟

اس کا جواب یہ ہے کہ اسلاف کے استعمال اور جہلاء کے اس استعمال کا شرعی حکم ایک جیسا نہیں ہوسکتا اس لئے کہ ان میں کئی وجوہ سے فرق ہے۔

ایک یہ کہ اسلاف کرام نے اس طرح کا استعمال ازروئے تعلیم کیا ہے تبلیغ نہیں جبکہ جہلاء کی بولی بولنے والے یہ حضرات دوسروں کو تبلیغ کرتے ہوئے ایسا کرتے ہیں۔

اہل علم جانتے ہیں کہ تعلیم وتبلیغ کے شرعی احکام ہمیشہ ایک جیسے نہیں ہوتے کیونکہ علم

marfat.com

کے کسی متلاشی سے کچھ ایسی باتیں بھی کی جاسکتی ہیں جو عوامی اجتماع میں تبلیغ کے طور پر نہیں کہی جاسکتیں۔ جیسے حدیث میں ہے کہ اللہ کے حبیب ﷺ نے تعلیم کے طور پر بعض صحابہ کرام کو کچھ ایسی باتیں بتائیں جن کو ہر کس و ناکس کے سامنے تبلیغ کے طور پر آگے پھیلانے سے منع فرمایا۔

دوسرا فرق یہ ہے کہ اسلاف کرام کا یہ اندازِ کلام علم غیب کے لغوی اور شرعی مفہوم کے مابین فرق کو پیش نظر رکھ کر کلام کرنے والے اہل علم کے مابین ہے جس میں شرعی مفہوم کے موہم ہونے کا احتمال ہی نہیں ہے جبکہ جہلاء کی زبان پہ استعمال ہونے میں یہ سب کچھ مفقود ہونے کی وجہ سے شرعی مفہوم کا موہم ہونا فطری امر ہے۔

تیسرا فرق یہ ہے کہ سلف صالحین نے جہاں پر بھی ایسا کلام اختیار کیا ہے وہیں پر علم غیب کا وہ مفہوم کسی طرح ضرور موجود ہے جو اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور میں نہیں پایا جاسکتا۔ بخلاف جہلاء کے شرعی ولغوی مفہوم کی تمیز کیے بغیر رجم بالغیب کرتے رہتے ہیں۔ یعنی

چہ نسبت خاک رابعالم پاک

لہٰذا سلف صالحین کے کلام کا محل اور سیاق وسباق اس کے شرعی مفہوم کے موہم ہونے سے مانع ہے جبکہ جہلاء اور ان کے جذبات کی تکمیل کرنے والے ناقص خطباء ونعت خوانوں کے کلام میں کوئی ایسی چیز نہیں ہے جو اس کو موہم محظور ہونے سے بچائے۔ ایسے میں ناقصوں کے ایسے ناجائز وناقص اندازِ کلام کو کاملین پر قیاس کرنے کا کوئی جواز باقی نہیں رہتا۔

marfat.com

## ﴿ایک متوقع سوال کا پیشگی جواب﴾

ہماری اس تحقیق کو سمجھ کر پڑھنے والے قارئین کے ذہن میں اس سوال کا پیدا ہونا فطری امر ہے کہ جب علم غیب اپنے شرعی مفہوم میں اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ ہے جس کے کسی بھی جزئیہ اور فرد کا ثبوت غیر اللہ کیلئے ممکن نہیں ہے اگرچہ ملک مقرب و نبی مرسل ہی کیوں نہ ہو اور لغوی مفہوم کے اعتبار سے غیر اللہ کیلئے بھی ممکن ہے اور قرآن وحدیث کے نصوص میں جہاں غیر اللہ سے علم غیب کی نفی کی گئی ہے وہاں اس کا شرعی مفہوم مراد ہے اور جہاں غیر اللہ کیلئے ثابت کیا گیا ہے وہیں پر لغوی مفہوم کی مخصوص شکلیں مراد ہیں۔ ایسے میں اختلاف کی کوئی گنجائش ہی باقی نہیں رہتی تو پھر موجودہ اختلاف جو حد تکفیر تک مشہور ہو چکا ہے، اس کا کیا مصرف ہے؟

اس کا جواب یہ ہے کہ بے شک مسئلہ بجائے خود بے غبار ہے، قرآن وسنت میں اس حوالہ سے کوئی خفا باقی نہیں رکھی گئی ہے اس کے باوجود اختلاف کی جو شدت موجودہ دور میں پائی جاتی ہے اس کے بنیادی عوامل ہمارے تجربہ کے مطابق تین چیزیں ہیں۔

غیر معیاری مشائخ، جعلی پیروں اور ان کے گیتی نما دامِ تزویر میں پھنسے ہوئے علماءِ سَو کی بے اعتدالیاں کہ وہ تقریر و تحریر میں اور عوامی مجلسوں میں مطلق علم غیب غیر اللہ کیلئے ثابت ہونے کا ذکر کرتے رہتے ہیں۔ بالخصوص ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کیلئے اور اولیاء اللہ کیلئے علم ثابت کرنے کو تو تصوف کا لازمہ ہونے کا تاثر دیتے ہیں۔ اس کے ساتھ کسی نعت خوانوں کے ٹولہ کو بھی اس میں کافی دخل ہے کہ وہ علم غیب کے لغوی اور شرعی مفہوم

marfat.com

کی تفریق سے غافل ہونے کی بناء پر نبی اکرم رحمت عالم ﷺ کی شان اقدس میں غیب جاننے والے اور غیب دان جیسے الفاظ کا استعمال کرتے رہتے ہیں۔

دوسرا دارالافتاء کے ذمہ داروں کی بے احتیاطی کہ انہوں نے بے اعتدالوں کے منہ سے ایسے استعمالات سن کر ان کی اصلاح کرنے کے بجائے ان کی تکفیر کی کیونکہ انہوں نے تصویر کا صرف ایک رُخ دیکھا کہ علم غیب کا شرعی مفہوم اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ ہے جس میں غیر اللہ کو شریک کرنے والا کافر و مشرک ہوتا ہے۔اس موقع پر اگر تصویر کے دوسرے اور تیسرے رخ پر نظر کرنے کی توفیق انہیں نصیب ہوتی کہ وہ علم غیب کا لغوی مفہوم اور ان لوگوں کی غلطی ہے تو کفر و شرک کا فتویٰ لگانے کی بے احتیاطی کبھی نہ کرتے سچ کہا گیا ہے کہ؛

"مفتی کی ایک غلطی امت کی تباہی"

مفتیوں کی اس غلطی پر جتنا افسوس کیا جائے کم ہوگا انہوں نے اس حوالہ سے تکفیری فتویٰ صادر کرتے وقت دارالافتاء کے احتیاطی واجبات کو پس پشت ڈالنے کے جرم کے ساتھ علم غیب کے لغوی مفہوم کو بھی ہضم کرلیا۔انجام کار بے محل تکفیری فتویٰ صادر کرکے اپنے حلقہ اثر اور متبعین کے لئے التباس الحق بالباطل کی ایسی راہ نکالی جس سے ہٹنے کو وہ اسلام سے ہٹنے کے مترادف تصور کرتے ہیں۔اس تکفیری فتویٰ کو جاری کرتے وقت انہوں نے دو مفہوموں کیلئے استعمال ہونے والے اس لفظ کے جدا جدا تقاضوں کو پامال کرنے کے ساتھ تکفیری فتویٰ کیلئے شرعی معیار سے بھی صرف نظر کیا،لزوم کفر اور التزام کفر کی تفریق کو طاق نسیان کے جرم میں رکھنے کے ساتھ انجانے میں کل مکاتب فکر اہل اسلام کے سینکڑوں مسلمہ بزرگان دین کو بھی کافر و مشرک قرار دے دیا۔

marfat.com

## ﴿ایک اشتباہ کا ازالہ﴾

یہاں پر شاید کسی سطحی منطق شناس کے دل میں یہ سوال اُٹھے کہ اس تحریر میں علم الغیب المطلق کو اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ قرار دے کر غیر اللہ سے نفی کی ہے اور اسی کو ان تمام آیات و احادیث کا مورد قرار دیا ہے۔ جن میں غیر اللہ سے علم غیب کی نفی کی گئی ہے۔ اس کے مقابلہ میں مطلق علم غیب کو لغوی مفہوم میں غیر اللہ کیلئے ممکن اور ان نصوص کا مورد و مراد بتایا ہے جن میں غیر اللہ کیلئے علم غیب کا ثبوت ملتا ہے۔

اس پر یہ اعتراض ہو سکتا ہے کہ علم الغیب المطلق اور مطلق علم غیب ایسے ہی ہیں جیسے الشیٔ المطلق اور مطلق الشیٔ جبکہ فلسفہ کے حصہ منطق کے ماہرین نے الشیٔ المطلق اور مطلق الشیٔ کے مابین فرق یہ بتایا ہے کہ الشیٔ المطلق ہر وہ کلی ہے جو اپنے کسی ایک فرد کی موجودگی سے بھی موجود ہو سکتی ہے لیکن اسکے انتفاء وعدم کیلئے تمام افراد کا منتفی ہونا ضروری ہے اور مطلق الشیٔ ہر وہ کلی ہے جو اپنے کسی ایک فرد کی موجودگی سے بھی موجود ہو سکتی ہے اور کسی بھی فرد کے منتفی ہونے سے منتفی ہو سکتی ہے۔ جیسے سید المحققین میر زاہد نے الحواشی الزاہدیہ علی ملا جلال اور الحواشی الزاہدیہ علی شرح المواقف میں بالترتیب لکھا ہوا ہے؛

"اِنَّ الْمُطْلَقَ يُؤْخَذُ عَلَى وَجْهَيْنِ الْاَوَّلُ اَنْ يُؤْخَذَ مِنَ حَيْثُ هُوَ وَلَا يُلَاحَظَ مَعَهُ الْاِطْلَاقُ وَحِيْنَئِذٍ يَصِحُّ اِسْنَادُ اَحْكَامِ الْاَفْرَادِ اِلَيْهِ لِاِتِّحَادِهِ مَعَهَا ذَاتاً وَ وُجُوداً وَهُوَ بِهٰذَا الْاِعْتِبَارِ يَتَحَقَّقُ بِتَحَقُّقِ فَرْدٍ وَ يَنْتَفِي بِانْتِفَائِهِ وَهُوَ مَوْضُوْعُ الْقَضِيَّةِ الْمُهْمَلَةِ اِذْ مُوْجِبَتُهَا تَصْدُقُ

marfat.com

بِصِدْقِ الْجُزْئِیَّۃِ الْمُوْجِبَۃِ وَسَالِبَتُھَا تَصْدُقُ بِصِدْقِ السَّالِبَۃِ الْجُزْئِیَّۃِ وَالثَّانِیْ اَنْ یُؤْخَذَ مِنْ حَیْثُ اَنَّہٗ مُطْلَقٌ وَیُلَاحَظَ مَعَہُ الْاِطْلَاقُ وَحِیْنَئِذٍ لَا یَصِحُّ اِسْنَادُ اَحْکَامِ الْاَفْرَادِ اِلَیْہِ لِاَنَّ الْحَیْثِیَّۃَ الْاِطْلَاقِیَّۃَ تَابٰی عَنْہُ وَھُوَ بِھٰذَا الْاِعْتِبَارِ یَتَحَقَّقُ بِتَحَقُّقِ فَرْدٍ مَّا وَلَا یَنْتَفِیْ بِانْتِفَائِہٖ بَلْ بِانْتِفَاءِ جَمِیْعِ الْاَفْرَادِ وَھُوَ مَوْضُوْعُ الْقَضِیَّۃِ الطَّبْعِیَّۃِ"

(میرزاہد ملا جلال، صفحہ 100، مطبوعہ یوسفی ہند)

الحواشی الزاہدیہ علی شرح المواقف کے الفاظ یہ ہیں:

"اِنَّ الْمُطْلَقَ یُلَاحَظُ عَلٰی وَجْھَیْنِ الْاَوَّلِ مُلَاحَظَتُہٗ مَعَ الْاِطْلَاقِ لَا بِاَنَّ یَکُوْنَ الْاِطْلَاقُ قَیْدًا لَّہٗ وَاِلَّا لَا یَبْقٰی مُطْلَقًا بَلْ بِاَنَّ یَکُوْنَ عُنْوَانًا لِمُلَاحَظَتِہٖ وَ شَرْحًا لِحَقِیْقَتِہٖ وَالثَّانِیْ مُلَاحَظَتُہٗ مِنْ حَیْثُ ھُوَ مِنْ غَیْرِ اَنْ یُلَاحَظَ مَعَہُ الْاِطْلَاقُ وَھٰذَا وَجْہُ الْفَرْقِ بَیْنَ مُطْلَقِ الشَّیْئِیْ وَالشَّیْئِیْ الْمُطْلَقِ" (میرزاہد علی شرح المواقف، صفحہ ۸۳، مطبوعہ مطبع علوی ہند)

اہل علم جانتے ہیں کہ منطقی مسائل حقائق سے عبارت ہیں جن کا خلاف نہ کبھی ہوا ہے نہ کبھی ہوسکتا ہے جبکہ اس تحقیق میں علم الغیب المطلق کو اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ قرار دیا گیا ہے جو منطق کے اس اُصول کے سراسر خلاف ہے ورنہ اس کا مطلب یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ کو بعض مغیبات کا علم ہے بعض کا نہیں ہے حالانکہ یہ اسلامی عقیدہ کے ساتھ متصادم اور نصوص قطعیہ کے منافی بلکہ ضرورت دینی سے بھی انکار ہے۔ جس کا تصور ہی کوئی مسلمان نہیں کرسکتا۔

marfat.com

جواب اس کا یہ ہے کہ الشئ المطلق اور مطلق الشئ کے حضرت السید میر محمد الزاہد نور اللہ مرقدہ کے بیان کردہ مذکورہ احکام نہ منطق کے مسلمہ مسائل کے زمرہ میں شمار ہیں نہ ان کی پابندی مسلمانوں پر لازم ہے اور نہ ہی قرآن وسنت اور بزرگان دین کی اجماعی ویقینی تعبیرات کو ان پر منطبق کرنا ضروری ہے۔ ایسے میں یہ اعتراض بے حقیقت اشتباہ برائے اشتباہ کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔

اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ الشئ المطلق اور مطلق الشئ کو منطقی اُصول سمجھ کر شرعی مسائل کو ان پر منطبق کرنے کی کوشش کرنا سطحی فکر کی روش ہے۔

اولاً:۔ اس لئے کہ ان کو منطقی مسئلہ کہنا ہی غلط ہے کیونکہ منطق کا کوئی مسئلہ ایسا نہیں ہے جو قبل الانتقال الی العربیت فلسفہ یونانی میں موجود نہ ہو جبکہ ان اصطلاحات کا نام ونشان بھی اس میں نہیں ہے اور نہ ہی انکے مذکورہ احکام کا کوئی ذکر موجود ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بعد الانتقال الی العربیت بھی منطق کے بنیادی مسائل میں ان کا کوئی اتا پتا نہیں ملتا۔ محض اس بناء پر انہیں منطقی مسئلہ سمجھنا کہ حضرت السید میر محمد الزاہد یا اُن جیسے کچھ حضرات نے منطق ومعقول کی کتابوں میں ان کو ذکر کیا ہے۔ ہرگز تقاضا انصاف نہیں ہے کیونکہ کسی بھی فن میں مذکور ہونے والے تمام مسائل اس کے بنیادی مسائل نہیں ہوتے۔ اس لئے کہ بنیادی مسائل اور ان کی تحقیق وتجزیہ کیلئے ذکر کئے جانے والے مسائل، اعتبارات اور گوشہائے سخن جدا جدا چیزیں ہیں، کوئی فن ایسا نہیں ہے جو غیر فنی باتوں سے خالی ہو۔ منطق ومعقول کی کتابوں میں الشئ المطلق اور مطلق الشئ کا جو تذکرہ ہوا ہے یہ بھی ایسا ہی ہے اس کی مثال منطق کی کتابوں میں ہی مذکور بحث دلالت، اقسام دلالت، لفظ مفرد ومرکب، حقیقت ومجاز اور

marfat.com

مرتجل ومنقول ہونے جیسے مباحث ہیں۔ منطق ومعقول کی کتابوں میں مذکور ہونے کے باوجود ان کا مسائل منطقیہ نہ ہونے سے سب آگاہ ہیں۔ یہاں تک اصل سوال کا جواب آگیا کہ علم غیب المطلق کو اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ قرار دینے سے منطق کے کسی اُصول، کسی مسئلہ اور کسی بھی قاعدہ کی خلاف ورزی نہیں ہے کہ خلاف حقیقت ہوتا۔

☆☆☆☆☆☆

marfat.com

# الشئی المطلق اور مطلق الشئی کی حقیقت

اب ہم مناسب سمجھتے ہیں کہ حضرت السید میر محمد الزاہد المتوفی 1101ھ کی مذکورہ کتب میں بیان شدہ الشئی المطلق اور مطلق الشئی کی جدا جدا حقیقتوں کے ساتھ اس کے پس منظر اور مالہ و ماعلیہ سے بھی پردہ اٹھائیں تاکہ اس حوالہ سے پیدا ہونے والے جملہ شکوک و شبہات کا ازالہ ہوسکے۔ وہ اِس طرح ہے کہ لغت و محاورہ کی زبان میں ان دونوں کا ایک ہی مفہوم ہے جس کے مطابق الشئی المطلق میں شئی موصوف ہے اور مطلق اس کی صفت ہے جس کا استعمال تقاضا طبعی کے عین مطابق ہے یعنی موصوف پہلے اور صفت بعد میں مذکور ہوئے ہیں جبکہ مطلق الشئی میں برعکس ہے، بہر تقدیر شئی موصوف اور مطلق اس کی صفت ہونے میں اہل لسان کا قطعاً کوئی اختلاف متصور نہیں ہے۔ جس کے مطابق ان دونوں طریقہ ہائے استعمال سے متکلم کا بنیادی مقصد ایک ہی ہوتا ہے لغت و محاورہ کی زبان میں اس معنوی یگانگت کے باوجود حضرت میر محمد الزاہد جیسے محققین عقلیہ کی مذکورہ تفریق کے فلسفہ کو سمجھنا بھی منطق و معقولات کے ساتھ دلچسپی رکھنے والے حضرات کیلئے ایک چیلنج ہے۔ جس کی حقیقت تک رسائی اس کے پس منظر کو سمجھے بغیر ممکن نہیں ہے وہ اس طرح ہے کہ منطق کے حصہ تصورات کے بنیادی مسائل میں یہ چیز شامل ہے کہ کلیات خمسہ کو بیان کرنے کے بعد ان میں سے ہر ایک کو کلی منطقی، کلی طبعی، کلی عقلی پر تقسیم کر کے کلیات کی پندرہ

marfat.com

قسمیں بیان کیجاتی تھیں۔ مثال کے طور پر ''اَلْاِنْسَانُ کُلِّیٌّ ''میں لفظ کلی کا جو مفہوم انسان پر محمول ہو رہا ہے وہ کلی منطقی ہے اور اس کا معروض و موضوع یعنی (انسان) کلی طبعی ہے جبکہ اِن دونوں کا مجموعہ ترکیب اتصافی کی صورت میں کلی عقلی ہے۔ یعنی ''اَلْاِنْسَانُ الْکُلِّیُّ ''۔ اسی طرح منطق کے حصہ تصدیقات کے اقسام القضایا کے اندر قدماء مناطقہ کے نزدیک قضیہ مہملہ اور قضیہ طبعیہ دونوں کا موضوع کلی طبعی کو قرار دیا گیا ہے تو ظاہر ہے کہ کلی طبعی ایک ہی حیثیت سے ان دونوں کے لئے موضوع ہو نہیں سکتی لہٰذا دونوں میں کلی طبعی کی جدا جدا حیثیتوں کی تعیین و پہچان کی ضرورت محسوس کی گئی۔ جو حضرت السید میر محمد الزاہد سمیت جملہ محققین فن کے مطابق اس طرح ہے کہ کلی طبعی جو حقیقت میں کلی منطقی کیلئے معروض و موضوع ہے بجائے خود دو حیثیتوں کی حامل ہے جن میں سے ایک معروض من حیث انہ معروض ہے جس میں عارض کی خصوصیت کا نہیں بلکہ کلی طبعی کے صرف اور صرف وصف معروضیت کا اعتبار ہے عارض و محمول کچھ بھی ہو۔ جبکہ دوسری حیثیت مَعْرُوْضٌ مِنْ حَیْثُ اَنَّهٗ مَعْرُوْضُ هٰذَا الْکُلِّی ہے۔ اور کلی کا مفہوم بالیقین معقولات ثانیہ کے زمرہ میں ہونے کی وجہ سے اس کے معروض و موصوف کا موجود فی الخارج ہونے کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ایسے میں ''اَلْاِنْسَانُ کُلِّیٌّ ''جیسے کسی بھی قضیہ کا موجود فی الخارج یا قضیہ خارجیہ ہونے کا بھی کوئی سوال پیدا نہیں ہوسکتا بلکہ یہ قضیہ ذہنیہ کے سوا اور کچھ نہیں ہے جبکہ قضیہ مہملہ نہ صرف ذہنیہ بلکہ ذہنیہ' خارجیہ اور حقیقیہ میں سے ہر ایک کی صلاحیت رکھتا ہے۔

نیز یہ کہ قضیہ مہملہ میں درحقیقت کلی طبعی کے افراد پر حکم ہوتا ہے یعنی جو محمول و عارض ہوتا ہے وہ افراد کی صفت ہوتا ہے کلی طبعی کی نہیں لہٰذا قضیہ مہملہ میں کلی طبعی ظاہری طور

marfat.com

پر موضوع و معروض اور اپنے افراد کیلئے عنوان و پہچان ہونے کے سوا کوئی حیثیت نہیں رکھتی ایسے میں ''اَلْاِنْسَانُ کُلِّیٌّ'' جیسے قضایا کو مہملہ کہنے کا کوئی جواز ہی نہیں ہے کیونکہ محمول و عارض یہاں پر کلی ہے جو افراد کی صفت نہیں ہوسکتی ایسے میں ''الانسان کلی'' جیسے قضایا قضیہ طبعیہ کی خاص قسم ہونے کے علاوہ اور کچھ نہیں ہیں جو ہمیشہ قضیہ ذہنیہ ہوتے ہیں۔

قضیہ طبعیہ کی اس صورت کے علاوہ ایک اور صورت بھی ہے جس کی تفصیل اس طرح ہے کہ کلی طبعی کی مذکورہ دو حیثیتوں میں سے پہلی حیثیت یعنی مَعْرُوْضٌ مِنْ حَیْثُ اَنَّہٗ مَعْرُوْضٌ کے اندر پھر تین اعتبارات کا امکان موجود ہے جن میں سے اول یہ کہ اَلطَّبِیْعَتُ الْمَعْرُوْضَۃُ مِنْ حَیْثُ ھِیَ ھِیَ ہے جس میں متضاد اعتبارات اور عموم کا قطعاً کوئی لحاظ نہیں ہوتا اس میں حمل کبھی مصنوعی ہوتا ہے کبھی طبعی۔ مصنوعی کی مثال جیسے ''اَلْاِنْسَانُ زَیْدٌ، عَمْرٌو وَبَکْرٌ وغیرہ'' جو قضیہ حملیہ ہونے کے باوجود درجہ اعتبار سے قطعاً ساقط ہے کیونکہ اس کے اندر حمل غیر فطری ہے۔ حمل طبعی کی مثال جیسے ''اَلْاِنْسَانُ اَسْوَدُ'' یہ قضیہ حملیہ مہملہ کی ایک خاص قسم ہے۔ یہاں پر قابل توجہ بات یہ ہے کہ حمل مصنوعی ہو یا طبعی، قضیہ مہملہ ہو یا غیر مہملہ اور محمول خاص ہو یا عام بہر تقدیر محمول کے مذکور ہونے سے قبل اسکا ظاہری موضوع ان دونوں صورتوں میں کلی طبعی متصف بوصف الوجود ہوسکتی ہے نہ متصف بوصف العدم یعنی موجود بھی نہیں ہے اور معدوم بھی نہیں یعنی لا موجود، لا معدوم۔ کلی طبعی کا یہ وہ مرتبہ ہے جس میں ارتفاع نقیضین کے جواز کا قول کیا جاسکتا ہے۔ لیکن محمول کے مذکور ہوجانے کے بعد کلی طبعی کی معروضیت بھی اسی کے مطابق ہوتی ہے کیونکہ یہ اس کیساتھ ذاتاً بھی اور وجوداً بھی متحد ہے۔ اس لئے کہ ''اَلْحَمْلُ اِتِّحَادُ الْمُتَغَائِرَیْنِ مَفْھُوْماً فِی الْمِصْدَاقِ'' کا

marfat.com

فطری تقاضا اس کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ کہ وہ معروضیت کے وصف میں محمول کی نوعیت وکیفیت کے مطابق ہو۔ مثال کے طور پر محمول اگر مفرد ہوتو اس کا ماصدق علیہ بھی مفرد ہوگا اور محمول کے متعدد ہونے کی صورت میں اس کا ماصدق علیہ بھی متعدد ہوگا۔ گویا اس کے تحقق کیلئے کسی ایک فرد کا تحقق کافی اور انتفاء کیلئے کسی ایک فرد کا منتفی ہونا بھی کافی ہے جو مطلق طبیعت کا حکم ہے۔ مثال کے طور پر "اَلْاِنْسَانُ فِیْ خُسْرٍ" جو قضیہ مہملہ موجبہ ہے۔ ظاہر ہے کہ اس کا ظاہری موضوع جو مطلق طبیعت انسانی ہے وصف خسران کے ساتھ متصف نہیں ہوسکتی بلکہ خسران کیساتھ متصف ہونا صرف اور صرف اس کے ماصدق علیہ اور افراد کا خاصہ ہے۔ جس کیلئے ظاہر میں مطلق طبیعت انسانی کو موضوع بنایا گیا ہے جس کے کسی ایک فرد کا بھی وصف خسران کے ساتھ متصف ہونے پر یہ حکم درست ہوسکتا ہے۔ اسی طرح "اَلْاِنْسَانُ لَیْسَ فِیْ خُسْرٍ" جو قضیہ مہملہ سالبہ ہے اس کے صدق کیلئے بھی مطلق طبیعت انسانی کے کسی ایک فرد کا معروض الخسران نہ ہونا کافی ہے۔ یہی حال "اَلْاِنْسَانُ اَسْوَدُ" اور "اَلْاِنْسَانُ لَیْسَ بِاَسْوَدَ" جیسے ان تمام قضایا کا ہے جن میں بظاہر کلی طبعی مطلق الطبیعت کے درجہ میں موضوع ہے جبکہ حقیقت میں محمول کے ساتھ وہ خود نہیں بلکہ اس کے افراد متصف ہیں کہ یہ سب کے سب قضیہ مہملہ کی خاص قسم ہیں۔

کلی طبعی کے اندر موجود تین امکانی اعتبارات میں سے دوسرا اعتبار یہ ہے کہ وہ اَلطَّبِیْعَۃُ الْمَعْرُوْضَۃُ مِنْ حَیْثُ ھِیَ ھِیَ ہے جس سے مراد متضاد اعتبارات کا اس انداز کیساتھ حامل ہونا ہے کہ حیثیت کا تعلق صرف اعتبار کے ساتھ ہو معتبر کے ساتھ نہیں۔ عنوان میں ہو معنون میں نہیں، لحاظ میں ہو ملحوظ میں نہیں، تصور اضافت کے ساتھ ہو ترکیب

marfat.com

اضافی کے ساتھ نہیں اور تصور اِتصاف کے ساتھ ہو ترکیب توصیفی کے ساتھ نہیں۔ یہ کلی طبعی کا وہ مرتبہ ہے کہ جس میں اجتماع نقیضین کے جواز کا قول کیا جا سکتا ہے۔ مثال کے طور پر ''اَلْاِنْسَانُ کُلِّیٌ '' کہنا بھی ممکن تھا اور ''اَلْاِنْسَانُ جُزْئِیٌّ '' کہنا بھی ممکن تھا اسی طرح ''اَلْاِنْسَانُ نَوْعٌ '' کہنا بھی ممکن تھا اور ''اَلْاِنْسَانُ لَیْسَ بِنَوْعٍ'' کہنا بھی ممکن تھا الغرض محمول کو ذکر کرنے سے قبل موضوع جو کلی طبعی ہے کا اتصاف اس قسم تمام متضاد اوصاف کے ساتھ ہونے کا اعتبار ممکن تھا لیکن محمول کے مذکور ہو جانے کے بعد وہی ایک متعین ہو جاتا ہے اور بالفعل متعین ہو جانے والا محمول اگر کلی کی صفت ہے یعنی جزئیات و افراد پر اس کا حمل درست نہ ہو تو اس انداز سے ترکیب پانے والا قضیہ طبعیہ قرار پاتا ہے گویا یہ قضیہ طبعیہ کی دوسری قسم ہے۔ مثال کے طور پر ''اَلْاِنْسَانُ نَوْعٌ '' یا ''اَلْاِنْسَانُ کُلِّیٌ '' جیسی ترکیب اس میں شامل ہے اور اگر جزئیات و افراد کی صفت ہے۔ مثال کے طور ''اَلْاِنْسَانُ اَسْوَدُ '' ''اَلْاِنْسَانُ اَبْیَضُ '' جیسے تمام قضایا تو اس انداز سے ترکیب پانے والا قضیہ مہملہ قرار پاتا ہے۔ گویا یہ قضیہ مہملہ کی دوسری قسم ہے۔

تیسرا اعتبار یہ ہے کہ وہ اَلطَّبِیْعَتُ الْمَعْرُوْضَۃُ مِنْ حَیْثُ ھِیَ ھِیَ ہے جس سے مراد یہ ہے کہ یہ حیثیت کلی طبعی کے عموم کے ساتھ متعلق ہے جیسے معنوی طور پر مشترکات میں ہوتا ہے اور عموم سے متعلق یہ حیثیت بھی کلی طبعی کے صرف عنوان میں ہے معنون میں نہیں، لحاظ میں ہے ملحوظ میں نہیں، تصور اتصاف میں ہے مرکب توصیفی میں نہیں اور تصور اضافت میں ہے ترکیب اضافی میں نہیں لہٰذا اس پر محمول ہونے والا مفہوم ہمیشہ کلی منطقی ہوتا ہے، جزئیات و افراد ہرگز نہیں ہو سکتے کیونکہ یہاں پر موضوع ایسی کلی طبعی ہے۔ جس

marfat.com

کے اندر کلیت، اطلاق اور عموم کا اعتبار ہے جبکہ جزئیات و افراد میں تخصیص و تقیید اور قیودات معتبر ہوتے ہیں جو عموم و اطلاق کے منافی ہیں۔ مثال کے طور ''اَلْاِنْسَانُ كُلِّيٌ'' یا ''اَلْاِنْسَانُ نَوْعٌ'' کی جانب محمول میں بالترتیب کلی منطقی اور نوع منطقی کے سوا اور کوئی شے مراد نہیں ہوسکتی۔ اس مرتبے میں کلی طبعی کو الطبیعت المطلقہ بھی کہتے ہیں جو الشئ المطلق سے مختلف نہیں ہے اور یہ ہمیشہ قضیہ طبعیہ کی موضوع ہوتی ہے جس سے ترکیب پانے والا قضیہ ہمیشہ قضیہ ذہنیہ ہوتا ہے یعنی قضیہ خارجیہ یا حقیقیہ ہونے کا امکان اس میں نہیں ہوتا کیونکہ ان دونوں میں محکوم علیہ و موضوع جزئیات و افراد ہوتے ہیں جبکہ قضیہ طبعیہ کی اس قسم میں محکوم علیہ و موضوع وہ کلی طبعی ہے جو محیث ہے حیثیت عموم و اطلاق کے ساتھ، یہ قضیہ طبعیہ کی تیسری قسم ہے۔

تو ظاہر ہے کہ اطلاق و تقیید کبھی جمع ہوسکتی ہیں نہ ایک نوع کی کلیت و جزئیت اور خصوصیت و تعمیم کا اجتماع ممکن ہے۔ اِس تحقیق سے جہاں قضیہ مہملہ قدمائیہ کی دو قسمیں معلوم ہورہی ہیں وہاں قضیہ طبعیہ کا ہمیشہ قضیہ ذہنیہ ہونا بھی واضح ہورہا ہے۔ افراد و جزئیات کے ساتھ اُس کا قطعاً کوئی تعلق ہی نہیں ہوتا۔

یہ اہل فن کے جملہ محققین کا متفقہ موقف ہے جس میں کسی کو اعتراض ہے نہ کوئی اختلاف جس کا اظہار قاضی محمد المبارک المتوفی ۱۱۶۲ھ نے سلم العلوم کی عبارت ''وَهِيَ مِنْ حَيْثُ هِيَ لَيْسَتْ مَوْجُوْدَةً وَلَا مَعْدُوْمَةً وَلَا شَيْاءً مِنَ الْعَوَارِضِ فَفِيْ هٰذِهِ الْمَرْتَبَةِ اِرْتَفَعَ النَّقِيْضَانِ'' کی تشریح کرتے ہوئے تین صفحات میں کیا ہے۔ ان حقائق کی موجودگی میں حضرت میر محمد الزاہد نور اللہ مرقدہ کا یہ کہنا کیونکہ قابل قبول ہوسکتا ہے کہ

marfat.com

''اَلشَّیْئُ الْمُطْلَقُ یَتَحَقَّقُ بِتَحَقُّقِ فَرْدٍ مَا وَلَا یَنْتَفِیْ بِانْتِفَائِهٖ بَلْ بِانْتِفَاءِ جَمِیْعِ الْاَفْرَادِ''

## تقلید جامد کی افسردہ روایت

مذکورہ اشتباہ میں علم الغیب المطلق کو اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ اور مطلق علم غیب کو اس کے لغوی مفہوم میں غیر اللہ کے لئے ممکن قرار دینے کے اسلامی عقیدہ کو الشئی المطلق اور مطلق الشئی کے احکام پر قیاس کر کے جو اشتباہ پیش کیا گیا ہے اس کی بنیاد تقلید جامد کی افسردہ روایت پر قائم ہے۔ جس کی تفصیل اس طرح ہے کہ الشئی المطلق اور مطلق الشئی بالفاظ دیگر الطبیعت المطلقۃ اور مطلق الطبیعۃ کے حوالہ سے مناطقہ سے دو چیزیں منقول ہیں۔ اول ان کی جدا جدا تعریفیں ہیں، دوم انکے احکام ہیں۔ تعریفیں ان کی وہی ہیں جن کو مذکورہ عبارات وحوالہ جات کے مطابق ہم نے بیان کر دیا، جس میں نہ کوئی اعتراض ہے نہ کسی کو اختلاف، جبکہ احکام کے بیان میں سید میر محمد الزاہد کا یہ کہنا کہ ''اَلشَّیْئُ الْمُطْلَقُ کَا تَحَقُّقُ بِتَحَقُّقِ فَرْدٍ مَّا'' اور ''اِنْتِفَاء بِانْتِفَاءِ جَمِیْعِ الْاَفْرَادِ'' ہوتا ہے نہ صرف خلاف حقیقت بلکہ الشئی المطلق کی تعریف کے بھی منافی ہے کیونکہ الشئی المطلق کے مفہوم عنوانی میں عموم و اطلاق معتبر ہوتا ہے جبکہ افراد میں قیودات و تخصیص ہوتی ہے۔ ایسے میں الطبیعۃ المطلقہ کے وجود کو اس کے افراد کے وجود پر اگر چہ فرد واحد ہی سہی موقوف قرار دینا جمع بین الاضداد کے مترادف ہے جو ناممکن ہے۔ اللہ ہی بہتر جانتا ہے کہ السید میر محمد الزاہد نے کس تصور میں یہ لکھ دیا ہے۔ ہمیں اس پر افسوس نہیں کہ حضرت موصوف نور اللہ مرقدہ نے ایسا کیوں لکھا

marfat.com

ہے اسلئے کہ وہ استاذ المشائخ والمناطقہ ہونے کے باوجود معصوم ہرگز نہیں تھے کہ مغالطہ وخطاؤں کا تصوران سے نہ ہوسکے بلکہ ذوات قدسیہ معصوم انبیاء ومرسلین کے ماسوا ''اَلْاِنْسَانُ مُرَکَّبٌ مِنَ الْخَطَاءِ '' کے عمومی اُصول فطرت کے ماتحت ہونے کی بناء پر ایسا ہونا ممکن تھا لیکن قابل افسوس بعد والے وہ تمام حضرات ہیں جنھوں نے حقائق کی طرف پشت کر کے اسی کو حقیقت سمجھا، تقلید جامد کی اِس افسردہ روایت کو سینہ سے لگایا اور حضرت موصوف کے حوالہ سے اس کو ہر جگہ دُہرایا اور دُہرا رہے ہیں جس پر جتنا افسوس کیا جائے کم ہے۔ آنکھیں بند کر کے اکابر کی تقلید کرنے کی اندھیر نگری کی یہ کوئی ایک مثال نہیں ہے بلکہ اس جیسے بے شمار مسائل ایسے اور بھی موجود ہیں جن میں محض اکابر پرستی کی تقلید جامد میں گرفتار ہونے کی وجہ سے حقائق پر نظر رکھنے کی توفیق نصیب نہیں ہوتی۔

قابل صد آفرین ہیں حضرت بحر العلوم مدراسی، عبدالحلیم لکھنوی اور امام احمد رضا خان بریلوی جیسے تحقیق پسند حضرات کہ ان میں سے بعض نے صراحتاً اور بعض نے کنایۃً، بعض نے تفصیل کے ساتھ اور بعض نے اجمال سے کام لیتے ہوئے حضرت موصوف کی اس خطائی کا پتہ دیا ہے۔ حضرت بحر العلوم مدراسی نے میر زاہد ملا جلال کی محولہ مذکورہ فی السوال عبارت سے متعلقہ تحریر میں بالتفصیل چار وجوہ سے اس پر رد کیا ہے۔ (بحر العلوم علی المیر زاہد ملا جلال صفحہ 36 تا صفحہ 37)

ملاحسن نے تصور وتصدیق کی طرف تقسیم ہونے والے علم کی تشخیص کے حوالہ سے حضرت موصوف پر رد کرتے ہوئے لکھا ہے:

''ثُمَّ قَالَ ذَالِكَ الْقَائِلُ فِیْ مَوْضِعٍ آخَرَ اِنَّ الْمَقْسِمَ هُوَ الطَّبِیْعَةُ

marfat.com

الْمُطْلَقَةُ دُوْنَ مُطْلَقِ الطَّبِيْعَتِ فَمَعَ اَنَّهٗ مُنَافٍ لِقَوْلِهٖ فِیْ هٰذَا الْمَقَامِ يَرِدُ اَنَّ الْمَقْسِمَ بِالْحَقِيْقَتِ هِیَ الطَّبِيْعَةُ مِنْ حَيْثُ هِیَ هِیَ وَيُعَبَّرُ عَنْهَا بِمُطْلَقِ الشَّيْئِی لَاالشَّيْئِی الْمُطْلَقِ اَعْنِیْ الطَّبِيْعَةَ مِنْ حَيْثُ الْعُمُوْمِ

اہل علم جانتے ہیں کہ اس مختصر سی عبارت میں کس لطافت کے ساتھ الشئی المطلق کے میر زاہد ملا جلال والے حکم پر رد کیا جا رہا ہے۔ حضرت عبدالحلیم لکھنوی نوراللہ مرقدہ نے ملاحسن کی مذکورہ تردیدی عبارت میں مذکور مطلق الطبیعۃ اور الطبیعۃ المطلقہ کی بالترتیب تعریف واحکام کی تفریق بتاتے ہوئے القول الاحسن میں لکھا ہے؛

”اَلْفَرْقُ بَيْنَهُمَا اَنَّ مُطْلَقَ الطَّبِيْعَةِ يُمْكِنُ نَفْسِهَا مَعَ عَزْلِ اللَّحْظِ عَنِ الْعَوَارِضِ حَتّٰى عَنِ الْاِطْلَاقِ اَيْضاً وَهُوَ يَتَحَقَّقُ بِتَحَقُّقِ الْاَفْرَادِ فِی الْخَارِجِ وَيَنْتَفِیْ بِانْتِفَاءِ فَرْدٍ مَا وَ يَسْرِیْ اِلَيْهِ اَحْكَامُ الْاَفْرَادِ۔ وَالطَّبِيْعَةُ الْمُطْلَقَةُ عِبَارَةٌ عَنْ الطَّبِيْعَةِ الْمَلْحُوْظَةِ مَعَ الْعُمُوْمِ وَالْاِطْلَاقِ لَا بِاَنْ يَكُوْنَ الْاِطْلَاقُ جُزْءً وَهِیَ لَا تَتَحَقَّقُ فِی الْخَارِجِ وَ لَا يَسْرِیْ اِلَيْهَا اَحْكَامُ الْاَفْرَادِ لِلْمُنَافَاتِ بَيْنَ الْعُمُوْمِ وَالْخُصُوْصِ“

(القول الاحسن، صفحہ ۲۷)

تقلید جامد کے حصار سے آزاد اہل انصاف پر واضح ہے کہ الشئی المطلق اور مطلق الشئی کی جدا جدا تعریفوں کے بعد ان کے احکام میں تفریق بتاتے ہوئے یہ جو کچھ لکھا ہے، یہ حضرت السید میر محمد الزاہد سے میر زاہد ملا جلال میں منقول اور آنکھیں بند کر کے ان کی تقلید میں ”اَلشَّيْئُی الْمُطْلَقُ يَتَحَقَّقُ بِتَحَقُّقِ فَرْدٍمَا وَيَنْتَفِیْ بِانْتِفَاءِ جَمِ

marfat.com

اَلْاَفْرَادِ ’’کوشہرت دینے والوں پر کیسے صریح رد ہے۔ جس میں اولاً ’’وَهِيَ لَا يَتَحَقَّقُ فِي الْخَارِجِ ‘‘ کہہ کر رد کیا کہ خارج میں پائے جانے والے افراد کے ساتھ ’’اَلطَّبِيْعَةُ الْمُطْلَقَةُ‘‘ کے وجود کا قطعاً کوئی تعلق ہی نہیں ہے تا کہ کسی ایک فرد کے وجود سے یہ بھی موجود فی الخارج ہو سکے اور سب کے منتفی ہونے پر یہ بھی منتفی ہو سکے۔

ثانیاً:۔ ’’وَلَا يَسْرِيْ اِلَيْهَا اَحْكَامُ الْاَفْرَادِ ‘‘ کہہ کر رد کیا کہ جب افراد کے احکام کا اس کے ساتھ کوئی تعلق ہی نہیں ہے تو پھر ’’يَتَحَقَّقُ بِتَحَقُّقِ فَرْدِمَّا وَيَنْتَفِيْ بِانْتِفَاءِ جَمِيْعِ الْاَفْرَادِ ‘‘ کا کوئی مقصد ہی نہیں رہتا۔

ثالثاً:۔ لِلْمُنَافَاتِ بَيْنَ الْعُمُوْمِ وَالْخُصُوْصِ کہہ کر رد کیا کہ جب الشیٔ المطلق میں عموم کا اعتبار ہے اور افراد میں ہمیشہ خصوص ہوتا ہے تو ایسے میں ’’اَلشَّيْئُ الْمُطْلَقُ يَتَحَقَّقُ بِتَحَقُّقِ فَرْدِمَا وَيَنْتَفِيْ بِانْتِفَاءِ جَمِيْعِ الْاَفْرَادِ‘‘ کہنا جمع بین المتنافیین کے مترادف ہے۔ جو بجائے خود ناجائز و باطل ہے۔

حضرت امام احمد رضا خان فاضل بریلوی نے فتاویٰ رضویہ' جلد ۱۳' صفحہ ۱۷۶ تا ۱۷۸ میں اپنے ہم عصر ایک غیر معیاری مفتی جس نے اپنے غلط فتویٰ کو درست ثابت کرنے کے لئے میر زاہد ملا جلال کی مذکورہ عبارت سے استدلال کی کوشش کی تھی پر رد بلیغ کرتے ہوئے احقاق حق کا حق ادا کیا ہے۔ جس سے استفادہ کرنا نہ صرف زواہد ثلاثہ اور قاضی مبارک وملاحسن پڑھنے اور پڑھانے والے حضرات کی ضرورت بلکہ اُصول فقہ کی کتابوں کے جن مقامات پر کلی طبعی اور الشیٔ المطلق و مطلق الشیٔ جیسے اعتبارات کا ذکر ہوتا ہے ان کے پڑھنے اور پڑھانے والے تمام حضرات کو پیش آنے والی جملہ مشکلات کا بھی حل

marfat.com

ہے۔ فَجَزَاهُ اللّٰهُ خَيْرَ الْجَزَاءِ

بالغرض حضرت السید میر محمد الزاہد کا یہ کلام خلاف حقیقت ہونے کے سوا اور کچھ نہیں ہے یہی وجہ ہے کہ آنکھیں بند کر کے ان کی تقلید کرنے والے حضرات نے اس کو بنیاد بنا کر جہاں کہیں بھی کلام کیا ہے وہ بھی متضاد، نا قابل فہم اور بے حقیقت گفتگو ہونے کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ مثال کے طور پر میر زاہد اُمور عامہ کے محشی وحید الزمان نے ایک صفحہ پہلے حضرت السید میر محمد الزاہد کے مذکورہ کلام کو اپنی من پسند ترجیح کے اثبات کیلئے نقل کیا جس کے چند سطر بعد دوسرے صفحہ میں اس کے خلاف اصل حقیقت کو ظاہر کرنے پر مجبور ہوتے ہوئے لکھا ہے:

"لِاَنَّ الشَّیْئُ الْمُطْلَقُ لَا یُمْکِنُ تَحَقُّقُهُ فِی الْاَفْرَادِ لِاَنَّ الْحَیْثِیَّتَ الْاِطْلَاقِیَّةَ تَابٰی عَنِ التَّقْیِیْدِ" (حاشیہ وحید الزمان علی میر زاہد امور عامہ، صفحہ ۴۶)

ان حالات میں حضرت السید میر محمد الزاہد کے مذکورہ خلاف حقیقت کلام کو ہر جگہ دُہراتے پھرنے کا انجام ایسے اشتباہات میں مبتلا ہونے کے سوا اور کیا ہوسکتا ہے۔

## خلاصۃ التحقیق بعد التفصیل

یہ کہ الشئ المطلق میں کلی طبعی من حیث العموم والاطلاق معتبر ہوتی ہے جبکہ مطلق الشئ میں مِنْ حَیْثُ هُوَ هُوَ معتبر ہوتی ہے یعنی حیثیت دونوں میں اِطلاقی ہوتی ہے۔ تقییدی یا تعلیلی کسی ایک میں بھی نہیں ہے اس کے باوجود الشئ المطلق میں یہ حیثیت صرف عنوان میں ہے معنون میں نہیں اور لحاظ میں ہے ملحوظ میں نہیں جبکہ مطلق الشئ کے اندر نہ

marfat.com

عنوان میں ہے نہ معنون میں اس مفہومی تفریق کے علاوہ احکام کے اعتبار سے فرق یہ ہے کہ؛

(۱) قدماء مناطقہ کے مطابق بظاہر قضیہ طبعیہ اور قضیہ مہملہ دونوں کا موضوع کلی طبعی ہونے کے باوجود طبعیہ کا موضوع کلی طبعی من حیث الاطلاق ہے جبکہ مہملہ کا موضوع کلی طبعی من حیث ہو ہو ہے۔

(۲) یہ کہ قضیہ طبعیہ اور مہملہ کی حقیقی پہچان و تفہیم محمول کی جانب سے ہوتی ہے کہ جس کا محمول افراد کی صفت ہو وہ مہملہ اور جس کا محمول افراد کی صفت نہ ہو سکے وہ طبعیہ سمجھے جاتے ہیں۔ اس حقیقت کی روشنی میں الشئی المطلق اور مطلق الشئی کے یہ احکام بھی وجود میں آ رہے ہیں۔

(۳) الشئی المطلق اپنے افراد کے ساتھ حقیقی اتحاد نہیں رکھتا کہ دونوں کا وجود اور ذات ایک ہو جبکہ مطلق الشئی اپنے افراد کے ساتھ حقیقی اتحاد رکھتا ہے کہ افراد کے بغیر نہ اس کی ذات ہے نہ وجود۔ ایسے میں ایک اور حکم وجود میں آ رہا ہے۔

(۴) الشئی المطلق کے وجود کا افراد کے وجود و عدم کے ساتھ کوئی ربط نہیں ہے یعنی افراد اس کے موجود ہوں یا نہ ہوں جو کچھ بھی ہو اس پر کوئی اثر نہیں پڑتا وہ بہر تقدیر وجود ذہنی اور نفس الامری کے ساتھ موجود ہوتی ہے اور قضیہ طبعیہ کیلئے موضوع ہوتی ہے۔ اس کا محمول ہمیشہ کلی منطقی ہوتا ہے چاہے جس درجہ کی کلی ہی کیوں نہ ہو۔ جبکہ مطلق الشئی اپنی ذات اور وجود کے اعتبار سے متحد مع الافراد ہے لہٰذا اس کے خارجی وجود کیلئے کسی ایک فرد کی موجودگی بھی کافی ہے اسی طرح نفی کیلئے کسی ایک فرد کی نفی بھی کافی ہے۔

marfat.com

اس کے علاوہ پانچویں بات یہ بھی معلوم ہوئی کہ الشئی المطلق اور مطلق الشئی منطق کے بنیادی مسائل میں ہرگز نہیں ہیں بلکہ یہ کلیات کے مختلف اعتبارات اور متعدد حیثیات ہیں جس کی ابتداء قضیہ طبعیہ اور مہملہ قدمائیہ کے موضوعات کے مابین مابہ الامتیاز کی پہچان کیلئے کی گئی تھی بعد میں عام طور پر استعمال ہونے لگے۔ کیونکہ بظاہر ان دونوں قضیوں کا موضوع ایک جیسا ہے۔ جیسے ''اَلْاِنْسَانُ نَوْعٌ'' اور ''اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ'' جبکہ اول الذکر قضیہ طبعیہ اور ثانی الذکر بالیقین قضیہ مہملہ ہے۔ تو انکے باہمی تفریق کا واجبی تقاضا تھا کہ ان کے موضوع بھی مختلف ہوں۔ ایسے میں ارباب فن نے الشئی المطلق اور مطلق الشئی کے اعتبارات وحیثیات مذکورہ کا سہارا لے کر مہملہ قدمائیہ کو قابل فہم بنا دیا۔ قضیہ مہملہ قدمائیہ کی اس صعوبت فہم کو دیکھ کر متاخرین مناطقہ نے اس کا عنوان بدلا کر سہم الفہم بنا دیا کہ؛

''اَلْمُهْمَلَةُ مَاحُكِمَ فِيْهَا عَلَى الْاَفْرَادِ الْغَيْرِ الْمُبَيَّنَةِ الْكَمِّيَّتِ

فَجَزَاهُمُ اللّٰهُ خَيْرَ الْجَزَاءِ

## ﴿خلاصۃ الجواب بعد التدقیق﴾

یہ کہ سلف صالحین کے کلام میں جو کہا گیا ہے کہ علم الغیب المطلق اللہ تعالیٰ کی صفت خاصہ ہے جو کسی بھی غیر اللہ کیلئے ممکن نہیں ہے چاہے ملک مقرب و نبی مرسل جیسی ماوراء العقل والحواس کمالات کی حامل ہستی ہی کیوں نہ ہو یہ اپنی جگہ درست ہے' اسلامی عقیدہ ہے اور ناقابل انکار حقیقت ہے اُس پر کیا جانے والا مذکورہ اشتباہ منطق کے حوالہ سے سطحی ذہن والے حضرات کے دماغ کی پیداوار اور بناء الغلط علی الغلط ہے کیونکہ اشتباہ

marfat.com

وارد کرنے والوں نے الشئ المطلق یعنی علم الغیب المطلق کے اس حکم کو پیش نظر رکھ کر ایسا کیا ہے۔ جو میر زاہد ملا جلال میں حضرت السید میر محمد الزاہد سے منقول ہے وہ چونکہ بجائے خود غلط ہے لہٰذا اس پر بنا ہونے والا اعتراض آپ ہی غلط قرار پائے۔ ایسے میں فقہاء کرام سے لیکر طبقہ مفسرین تک اسلاف سے منقول اس کلام یعنی علم الغیب المطلق خاصۃ سبحانہ وتعالیٰ کا جملہ اور اس کا مفہوم وحاصل مضمون جو ہے وہ الشئ المطلق کی حقیقی تعریف اور واقعی احکام کے عین مطابق ہے جس کی روشنی میں ''علم الغیب المطلق خاصۃ سبحانہ وتعالیٰ'' کا جملہ قضیہ طبعیہ کے سوا اور کچھ نہیں ہے جو وجود نفس الامری رکھنے کے ساتھ وجود ذہنی اور اعتقادی اور جملہ اہل اسلام کا قطعی ویقینی عقیدہ بھی ہے، جس کا قضیہ خارجیہ یا حقیقیہ ہونے کا کوئی امکان ہی نہیں ہے۔ پیش نظر اعتراض کے جواب میں کلام اگرچہ طویل ہوا لیکن مقتضائے مقام تھا کیونکہ الشئ المطلق اور مطلق الشئ کے ان الفاظ کو منطق کے مسائل میں سمجھ کر حضرت السید میر محمد الزاہد کے حوالہ سے جو غلط تاثر پیدا کیا گیا تھا اس کا ازالہ بغیر اسکے ممکن ہی نہیں تھا کہ ان دونوں الفاظ کی حقیقت' ان کا پس منظر اور میر زاہد ملا جلال میں ان کے بیان شدہ احکام کی حقیقت سے پردہ اٹھایا جاتا۔

اصل اعتراض کا جواب اگرچہ مختصر تھا لیکن اس کی حقیقت تک پہنچنے اور اس پر بصیرت حاصل کرنے کے لئے یہ سب کچھ ضروری تھا اس کی ایسی مثال ہے۔ جیسے منطق کے حصہ تصورات میں مقصود اصلی معرف کے عوارضات ذاتیہ کے حوالہ سے معدودی چند باتوں کو جاننا ہوتا ہے لیکن اس مختصر سی بحث کو علیٰ وجہ البصیرت سمجھنے کیلئے شروع سے لیکر معرف پہنچنے تک درجنوں مباحث سے گفتگو کی جاتی ہے۔ (فَلِلّٰہِ الْحَمْدُ اَوَّلاً وَّآخِراً ظَاہِراً وَّبَاطِناً)

marfat.com

جب اِس بے محل فتویٰ کا اسلام کے حقیقی مفتیوں کو پتہ چلا تو انہوں نے اپنا مذہبی فریضہ ادا کرتے ہوئے اس کی غلطیاں دنیا کے سامنے ظاہر کیں، اس کے مفاسد و بدانجامی کا پردہ کھولا اور تصویر کے تینوں رخ دنیا کو بتا کر ہر ایک کے جدا جدا شرعی احکام بتائے۔ لیکن وقت گزر چکا تھا اور ''مفتی کی ایک غلطی اُمت کی تباہی'' کا مقولہ عمل کی صورت اختیار کر چکا تھا۔ تاریخی غلطی کے مرتکب ان مفتیوں کی اندھی تقلید کرنے والوں کی ایک جماعت مسلم معاشرہ میں پھیل چکی تھی جس کے نتیجہ میں دو متضاد دارالافتاء کے ساتھ مربوط اہل عقیدہ کا باہمی مشت بگریبان ہونا طبعی امر تھا جو ہو رہا ہے۔ اس کے علاوہ حفظ الایمان کی گزشتہ رسوائے زمانہ عبارت کو بھی اس سلگتی ہوئی آگ کو بھڑکانے میں بڑا دخل ہے گویا علم غیب کے حوالہ سے برصغیر پاک وہند کے مسلمانوں میں جو کشیدگی پائی جاتی ہے اس کے پس منظر واسباب اور محرکات میں بنیادی عوامل یہی تین امور ہیں ورنہ اگر جاہل و کسبی نعت خواں و مولود خواں اور غیر معیاری مشائخ مطلق علم غیب کی نسبت کھلے بندوں غیر اللہ کی طرف کرنے کی بیباکی نہ کرتے تو شاید دارالافتاء کے ذمہ داروں سے بھی تکفیر مسلم کا جرم سرزد نہ ہوتا اسی طرح اگر غیر ذمہ دارانہ فتویٰ تکفیر جاری کرنے والے حضرات تکبر کو چھوڑ کر انابت الی اللہ کا مظاہرہ کرتے، اپنی غلطی سے رجوع کرتے اور اصحاب مدارس ہونے کے گھمنڈ سے نکل کر حقیقی فتویٰ جاری کرنے والوں کا ساتھ دیتے تو مجادلہ کی موجودہ صورت کبھی پیش نہ آتی یا اگر کم از کم حفظ الایمان والی تحریر کا مصنف اپنی اس رسوائے زمانہ عبارت پر اڑے رہنے کے بجائے حقیقت کو تسلیم کرتے ہوئے اعلانیہ توبہ تائب ہونے کی سعادت پاتے پھر

marfat.com

بھی اُس دارالافتاء کے اصاغر کو بے محل مجادلہ کرنے کی یہ جسارت کبھی نہ ہوتی جو ہو رہی ہے۔

الغرض علم غیب کے حوالہ سے ایک طرف سے تکفیر مسلم کے جرم کا دور دورہ ہے، ہر جہالت وحماقت کو کفروشرک قرار دینے کی جسارت ہے، ہر بیبا کی و بے اعتدالی کو التزام کفر کہہ کر فتویٰ کفروشرک جاری کرنے کی دجل کاری اور اکابر پرستی کی اندھی تقلید کی بدترین مثالوں کا ارتکاب کیا جارہا ہے تو دوسری طرف سے اس کے بنیادی اور اولین سبب کی آبیاری کر کے گناہ پانے والوں کی روز افزوں حوصلہ افزائی ہو رہی ہے کسی ایک طرف سے بھی اصلاح احوال کی جرات کرنے والے نظر نہیں آرہے ہیں ورنہ بات آسان ہے، مسئلہ اپنی جگہ بے غبار ہے اور جدال وقتال کی مجال ہی نہیں ہے۔ آج بھی اگر ان دونوں متضاد جماعتوں کی صفوں سے چند مصلحین رجل رشید کا کردار ادا کرتے ہوئے میدان اصلاح میں آئیں، تعصب وفرقہ واریت کی لعنت کو پاؤں تلے روندتے ہوئے اخلاقی جرات کا مظاہرہ کریں اور تکفیری فریق کو حفظ الایمان جیسے تمام مواد فساد کو جلا کر انابت الی اللہ پر آمادہ کرنے کے ساتھ جاہلوں کی حوصلہ افزائی کرنے والے فریق کو بھی خدا کا خوف دلائے تو اصلاح احوال کی سبیل ہو سکتی ہے لیکن اس کیلئے اخلاقی جرات درکار ہے جو فریقین کی صفوں میں دور دور تک کہیں نظر نہیں آرہی، اسلام کے ساتھ اخلاص درکار ہے جو چراغ لے کر ڈھونڈنے سے بھی نہیں ملتا اور لومۃ لائم کی پرواہ نہ کرنے والے لاشرقی لاغربی بلکہ اسلامی فقط اسلامی ذہن والوں کی ضرورت ہے جن کا وجود مسعود کبریت احمد سے مختلف نہیں ہے۔

marfat.com

ایسے میں بالیقین کہنا پڑتا ہے کہ اس تمام تر فساد کی ذمہ داری بالترتیب مندرجہ ذیل حضرات پر عائد ہوتی ہے۔

(۱) غیر معیاری مشائخ اور طریقت نا آشنا متصوفہ اور ان کے دم چھلے علماء سوء و کسبی نعت خوانوں کا ٹولہ جنہوں نے علم غیب کے لغوی و شرعی مفہوم کی تمیز، خاصۃ اللہ و خاصۃ الرسل کی تفریق اور عدم جواز کے موہم الفاظ کے استعمال کرنے کے ممنوع ہونے کیلئے شرعی احکام سے نا آشنائی کی بناء پر اس فساد کی بنیاد رکھ دی جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔

(۲) نادانوں کے اس جاہلانہ عمل پر انہیں تنبیہ کر کے اصلاح احوال کی طرف لانے کے بجائے ان پر کفر و شرک کا فتویٰ دینے والے غیر محتاط علماء اور بے احتیاط مفتیوں کا ٹولہ، جنہوں نے غلط فتویٰ دے کر اپنے اصاغر کو غلط راہ پر لگا دیا، اکابر پرستی کی اندھی تقلید کے اندھیروں میں مبتلا کیا اور حقیقی مفتیوں کے واقعی فتووں کو تسلیم کرنے کے بجائے انا کا مسئلہ بنا کر غلطی پر ڈٹے رہے۔ بالخصوص حفظ الایمان جیسے رسوائے زمانہ اور صریح التزام کفر پر اصرار نے تو جلتی پر تیل کا کردار ادا کیا جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔

(۳) غیر معیاری مشائخ کے دم چھلہ طبقہ کا اس فساد کے بنیادی سبب بننے والے جہلاء کا دست و بازو بننا اور ان کے ناجائز انداز استعمال کیلئے شرعی جواز تلاش کرنے کی ناکام کوشش۔ جس کے نتیجہ میں اہل سنت و جماعت حنفی المذہب کہلانے والوں کی کافی تعداد اسلام کے اس مسلمہ حکم کی انجانے میں مخالفت کر رہی ہے۔ جس کے مطابق ناجائز و محذور کے موہم الفاظ کو استعمال کرنا ممنوع فی الاسلام ہے۔

marfat.com

## ﴿خلاصۃ التحقیق بعد التفصیل﴾

یہ کہ علم غیب کے حوالہ سے قرآن وسنت کی بزرگانِ دین کی تعبیر وتشریح کے مطابق جوشرعی احکام معلوم ہورہے ہیں۔اُن کا خلاصہ مندرجہ ذیل ہے۔

(۱) یہ کہ علم غیب اپنے شرعی مفہوم میں اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ ہے جس کوبطور شرعی حکم سمجھنے کے بعد اسکا کوئی ذرہ برابر حصہ بھی غیر اللہ کیلئے صراحتاً تسلیم کرنیوالا ملتزم کفر قرار پاتا ہے۔

(۲) یہ کہ علم غیب اپنے لغوی مفہوم میں مخصوص اسباب ودلائل کے مطابق غیر اللہ کا خاصہ ہے جو اللہ تعالیٰ کی شان اقدس کے منافی ہے۔جس کو بطور شرعی حکم جاننے کے بعد اس کی کسی بھی شکل کو اللہ تعالیٰ کی صفت قرار دینا التزام کفر یا لزوم کفر یا جہل محض کی صورتوں سے خالی نہیں ہے۔

(۳) یہ کہ لغوی مفہوم میں غیر اللہ کیلئے ممکن الثبوت علم غیب پر دلیل وحی، اطلاع اللہ، اظہار اللہ، اور تعلیم اللہ کے قبیلہ سے ہو تو یہ ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کی صفت مختصہ ہے جو ان کے ماسوا کے لئے ممکن نہیں ہے۔

(۴) یہ کہ ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کے ساتھ مختص علم غیب کو شرعی حکم کے طور پر جاننے کے بعد اس سے صراحتاً انکار کرنا یا اس پر ایمان لانے کے لوازمات میں سے کسی لازمہ مثلاً تعظیم کی ضد کا صراحتاً ارتکاب کرنا التزام کفر ہے۔

(۵) یہ کہ علم غیب کا اپنے شرعی مفہوم میں اللہ تعالیٰ کی صفت مختصہ ہونیکا عقیدہ ضروریات

marfat.com

دین کے قبیلہ سے ہونے کی طرح لغوی مفہوم میں انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کے لئے مختص دلائل واسباب کے مطابق ثابت ہونے کا عقیدہ بھی ضروریات دین کے قبیلہ سے ہے۔ جن میں سے ہر ایک کو تسلیم کرنا جزو ایمان ہے اور کسی سے بھی انکار منافی ایمان ہے۔

(۶) یہ کہ علم غیب اپنے لغوی مفہوم میں الہام والے سبب ودلیل کے مطابق اولیاء اللہ کا خاصہ ہے، جو قوت فکری وعملی کی امانتوں میں کمال امانتداری اور علم وعمل میں کمال اخلاص اور اتباع نبوی ﷺ کی بدولت انہیں نصیب ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ حدس، فراست اور نور بصیرت جیسے اور اسباب سے بھی ان حضرات کو یہ شرف حاصل ہوتا ہے۔

(۷) یہ کہ لغوی مفہوم میں اولیاء اللہ کیلئے علم غیب کے ثبوت کا عقیدہ ضروریات دینیہ نہیں بلکہ ضروریات مذہبیہ کے زمرہ میں شامل ہے۔ جس کے مطابق اس سے صراحتاً انکار کرنے والوں کی بھی تکفیر جائز نہیں ہے۔

(۸) یہ کہ ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم اور اولیاء امت کے علاوہ کچھ اور اصحاب ہنر وکمال حضرات کیلئے بھی مخصوص دلائل واسباب کے مطابق لغوی مفہوم میں علم غیب ممکن ہے۔

(۹) یہ کہ مخصوص دلائل کے مطابق لغوی مفہوم میں غیر اللہ کیلئے علم غیب کا ثبوت نا قابل انکار حقیقت ہونے کے باوجود ان سے متعلق علی الاطلاق "فُلَانٌ يَعْلَمُ الْغَيْبَ" جیسے الفاظ کا استعمال کرنا جہاں پر علم غیب کے شرعی مفہوم کا وہمہ دیتا ہو یعنی سننے والوں کا ذہن

marfat.com

اس کے شرعی مفہوم کی طرف جا سکتا ہو ہر ایسے مقام پر اس طرح کا استعمال ناجائز وممنوع اور قابل تعزیر جرم ہے۔

(۱۰) یہ کہ علم غیب کے شرعی اور لغوی مفہوم کے مابین تمیز سے محروم حضرات جو اپنے جیسے غافلین و جہلاء کے عوامی اجتماعات میں ذوات قدسیہ انبیاء ومرسلین اور اولیاء اللہ کی طرف علی الاطلاق علم غیب نسبت کر کے انہیں غیب دان اور غیب جاننے والے کہتے رہتے ہیں یہ سب کے سب ناقابل اصلاح ہونے کی وجہ سے قابل تعزیر ہیں۔

(۱۱) یہ کہ جو حضرات علم غیب کے لغوی اور شرعی مفہوم کے مابین تمیز رکھتے ہوں اور خاصۃ اللہ وخاصۃ النبی کی تفریق کر سکتے ہوں ان کی محفل میں یا از روئے تعلیم و مذاکرہ الغرض ہر ایسی جگہ جہاں پر علم غیب کے شرعی مفہوم کا موہم نہ ہو علی الاطلاق ایسا کہنے میں بھی کوئی حرج نہیں ہے۔سلف صالحین کے کلام سے اس طرح کے علی الاطلاق استعمالات جس حد تک منقول ہیں وہ سب کے سب اس اُصول کے مطابق ہیں۔

(۱۲) یہ کہ علی الاطلاق غیر اللہ کی طرف علم غیب نسبت کر کے ''فُلَانٌ یَعْلَمُ الْغَیْبَ'' جیسے الفاظ استعمال کرنا بجائے خود موہم کفر ہونے کی بناء پر ناجائز ہونے کے باوجود بھی ایسا کہنے والوں کی تکفیر کرنا اور انہیں کافرومشرک قرار دیکر اسلام سے نکالنے کی روش غیر اسلامی حرکت ہے، دارالافتاء کے احتیاطی تقاضوں کے منافی ہے اور لزوم کفر اور التزام کفر کے مابین تمیز نہ کرنے کی بنیاد پر غیر اسلامی جسارت ہے۔

(۱۳) یہ بھی معلوم ہوا کہ علم غیب کے حوالہ سے ہندو پاک کے پورے خطہ میں جو اختلاف

marfat.com

برپا ہے، حد تکفیر تک کشیدگی و بدمزگی ہے اور جدال و قتال کا جو دل خراش منظر ہے یہ سب کچھ تعصب کی پیداوار ہیں ورنہ اصل مسئلہ نہایت واضح ہے جس میں اختلاف کی گنجائش ہی نہیں ہے۔ سچ فرمایا بزرگان دین نے کہ؛

"اَلتَّعَصُّبُ اِذَا تَمَلَّكَ اَهْلَكَ" (اَعاذَنَا اللّٰهُ مِنْهُ)

☆☆☆☆☆☆

marfat.com

# ﴿اختتامیہ﴾

''اُصولِ تکفیر'' کی اس تحریر کیلئے علم غیب کے مسئلہ کو اختتامیہ بنانے سے مقصد ہمارا یہ ہے کہ اس حوالہ سے افراط وتفریط میں مبتلا حضرات کی بے اعتدالیوں پر تنبیہ ہو جائے کیونکہ ایک طرف جہاں کہیں بھی غیر اللہ کی طرف علم غیب نسبت ہوتے ہوئے دیکھ کر کفر کا فتویٰ صادر کرنے میں دیر نہیں لگائی جاتی جبکہ دوسری طرف سے معروضی حالات کچھ ایسے ہیں کہ ہر اجرتی واعظ و کسبی نعت خواں غیر معیاری مشائخ اور نمبر دو پیروں کی محفلوں میں اُنہیں غیب دان بتانے سے گریز نہیں کرتے' دنیا دون کے لالچ میں سچے اولیاء کی کرامات ان نااہلوں پر چسپاں کر کے ان کی طرف علم غیب منسوب کرتے نہیں تھکتے جن کو روکنے اور ٹوکنے کیلئے پورے معاشرہ میں کوئی رجل رشید دکھائی نہیں دیتا جبکہ شریعت کی روشنی میں یہ دونوں روش غیر اسلامی ہیں۔ایک طرف سے دارالافتاء کے احتیاطی تقاضوں کی پامالی، تکفیر کے موردِ سے بے خبری اور لزوم کفر و التزام کفر کی تفریق سے نا آشنائی کے نتیجہ میں التباس الحق بالباطل کا غلغلہ ہے تو دوسری طرف سے شریعت کی زبان میں اللہ تعالیٰ کی علم غیب جیسی صفت مختصہ کی تضحیک و بے قدری ہو رہی ہے،لغت کی زبان میں ذوات قدسیہ انبیاء و مرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کے ساتھ مختص علم غیب کی توہین ہو رہی ہے اور حقیقی اولیاء اللہ کے

marfat.com

ساتھ لغت کی زبان میں مختص علم غیب کو غیر معیاری مشائخ وناقصوں کیلئے ثابت کر کے التباس الحق بالباطل کی دجل کاری کئے جانے سے پورا معاشرہ دگرگوں ہو چکا ہے۔ ان حالات کو دیکھ کر مناسب سمجھا کہ ''اُصولِ تکفیر'' کی اس تحریر کیلئے علم غیب کے مسئلہ کو اختتامیہ کے طور پر شامل کر کے اصلاح احوال کی کوشش کروں۔

کوئی عمل کرے یا نہ کرے مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ

## ﴿ایک اشتباہ کا ازالہ اور مزید وضاحت﴾

وہ یہ ہے کہ ''اُصولِ تکفیر'' کی جو چودہ قسمیں بیان کی گئی ہیں اُن میں سے پہلی چار قسمیں یعنی ملت اسلام سے انکار یا اُس کی کسی ضرورت دینی والے حکم سے انکار، اسی طرح ملت اسلام کی ضد کا یا اُس کے کسی ضروری حکم کی ضد کا ارتکاب کرنے میں التزام کفر ہونا تو ظاہر ہے جبکہ باقی دس قسموں کا دارومدار ایمان کے لوازمات خمسہ پر ہے کہ جب تک جذبہ عمل، محبت، تعظیم، تسلیم ورضا اور مُومَن بہ کے منافی جملہ مذاہب وحرکات سے بیزاری ونفرت کو بطور لازمہ ایمان ثابت نہیں کیا جاتا۔ اُس وقت تک یہ سب کے سب صیغہ خفاء میں ہیں ان میں التزام کفر واضح نہیں ہوتا اور اِن کو لازمہ ایمان کے طور پر ثابت کرنے کیلئے قرآن وسنت کے نصوص کے ساتھ تقاضا عقل بھی ضروری ہے۔ اِس لئے کہ یہ اسلامی عقیدہ کی بحث ہے جس میں مسائل اعتقادیہ کا ثبوت عقلی دلائل سے ہونے کے ساتھ نصوص شرعیہ کی تائید پانا ضروری ہے۔ ایسے میں التزام کفر کی مذکورہ دس قسمیں وضاحت طلب

marfat.com

ہیں۔

جواب اِس کا یہ ہے کہ ایمان کے مذکورہ لوازمات خمسہ کا ثبوت عقلاً بھی ہے، شرعاً بھی اور سلف صالحین کے شرعی فتووٗں سے بھی اِس اجمال کی تفصیل کو سمجھنے کیلئے مندرجہ ذیل تین مسلمات کو بطور تمہید سمجھنا ضروری ہے۔

اول یہ کہ ایمان وکفر باہمی مخصوص ضدین ہیں کہ ایک کا وجود آپ ہی دوسرے کی نفی ہے۔ جس کے بعد اُس کی نفی پر کوئی اور دلیل تلاش کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی، جس کے نتیجہ میں ایک شخص ایک وقت میں مومن ہوگا یا کافر، یعنی ایمان وکفر سے خالی بھی نہیں ہوسکتا اور دونوں اُس کے اندر جمع بھی نہیں ہوسکتے۔

دوم یہ کہ ہر چیز کو پوری طرح پہچاننے کے لئے نظام قدرت کے مطابق دو طریقے مقرر ہیں جن میں سے ایک اُس کی ذاتیات کے ذریعہ سے جیسے انسان کو حیوان وناطق کے واسطہ سے پہچانا جاتا ہے۔

دوسرا اُس کے لوازمات کے ذریعہ سے جیسے انسان کی پہچان اُس کے نام ونشان شکل وصورت، گفتار وکردار کے واسطہ سے ہوتی ہے۔ اسی طرح ایمان وکفر میں سے ہر ایک کبھی اپنی ذات وحقیقت سے پہچانا جاتا ہے اور کبھی لوازمات سے۔ اسی طرح جہاں تک ایمان کی حقیقت ہے وہ ملت اسلام اور اُس کے تمام ضروری احکام کے ساتھ تصدیق بالقلب اقرار باللسان کرنے کا نام ہے۔ اِس کے لوازمات میں وہی چیزیں آسکتی ہیں جن کے بغیر اِس کا اعتبار نہیں ہوتا اور یہ اپنی موجودگی کے باوجود کالعدم ہوتا ہے اُن کی تعیین و

marfat.com

تشخیص کیلئے قرآن وسنت کے مواقع استعمال کا تتبع واستقراء کے ساتھ بزرگان دین کی تعبیرات وتشریحات کو دیکھنا بھی ضروری ہے۔

تیسرا یہ کہ بزرگان دین اور کل مکاتب فکر اہل اسلام کے قابل ذکر مفتیان کرام نے تصدیق بالقلب اقرار باللسان کی موجودگی کے باوجود بعض افعال واقوال کو بالیقین التزام کفر قرار دیا ہے۔ مثال کے طور پر؛

(۱) معصیت کو حلال وجائز سمجھنا

(۲) معصیت کو ہلکا جان کر اُس سے کراہت نہ کرنا۔

(۳) ملت اسلام یا اُس کے کسی حکم پر استہزاء کرنا۔

(۴) زنا اور ناحق قتل کرنے کے حرام نہ ہونے کی آرزو کرنا۔

(۵) اللہ تعالیٰ کے کسی مقدس نام یا صفت یا کام کو مذاق بنانا' اُس پر استہزاء کرنا۔

(۶) نبی ﷺ کی بعثت کے نہ ہونے کی تمنا کرنا۔

(۷) کسی کو کافر ہونے کا مشورہ دینا۔

(۸) کسی قسم کے کفر کو پسند کرنا۔

(۹) کسی کو کافر ہونے کا مشورہ دینے کا پکا ارادہ کرنا۔

(۱۰) بلا جبر واکراہ جان بوجھ کر بغیر وضو کے نماز پڑھنا۔

(۱۱) بت' چاند یا سورج وستارہ اور آگ کو سجدہ کرنا۔

(۱۲) پیغمبر کو قتل کرنا۔ (۱۳) پیغمبر کو گالی دینا۔

marfat.com

(۱۴) پیغمبر کی کسی صفت کو حقیر چیز کے ساتھ تشبیہ دینا یا اُس جتنا بتانا۔

(۱۵) کسی اور مخلوق کو کسی کمال میں پیغمبر سے زیادہ افضل بتانا۔

(۱۶) نبی آخرالزمان رحمت عالم ﷺ کے بعد کسی دوسرے نبی کے پیدا ہونے کو جائز بتانا۔

(۱۷) بیت اللہ شریف کی توہین کرنا یا قرآن شریف کی توہین کرنا۔

(۱۸) سنت نبوی ﷺ کی توہین کرنا یا اُس پر استہزاء و تضحیک کرنا۔

(۱۹) زنار باندھنا۔ (۲۰) قشقہ لگانا۔ (وغیرہ وغیرہ)

الغرض اِس قسم درجنوں اقوال وافعال کو کل مکاتب فکر علماء اعلام ومفتیان اسلام نے التزام کفر قرار دیا ہے جبکہ اِس کا قائل مسلمان ہونے کا دعویٰ بھی کرتا ہے اور ملت اسلام اور اُس کے تمام ضروری احکام کے ساتھ تصدیق قلبی واقرار لسانی بھی رکھتا ہے اور ظاہر ہے کہ ایمان وکفر ایک شخص میں بیک وقت جمع نہیں ہو سکتے۔ ایسے میں کل مکاتب فکر علماء اسلام ومفتیان کرام کا بیک آواز ایسے مدعیان ایمان کو کافر ومرتد قرار دینے کا فلسفہ اِس کے سوا اور کچھ نہیں ہوسکتا کہ اِس قسم واقعات میں مُومَن بہٖ کی ضد کا یعنی ملت اسلام یا اُس کے جس ضروری حکم پر ایمان وتصدیق کا دعویٰ کیا جارہا ہے اُس کی ضد کا ارتکاب کیا گیا ہے یا ایمان کے لوازمات میں سے کسی لازمہ کی ضد یا نقیض کا ارتکاب کیا گیا ہے۔ اِن دو صورتوں سے خالی ہونے کی صورت میں دنیا کے کسی بھی مفتی کو اُسے کافر ومرتد قرار دینے کی جرات نہیں ہوسکتی۔ چہ جائیکہ کہ کل مکاتب فکر علماء اعلام ومفتیان اسلام متفقہ طور پر اُس کو اسلام سے خارج قرار دیں۔ اِسکے علاوہ یہ بھی ہے کہ مفتیان اسلام خود شارع نہیں ہوتے

marfat.com

کہ جس کو چاہے ایمان قرار دیں اور جس کو چاہے کفر و ارتداد قرار دیں، نہیں ایسا ہرگز نہیں ہے بلکہ حقیقی علماء کرام و مفتیان اسلام قرآن و سنت سے مفہوم ہونیوالے اُصولوں کی روشنی میں یہ سب کچھ کرتے ہیں۔ اسلام کے اِن تینوں مسلمات کو سمجھنے کے بعد اصل مسئلہ آپ ہی واضح ہو جاتا ہے کیونکہ قرآن و سنت کیساتھ تقاضائے عقل سے بھی مذکورہ پانچ چیزیں ایمان کے لازمہ کے طور پر ناگزیر قرار پا رہی ہیں۔ جن میں سے **مُومَن بہٖ** کے ساتھ محبت کا لازمہ ایمان ہونے اور اُسکی ضد یا نقیض کے ارتکاب کرنے کی صورت میں ایمان کالعدم ہونے سے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا؛

"وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ" (سورۃ البقرۃ' آیت نمبر ۱۶۵)

مشرکین کی اپنے جھوٹے خداؤں کے ساتھ محبت کے مقابلہ میں اللہ تعالیٰ کا اِس آیت کریمہ میں اہل ایمان کی اپنی ذات کیساتھ محبت کو زیادہ، قوی اور مضبوط بتانے کا واضح فلسفہ دو چیزیں ہیں۔

اول یہ کہ مشرکین کی اپنے جھوٹے خداؤں کے ساتھ جو محبت ہے وہ ہمیشہ قائم و دائم نہیں ہے جبکہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ اُس کی بھیجی ہوئی ملت اسلام کے ساتھ اور ملت اسلام کے جملہ ضروری احکام کیساتھ مومنوں کے دلوں میں جو محبت ہے وہ ہمیشہ قائم دائم اور لا ینفک لازمہ ایمان ہے۔ یہاں تک کہ اُس کی ضد یعنی عداوت و کراہت یا اُس کی نقیض یعنی عدم محبت کی صورت میں ایمان غیر معتبر اور کالعدم ہوتا ہے۔ جیسے حدیث شریف میں آیا ہے:

marfat.com

''لا یومن احدکم حتی اکون احب الیہ من والدہ وولدہ والناس اجمعین'' (مشکوٰۃ شریف بحوالہ مسلم و بخاری)

اِس حدیث میں اللہ کے رسول ﷺ نے مُومَن بہٖ کے حوالہ سے اپنی ذات اقدس کا جو ذکر فرمایا ہے، یہ اکتفاء بالفرد الاعلیٰ کے قبیلہ سے ہے۔ ورنہ مُومَن بہٖ کے ہر فرد کا یہی حال ہے اور یہی انداز کلام مذکورہ آیت کریمہ میں بھی ہے کہ اُس میں اللہ تعالیٰ نے مُومَن بہٖ کی طویل فہرست اور ایمان مفصل میں معتبر جملہ ضروریات دینیہ میں سے صرف اپنی ذات کو بطور اکتفاء بالفرد الاعلیٰ ذکر فرمایا ہے۔ ورنہ اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول ﷺ کیساتھ محبت کا لازمہ ایمان ہونے کی طرح ملت اسلام اور اُس کے جملہ ضروری احکام کے ساتھ محبت کا بھی یہی حال ہے۔ جس پر دلیل یہ ہے کہ ملت اسلام کیساتھ بغض وعداوت یا نفرت وکراہت یا اُس کے کسی بھی ضروری حکم سے نفرت وکراہت یا بغض وعداوت رکھنے والے شخص کو کل مکاتب فکر اہل اسلام میں غیر مومن سمجھا جاتا ہے۔ جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا؛

''مَنْ کَانَ عَدُوًّا لِّلّٰہِ وَمَلٰٓئِکَتِہٖ وَرُسُلِہٖ وَجِبْرِیْلَ وَمِیْکٰلَ فَاِنَّ اللّٰہَ عَدُوٌّ لِّلْکٰفِرِیْنَ'' (سورۃ البقرہ آیت نمبر ۹۸)

اللہ کے فرمان ''وَالَّذِیْنَ آمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ'' میں مومنوں کی اللہ کے ساتھ محبت کو مشرکوں کی بتوں کے ساتھ محبت سے زیادہ قوی اور مضبوط بتانے کا دوسرا فلسفہ یہ ہے کہ اہل ایمان کے دلوں میں مُومَن بہٖ کے ساتھ جو محبت ہے اُس کے ساتھ جذبہ عمل بھی ہے کہ ہر مومن چاہے باعمل ہو یا بے عمل بہرحال مُومَن بہٖ کے ساتھ جذبہ عمل ضرور رکھتا

marfat.com

ہے جبکہ مشرکین جذبہ عمل کا التزام کئے بغیر مخصوص ماحولیاتی رنگ میں رنگین اور باطل تقلید کی بناء پر جھوٹے خداؤں کیساتھ مشرکانہ عمل کرتے ہیں جب مشکل میں پھنس جاتے ہیں تو اِس کو چھوڑ کر حقیقی خدا وحدہ لاشریک کو فریاد کرتے ہیں جبکہ مومن کے دل سے جذبہ عمل کسی حال میں بھی ختم نہیں ہوتا بالفرض اگر ختم ہو جائے تو وہ مومن بھی نہیں رہتا۔ یہی وجہ ہے کہ اگر کوئی انسان ملت اسلام اور اُس کے تمام ضروری احکام کے ساتھ تصدیق قلبی واقرار لسانی کا دعویٰ کرنے کیساتھ جذبہ عمل کی ضد یعنی مُومَن بہ کے برعکس عمل کرنے کا جزم کریں یا اُس کی نقیض یعنی جذبہ عمل کے عدم یعنی اسلام پر عمل نہ کرنے کا جذبہ دل میں جمائے تو جملہ مکاتب فکر اہل اسلام کے نزدیک غیر مومن کہلاتا ہے۔ جس کی واحد وجہ یہی ہے کہ مُومَن بہ پر عمل کرنے کا جذبہ ایمان کیلئے لازم ہے جس کی ضد یا نقیض کی موجودگی آپ ہی اُس کے عدم کی دلیل ہے جس کے بعد اُس کی نفی پر کوئی اور دلیل تلاش کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ جب لازمہ ایمان منتفی ہوا تو ایمان بھی منتفی ہوا کیونکہ لازمہ کی نفی آپ ہی ملزوم کی نفی پر دلیل ہے جس کے بعد اُس کی نفی پر کوئی اور دلیل تلاش کرنے کی ضرورت نہیں رہتی۔ مذکورہ آیت کریمہ کا جذبہ عمل اور محبت کا لازمہ ایمان ہونے پر دلالت کرنے کے علاوہ سورۃ حجرات کی یہ آیت کریمہ بھی مُومَن بہ کیساتھ ایمان کو محبت لازم ہونے پر دلالت کر رہی ہے۔ جس میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا؛

”حَبَّبَ اِلَیْکُمُ الْاِیْمَانَ وَزَیَّنَهٗ فِیْ قُلُوْبِکُمْ (سورۃ الحجرات' آیت نمبر ۷)

(۳) مُومَن بہ کی تعظیم کا لازمہ ایمان ہونے کے سلسلہ میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا؛

marfat.com

"وَمَنْ يُّعَظِّمْ حُرُمٰتِ اللّٰهِ فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ"

جس کا مفہوم یہ ہے کہ اللہ کی محترم کی ہوئی چیزوں کی جو بھی تعظیم کرے گا وہ اُس کے لئے اللہ کی نظر میں خیر ہوگا۔ (سورۃ الحج، آیت نمبر ۳۰)

اہل علم جانتے ہیں کہ مُومَن بہٖ یعنی ملت اسلام اور اُس کے جملہ ضروری احکام محترم عنداللہ ہیں۔ جن کی تعظیم ہر مومن مسلمان کے دل میں موجود ہوتی ہے ورنہ اِس کی ضد یعنی توہین یا نقیض یعنی عدم تعظیم کے ارتکاب کرنے والے کا اُس کے ساتھ اقرار لسانی و تصدیق قلبی کالعدم قرار پاتی ہے۔ دوسری جگہ ارشاد فرمایا؛

"لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَ تُوَقِّرُوْهُ وَتُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا"

جس کا مفہوم یہ ہے کہ تم اللہ اور اُس کے رسول پر ایمان لانے کے ساتھ اُن کی تعظیم واحترام کروگے اور صبح وشام اُس کی پاکیزگی کا اظہار کروگے۔

(سورۃ الفتح، آیت نمبر ۹)

اہل علم جانتے ہیں کہ اِس آیت کریمہ میں بعثت رسول کا مقصد ہی یہ بتایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول معظم ﷺ پر اور اُن کے لائے ہوئے احکام پر ایمان لانے کے ساتھ تعظیم واحترام بھی کیا جائے۔ جیسے ذات اللہ، افعال اللہ، صفات اللہ اور احکام اللہ پر ایمان لانے کے ساتھ اُن سب کی تعظیم واحترام لازمہ ایمان اور مقصد بعثت نبوی ﷺ بتایا گیا ہے۔ ویسے ہی پیغمبر کریم ﷺ کی ذات وافعال، صفات واسماء اور احکام پر ایمان کے ساتھ اِن سب کی تعظیم واحترام کو بھی اِس آیت کریمہ میں لازمہ ایمان بتایا گیا ہے۔

marfat.com

جس کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ کی کسی صفت کی تعظیم کی ضد یعنی توہین یا اُس کے نقیض کے بالیقین کے ارتکاب کرنے والے کو کل مکاتب فکر اہل اسلام کے نزدیک خارج از اسلام سمجھا جاتا ہے۔اسی طرح رسول اللہ ﷺ کی کسی صفت یا کسی سنت کی تعظیم کی ضد یعنی توہین کے ارتکاب کرنے والے کو بالاتفاق و بالاجماع خارج از اسلام سمجھا جاتا ہے جو اِس کا لازمہ ایمان ہونے کی واضح دلیل ہے۔اِس کے علاوہ اللہ تعالیٰ کا فرمان؛

''وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ(سورۃ الحج، آیت نمبر ۳۲) بھی مُومَن بہٖ کی تعظیم کا ایمان کیلئے لازم ہونے پر دلالت کرر ہا ہے کیونکہ ملت اسلام اور اُس کا ہر ضروری حکم اللہ تعالیٰ کی پہچان کا ذریعہ ہے شعائر اللہ بھی اُن ہی چیزوں کو کہا جاتا ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے محترم قرار دیئے جانے کیساتھ اللہ تعالیٰ کی پہچان کا ذریعہ بھی ہوں۔ ایسے میں سورۃ الحج، آیت نمبر ۳۰ اور آیت نمبر ۳۲ کا ہر مُومَن بہٖ کی تعظیم کا ایمان کیلئے لازمہ ہونے پر دلالت کرنے میں کس کو شک ہوسکتا ہے۔

(۴) تسلیم ورضا کا لازمہ ایمان ہونے پر آیت کریمہ؛

''فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

جس کا مفہوم یہ ہے کہ تمہارے رب کی قسم وہ ہرگز ایمان والے نہیں ہوں گے جب تک اپنے معاملات میں آپ کو حاکم نہ بنائیں پھر تمہارے حکم پر اپنے دلوں میں تنگی محسوس نہ کریں اور دل سے مکمل تسلیم ورضا کا اظہار کریں۔ (سورۃ نساء، آیت نمبر ۶۵)

marfat.com

ظاہر ہے کہ دل سے مکمل تسلیم ورضا کے بغیر ایمان نہ ہونے کا اِس کے سوا اور کیا مقصد ہوسکتا ہے کہ تسلیم ورضا لازمہ ایمان ہے جس کی نقیض کی یعنی عدم تسلیم ورضا کی موجودگی یا اِس کی ضد یعنی ناراضگی وانکار کی موجودگی انتفاء ملزوم کی دلیل بن رہا ہے. جس کے بعد ایسے شخص کے ایمان کی نفی کرنے پر کوئی اور دلیل تلاش کرنے کی ضرورت ہی محسوس نہیں ہورہی۔ اسی طرح حدیث شریف میں آیا ہے؛

"ذاق طعم الایمان من رضی باللہ ربا و بالاسلام دینہ وبمحمد رسولاً"

جس کا مفہوم یہ ہے کہ ایمان کا ذائقہ اُسی کو نصیب ہوسکتا ہے جو اللہ کی ربوبیت پر اور اسلام کا ضابطہ حیات ونظام العمل ہونے پر اور محمد ﷺ کے رسول اللہ ہونے پر راضی ہوا۔ (مشکوٰۃ شریف' کتاب الایمان بحوالہ صحیح مسلم شریف)

اہل علم جانتے ہیں کہ یہاں پر بھی جن تین مُومَن بِہٖ کا ذکر آیا ہے اُن میں سے ہر ایک اپنے جملہ لوازمات کے ساتھ مراد ہے یعنی ذات اللہ من حیث صفت الربوبیت کے ضمن میں جملہ افعال اللہ، صفات اللہ، اسماء اللہ اور احکام اللہ شامل ہیں کہ اِن میں سے ہر ایک پر راضی ہوکر تسلیم کرنا ایمان کیلئے لازم ہے۔ جس کے بغیر ایمان کا ذائقہ کسی کو نصیب نہیں ہوسکتا۔ اسی طرح ملت اسلام کو ضابطہ حیات ودستور العمل کے طور پر تسلیم کرکے اُس پر راضی ہونا اُس کے اُن تمام احکام کو شامل ہے، جو ضروریات دین کے قبیلہ سے ہیں۔ جس کے مطابق ملت اسلام کے کسی ضرورت دینی والے حکم پر راضی ہوکر تسلیم کرنے کی ضد

marfat.com

یا اُسکی نقیض کا صراحتاً ارتکاب کرنیوالے شخص کو ذائقہ ایمان نصیب نہیں ہوسکتا۔ اسی طرح محمد ﷺ کی رسالت پر راضی ہو کر اُسے تسلیم کرنے سے متعلق جو کلام ہے یہ بھی رسالت نبوی ﷺ کے جملہ لوازمات و تقاضوں کو شامل ہونے کے ساتھ ذات محمدی، سنت و افعال محمدی، صفات محمدی، اسماء محمدی اور احکام محمدی کی اُن تمام قسموں کو شامل ہے جو ضروریات دین کے قبیلہ سے ہیں کہ اُن پر ایمان تب قابلِ قبول و معتبر عند اللہ و عند الشرع ہوسکتا ہے۔ جب دل و جان سے اُن پر راضی ہو کر اُنہیں تسلیم کیا جائے ورنہ اِسکی ضد یا نقیض کی موجودگی میں دعویٰ ایمان ہرگز قابل قبول نہیں ہوسکتا کیونکہ "**وجود احد الضدین دلیل عدم الآخر**" اور "**وجود احد النقیضین دلیل عدم الآخر**" اور "**انتفاء اللازم دلیل انتفاء الملزوم**" بدیہیات کے قبیلہ سے ہیں جس کے بعد کسی اور دلیل کی قطعاً ضرورت نہیں ہوتی۔

(۵) **مُومِن بِہ** کے مقابلہ میں جملہ مذاہب باطلہ اور اُس کی ہر ضد و منافی کردار سے کراہت و نفرت کا لازمہ ایمان ہونا بھی قرآن و سنت سے مفہوم ہے۔ مثال کے طور پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا؛

"**قَدْ كَانَتْ لَكُمْ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِي إِبْرَاهِيمَ وَالَّذِينَ مَعَهُ إِذْ قَالُوا لِقَوْمِهِمْ إِنَّا بُرَآءُ مِنكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَاءُ أَبَدًا حَتَّىٰ تُؤْمِنُوا بِاللَّهِ**"

(سورۃ الممتحنہ، آیت نمبر ۴)

marfat.com

ملت ابراہیمی کے پابند ہونے کی بناء پر اُمت اجابت کے تمام مومنوں پر اِس اُسوہ ابراہیمی کی پابندی کو اللہ تعالیٰ نے لازم قرار دیا ہے جو ایمان کے ساتھ ہی حاصل ہو جاتا ہے اور لازمہ ایمان ہونے کی بناء پر اُس کے بغیر ایمان کی بقاء کا امکان ہی نہیں ہے۔ جس کی اہمیت بتاتے ہوئے اِس آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے محض ظاہرداری میں اِس کے خلاف کرنے کو بھی ناپسند فرمایا حالانکہ دل میں کراہت ونفرت اور بیزاری کے ہوتے ہوئے کسی جائز مصلحت کے لئے یا تقیّہ کے طور پر ایسا کرنے سے ایمان کی نفی نہیں ہوتی اِس کے باوجود محض ظاہرداری میں ایسا کرنے کو بھی ممنوع قرار دینے سے اِس کی اہمیت اور بھی زیادہ ہو جاتی ہے۔ ایک اور مقام پر اللہ تعالیٰ نے اِس کا لازمہ ایمان ہونے سے متعلق فرمایا؛

''وَكَرَّهَ إِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوقَ وَالْعِصْيَانَ''

(سورۃ الحجرات، آیت نمبر ۷)

اہل علم جانتے ہیں کہ جس قسم کا کفر اور فسق وعصیان بھی ہو یہ سب کے سب تقاضاء ایمان کے منافی ہونے کے ساتھ مُومَن بہ کے بھی منافی ہیں، جس سے نفرت وکراہت کو اِس آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے ایمان کا لازمہ قرار دیا ہے۔ اللہ کے رسول ﷺ نے بھی اِس کو ذائقہ ایمان کا مدار اور لازمہ ایمان قرار دیتے ہوئے مندرجہ ذیل الفاظ میں اِس کی اہمیت بتائی ہے؛

''ومن یکرہ ان یعود فی الکفر بعد اذا نقذہ اللہ منہ کما یکرہ ان یلقیٰ فی النار'' (مشکوۃ شریف بحوالہ بخاری ومسلم، کتاب الایمان)

marfat.com

جس کا مفہوم یہ ہے کہ کفر میں جانے سے ایسی نفرت و کراہت کرتا ہے، جیسے آگ میں ڈالے جانے سے کراہت و نفرت کرتا ہے۔

## ﴿وضاحت در وضاحت﴾

یہ کہ ایمان کے یہ پانچوں لوازمات اتنے واضح وبیّن ہیں کہ سب کے سب لازم بیّن بالمعنی الاخص کے قبیلہ سے ہیں جس میں محض طرفین یعنی موضوع ومحمول کے تصور سے ہی محمول کا اپنے موضوع کو لازم ہونے پر جزم ویقین حاصل ہوجاتا ہے جس کے بعد کسی اور چیز کی ضرورت نہیں رہتی جیسے لازم بیّن بالمعنی الاعم میں جزم ویقین کا حصول بعد تصور الطرفین اُن کے مابین نسبت کو جاننے پر موقوف رہتا ہے۔ لازم بیّن کو اِس کے دوسرے مفہوم یعنی بالمعنی الاعم میں بھی جزم باللزوم کا حصول اگرچہ بدیہی ہوتا ہے کہ کسی خارجی دلیل کی ضرورت نہیں ہوتی تاہم بالمعنی الاخص اجلی البدیہیات کے قبیلہ سے ہے۔ مثال کے طور پر:

(۱) **الایمان محبت مُومَن بہٖ** کہنے میں ایمان اور محبت مومن بہ کے تصور سے آپ ہی محبت **مُومَن بہٖ** کا ایمان کو لازم ہونے پر جزم ویقین حاصل ہوجاتا ہے۔

(۲) **الایمان جذبۃ العمل بالمُومَن بہٖ** کہنے میں ایمان اور جذبۃ العمل بالمومن بہ کے تصور سے آپ ہی جذبۃ العمل بالمومن بہ کا ایمان کو لازم ہونے کے ساتھ جزم ویقین حاصل ہوجاتا ہے۔

marfat.com

(۳) **الایمان تعظیم المُومَن بہ** کہنے میں الایمان اور تعظیم المومن بہ کے تصور سے آپ ہی تعظیم المومن بہ کا ایمان کو لازم ہونے پر یقین حاصل ہو جاتا ہے۔

(۴) **الایمان ھو التسلیم والرضا بالمُومَن بہ** کہنے میں ایمان اور تسلیم ورضا بالمومن بہ کے تصور سے ہی تسلیم ورضا **بالمُومَن بہ** کا ایمان کو لازم ہونے پر یقین حاصل ہو جاتا ہے۔

(۵) **الایمان ھو النفرت والکراھت عن جمیع مضاد المومن بہ** کہنے میں بھی محض تصور طرفین سے ہی محمول کا اپنے موضوع کو لازم ہونے کے ساتھ آپ ہی یقین حاصل ہو جاتا ہے۔ جس کے بعد اِن دونوں کے مابین نسبت کو سمجھنے کی ضرورت محتاج نہیں رہتی۔

## ﴿مزید وضاحت﴾

یہ کہ ایمان کے یہ لوازمات جو لازم الماہیت اور لازم بین بالمفہوم الاخص ہیں تقاضاء عقل سے ثابت ہونے کے بعد قرآن وسنت کے مذکورہ نصوص سے تائید وتبرک حاصل کرنے کے بعد بزرگان دین کے دستاویزات میں بھی مذکور ہوئے ہیں۔ یہ الگ بات ہے کہ بعض اسلاف نے اِن کا محض اشارہ دیا ہے۔ جیسے ابن ہمام نے المسامرہ کے اندر صفحہ ۲۸۱ تا صفحہ ۲۸۵ مندرجہ ذیل الفاظ میں لکھا ہے:

”**والمقطوع به ان الایمان وضع الٰهی امر به عبادة ورتب علی فعله**

marfat.com

لازماً ھو ماشاء من خیر بلا انقضاء وعلی ترکه ضدلا بلا انقضاء و ھذا لازم الکفر شرعاً وان التصدیق بما اخبر به النبی من انفراد اللّٰه تعالیٰ بالالوھیة وغیرلا انما کان علی سبیل القطع من مفھومه و انه اعتبر فی ترتیب لازم الفعل وجود امور عدمھا مترتب ضدلا کتعظیم اللّٰه تعالیٰ وانبیائه وکتبه وبیته وترک السجود للصنم و نحولا والانقیاد ھو الاستسلام الی قبول او امرلا ونواھیه الذی ھو معنی الاسلام۔ وقد اتفق اھل الحق وھم فریقا الاشاعرۃ والحنفیة علی انه لاایمان بلااسلام وعکسه ...... فیمکن اعتبار ھذلا الامور اجزاء لمفھوم الایمان فیکون انتفاء ذلك اللازم عند انتفائھا لانتفا الایمان وان وجد التصدیق وغایة ما فیه انه نقل عن مفھومه اللغوی الذی ھو مجرد التصدیق الی مجموع ھو منھا ولا باس به فانا قاطعون بانه لم یبق علی حاله الاول اذقد اعتبر الایمان شرعاً تصدیقاً خاصاً وھو ما یکون بامور خاصة وان یکون بالغاً الی حد العلم ان منعنا ایمان المقلد و الا فالجزم الذی لا یجوز معه ثبوت النقیض وھو فی اللغة اعم من ذلك و یمکن اعتبارھا شروطاً لاعتبارلا شرعاً فینبغی ایضاً لانتفائھا الایمان مع وجود التصدیق بمحلیه ولا یمکن اعتبارھا شروطاً لثبوت اللازم الشرعی فقط

marfat.com

**فینتفی عند انتفائها مع قیام الایمان لان الفرض ان عند انتفا ئها یثبت ضد لازم الایمان وهو لازم الکفر۔ علی ما ذکرنا فیثبت ملزومه وهو الکفر''**

حضرت ابن ہمام نے اِس جاندار عبارت کے اندر جن معارف وحقائق کو جمع کیا ہے۔ ہماری اِس پوری تحریر کو اُس کی حقیقی تشریح قرار دیا جائے تو بے محل نہیں ہوگا۔ بعض اسلاف نے اِس سے بھی زیادہ مختصر کر کے ایمان کے صرف دو لوازم کو ذکر کر کے باقی کا اشارہ دیا ہے۔ جیسے امام احمد رضا خان محدث بریلوی نے تمہید ایمان میں کیا ہے، بعض نے اِس سے بھی مختصر اور باریک اشارہ میں ''**الایمان هو التصدیق بالقلب مع الثقة و طمنینة النفس**'' علیکہ اِن میں سے بعض لوازمات کا اشارہ دیا ہے۔ جیسے تفسیر الفتوحات الالہیہ، جلد۴، صفحہ ۱۸۶ میں ہے، حضرت امام فخر الدین الرازی نے بھی صرف لازمہ محبت کو اصل الاصول اور باقی چاروں کیلئے بنیاد قرار دیتے ہوئے لکھا ہے؛

''**وقد دللنا انّ الحُبَّ مِن لوازِم العرفان**'' (التفسیر الکبیر، جلد۳، صفحہ۲۳۴) تحت آیت ''**وَالَّذِیْنَ آمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِلّٰہِ**'' جبکہ بعض نے پوری تفصیل کے ساتھ ذکر کیا ہے۔ جیسے حافظ ابن تیمیہ نے کتاب الایمان اور فتاویٰ کبریٰ میں کیا ہے۔ کتاب الایمان اول سے آخر تک اِسی موضوع سے متعلق ہے جبکہ (فتاویٰ کبریٰ کی جلد ہفتم، صفحہ ۱۲۲ تا صفحہ ۶۵۵) اِس موضوع سے متعلق ہے۔ اور نہ سہی ابن ہمام کی مذکورہ عبارت کی طرح حافظ ابن تیمیہ کی مندرجہ ذیل عبارت ہی تکفیر کیلئے شرعی معیار کو سمجھنے کیلئے کافی ہے۔ جس میں موصوف نے

marfat.com

سورۃ المجادلہ کی آیت نمبر ۲۲ کو نقل کرنے کے بعد لکھا ہے؛

''بین سبحانہ ان الایمان لہ لوازم ولہ اضداد موجودۃ یستلزم ثبوت لوازمہ وانتفاء اضدادہ ومن اضدادہ موادۃ من حاد اللہ ورسولہ''

(الفتاویٰ کبریٰ، جلد ہفتم، صفحہ ۱۶۱)

لیکن اُن کا انداز بیان چونکہ محدثانہ ہے جس وجہ سے مختصر مقاصد کیلئے بھی طویل کلام کرتے ہیں جس وجہ سے اُن کی عبارۃ النص اور ماسیق لہ الکلام تک رسائی ہر قاری کے لئے آسان نہیں ہوتی جبکہ ہم نے اِس تحریر میں فقہاء کرام سے لیکر محدثین عظام اور مفسرین قرآن سے لے کر متکلمین اسلام تک سب کے مقاصد کا خلاصہ ضوابط کی شکل میں آسان انداز سے پیش کیا اور بتادیا کہ تکفیر کیلئے قرآن وسنت اور بزرگانِ دین کی روشنی میں چند اُصول وضوابط مقرر ہیں۔ جن کے بغیر کسی کو کافر قرار دینے کا جواز ہرگز نہیں ہے۔

ہم نے اِس تحریر میں فقہاء کرام کی اُن قابل تشریح عبارات کا حقیقی مفہوم بھی واضح کیا جہاں پر اُنہوں نے لکھا ہے کہ ''شریعت نے بعض اقوال وافعال کو کفر کی علامت قرار دیا ہے۔ جن کے قائل وعامل کو دل میں تصدیق بالقلب اقرار باللسان کی موجودگی کے باوجود بالیقین کافر قرار دیا جائے گا''۔ یا لکھا ہے کہ ''سلف صالحین نے بعض اعمال واقوال کو تصدیق قلبی واقرار لسانی کی موجودگی کے باوجود کفر قرار دیا ہے''۔ مثال کے طور پر فقہاء کرام اور متکلمین اسلام کا؛

(۱) استحلال معصیت کو یا استحلال وطی الحائض کو کفر قرار دینا فقہی اجتہاد پر مبنی نہیں ہے بلکہ

marfat.com

یہ ضرورت دینی کی ضد کے ارتکاب کی بناء پر ہے کیونکہ اِن دونوں کا ممنوع فی الاسلام وحرام ہونے کا جو اسلامی حکم ہے وہ ضرورت دینی ہے جبکہ اِن کو حلال سمجھنے والے نے اسلامی عقیدہ کی ضد کا ارتکاب کیا ہے۔

(۲) اسی طرح عدم حرمۃ الزنا یا عدم حرمۃ قتل النفس بغیر الحق کی تمنا کرنے والے کو جو کافر قرار دیا گیا ہے وہ اِس اُصول کے تحت آیا ہے کہ حرمۃ زنا اور حرمۃ قتل النفس بغیر حق کی حقانیت کو ماننے اور اُس کیساتھ ایمان لانے کے لوازمات کی ضد کا ارتکاب کیا گیا ہے جس کے مطابق اِن ضروری احکام کے ساتھ محبت، جذبہ عمل تسلیم ورضا، تعظیم گویا اُس نے ایک ہی عمل میں پانچ بار التزام کفر کیا۔ یہی حال شریعت کے ساتھ اور اُن کے تمام اضداد سے کراہت ونفرت وبیزاری کی ضد کا ارتکاب ہوا ہے جو ''وجود احد الضدین دلیل عدم الآخر اور انتفاء اللازم دلیل انتفاء الملزوم'' کے بدیہیات کے قبیلہ سے ہے۔ شریعت کے کسی ضرورت دینی والے حکم کیساتھ اسماء اللہ، صفات اللہ، افعال اللہ، کے ساتھ استہزاء کرنے والے کا ہے اور پیغمبرکی ذات یا صفات کی توہین کرنے کی بھی یہی نوعیت ہے کہ لوازمات ایمان کی ضد کا ارتکاب کیا گیا ہے۔ اِس لئے مرتد قرار دیا جارہا ہے۔

علیٰ ہٰذا القیاس مذکورہ اُصولوں میں سے کسی ایک یا ایک سے زیادہ کے ماتحت آنے پر سو فیصد یقین حاصل ہوئے بغیر فتویٰ کفر جاری کرنا ہرگز جائز نہیں ہے۔

(فللہ الحمد اوّلاً وآخراً ظاہراً وباطِناً)

☆☆☆☆☆☆

marfat.com

# خلاصۃ الکتاب

یہ کہ ''اُصولِ تکفیر'' پر مشتمل اِس کتاب میں ایمان اور کفر کا تقابل بتانے کے ساتھ کفر کی چاروں قسموں؛

(۱) کافر عند اللہ لا عند الشرع ولا عند الناس

(۲) کافر عند اللہ وعند الشرع لا عند الناس

(۳) کافر عند الناس لا عند الشرع ولا عند اللہ

(۴) کافر عند اللہ، عند الشرع وعند الناس

کو پیش نظر رکھ کر دنیا بھر میں پائے جانیوالے جملہ کفار کی حقیقت اور ہر ایک میں بناء تفریق کی نشان دہی کرنے کے ساتھ ہم نے اِس کتاب میں عارضی کفر کی بنیاد واضح کی ہے کہ کسی بھی مدعی اسلام کو خارج از اسلام قرار دینے کی وجوہات کیا ہو سکتی ہیں۔ قرآن و سنت کے مطابق کسی مومن مسلمان کو کافر قرار دینا جرم عظیم ہونے کی طرح اسلام سے پھر کر مرتد قرار پانے والے کو مسلمان جاننا بھی نہ صرف جرم عظیم بلکہ بجائے خود کفر وارتداد ہے۔ اِن دونوں حقیقتوں اور اِن کے فلسفہ کو سمجھنا جملہ مسلمانوں پر فرض کفایہ اور دار الافتاء کے ذمہ داروں پر فرض عین ہے۔ جس سے بے خبری وغفلت کی بناء پر علماء کرام اور غیر معیاری

marfat.com

مشائخ کا ایک طبقہ بات بات پر مسلمانوں کی تکفیر کرتا چلا آ رہا ہے، اپنے مخصوص نظریات کے خلاف ہر ایک کو کافر کہتا جا رہا ہے اور جس کو بھی اپنی مذہبی ترجیحات کا معارض سمجھتا ہے اُس پر کفر و شرک کی مشین چلاتا نظر آ رہا ہے۔ کفربازی کی اِس بے اعتدالی کے خلاف ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے تاریخ کے مختلف ادوار میں علماء کرام و مفتیان عظام نے کہہ دیا تھا کہ:

''**لا یجوز تکفیر اھل القبلۃ**'' یعنی اہل قبلہ میں سے کسی شخص کو کافر کہنا جائز نہیں ہے۔

بعض نے کہہ دیا تھا: ''**لا یجوز التکفیر الا بانکار القطعی** '' یعنی اسلام کے کسی قطعی الثبوت والدلالۃ حکم سے انکار کے بغیر کسی مدعی اسلام کو کافر قرار دینا جائز نہیں ہے۔

بعض نے کہا تھا کہ: ''**لَا یَجُوزُ تَکْفِیرُ الْمُتَأَوِّلِ**'' یعنی تاویل کا سہارا لے کر انکار کرنے والے کو کافر کہنا جائز نہیں ہے۔

بعض نے کہہ دیا تھا کہ: ''**لا یجوز التکفیر الا بانکار الحکم الاجماعی** '' یعنی اجماعی حکم سے انکار کئے بغیر کسی کو کافر قرار دینا جائز نہیں ہے۔

اور سب نے بیک آواز کہا تھا کہ: ''**لا یجوز التکفیر الا بالالتزام**'' یعنی التزام کفر کرنے والوں کے سوا کسی کو کافر قرار دینا جائز نہیں ہے۔

پیشروانِ اسلام کے اِن اقوال کے مطابق علم کلام اور کتب فتاویٰ میں بھی تکفیر کے حوالہ سے متضاد آراء کا پایا جانا بے اطمینانی کا سامان تھا۔ جس کے نتیجے میں دارالافتاء کے بعض حضرات بے محل تکفیر مسلم کے گناہ میں مبتلا ہو رہے تھے تو بعض صریح کفر و ارتداد میں مبتلا ہونے والوں کو مسلمان قرار دیکر انجانے میں خود اپنا ایمان خطرہ میں ڈال رہے تھے۔

marfat.com

اِن دونوں بے اعتدالیوں کی اصل وجہ اسلاف سے منقول مذکورہ پانچ اُصُولوں کا غیر واضح ہونے کے ساتھ اس موضوع پر جامع و مانع اور واضح تحریر و کتاب کی عدم موجودگی بھی تھی جس وجہ سے ہم نے سلف صالحین سے منقول مذکورہ اُصولوں کی تشریح کرنے کے ساتھ اِس کتاب میں قرآن وسنت اور اسلاف کی روشنی میں جامع و مانع ضابطہ تکفیر پیش کیا ہے۔

جو مذکورہ اُصولوں کی مکمل تشریح کئے بغیر ناممکن تھا۔اس لئے ہم نے سب سے پہلے اِن کی تشریح کی کہ اہل قبلہ کی تکفیر ناجائز ہونے سے اسلاف کی مراد کیا ہے،اِس اُصول میں مذکور قبلہ سے مراد کیا ہے اور اہل قبلہ کے شرعی مفہوم کی اُس کے لُغوی مفہوم کے ساتھ مناسبت وعلاقہ کیا ہے؟

اِسی طرح اسلاف سے منقول دوسرے اُصول میں قطعی والثبوت والدلالۃ حکم کی تفصیل کئے بغیر مطلق رکھ کر قطعی کی ہر قسم سے انکار کو مدار تکفیر قرار دینے والے بعض فقہاء کرام کے سوااور کوئی نہیں ہیں جبکہ جمہور فقہاء کرام اور متکلمین اسلام کے نزدیک اِس قطعی سے مراد وہ قسم ہے جس کا حصہ اسلام ہونے کا علم ضرورت دینی کی حد تک مشہور اور نا قابل خفاء ہو۔

اسی طرح تیسرے اُصول یعنی اہل تاویل کی تکفیر ناجائز ہونے سے اسلاف کی مراد یہ ہے کہ اسلام کے کسی غیر ضرورت دینی حکم سے کسی تاویل کی بنیاد پر انکار کرنے والوں کی تکفیر جائز نہیں ہے،اِسی طرح کسی ضرورت دینی سے غیر صریح اور قابل تاویل انداز انکار پر تکفیر جائز نہیں ہوسکتی۔

نیز یہ کہ کسی بھی شرعی حکم کی ایسی تاویل جو مفضیٔ الی الکفر ہو اور کسی ضرورت دینی کی تکذیب

marfat.com

کو مستلزم ہو رہی ہو۔ اُس کے قائل کی تکفیر کر کے مرتد قرار دینا جائز نہیں ہے۔ بلکہ اِس صورت میں لزُوم کفر ہوتا ہے۔ جس کا حکم التزام کفر سے جدا ہے۔ جس کو ہم نے اِس کتاب میں مثالوں کے ساتھ واضح کر کے بے غبار کر دیا ہے۔

اور چوتھے اُصول یعنی اجماعی حکم سے انکار کو مدار تکفیر قرار دینے کا مطلب اِس کے سوا اور کچھ نہیں ہے کہ شروع سے لیکر اب تک جملہ مکاتب فکر اہل اسلام کے نزدیک تاریخ کے ہر دور میں مسلّم اور ضرورت دینی کی حد تک مشہور حکم سے جب تک صراحتاً و بداہتہً انکار نہ ہو اُس وقت تک کسی مدعی اسلام کی تکفیر جائز نہیں ہے۔

پانچویں اُصول یعنی التزام کفر کے بغیر کسی کی تکفیر نا جائز ہونے کا مطلب یہ ہے کہ لزُوم کفر کی بناء پر یا غیر صریح اور قابل توجیہ و تاویل کلام کی بناء پر تکفیر جائز نہیں ہے بلکہ جواز تکفیر کا مدار صرف اِس بات پر ہے کہ کوئی مدعی اسلام کسی جبر و اکراہ کے بغیر اپنی رضا و اختیار کیساتھ ملت اسلام کی صراحتاً تکذیب کرے یا اُسکے کسی ضرورت دینی والے حکم سے صراحتاً انکار کرے یا اِن میں سے کسی کی ضد یا نقیض کا صراحتاً ارتکاب کرے یا ان میں سے کسی کیساتھ ایمان کے لازمہ کی ضد یا نقیض کا صراحتاً ارتکاب کرے جس میں تاویل کی گنجائش نہ ہو۔

ایمان کے لوازمات خمسہ یعنی **مُومَن بہ** کے ساتھ جذبہ عمل، تعظیم، محبت، تسلیم و رضا اور اُس کے ساتھ متصادم ہر مذہب و کردار سے کراہت و نفرت میں سے کسی کی ضد یا نقیض کا پایا جانا۔ آپ ہی اِن کی نفی ہے جس کے بعد اِن کی نفی کیلئے کوئی اور دلیل تلاش کرنے کی ضرورت نہیں رہتی اور لازم کی نفی بھی آپ ہی ملزوم کی نفی پر دلیل ہوتی ہے جس

marfat.com

کے بعد کسی اور دلیل کی ضرورت نہیں ہوتی اس طرح سے التزام کفر کی بنیادی طور پر 14 قسمیں بنتی ہیں۔ پھر ان میں سے ہر ایک کی دو،دو قسمیں ہیں؛

(۱) ارادی (۲) غیر ارادی۔

کیونکہ اِن میں سے جس شکل میں بھی التزام کفر کیا جاتا ہے وہ شعوری بھی ہوسکتا ہے، لا شعوری بھی اِسلئے کہ ثبوت کفر کیلئے اُس کلام کا شعوری واختیاری ہونا کافی ہے جو ضرورت دینی کی تکذیب پر صراحتاً دلالت کر رہا ہے، اُس کے مفہوم ومدلول کا مراد متکلم ہونا ضروری نہیں ہے۔ اِس طرح سے التزام کفر کی 28 صورتیں وجود میں آ رہی ہیں اور سلف صالحین کا ''لا یجوز التکفیر الا بالتزام الکفر'' کہنے سے مراد اِن قسموں میں سے ہر ایک ہو سکتی ہے جو لزُوم کفر کے مقابلہ میں ہیں کیونکہ لزُوم کفر میں ملازمہ بیّن نہیں ہوتا جبکہ التزام کفر کی اِن تمام صورتوں میں کفر کا لزُوم بین ہوتا ہے۔ جس کے مطابق جامع ومانع ضابطہ تکفیر کیلئے درج ذیل اُصول قرار پا رہے ہیں۔

(۱) یہ کہ ملت اسلام سے انکار کیا جائے (العیاذ باللہ) چاہے شعوری ہو یا لاشعوری میں۔

(۲) یہ کہ ملت اسلام کے مدمقابل کسی اور مذہب کو اختیار کیا جائے۔

(۳) یہ کہ ملت اسلام کے کسی ایسے حکم کی تکذیب وانکار کیا جائے جس کو ضرورت دینی کہا جاتا ہے یعنی اول سے لیکر آج تک ہر دور تاریخ میں جملہ اہل اسلام کے مابین متفقہ ہونے کی بناء پر اسلام کا حصہ ہونے میں اتنا مشہور ہو کہ اسلامی ماحول میں اُس کو حصہ اسلام ثابت کرنے کیلئے کوئی دلیل تلاش کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کی جاتی۔ چاہے ابتدائی ثبوت

marfat.com

اُس کا دلیل ظنی سے ہو یا دلیل قطعی سے۔ اسی طرح اِس انکار پر صراحتاً دلالت کرنے والے کلام کے متکلم کا اُس کے مفہوم کے ساتھ عقیدہ و شعور ہو یا نہ ہو۔

(۴) یہ کہ ملت اسلام کے کسی ضرورت دینی والے حکم کی ضد یا نقیض کا صراحتاً ارتکاب کیا جائے۔

(۵) یہ کہ ملت اسلام پر ایمان لانے کے شرعی لوازمات خمسہ میں سے کسی ایک کی ضد یا نقیض کا ارتکاب کیا جائے۔ مثلاً دل میں جذبہ عمل کا فقدان ہو یا اُس پر عمل نہ کرنے کا ارادہ ہو۔

(۶) دل میں محبت کا فقدان ہو یا کراہت و نفرت موجود ہو۔

(۷) دل میں تعظیم کا فقدان ہو یا حقیر جانتا ہو۔

(۸) دل میں تسلیم و رضا کا فقدان ہو یا ناپسندیدگی کا مادہ موجود ہو۔

(۹) یہ کہ اُس کے مدمقابل مذاہب باطلہ سے نفرت و کراہت کا فقدان ہو یا اُس کیساتھ قلبی میلان و جھکاؤ موجود ہو۔

(۱۰) یہ کہ ملت اسلام کے کسی ضرورت دینی والے حکم پر ایمان کے اِن لوازمات خمسہ میں سے کسی ایک کی ضد یا نقیض کا صراحتاً ارتکاب ہو۔ مثلاً دل میں جذبہ عمل کا فقدان ہو یا اُس پر عمل نہ کرنے کا عزم ہو۔

(۱۱) یہ کہ تصدیق بالقلب اور اقرارِ لسانی کے اظہار کے باوجود دل میں محبت کا فقدان ہو یا کراہت و نفرت موجود ہو۔

marfat.com

(۱۲) یہ کہ تعظیم کا فقدان ہو یا دل میں تحقیر و تخفیف موجود ہو۔

(۱۳) یہ کہ تسلیم و رضا کا فقدان ہو یا ناپسندیدگی اور تنگدلی موجود ہو۔

(۱۴) یہ کہ تصدیق قلبی و اقرارِ لسانی کے اظہار کے باوجود اُس کے ساتھ کسی متصادم عمل سے نفرت و کراہت کا فقدان ہو یا اُس کی طرف میلان و جھکاؤ ہو۔

یہ تمام قسمیں التزام کفر میں صریح اور نا قابل تاویل ہونے میں یکساں ہونے کے باوجود اِن میں اگر فرق ہے تو صرف اِس بات میں ہے کہ پہلی اور تیسری قسم خود کفر و ارتداد ہیں جبکہ باقی بارہ قسمیں بالیقین علامت کفر ہیں جن کی موجودگی میں ایمان کا وجود ممکن نہیں ہے کیونکہ ایمان اور کفر باہمی ضدین ہیں اور ضدین میں سے ایک کا وجود آپ ہی دوسرے کی نفی اور اُس کے عدم پر یقینی علامت ہے جس کے بعد اُس کے عدم پر کوئی اور دلیل تلاش کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ یہ التزامِ کفر کی مذکورہ فہرست کے مطابق دوسری اور چوتھی قسموں میں ہوتا ہے جبکہ باقی دس قسموں کا کفر و ارتداد پر صریح الدلالۃ اور یقینی علامت ہونا بھی بدیہی امر ہے کیونکہ ''**وجود احد الضدین دلیل عدم الآخر**'' کا قضیہ بدیہی بلکہ بدیہ اولی ہونے کی طرح ''**انتفاء الازم دلیل انتفاء الملزوم**'' کا قضیہ بھی اولیات کے قبیلہ سے ہے۔

اِس کے علاوہ یہ بھی ہے کہ التزام کفر کی اِن دسوں قسموں میں سے ہر ایک لازم بیّن ہے۔ جس وجہ سے اِس کی نفی یقینی ہونے کے بعد ایمان کی نفی یا کفر و ارتداد کے ثبوت کیلئے کسی اور دلیل کی قطعاً ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔ بخلاف لزُوم کفر کے کہ اُس میں لازم

marfat.com

غیر بیّن ہوتا ہے جس وجہ سے اثبات کفر کیلئے مستقل دلیل کی ضرورت ہوتی ہے۔ اِس کتاب میں ہم نے لزوم کفر اور التزام کفر کی تعریفوں کو بیان کرنے، اُن کے شرعی احکام کو واضح کرنے کیساتھ التزام کفر کی مذکورہ فہرست کے مطابق ایک ایک قسم کو مثالی صورتوں میں ایک دوسرے سے جدا جدا بیان کیا ہے۔ جس کو سمجھنے کے بعد دارالافتاء کے ذمہ داروں کو نہ صرف لزوم کفر اور التزام کفر کی حقیقتیں اور ان کے احکام کی پہچان آسان ہو جاتی ہے بلکہ لزوم کفر کا کفر نہ ہونے اور التزام کفر کا صریح کفر ہونے کا فلسفہ بھی واضح ہو جاتا ہے۔

(الحمد لله اولاً وآخراً ظاهراً وباطناً)

هٰذَا خَتَامُ مَكْتَبَتُهٗ تَفْرِيْقًا بين الايمان وضِدِهٖ وَاَرْجُو اَنْ يَكُوْنَ كَفَّارَةً لَسَيَّاتِي فِي الْحَيَاتِ وَبَعْدِ الممات وصلى الله تعالىٰ على سيدنا سيد الاولين والآخرين رحمة للعلمين

مولىٰ صل وسلم دائماً ابداً

على حبيبك خير الخق كلهم

وانا العبد الضعيف

پیر محمد چشتی طريقةً والحنفي مسلكاً والمسلم مذهباً و الچترالي مولدًا

☆☆☆☆☆☆

marfat.com

## کتاب کی نمایاں خصوصیات

مسئلہ تکفیر کو کل مکاتب فکر اہل اسلام تاریخ کے ہر دور میں اہل اسلام مشکل سمجھتے آئے ہیں۔ اور سب نے اس کو عام فہم بنانے کے سلسلہ میں کچھ نہ کچھ لکھا ہے۔ اس کے باوجود تاہنوز اس حوالہ سے کوئی ایسی تحریر نایاب تھی جو جملہ مکاتب فکر کیلئے اطمینان کا سامان فراہم کرتی۔ اس کتاب کے مصنف پیر طریقت، رہبر شریعت، مرد حریت، شیخ الحدیث حضرت مولانا پیر محمد چشتی مدظلہ نے اس موضوع سے متعلق اہل اسلام کے تمام مکاتب فکر کی جس ضرورت کی تکمیل فرمائی ہے اُس کی چند نمایاں خصوصیات مندرجہ ذیل ہیں۔

☆ لزوم کفر اور التزام کفر کے مابین حد فاصل اور ان کے جدا جدا احکام کی مثالی وضاحت اس کے سوا کہیں اور نہیں ملتی۔

☆ لزوم کفر و التزام کفر میں سے ہر ایک کا تعلق ضروریات دین کے ساتھ ہونے کا فلسفہ جملہ مسلمانوں کیلئے اس کا خاص تحفہ ہے۔

☆ ضروریات دینیہ اور ضروریات مذہبیہ کے مابین حدِ فاصل اور اُن کے شرعی احکام کی تفصیل کیساتھ مزین ہے۔

☆ لزوم کفر اور التزام کفر کا تعلق ضروریات مذہبیہ کے ساتھ نہ ہونے کے فلسفہ کی وضاحت اِس کی خصوصی زینت ہے۔

☆ فقہاء کرام کی مشہور عبارت ''من شک فی کفرہ وعذابہ فقد کفرہ'' کا فلسفہ اس کے علاوہ کہیں اور ناپید ہے۔

☆ اہل قبلہ کے شرعی مفہوم کی اُس کے لغوی مفہوم کے ساتھ مناسبت کی وضاحت اِس کے سوا کہیں اور نظر نہیں آتی۔

☆ التزام کفر کی چودہ اور اٹھائیس قسموں کی جدا جدا مثالی وضاحتیں صرف اسی کتاب کا طرہ امتیاز ہے۔

☆ لزوم کفر کا ارتداد نہ ہونے اور التزام کفر کا ارتداد ہونے کا فلسفہ اِس کے علاوہ کہیں اور نہیں ملتا۔

☆ کسی قول کا کفریہ ہونا اُس کے قائل کے کافر ہونے کو مستلزم نہ ہونے کے فلسفہ کی وضاحت اِس کے علاوہ کہیں اور نہیں ملتی۔

☆ ہر اجماع کے منکر کا کافر نہ ہونے کے فلسفہ کے علاوہ ضرورت دینی اور ضرورت بمعنی حاجت کے مابین فرق و مناسبت کے فلسفہ کی وضاحت جیسے درجنوں ایسے مسائل کی وضاحت بھی اِس کتاب میں پیش کی گئی ہے جو آج تک تشنہ تکمیل تھے۔


نظامیہ کتاب گھر، لاہور

زبیدہ سنٹر، ۴۰ اردو بازار، لاہور 0301-4377868

Adnan Graphic 0321-4374818, 0300-4354927